جو دل جلتے ہیں...... ان کے دل ان کی آنکھوں میں آن بیٹھتے ہیں۔ شعلہ لگا دو تو بھڑ بھڑ جلنے لگتے ہیں...... اور کبھی کبھی ان شعلوں کے آپ ہی راکھ ہو جاتے ہیں...... اس وقت اُس کی آنکھوں میں ایسی ہی بے بسی تھی...... جلنے دو، نہیں بجھاؤ مت...... ہوا تو خاموشی کے اس شور سے ڈر گئی تھیں۔ کیا پتہ کوئی چنگاری اُڑ کر انہیں بھی خاکستر کر دیتی۔

وہ مناسب قدم اُٹھاتا دانیا کے کمرے میں آ گیا تھا۔

دانیا حسب توقع بیڈ پہ اداس بیٹھی تھی۔ منگنی کی انگوٹھی اُتار کر اس نے سائیڈ ٹیبل پر رکھ دی تھی۔

"دانیا......!" اُس نے نام پکارا۔ دانیا نے اُسے دیکھا مگر کچھ نہیں بولی۔ وہ شہریار قدموں سے چلتا ہوا اس کے سامنے بیڈ پر آن بیٹھا۔ "تم...... تم مجھ سے ناراض ہو؟"

دانیا نے نفی میں سر ہلایا، پھر آہستگی سے بولی۔ "پہلے ناراض تھی شاید آپ سے ناراض ہوئی تھی مگر پھر تجزیہ کیا تو مجھے لگا میری ناراضگی زیادتی کے سوا کچھ نہیں۔" اس نے توقف کیا، پھر اسی لہجے میں بولی۔

"جب میں جانتی ہوں کہ اپنی زندگی کا فیصلہ کرنے کا حق ہر انسان کو ہے تو اس میں کیا برائی ہے اگر آپ ایک آزادانہ فیصلہ لینا چاہتے ہیں۔ آپ مریم سے نہیں رباب سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو مجھے آپ کی مخالفت کرنے کا کیا حق پہنچتا ہے۔ میں تو آپ کی بہن ہوں اور آپ کو خوش ہی دیکھنا چاہوں گی نا۔"

شہریار کو لگا ان جملوں سے اندر جمے ہوئے آنسوؤں میں کسی نے چنگاری ڈال دی ہو۔ برف پگھلنے لگی تھی کہ اچانک دروازہ کھلا۔ ماما سامنے کھڑی تھیں۔ وہ اس چونکنے کو سمجھ بھی نہیں پایا تھا کہ وہ غصے سے بولیں

میں مخاطب ہوئیں۔

"شہریار! میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔ تم نے میری بیٹی کی زندگی کی سب سے بڑی خوشی چھینی ہے۔ یہ لڑکی اسے اب بھی تمہاری محبت کے آگے اپنی خوشی ہیچ لگتی ہے۔ اس کے پاپا نے کہا ہم کچھ سوچ کر پہلے رشتے کو قائم رکھنے یا ختم کرنے کا فیصلہ کریں گے اور اس نے بغیر سوچے کہہ دیا، مجھے شیری بھائی کی خوشی عزیز ہے۔ اگر وہ جانان سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اعتراض نہیں کرنا چاہیے۔ رہی حمزہ سے شادی تو اب شاید یہ رشتہ برقرار نہیں رہے گا۔ یہ لڑکی ماریہ کی اداس آنکھوں کا سامنا نہیں کرنا چاہتی۔ صرف تمہاری وجہ سے شیری!...... صرف تمہاری وجہ سے میری بیٹی کی خوشی اس سے منہ موڑ گئی ہے۔ تمہیں ایک لمحے کے لیے دانیہ کا تو سوچنا تھا مگر نہیں تم سوچتے ہی تو یہ ہوتا...... تم اتنے خود غرض اتنے بے حس ہو سکتے ہو مجھے ابھی تک یقین نہیں آتا۔"

ماما یہ کہہ کر جس طرح آئی تھیں، اسی طرح چلی گئی تھیں۔ شہریار نے ایک لفظ معافی میں نہیں کہا تھا۔ دانیہ بھی اپنے ہی خاموش تھی، جیسے وہ یہاں تھی ہی نہیں۔ شہریار جانتا تھا وہ یہاں ہے اور یہاں کیوں نہیں ہے......

دل کے بھید دل والے ہی جان سکتے ہیں اور محبت کو وہ اتنی سی سرعت سے یا ننا تھا کہ کوئی اور شخص خواہ اس محبت کو اس کے دل سے کبھی دانستہ کر ہی نہیں سکتا تھا۔

وہ خاموشی سے اسے دیکھ رہا تھا۔ کچھ کہے بغیر...... اور دانیہ سامنے خلاء میں یوں تک رہی تھی، جیسے کھوئے ہوئے خوشی کے لمحے اس کمرے میں دھواں بن کر تحلیل ہوئی ہو......

شہریار کچھ دیر تو اسے دیکھتا رہا، پھر خاموشی سے اٹھ کر باہر آ گیا۔ پھر ساری رات اس نے ٹیرس میں سموکنگ کی یا ٹہلتے گزار دی۔ آنکھ کھلی تو ناشتے کی میز پر بانو ماما اور سالار بھائی کے وہی خاموش چہرے نظروں سے ٹکرائے تھے۔

"وہ کبھی کبھی کتنی کیا کس طرح کا بچہ بن جاتا ہے، تمہیں دیکھ کر اندازہ ہو جاتا ہے۔" سالار بھائی نے جان کو اس سے واسطہ کرنے کی کوشش کی۔

وہ سر جھکا کر ناشتہ کرتا رہا۔ پاپا اور عدیل بھائی اپنے دفتر جا چکے تھے۔ دانیہ نے آج یونیورسٹی سے چھٹی کی تھی۔ وہ آج دیر تک سونا چاہتی تھی۔ پھر نہیں سونا چاہتی تھی بلکہ رونا چاہتی تھی...... شہریار نے بخوبی اندازہ لگایا اور سوچا کاش وہ خوش گمانی کا ہاتھ تھام کر زندگی کا ایک مارجن پا سکتا مگر سالار بھائی......

اس نے چائے پیتے پہلی بار سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ انہوں نے اسے اس طرح دیکھنے پر جواب محسوس کیا اور بولے "تم کیا اب اسی طرح سر اٹھا کر دیکھنے کی جسارت کر سکتے ہو؟ تم...... کیا تم میں

حیا ام کا کوئی خانہ ہے؟"

"کہاں ماؤں جیسے بچے...... ان کے پاس حیا کہاں ہوتی ہے؟ جن کی پیدائش غلط، وہ ان کی زندگی ٹھیک کیسے ہو سکتی ہے؟" سالار بھائی نے طنز بالا کہا۔

شہریار کی مٹھیاں بھینچ گئی تھیں۔ انہوں نے اب بھی کچھ نہیں کہا تھا۔

سالار بھائی نے جواب نہ پا کر ایک دم اس کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے، پھر چلا کر بولے۔

"تم چپ رہ کر کیا ثابت کرنا چاہتے ہو؟ کیا تم کوئی بہت اعلیٰ ہستی ہو؟ جانتے تم کیا ہو؟ کیا ہوتا ہے دوسروں کی محبتیں لوٹ کر؟ بولو کون ہو تم؟...... کیوں آئے ہماری زندگیوں میں؟...... کیا کمی تھی دنیا میں جو تمہیں دنیا میں بھیجنا ضروری سمجھا گیا؟ کاش امی نے اسقاط کروا دیا ہوتا تو تم کہیں کسی یتیم خانے یا ہاسٹل میں بھٹک رہے ہوتے [illegible] کے باوجود ہماری صورت تمہاری شکل دکھائی دے۔ تم مر کیوں نہیں جاتے؟ بولو! کیوں زندہ ہو؟" سالار بھائی جیسے [illegible] ہو گیا تھا انہوں نے اسے کھینچ [illegible] ہو گیا تھا۔ ان کے ماتھے پر [illegible] ہو گئی تھیں۔

"بابا...... بابا......!" تانو چیختے جا رہی تھیں۔

اور وہ خاموشی سے کھڑا بے بسی سے انہیں دیکھ رہا تھا جیسے یہ سب کسی اور کے ساتھ ہو رہا تھا۔

"سنی بھائی!...... سنی بھائی!" ان کے غصے میں چلتے ہاتھوں اور کف اڑاتے لہجے کے درمیان کھیوم بابا کی آواز گونجی۔ وہ انہیں مشکل سے روک رہی تھی۔

"آپ بتا دیں ناں کیوں نہیں کر رہے شہری بھائی؟...... کیا آپ کو چوٹ نہیں لگ رہی؟" وہ رو رہی تھی۔

شہریار کا ضبط بس چھوٹ گیا تھا۔ [illegible] سے بہ کر گردن تک آ رہی تھی۔ جسم پھر رُخ ہو گیا۔ بلڈ پریشر شوٹ کر گیا تھا مگر اس کی آنکھیں ان میں ابھی تک ویسی ہی خاموشی تھی۔ کرداریا کانپ گئی تھی اور سالار بھائی نے کرختی سے [illegible] کے باوجود [illegible] جا رہے تھے۔

"چھوڑو...... میں اسے زندہ نہیں چھوڑوں گا...... اس نے ہماری زندگی کتنا تماشا کر رکھا ہے...... کیا حق تھا اسے ہماری خوشیوں سے کھیلنے کا؟ چھوڑ دو مجھے۔"

وہ اب بھی پلٹ پلٹ کر اس پر ہاتھ اٹھا رہے تھے۔ بابا نے انہیں مشکل سے ملازمین کی مدد سے ان کے کمرے تک پہنچایا تھا اور باہر سے لاک لگا دیا تھا۔

نانو نے فرسٹ ایڈ بکس منگوایا تھا۔ کچھ بھی تھا بہرحال فرسٹ ایڈ تو کرنی ہی تھی..... اور وہ جتنا اسے جیسے اس فرسٹ ایڈ کی ضرورت بھی نہیں رہی تھی۔ دانیہ اس کی بینڈیج کر رہی تھی۔ نجمہ نے بے ساختگی سے بار بار کی جگہ دانیہ نے بھر دی تھی۔ وہ ویسے ہی بے حس بیٹھا تھا۔ دانیہ اپنا کام مکمل کر چکی تو اس نے فرسٹ ایڈ بکس بند کر کے خفگی سے اس سے پوچھا۔

"سالار بھائی ہوش میں نہیں تھے، آپ تو ہوش میں تھے۔ انہیں روک نہیں سکتے تھے؟ اگر آپ کو نقصان زیادہ ہو جاتا تو......" وہ ابھی تک ہی روئی تھی۔ شہریار نے جواب نہیں دیا تھا اور خاموشی سے اٹھ کر اپنے کمرے کی طرف واپس چلا گیا تھا۔

دانیہ دوپہر کا کھانا لے کر اس کے کمرے کی طرف گئی تو وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے خاموش بیٹھا تھا۔

"شہری بھائی! کھانا کھا لیجیے۔"

شہریار نے ایک نظر اسے دیکھا، پھر نفی میں سر ہلا کر بولا۔ "مجھے بھوک نہیں ہے دانیہ!" خفگی روکا گیا وہ بے لہجے میں بولا۔ "جس طرح سنی بھائی مجھ سے نفرت کرنے لگے ہیں دانیہ! تم بھی مجھ سے ایسی ہی نفرت کرو۔ مجھے پیار اور محبت اب تسکین نہیں دے سکتی۔ تم جتنا مجھ سے اٹیچڈ ہو گی، مجھے اتنی ہی تکلیف ہوتی چلی جائے گی۔ میں نے تمہارے ساتھ برا کیا ہے، تم اظہار بھی کرو۔ تم ہر چیز درگزر کیوں کر دیتی ہو؟ تم کیوں چاہتی ہو، تمہارے اس رویے پر مجھے خود سے نفرت ہونے لگے؟"

دانیہ نے اس کا ہاتھ تھام لیا اور نم آواز سے بولی۔ "دیکھیے ہم اپنی قسمت سے تو نہیں لڑ سکتے۔ قصور آپ کا نہیں قسمت کا تھا۔ پھر سزا آپ کو کیوں ملے؟"

"سزا مجھے کیوں نہ ملے؟" وہ یکدم بیڈ سے کھڑا ہو گیا، پھر بھرائے لہجے میں بولا۔ "تمہاری آنکھیں کچھ نہیں دیکھتیں۔ جس پاپا کی بیٹی کو میں نے ہی ختم کر ڈالا ہے۔ میں بہت برا بھائی ہوں، بہت ہی برا بھائی ہے نا؟" شہریار نے اس کے کندھے پر شکستگی سے ہاتھ رکھا تو دانیہ کو بہت برا لگا۔

"آپ کو بخار ہو رہا ہے اور آپ نے بتایا ہی نہیں؟"

"بتانے سے بخار مجھے چھوڑ سکتا ہے؟ اگر ایسا ہوتا تو میں ہر چیز سے پہلے زندگی سے کہتا مجھے چھوڑ دے۔ میں اس بدن، اس دھڑکن سے اکتا گیا ہوں۔"

وہ پھر سے بیڈ پر بیٹھ گیا تھا اور آنکھیں بند کر لی تھیں۔ وہ قریب جا بیٹھی تھی۔ پھر اداس ہو کر بولی تھی۔

"آپ کے سر میں درد ہو رہا ہے، میں ابھی شہریار بھائی کو فون کرتی ہوں وہ آپ کو ڈاکٹر صمدانی کے کلینک لے کر جائیں۔"

بابا بزنس سے باہر نکلی شہریار نے جانا وہ کچھ بار بار کس بات سے بچنے کے لئے اس نے کمرے سے غائب ہو جانے ہی میں عافیت جانی۔

بابا واپس لوٹی تو وہ کمرے میں موجود نہیں تھا۔ اس نے اسے ہر جگہ ڈھونڈا موبائل پہ کال کی مگر کہیں سے رزلٹ نہ نکلا۔ وہ خالی کمرے کے وسط میں کھڑی تھی۔ خالی کمرہ ایک خلا کی طرح اس کے اندر تک پھیلتا چلا جا رہا تھا۔

یہ وہ لمحہ تھا جب اس نے محسوس کیا تھا اس کی زندگی میں اس کا وہ بارش والا بھائی کتنی اہمیت رکھتا ہے۔ اس کے بغیر وہ ایک قدم بھی نہیں چل سکتی۔ وہ کیسا بھی ہو جائے کتنا ہی برا، اب بھی وہ اس کے لئے شہریار بھائی ہی رہے گا۔

"میں آپ سے ناراض نہیں ہو سکتی...... میں آپ کو کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتی...... آپ میری زندگی کا حصہ ہیں......" اس نے خاموشی سے کہا۔

اور کمرے کی خاموشی اس کے اندر تک سرسراتی جاگ اٹھی۔ اس نے بڑھ کر دیکھا ماضی کی بھول بھلیوں سے وہ اچانک ہی لوٹ آئی تھی۔

وہ شیڈ وہ میں لوٹ کر پہلا خیال شہریار ہی کا آیا۔ یکدم دل میں ہوک اٹھی۔

"شہریار بھائی......" اس نے موبائل اٹھایا فون بند رہنے سے پہلے بار بار شہریار کی ہی مسڈ کالز اس کی منتظر تھیں۔

اسے اپنے پہلے کے رویے پر حد درجہ افسوس ہو رہا تھا۔ پتا نہیں وہ جذبات کی کس رو میں بہتی گئی تھی کہ ہر چیز ہر بات اس کی نظر سے ہٹ گئی تھی۔ صرف اپنا حصار باقی رہ گیا تھا؟ اسے رد کر گیا تھا۔ وہ جتنی شہریار سے محبت کرتی تھی اتنی ہی وہ اس کی ذات کا حصہ ہو گئی۔ چند گھنٹے شہریار کو کس قدر تکلیف دہ ہو سکتے تھے اسے تو یہ حیرت ہو رہی تھی کہ وہ کیسے شہریار کو اسپتال میں اس حالت میں چھوڑ کر آ گئی۔ اسے وہ کتنے ہی لمحے یاد آ گئے جب وہ بیمار ہوتی تو شہریار ساری ساری رات اس کے بیڈ کے پاس پٹی کرتے بیٹھے ہوئے جاگ کر گزار دیتا تھا۔ صبح اس کی آنکھ کھلتی تو مدہم پیار بھرے لہجے سے کہتے۔

"بابا ڈارلنگ! مجھے لگتا تھا کسی بخار سے زیادہ تمہیں اور کوئی بیماری نہیں ہو سکتی۔ لیکن میری جس طرح تمہارے لئے بچے جیسی ہی لگتا ہے تمہاری بیماری میں لگتا ہے میری محبت اس کی خوبی کے سامنے کچھ بھی نہیں ہے۔"

بابا کو وہ دن بھی اچانک یاد آنے لگے تھے، جب محض اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے چکر میں اس کی نمازوں میں بڑی ترتیب آ جایا کرتی تھی اور وہ شرارت سے کہتا۔

"بہت زبردست جھگڑا ہوگا، جب اللہ میاں کے سامنے جاؤں گا۔ پوچھتے تو کہیں گے کیوں شہریار! کیا ہم سے بھی پیاری تھی تمہیں اپنی بہن؟ ہمارے لئے کبھی تہجد نہیں پڑھا اور مسکہ لگانے کے لئے سجدے پہ سجدے...... ویسے آپس کی بات ہے میری بہن اتنی مسکین ہے، زیادہ چانس اس کا ہے وہ کوئی سوال نامہ دیں گے ہی نہیں اور فوراً پاس کر دیں گے۔"

بابا اس کی اس وجہ محبت پر بیماری کے باوجود ہنس ہنس کر بے حال ہو جاتی تھی اور وہ تھا کہ سوپ اور ایسی ہی چیزیں، جو وہ کسی کے ہاتھ سے لیا کرتا، منع کرتی تھی وہ شہریار کے ہاتھ سے بند کرنے کے باوجود کھا لیتی تھی۔ ایسے موقع پہ اماں کے رویے میں بھی شہریار کے لئے نرمی آ جایا کرتی تھی...... اس کی کوئی اس چیز سے جب بھی کھاتی، اس کی شرمندگی بڑھ جاتی۔

موبائل پہ کال جاری تھی مگر اس کی سوچوں کی طرح کال کی بھی کوئی حد نہ تھی نہ رکتی تھی۔

"شہریار بھائی سو گئے ہوں گے۔" اس نے دل کڑا کیا، ڈیل دی اور موبائل آف کر دیا، پھر بیڈ پہ پہنچی ہی تھی کہ اچانک شہریار کا نمبر اسپارک کرنے لگا۔ اس نے بجلی کی سی تیزی سے موبائل آن کیا۔

"کیا بھائی! کب سے ٹرائی کر رہی تھی۔ کیا سو رہے تھے؟"

"ہمم...... دانیہ بول رہی ہو؟" بالکل الگ آواز۔ وہ چونک گئی۔

"آپ کون؟" سوال سے زیادہ خوف تھا اور دل بے اختیار مناجات کر رہا تھا کہ اس کا بھائی خیریت سے ہو۔

"شہریار اس وقت سو رہا ہے گڑیا!" اس بار آواز پہلے سے زیادہ صاف اور واضح تھی۔ وہ فوراً پہچان کی سیڑھی چڑھ گئی۔

"حافظ بھائی! آپ...... آپ کو کیسے پتہ چلا؟"

"بس ویسے ہی، دل کچھ پریشان سا ہو رہا تھا۔ پچھلے چار سال سے رابطہ واجبی سا تھا، لیکن صبح سے اتنی شدت سے یاد آیا، پتہ ہے کراچی جس ڈیل کی وجہ سے آیا تھا، وہ ذہن سے نکل گئی بس یاد رہا تو ایک خیال کہ کسی طرح شہریار سے ملاقات کر لی جائے...... ساری مصروفیات کینسل کر کے اس کے دفتر پہنچا، پتہ چلا وہ دفتر ہی نہیں آیا۔ فوراً موبائل پر رنگ کیا۔ بہت وقت بعد فون ریسیو کیا اس نے۔ ضرورت سے زیادہ شگفتہ لگ رہا تھا۔ اس وقت باتوں باتوں میں فارمیلٹی کا تو کچھ نکل آیا، میں نے کہا ملنا چاہتا ہوں، کہنے لگا آج نہیں پھر کبھی...... موڈ خراب ہو گیا اس کی بات سے، دل تو چاہا تھا دوبارہ کال

AANCHAL.COM

ہی نہ کریں مجھے اندر ہی بے چینی..... صبح نماز کے لئے اٹھا تو پھر فون کیا۔ کب تک آٹھ فون سنائی دیتی رہی پھر کال ریسیو کی تو اس کی جگہ انکل ہمدانی تھے۔ معلومات کیں تو پتا چلا، صاحب بہادر ہسپتال میں داخل ہوئے ہیں۔ سو نماز تک چھوڑ کر اس کے لئے بھاگم بھاگ ہسپتال پہنچا۔" ایک لمحے کو تفصیل دے کر چپ ہوا پھر شکوے سے بولا۔ "مگر لڑکی! مجھے تم سے بہت شکایت ہے۔"

"کس بات پہ عاطف بھائی؟" دانیہ نے مدھم ہو کر سعادت مندی دکھائی۔

"شکایت نہیں، بلکہ غصہ ہے۔ یہاں اتنا کچھ ہو گیا لیکن تم نے مجھے ایک فون کال ضروری نہیں سمجھی۔" عاطف بیگ ڈپٹ کر بولا۔ "اور دوسری بات یہ کہ تم نے اپنا موبائل کیوں آف کر رکھا تھا؟ تمہیں پتہ ہے، جب میں ہسپتال پہنچا ہوں تو شہریار کتنا پاگل ہو رہا تھا اگر بروقت میں اس کی دل جوئی نہ کرتا تو...... تم نے تو آج اسے گنوانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ ڈاکٹر ہمدانی تک پریشان ہو کر تمہارے پاپا کو فون کرنے والے تھے۔ دانیہ کی بچی! وہ کس قدر تمہارے بارے میں حساس ہے معلوم ہے کچھ؟ مجھے دیکھ کر اس نے کچھ نہ کہا مگر اس کی آنکھوں کا کرب...... آخر تم آج اتنی روڈ کیوں ہو گئی تھیں؟"

دانیہ سے کچھ نہیں کہا گیا۔ جو شرمندگی اس پہ طاری تھی، وہ اب آنسو بن گئی تھی۔

"مجھ سے بہت بڑی بھول ہوئی عاطف بھائی! لیکن میں کیا کروں، ماضی جب بھی میرے سامنے آتا ہے، مجھے شیری بھائی ایک لمحے کے لئے اچھے نہیں لگتے۔ مجھے ماریہ یاد آ جاتی ہے جو دھاڑیں نہیں بھولتا اور وہ لڑکی جانا نہ...... وہ دماغ میں کسی بدی کی یاد کی طرح ایسی بیٹھ گئی ہے کہ نکلتی ہی نہیں ہے۔"

عاطف بیگ کچھ نہیں بولا۔ لیکن اس کے چپ ہونے پہ مدھم ہو کر اس نے جواباً کہا۔

"کچھ باتوں پہ ضروری ہے، خود جواب طلب کرنے کے بجائے وقت کو جواب دینے کی ذمہ داری سونپ دی جائے۔ مزاج و رویّہ کا تو اندازہ انسان اسی وقت تھام سکتا ہے، جب وہ عقل کل ہو اس سے کوئی غلطی نہ ہوئی ہو۔ کیا تم ایسی ہی شخصیت ہو؟"

دانیہ نے ہاں میں جواب دیا، پھر گھبراتے ہوئے لہجے میں بولی۔ "شہریار بھائی اب کیسے ہیں؟ اب تو کوئی گھبرانے والی بات نہیں ہے ناں؟ ویسے شیری بھائی جتنا ان چار سال میں بدل گئے ہیں، آپ سے ملنے کا انداز کیا تھا ان کا؟"

عاطف بیگ کے مخصوص انداز میں ہنسنے کی آواز سنائی دی، پھر اس نے کہا۔ "وہ پہلے سے بہت میچور ہے۔ رہی بدلاؤ کی بات تو وہ تو سر سے لے کر پیر تک بدل گیا ہے۔ اتنا ٹھنڈا، اتنا سرد مزاج۔ بیر بنی

کے نام پر جو پہلے ہزاروں روپے اڑا دیتا تھا اب اس کام سے ہی کان پکڑتا ہے۔ تمہیں کیا بتاؤں، کچھ روپے قرض مانگے تھے اگرچہ اتنی بری حالت میں بھی مرجزاجی سے بولا۔ "میں نے ادھار دینا بند کر دیا ہے۔" میں نے کہا۔ "اتنا روپیہ لے کر کہاں جاؤ گے؟" کہنے لگا۔ "بے فکر رہو مر گیا تب بھی تمہارے سے عام نہیں کروں گا۔"

"لو بھلا۔ دوستوں کو دوستوں پر حق نہیں ہوگا تو ہوا شا کا ہوگا؟" دانیا ٹینشن کے باوجود اس کے انداز پر ہنسنے لگی۔ پھر گھڑی کی طرف نظر گئی تو بولی۔ "فجر کی نماز کا وقت تو نکل گیا۔ سونے کی کوشش کروں گی وزٹ آورز میں سب سے پہلے ہسپتال پہنچ جاؤں۔ بس آپ تب تک بھیا کو بہلا کر رکھیے گا۔"

"جیسے میری بہن کا حکم۔ مرتابی کی کسے مجال ہے۔" عاطف نے ہنستے ہوئے فون بند کر دیا۔

دانیا تیزی سے کچن کی طرف بھاگی۔ کورن فلیک تیار کرنے کے لیے چین چولہے پر رکھا ہوا ہے اور عاطف کے لیے کافی اور سینڈوچ بنانے کی تیاری کرنے کا سامان ہٹا ہی رہی تھی کہ اچانک کچن کا دروازہ کھلا۔ اس کا خیال تھا وہ یقیناً کچن کی لائٹ کھلی دیکھ کر آئی ہوں گی۔ مگر سامنے جسے دیکھا۔ دانیا کی حالت اپنا تھا۔ وہ بھاگتی ہوئی اس کے سینے سے جا لگی۔

"عدیل بھائی! شیری بھائی......" اس سے کچھ نہیں کہا گیا۔ بس روئے جاتی تھی۔ اور عدیل عبدالرحمن اس کی پشت تھپکنے کے سوا کچھ نہیں کہہ پا رہے تھے۔ وہ رات ہی آئے تھے ابھی زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی۔ صبح پاپا کا فون جاتے ہی انہوں نے چھٹی کی درخواست دے دی تھی۔ عموماً نوکری کے معاملے میں وہ بہت ذمہ دار تھے۔ اس لیے ایک ہفتے کی چھٹی آسانی سے مل گئی تھی۔ ہسپتال میں وزیٹ آورز نہیں تھے لیکن ڈاکٹر کی وجہ پر ... سیدھے ہسپتال ہی گئے تھے اپنی آنکھوں سے جب تک شہریار کو انہوں نے ... دیکھ نہیں لیا تھا تب تک سکون نصیب نہ تھا دل کو۔ تسلی ہونے پر انہوں نے اب گھر کی راہ لی تھی اور حسب توقع یہاں دانیا عبدالرحمن کو ان کی اموشنل سپورٹ کی ضرورت تھی۔

"اب بس بھی کرو دانیا! تمہیں تو خوش ہونا چاہیے کہ وہ اب خیریت سے ہے۔ میں خود اسے دیکھ کر آ رہا ہوں۔ وہ بالکل ٹھیک ہے اب پلیز! یہ رونا دھونا بند کرو۔"

وہ آنکھیں مسلتی ہوئی عدیل عبدالرحمن کے شانے سے الگ ہوئی۔ گلابی آنکھیں رونے کی وجہ سے سرخ ہو گئی تھیں۔ عدیل بھائی کرسی پر بیٹھتے تھے پھر خود ہی لہجے میں بولے تھے۔

"شیری کی کماٹنے کے ساتھ اگر مجھے بھی اشتعال چلانے تو تمہیں پتہ ہے پاپا نے جب شہریار کے اوپر ذمہ داری کی اطلاع دی تھی تب بھی میں مر گئی تھی۔ دفتر جانے کا خیال ذہن سے نکل گیا تھا۔ پھر رابعہ نے پریشانی دیکھ کر کہا۔ آپ شیری سے خود بات کر لیں تاکہ آپ کی تسلی ہو جائے۔ سچ پوچھو تو اس سے بات کرنے کے باوجود دل کو تسلی نہیں ہوئی۔ دل کی ضد تھی اپنی آنکھوں سے جب تک نہ دیکھ لوں،

قرار نہیں پاؤں گا۔" دو دو میٹنگ تک چھٹی کی درخواست دے دی۔ دوسری شام کو سامان پیک کیا اور نکل کھڑا ہوا۔ یہاں پہنچا تو پھر شہریار کو فون کیا۔ کیونکہ اس وقت صرف وہی جاگتا ہوا ہوتا ہے۔ زخمی بازو کے باوجود مجھے یقین تھا وہ مجھے پک کرنے آجائے گا۔ مگر کتنی دیر تک کسی نے فون ریسیو نہیں کیا اور پھر ترنم آواز سنائی دی اور گھبرا دینے والی اطلاع۔ میرا تو یہ حال تھا کہ اگر شہریار ٹھیک حالت میں نہ ملتا تو دوسرا ہارٹ اٹیک ہو جانا لازمی تھا۔ خیر صاحب راوی چین ہی چین لکھ رہا ہے۔ تو ناشتے کا سوال جواب لیے بغیر نہیں مانے گا۔ کل صبح کا کچھ کھایا ہوا ہے۔ صاحب پیٹ میں چوہے دوڑنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔"

دانیا ان کے ہلکے پھلکے انداز پر ہنسنے لگی۔ پھر ان کا خصوصی پسندیدہ ناشتہ بنانے کے لیے آٹا گوندھنے لگی۔ دانیا کے ہاتھ کے پراٹھے انہیں بہت مرغوب تھے۔ ایک چولہے پر چائے چڑھی ہوئی تھی اور دوسرے چولہے پر دوبارہ پراٹھا ڈال رہی تھی۔ رات کے رکھے ہوئے کبابوں کے ساتھ جب اس نے چند منٹ بعد [illegible] عدیل عبدالرحمن کے سامنے ٹیبل پر ناشتہ چنا تو عدیل عبدالرحمن کے چہرے کی مسکراہٹ بہت دلفریب تھی۔

"ٹھیک کہا، تم اتنی تیزی سے کام کرتی ہو۔ وگرنہ دو بجے دو گھر میں اس قسم کے ناشتے کا تصور بھی تو میرا ذہن بھی نہیں گیا تھا۔ بہت سست ہے وہ اسی لیے پراٹھے کا ناشتہ خواب ہو گیا۔ کبھی کبھی کہتی بھی ہیں محترمہ آپ کے لیے پراٹھے بناؤں؟ میں کہتا ہوں سوری میرے پاس فرصت نہیں۔ جب ریٹائر ہو گیا ہوں تب پراٹھے پکانا۔ تب وقت کی ناقدری ہو جائے گی۔ مجھے...... ویسے اس عمر میں وہ ایک پراٹھا کم از کم تین دن میں توے سے اتار لیا کرے گی؟"

دانیا ہنسنے لگی۔ پھر مسکرا کر بولی۔ "کیا یہ حساب کا کوئی سوال ہے کہ بار بار کی رفتار حاصل ضرب کر کے بتائی جائے؟"

نیا پراٹھا توے سے اتار کر اس نے عدیل کے سامنے رکھا اور عدیل عبدالرحمن ناشتے میں ایسے مگن کہ اس کا جواب دینا بھول گئے۔ کپ خالی ہو گیا تھا۔ دانیا چائے سے پھر کپ لبریز کر رہی تھی۔ عدیل عبدالرحمن کے کھانے کے دوران ایک وقفہ آیا تھا۔ وہ اسے کپ میں چائے انڈیلتا دیکھ رہے تھے۔ وہ اپنا کام کر چکی تو بولے۔

"تم اتنی پیاری ہو گڑیا کہ بس..... میں نے تو ابھی سے کہہ دیا ہے لائبہ سے اپنی پھوپھو کی طرح بننا۔ ورنہ میری محبت نہیں پا سکو گی۔ لائبہ بھی ماں کی طرح مجھے لیزی ہے۔ پھر بھی بہت خیال رکھتی ہے ابھی سے۔ مجھے کبھی کبھی لگتا ہے تم دوبارہ چھوٹی ہو کر میرے گھر میں بھاگنے دوڑنے لگی ہو۔"

دانیا کچھ نہیں بولی۔ عدیل عبدالرحمن کے ریمارکس اسے اندر سے خوشی دیتے رہے۔ وہ سینڈوچ بنانے میں مگن تھی۔ عدیل عبدالرحمن ناشتہ کر چکے تو اس کی مدد کرنے لگے۔ کافی بنانے کی ذمہ داری انہوں

نے لے لی تھی۔ پھر وہ نماز پڑھ کر لوٹی تو تھی کہ کچن کے شیلف پر ہر چیز تیار تھی۔ اس کا خیال تھا وہ کچن میں نماز کے بعد لوازمات رکھے گی مگر عدیل عبدالرحمٰن یہ کام پہلے ہی کر چکے تھے۔ اسے بھائی پر بے اختیار پیار آ گیا تھا۔ کچن خالی تھا۔ گھر کا کک جو کوارٹرز میں رہتا تھا اب کچن میں آ چکا تھا۔

”آپ کے لئے ناشتہ بناؤں بی بی؟“ اس نے خیر سگالی دکھائی اور دانیا نے نفی میں سر ہلا دیا۔

”سوری، میں اس وقت ناشتہ نہیں کرنا چاہتی۔“ وہ ایک ایک کر کے چیزیں اٹھا کر باسکٹ میں رکھنے لگی تھی۔ پھر باسکٹ اٹھانے والی تھی کہ عدیل بھائی شاور لے کر ڈریس اپ ہو کر خود کچن میں چلے آئے۔

”تم گاڑی میں بیٹھو، میں باسکٹ لا رہا ہوں۔“ وہ باسکٹ پکڑ کر کے پھر بولتے بولتے رکے۔ ”تم نے جازی کو نہیں اٹھایا؟ کیا وہ ہمارے ساتھ ہسپتال نہیں چلے گا؟“

دانیا نے نظریں چرا لیں۔ عدیل عبدالرحمٰن نے استفہامیہ دیکھا پھر قدرے حیرت سے بولے۔ ”پچھلے سال جب میں اس سے ملا تھا تو وہ کانوونٹ چھوڑنے کے لئے بہت پُر جوش تھا۔ اس کا خیال تھا وہ گھر کے معاملات سے بالکل الگ تھلگ کر دیا گیا ہے۔ گھر میں کیا ہو رہا ہے، کیا نہیں، وہ جان نہیں پاتا۔ اس کی بات صرف اتنی ٹھیک ہے، جتنی ضروری سمجھی جاتی ہے۔ مزید یہ کہ وہ شہریار کی طرفداری کے خیال سے بھی کانوونٹ میں نہیں پڑھنا چاہتا تھا۔ میں نے سنا تو دل کو تسلی ہوئی تھی کہ شیری کے لئے محبت کا راستہ بالکل ہی ناساز گار نہیں۔ مگر ابھی لگتا ہے تم کہہ دو گی کہ جازی شہریار سے ملنا نہیں چاہتا۔“

وہ جو کہنا چاہتی تھی، وہ اس کی نظر چرانے سے پہچان گئے تھے۔ دانیا کچھ دیر تو چپ رہی، پھر ہولے سے بولی۔ ”وہ دراصل جازی، جانے کیوں کچھ اپ سیٹ ہے۔“

عدیل عبدالرحمٰن کچھ نہیں بولے۔ دانیا نیچے چلی گئی۔ عدیل عبدالرحمٰن نے باسکٹ اٹھا لی تھی۔ پھر جانے سے پہلے انہوں نے ماما کے کمرے میں دستک دی تھی۔ تیسری دستک پر دروازہ کھلا۔ ماما سلیپنگ گاؤن پہنے متورم آنکھوں سے انہیں دیکھنے لگیں۔ پھر شعور بیدار ہوا تو ان کے چہرے پر خفگی دکھائی دینے لگی۔ پھر گھبرائے لہجے میں بولیں۔

”آ گئے تم؟“ کچھ خاموشی کا وقفہ دیا، پھر وہ تیکھے پن سے بولیں۔ ”پچھلے سال میں نے کتنا کہا تھا تم سے کہ تم گھر آ جاؤ، دانیا کے سلسلے میں میری مدد کرو، میں فیصلہ کرنا چاہتی ہوں۔ لیکن تم نے دفتری مجبوری کا بہانہ بنایا تھا اور آج گھر سے بھاگے بھاگے چلے آئے ہو۔ یعنی یہ سچ ہو گیا کہ تمہیں تمہارے بابا کی طرح شہریار زیادہ عزیز ہے۔“

عدیل عبدالرحمٰن نے خاموشی سے ماں کا شکوہ سنا۔ پھر گھبرائے لہجے میں بولے۔

”اگر وہ ایسا ہے کہ اس سے محبت کی جائے تو پھر کسی کو کیا اعتراض؟..... ویسے میں تو یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ ہم ہسپتال جا رہے ہیں، آپ ہمارے ساتھ جانا چاہیں گی؟“

ماما نے تیوری پہ بل ڈال کر انہیں دیکھا پھر مرجھائے لہجے میں بولیں۔

"پھر نہیں کیا جا سکتا ہے اس میں۔ تم سب ان کے حجرے میں قید ہو۔ مگر مجھے ایسا کوئی دورہ نہیں پڑا۔ میرے شیخ وہ پہلے دن سے مجبوری کے دائرے میں ہیں۔ اپنے بچوں کے لئے میں نے تمہارے پاپا کا ہر جائز حکم مانا تھا۔ میں تم میں سے کسی کو کھونا نہیں چاہتی تھی۔ ورنہ اگر مجھے فیصلے کا حق دیا جاتا تو میں اسے پہلی فرصت میں کسی چائلڈ ہوم میں داخل کروا دیتی۔" وہ تلخ لہجے میں پھر گویا ہوئیں۔ "وہ جیسا ہے ویسا نہیں۔ زندہ ہے یا نہیں۔ مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔ اور میں چاہتی بھی نہیں ہوں کہ اس کے سلسلے میں کوئی مجھ پر دباؤ ڈالے۔"

عدیل عبدالرحمن نے سر ہلایا۔ کچھ کہے بغیر پشت موڑ کر زینے اترنے لگے۔ پارکنگ تک پہنچے تو وانیا کو اپنا منتظر پایا۔ یک لخت انہوں نے پچھلی سیٹ پر احتیاط سے رکھی۔ وانیا ان کے چہرے کے تاثرات سے اندازہ لگاتی رہی۔ وہ فرنٹ ڈور کھول کر اس کے برابر آن بیٹھے۔ واچ مین گیٹ کھول چکا تو انہوں نے کار اسٹارٹ کی پھر وانیا کی طرف دیکھ کر بولے۔

"ڈونٹ وری۔ وہ بالکل ٹھیک ہو گا اور ہم پھر سب مل کر اس کی دل جوئی کریں گے تو آپ دیکھنا ٹھیک ہو جائے گا۔"

وانیا نے کوفت سے انہیں دیکھا پھر مدھم لہجے میں بولی۔ "آپ نے ماما سے ہسپتال چلنے کی بات کی تھی؟ انہوں نے کیا جواب دیا؟"

عدیل عبدالرحمن نے گہرا سانس کھینچا پھر بھرائے لہجے میں بولے۔ "ہمیشہ کی طرح ان کے انداز میں سرد مہری کے سوا کچھ نہیں تھا پاپا میں نے۔ پتہ نہیں وہ ماں ہو کر اپنے ایک بچے سے انکاری کیسے ہو سکتی ہیں۔"

"وہ شیری بھائی کو اپنی اولاد سمجھتی ہی نہیں ہیں۔" وانیا نے بے بسی سے کہا۔

عدیل عبدالرحمن نے تیز نظروں سے اسے دیکھا پھر غصے سے بولے۔ "مجھے یہی تو سمجھ نہیں آتا کہ اگر ماما کو اس سے اتنی ہی نفرت تھی تو اسے اپنی کوکھ میں اٹھایا ہی کیوں؟ اور اگر مشرقی مجبور بیوی کی طرح انہوں نے یہ ذمہ داری لے ہی لی تھی تو اسے نبھا کیوں نہیں رہیں؟" وہ لمحہ بھر رک کے پھر تیز لہجے میں بولے۔ "یہ سراسر ان کی کارستانی ہے۔ انہیں گھریلو سیاست کا بہت شوق ہے۔ بس فارغ وقت میں کچھ بھی کر کے خود کو مصروف رکھنا۔ پھر چاہے وہ کسی کی زندگی ہی سے کھیلا جا رہا ہو انہیں اس سے کوئی مطلب نہیں۔"

وانیا نے کچھ نہیں کہا لیکن ان کے ایک ایک لفظ سے متفق تھی۔

پھر تیس منٹ بعد وہ ٹھیک ساڑھے سات بجے ہسپتال کے پارکنگ لاٹ میں داخل ہو رہے تھے۔ وانیا نے عاطف بیگ کی آمد سے عدیل عبدالرحمن کو آگاہ کر دیا تھا۔ دراصل وہ عدیل عبدالرحمن کے

ہسپتال سے لوٹ جانے کے بعد آیا تھا اس لئے ان کے لئے یہ خبر خوشگوار تھی۔

نافث بیگ۔ انہیں ہسپتال کی لابی ہی میں مل گیا تھا۔ عدیل عبدالرحمن کو دیکھ کر اس نے بڑی گرمجوشی سے ہاتھ ملایا تھا۔ عدیل عبدالرحمن اسے دیکھ کر بے ساختہ بولے تھے۔ "اب مجھے کوئی پروا نہیں ہے۔ شہریار کی اچھی یاری تم سے ہے، تمہیں دیکھ کر وہ دوگنی ہو گئی ہوگی۔ مارفی سے میں دوستوں کی خاطر یہ جا سکتا کام کافی ہے۔"

نافث نے مسکراہٹ سے عدیل بھائی کو دیکھا، پھر ٹھہرے لہجے میں بولا۔ "شاید اس بار ایسا کچھ ہونے کی امید نہیں ہے۔ عجیب کھلنڈرا سا ہو گیا ہے۔ کسی بات کا ڈھنگ سے جواب ہی نہیں دیتا۔ بات اس سے کرو تو لگتا ہے میں کسی سے بول رہا ہوں۔ مرمزاجی انتہا کی مجبوری ہے۔ عدیل بھائی! جب میں کہتا تھا تب تو شہریار بھی قائل قبول تھا۔ اب تو ایسا کچھ ورلڈ کپ ہو گیا ہے کہ ہاں ہاں ہاں۔" وہ اب کہہ رہا تھا وہ اس سے پیچھے تھے۔ کمرے سے ڈاکٹر عارف نکل رہے تھے۔ نافث کو دیکھا تو مسکراتے ہوئے بولے۔

"مسٹر نافث! اچھا ہوا آپ آ گئے۔ مسٹر شہریار اس وقت بھاگ بیٹھے ہیں اور سب معمول کے مطابق کام پر غصہ کر رہے ہیں۔ ویسے کل آپ نے اچھا نہیں کیا تھا۔ آپ کا ایک دم سے فیڈ آؤٹ ہونا ان جیسے جذبات کے لئے بالکل صحت ہے۔ میرا خیال ہے اب آپ احتیاط کریں۔"

نافث نے اثبات میں سر ہلایا۔ عدیل عبدالرحمن ڈاکٹر عارف سے صورت حال پوچھنے لگے تھے۔ پہلے کے مقابلے میں کنڈیشن اطمینان بخش تھی۔ وہ دروازہ ناک کئے بغیر داخل ہوئے تھے۔ شہریار آنکھیں بند کئے لیٹا تھا۔ زخمی نیلی سوجی آنکھیں بیک اپ پٹی اس کے وجود میں اتری ہوئی تھیں۔

"شہری بھائی! دیکھئے تو میں کس کے ساتھ آئی ہوں۔" نادیہ نے خوشگوار لہجہ اختیار کیا۔ شہریار نے اس کی آواز پر ایک دم سے آنکھیں کھول دیں۔ عدیل عبدالرحمن پر نظر پڑی۔ لگا کہیں دور ہی میں بیٹھے ہوئے کسی شخص نے سر اٹھایا ہے۔ جس کا چہرہ بجھا بجھا اور رنگ پیلا پڑ گیا ہے۔

"ارے آپ کو کیوں تکلیف کی۔"

عدیل عبدالرحمن مسکراتے ہوئے بیٹھ گئے۔ کچھ نہیں بولے۔ خاموشی سے اسے دیکھتے رہے۔ دونوں کی نظروں سے جان پڑ رہا تھا۔ تم کب تک؟ ... اللہ نظریں چار ہوئیں اور عدیل عبدالرحمن کا شفقت بھرا لہجہ ابھرا۔

"بہت بُرا ہوا۔ مجھے تم سے ایسی کسی جذباتی حماقت کی توقع نہیں تھی۔ تم جیسے خوبرو جوان مسز کی نذر ہو، یہ تو زندگی کا المیہ ہے۔ ہاں بار بار زندگی ابھی اتنی بھی بے قدر نہیں ہے۔ ہاں تم ضرور کچھ

AANCHAL.COM.PK

فضول۔ مگر بہر حال زندگی میں ہر طرح کے لوگوں کے ساتھ گزارا کرنا پڑتا ہے۔“
پہلی بار شہریار کے ہونٹوں پر مسکراہٹ بکھری۔ وہ جانتا تھا بلکہ اُن کے لئے ذہن کے سوا کچھ نہیں۔ ہر طرح کے لوگوں کے ساتھ گزارا کرنے کا مشورہ اس لئے تھا کہ وہ کسی بھی بات کو جان پاتے کیسے۔
”سوات“ کی خوش رنگ نے اندر سے جیتے۔ وہ جانتا تھا۔ یہ سب کچھ بہت آسان ہے اگر انسان تھوڑا سا بے حس، تھوڑا سا جلنٹس ہو۔ لیکن اندر سے ملی زندہ دوہ ہر لفظ سمجھتا۔ کیا وہ ٹھیک ہی کہتا ہے۔
کوئی بھی بات اگر زبردستی ہی تھی۔ اور خبر کل کی بات.....
اُس نے سنبھالا لے کر آنکھیں رگڑیں۔ دادا ابا اب بھی چپ ہی تھا۔
عاطف بیگ اُس کا ہیڈ شیلف آگے سرکا کر باسکٹ میں سے کارن فلیکس نکال رہا تھا۔
اچانک ہی اُس نے جلدی جلدی بڑھا دیا تھا۔ دادا ابا اور سبھی سے گریز کرتے ہوئے اُس نے بابا جی کے اشارے سے منع کر دیا تھا۔
”میرا دل نہیں چاہ رہا اس وقت۔ تھوڑی دیر بعد دیکھوں گا۔“
عدیل بھائی نے دادا کے چہرے کی طرف دیکھتے ہی فوراً بولے۔
”بڑی بات ہے شہری! تم نے کل رات سے کچھ نہیں کھایا ہے۔ صبح ناشتہ کیا۔ مجھے دیکھنے کے باوجود تم نے ایک لقمہ بھی نہیں توڑا تھا۔ میں جانتا ہوں دادا کو بچپن سے تمہارے ساتھ کھانا اچھا لگتا ہے۔
اب اگر وہ مر جائے تم کو کیا فرق پڑتا ہے تو اور بات ہے۔“
شہریار نے ٹوٹی ہوئی نظروں سے اسے دیکھا۔ غصے کی گہری تہہ اب بھی اس کی آنکھوں سے مٹی نہیں تھی۔ پچھلی ساری رات اس سے روٹھ جانے کی کوشش کی دادا نے کیوں ہاتھ جھٹکا؟..... یہ سوال بار بار دل سے یوں
نکل رہا تھا کہ کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا۔
”آئی ایم سوری..... کل میں بہت تھک گئی تھی، اس لئے یہاں سے جاتے ہی سو گئی تھی۔“ اس نے کان پکڑ کر ایک بے غرض سا مجھے دادا ابو نے مجھے پن سے اسے دیکھ کر کہا مجرم تم ہو کر رہا۔
”تمہیں پتہ ہے؟ آنکھ کھلتے ہی سب سے پہلے میں نے موبائل پر تمہاری مسڈ کالز دیکھی تھیں۔ ساری رات تم میری کال کرتا رہا۔ تمہیں جانے کا تو کہہ دیا تھا مگر ہسپتال میں اکیلے لیٹے رہنا بہت بورنگ ہے

تمہیں ہی میں سوچ رہا تھا کہ میں سوچتا اور زندگی ہی نہ رکا تو؟ خاموشی کی دہشت زندگانی کی موت اچھی نہیں ہوتی ہے دشمن کو بھی اچانک ملنے نے چاہا تھا وہاں تمہیں ہونا چاہیے تھا اگر جاتے وقت ایک تلخ احساس نہ رہے کہ تمام ناپسندیدگی کے باوجود کوئی ہر سے لئے رو سکتا ہے۔“

”فضول مت بولیں پاپا..... کچھ نہیں ہو رہا آپ کو۔ معمولی سی پرابلم ہے احتیاطاً کر لیں گے۔“ وہ مسکرائیں لیکن آنکھیں نم ہو گئیں۔

وہ ان کی باتوں سے ہی رو دیتی تھی۔ عدیل بھائی نے بغور شرفین سے دیکھا۔ عاطف بیگ نے بال ہی کھینچ لئے۔ شہریار کی چیخ نکل گئی تو جتانے کو بولا۔

”شہروز نے بکواس ہے تو بس یونہی شور کرتا ہے کہ سب سے تنگ ہے۔ ایوان نے جب بھی دیکھا ہے۔ ذرا سا بھی محبت کو مسلا تھی شہریار.....“

اس نے کچھ نہیں کہا۔ پاپا کے اسپون پر منہ کھول دیا۔ کاران خلیک مزے کا تھا لیکن وہ دو ہی اسپون کھا سکا تھا کہ ڈاکٹر ہمدانی کمرے میں داخل ہوتے چلے گئے۔ ڈاکٹر ہمدانی .... اور جیسی نکل گئی۔ انہوں نے ماہرانہ ہاتھ سے کاران خلیک ڈسمسٹ لیا اور پھر تیزی سے بولے۔

”بے وقوف لڑکی! کاران خلیک کھلا کر مارنا ہے بھائی کو؟ شوگر تو پہلے ہی ان کا کولیسٹرول لیول بہت ہائی ہے۔“

انابیہ نے کرنٹ لگنے کی رفتار سے پیالہ پیچھے کر لیا اور بے بسی سے مسکرانے لگی۔

شہریار نے حالت تشویش ناک دیکھتے ہوئے بولا۔ ”شاباش! آپ بھی ان..... بس تمہاری کمی تھی اب کے سوا کچھ نہیں کہ......“

انابیہ نے ڈاکٹر ہمدانی کو دیکھا، بغور مسکرائی۔ ”آپ بھائی تو ٹھیک ہو جائیں گے؟“

”ایسے ہی کریں گے جیسا بھی کہہ رہے ہیں مگر بتا دو کہ ہماری اسٹائل کی ضرورت نہیں لیکن بے آرام سے زندگی شروع کر سکتا ہے۔“ تحمل سے مسکرا کے پھر گویا ہوئے۔ ”خیر! آج بھی گھر سے منگوا لیا ہے سادہ دلیہ۔ تمہاری آنٹی کچن کے ٹوپ میں سادہ دلیہ بہت اچھا پکاتی ہیں۔“

انابیہ نے سکون کا سانس لیا مگر شہریار دوبارہ نظر آنے لگا تھا۔ ”انکل! پاپا کو کب تک ہسپتال رہنے کا سین کرنا پڑے گا؟“

ڈاکٹر ہمدانی اس کی ذرا سی پریشانی پر ہنستے ہوئے بغور بولے۔ ”تمہارے پاپا کا دل پر انحصار ہے۔ ابھی جانے دو تو... بھی تمہیں بتا دوں گا۔“

AANCHAL.COM.PK

"ٹھیک ہے پھر میں شام تک آپ کے کہنے پہ عمل کرتا ہوں۔"

ڈاکٹر شاہ صمدانی نے جواب دینے کے بجائے نرس کو اس کی ڈریس میں پہلے سے موجود دوا کی مقدار بڑھانے کا حکم جاری کیا۔

"شہریار ٹھیک ہے لیکن ڈیڈ! دل پہ بوجھ بہت زیادہ ہے۔ تم سمجھ لو بارود کے ڈھیر پہ بیٹھے ہو۔ اسموکنگ کی عادت سے خون میں الجھاؤ کا سبب بن بھی بڑھ جاتا ہے۔ تم دوہرے طریقے سے خطرے کے نشان کو چھو رہے ہو۔ تمہارے بابا ہسپتال آ جائیں تو میں تمہاری انجیوگرافی ضرور کرنا چاہوں گا۔ دیکھوں تو رکاوٹ کتنی ہے اور کہاں ہے۔"

شہریار نے غصے سے انہیں دیکھا اور گھبرائے لہجے میں بولا۔ "بس کریں انکل! اب میں یہ بیماری نامہ نہیں سننا چاہتا۔ بہت بُرا ہوں پہلے سے انجیوگرافی زندگی میں کبھی ہو جائے گی۔ ویسے میرا خیال ہے ایسا معاملہ اتنا بڑا نہیں ہوگا۔"

وہ جان کر بات ختم کرنا چاہتا تھا کیونکہ دادا جان زور و شور سے رونے پہ کمر باندھ چکی تھیں۔ عدیل بھائی اور عاطف بیگ کے چہروں پہ بھی مسکراہٹ تھی اور وہ بڑے قائل تھے کہ اپنی ذات سے کسی قسم کی تکلیف کسی کو دینا کوئی اچھی بات نہیں۔"

"کیا معاملہ سیریس ہے انکل؟" عدیل عبدالرحمن گھبرا کر دوسرے سے رپورٹس پڑھنے لگے تھے اور ان کے چہرے کا رنگ بدلا تھا، شہریار بہانے سے بولا۔

"سب کے سب ہمارے گھر میں ٹینشن ختم ہی نہیں ہوتی۔ بات ذرا سی بھی ہو بیمار تو خیر ہو ہی جاتا ہے۔ تم بے فکر رہو۔ میں کل اپنی امی کو سمجھا دوں گا اور انہیں پتہ نہیں چلنے دوں گا۔ بہت خوش ہوں۔" نانا کے چہرے سے پہلے کے تاثرات زائل ہو سکے۔ تب ہی وہ پڑ گیا۔

"اب بس بھی کریں ماں۔ کیا واقعی یہ جتانا ضروری ہے کہ آپ کتنے خطرناک موڑ پہ کھڑے ہیں۔ زندگی موڑ در موڑ راستہ ہی تو ہے۔ پھر کیا لگتا ہے اگر اس موڑ کا کوئی رخ مجھے تم سے زندگی سے دور لے جائے؟ زندگی سے کبھی زیادہ موت میں سہولت ہے۔ انسان کو جو تکلیف ملتی ہے وہ ایک بار ملتی ہے۔"

نانا بابا سکتے میں چپ بیٹھے کر رکھے گئی تھی۔ عاطف بیگ کھانا کھا چکا تھا۔ نانا نے صرف ایک کپ کافی ہی پی تھی۔ عدیل عبدالرحمن، مسز شاہ صمدانی سے الگ ہو کر بیٹھے مشورے لے رہے تھے۔ عاطف بیگ بھی عدیل بھائی کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر گھبرا رہے تھے کہ وجود کی احساس کر کے اور دی۔ بابا ان کے چہرے پہ سب ہی نے چال رہنے تھے۔

AANCHAL.COM.PK

شہریار کچھ دیر برداشت کرتا رہا پھر مسکرا کر بولا۔ "کل حمزہ آیا تھا گھر؟"

مانا کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ شہریار کو کیسے پتہ چلا؟ کیا ان پر الہام بھی اترتے ہیں؟

شہریار عبدالرحمن نے اس کی قیاس آرائی سے حظ لیا، پھر مسکرا کر نیچے بتانے لگے۔ "کل اماں کا فون آیا تھا۔ بالکل ٹھیک، بہت پریشان تھیں۔ باتوں باتوں میں حمزہ کا ذکر بھی نکل آیا۔" کچھ لمحے رک کر، پھر آہستگی سے بولے۔ "کل میرا فون بار بار بزی کیوں مل رہا تھا؟ تمہیں انصاف کرنے اور محبت نبھانے میں جو الجھن تم سے ہو رہی تھی، میں ان کے سلوشن کے لیے تمہیں کال کر رہا تھا۔"

مانا نے بے ساختہ اس کے چہرے کی طرف دیکھا۔ شہریار کچھ کہہ بھی نہیں پائی [illegible] کر بولا۔

"تم بھول جاؤ میں تم سے اپنی زندگی سے کیا چاہتا ہوں۔ تم بس یہ یاد رکھو، وہ تمہارے جینے میں کیا ہے تم آج ہو [illegible] کی عزت، باقی سب کی طرح مجھے اگنور کرنا چاہتی ہو تو بیچ میں سے [illegible] سمجھو مجھے تم سے زیادہ کوئی چیز عزیز نہیں۔ یہ ساری محبت کی بات ہے، آپ کو جو ہر [illegible] تکلیف میں [illegible] برداشت کر ہی نہیں سکتے۔"

مانا دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے میں پھنسا کر سر جھکا گئی۔ اس نے ہولے سے کہا۔

"آپ ناراض تو نہیں ہو گئے مجھ سے؟"

مانا نے سر اٹھایا اور پلکوں پر ٹھہرے آنسو رخساروں پر بہہ گئے۔ دل کی گرہ کھل گئی [illegible] تمام رات جو [illegible] ناراضگی خسارے کے باوجود۔ کسی بھی طرح اچھے پیارے بھائی کو کھونا نہیں چاہے گی۔

"ماما نے واقعی تمہیں بہت پہنچی تھی؟" اس نے آنسو دوپٹے سے پونچھ کر سوال کیا۔ اس نے اپنا موبائل اس کی طرف بڑھایا۔ ماما کی پوری کال ٹیپ تھی۔

جتنے بھی سوال ہو سکتے تھے وہ ماما نے فون پر اس مختصر کال میں دے دیے تھے۔ وہ سچی تھیں۔ مانا کی نظروں میں سب سے بڑی رکاوٹ شہریار ہی ہے۔ ماما نے جان کے معاملے کو بھی نپٹا لیا تھا۔

سارے [illegible] اس کے حصے میں آئے تھے۔

مانا سے برداشت کرنا مشکل ہو گیا تھا اس لیے اس نے بیچ میں سے موبائل آف کر دیا تھا۔

"مجھے نہیں لگتا ایسا کچھ ہے۔ میں ماما کی کسی بات سے متفق نہیں ہوں۔"

اس نے معلوم نہیں دل کو سمجھانے کے لئے یہ جملے کہے تھے یا شہریار کو دل سپورٹ دینے کے لئے...... بس پتا کون کے بعد ماما یا ڈاکٹر صدانی کے گھر سے آئے دلیے کو جو نے پیالے میں ڈال رہی تھی۔ ماما کے لئے بھی سینڈوچ آئے تھے۔ شہریار نے ہاتھ کے اشارے سے اسے ناشتہ کرنے کی نشست کی۔ وہ جھک کر دونے کے باوجود سینڈوچ کھانے لگی تھی۔ یہاں تک کہ پاپا کے آنے کے بعد شہریار کے لئے حالات پہلے سے زیادہ ناسازگار ہو گئے تھے۔

"پلیز پاپا! میں کسی کیمو تھراپی کے حق میں نہیں ہوں۔ میں جیسا ہوں ویسا ٹھیک ہوں۔" اس نے حتمی اور چٹخ سے کہا۔

پاپا کے چہرے سے بے بسی چھا گئی۔ عبدالرحمن، ماما اور ماما مجھر کسی قسم کی بات نہیں کر سکے۔ یہاں تک کہ دو دن کے لئے ارل چیک اپ کے لئے ایک بار وہ گئے تو ڈاکٹر صدانی نے سرد سے لہجے میں پوچھا۔

"اس بیماری کی طرف مجھے لگتا ہے تمہیں ابھی معلوم ہے نقصان کتنا اور کہاں ہے۔"

اس کلینک بیڈ پر بیٹھو کو جھوڑنے لگا تھا۔ ڈاکٹر صدانی نے لاؤڈ اور [illegible] اس کے سامنے کہا۔

"تمہیں شاید کنسلٹنسی میں اس کی ضرورت خصوصی بہتری ہے۔"

اس نے ان سے نظریں چراتے ہوئے بکھرے لہجے میں بولا۔ "آپ جانتے ہیں سب کچھ پھر کیوں بے مصرف محنت کرنا چاہتے ہیں؟ پلیز! دنیا میں مجھ سے کہیں زیادہ بے لوث بکھرے پڑے ہیں، جن کی زندگی کی کنٹرول جانی چاہیے، جنہیں واقعی زندہ رہنے کی حسرت ہے اور واقعی انہیں ان سے محبت کرنے والوں کے لئے زندہ رہنا چاہیے۔"

اس نے ڈاکٹر کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا کہ ڈاکٹر صدانی نے [illegible] سے اشارہ کیا تھا۔ پھر وہ شفقت سے بولے تھے۔ "مجھے نہیں معلوم غلطی کہاں ہے۔ لیکن غلط ہے جو تم کر رہے ہو۔ زندگی کو تم ان ناموافق حالات سے ایک دم کیوں ختم کرنا چاہتے ہو۔ کیوں کہ جانے کی کوشش کر رہے ہو۔ لیکن تمہارے اندر ابھی امید کی چنگاری باقی ہے۔ تم مسلمان ہو نا! اور مسلمان کبھی مایوس نہیں ہوتے۔"

شہریار نے کچھ نہیں کہا۔ سر جھکائے پڑتال کر رہا تھا۔ مشورے سے نظریں ہٹا گیا۔ چیک اپ کے بعد پاپا نے کیمو تھراپی کا کہا۔ پھر ڈاکٹر صدانی بولے۔

ANCHAL.COM

"بہتر کوشش کریں گے۔ رزلٹ سامنے آنے تک ٹینشن بہت بہتر ہے اگر تعاون کرتا رہا شہریار تو چند روز میں تیار ہو جائے گا۔"
شہریار نے سکون کا سانس لیا تھا۔

❁❁❁

عدیل عبدالرحمن اس وقت عاطف بیگ کے ساتھ باہر کوریڈور میں بیٹھے رات کو شہریار کے ساتھ ہونے والی گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک ان کی آنکھوں میں شناسائی جھلکی۔
"وہ عاطف! اگر میں ٹھیک پہچان رہا ہوں تو یہ جا رہی ہے ناں؟" آسمانی بلیو جارجٹ کی ساڑھی پہنے وہ فریحہ بیگ جمالی ہی تھی جو پاس سے گزرتی عاطف بیگ کی نظر سے گزری وہ آگے نکلتی چلی گئی تھی۔
"کیا وہ شہریار سے ملنے آئی ہے؟" عدیل بھائی نے دوسرا سوال کیا اور عاطف کی زبان سے اگلا سوال ابھرا۔
"کیا اسے معلوم ہے شہریار بیمار ہے اور اس ہسپتال میں ہے؟"
"شاید...... وہ جتنی بے باک... یقیناً ہے میرے خیال میں اس کے لیے یہ ناممکن نہیں ہے۔"
"چلئے تو پھر کریں۔ کہیں وہ بیمار سے ہیرو کو پھر کسی عذاب و پریشانی میں لے جا کر کھڑا کر دے۔" اس کا اشارہ فریحہ کی طبیعت کی ذہانت کی طرف تھا۔ عدیل بھائی تیزی سے اٹھے تھے جبکہ ابھی وہ پارک سے نکلے بھی نہیں تھے کہ رک گئے۔ "یہ ما اور ہسپتال میں...... ہیریٹیج!"
"ہم... وہ شہریار کو دیکھنے آئے ہیں تو میں مر کر بھی یقین نہیں کر سکتا۔ ویسے اپنی اس رائے پر مجھے افسوس ہے۔" عاطف نے کہا اور عدیل عبدالرحمن کے سنجیدہ چہرے کو دیکھا۔ بہر حال وہ ان کا بھائی تھا۔ اس کی رائے کا وہ ابھی احترام کر سکتے تھے مگر تسلی ہوئی جب انہوں نے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا۔
"تم ٹھیک کہہ رہے ہو میں کہاں تک... اعتماد کی بات نہیں۔ جہاں تک میرا خیال جاتا ہے وہ یہاں جانے کے پیچھے آیا ہے تم نے دیکھا نہیں وہ شک میں پانچ منٹ کے وقفے سے زیادہ نہیں تھی۔"
عاطف کی یہ بات غلط بھی نہیں تھی۔ پھر اندازہ عدیل عبدالرحمن جیسے زیرک ذہین بندے نے لگایا تھا جس میں غلطی کا خدشہ کم سے کم ہی رہتا۔
وہ دونوں بہت خاموشی سے... عدیل عبدالرحمن کو نظر میں رکھے ہوئے چل رہے تھے۔ یہاں تک کہ وہ کوریڈور کے کمرہ نمبر 17 پر جا کر ٹھہر گئے۔

"یہاں کون ہے جس کے لئے سالار بھائی اتنی سکیورٹی کا مظاہرہ کر رہے ہیں؟" عاطف نے متفکرانہ نظروں سے عدیل بھائی کی طرف دیکھا جنہوں نے کندھے اچکائے، پھر آنکھ کے اشارے سے عاطف بیگ کو اپنے پیچھے آنے کو کہا، وہ ہسپتال کے استقبالیہ کاؤنٹر کی طرف بڑھتے چلے گئے۔ آج اسٹاف الگ تھا۔

"آپ کا اسم گرامی؟" عاطف بیگ نے ازلی جملوں کی ادائیگی کی۔

مترنم مسکراہٹ کے ساتھ کہا گیا۔ "مجھے عامرہ فیروز کہتے ہیں۔ جی فرمائیے، میں آپ کی کیا خدمت کر سکتی ہوں؟"

عاطف بیگ نے ہاتھ کے اشارے سے عدیل کو کام کا سوال کرنے کے لئے اشارہ کیا، ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ انہوں نے اپنا کارڈ نکال کر سامنے رکھا، عامرہ فیروز نرم لہجے میں بولے۔ "مجھے امید ہے، جو سوالات میں آپ سے کرنے جا رہا ہوں، وہ آپ انتہائی سیکرٹ رکھیں گی؟"

"کوشش کروں گی سر! اگر بات میرے اختیار کی ہوئی تو ضرور تعاون کروں گی، سوال اگر انتظامیہ سے منسلک ہوا تو ہم بغیر جواب دینے کے مجاز ہیں۔"

لڑکی ذہین تھی، خاموش طبع بھی تھی، ایسے لوگ جو کم بولتے ہیں اور زیادہ سننے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور جو زیادہ سنتے ہیں، زیادہ معلومات بھی انہی کے پاس ہوتی ہیں۔ اس لئے عامرہ فیروز ایک بالکل ٹھیک آپشن تھی۔

"کمرہ نمبر 3 کے متعلق آپ کے پاس بتانے جیسا کچھ ہے؟"

عامرہ فیروز نے سامنے رکھا رجسٹر کھولا، کچھ دیکھا پھر بولیں۔ "کمرہ نمبر 3 ہمارے ہسپتال کے وی آئی پی روم کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں زیادہ تر وی آئی پیز آرام کرنے کی غرض سے قیام کرتے ہیں۔ یہاں وہ ٹوٹل بالکل پرائیویٹ ہیں کہ کسی بھی طرح کوئی رابطے کا ذریعہ مشغول نہیں کرنا چاہتے۔ جو مہمان یہاں ٹھہرتے ہیں، ان کی مکمل معلومات ہماری اعلیٰ انتظامیہ کے علاوہ کسی کے پاس نہیں ہوتی۔"

عدیل عبدالرحمٰن نے ترچھی نظروں سے عاطف کو دیکھا پھر پلٹ کر بولے۔ "کیا ابھی بہت بزی ہو گیا ہے ادارہ؟ گیسٹ ہاؤسز کے علاوہ اب وی آئی پیز ہسپتال میں بھی قیام کرتے ہیں۔"

عاطف بیگ کچھ نہیں بولا، عدیل عبدالرحمٰن دوبارہ سے مخاطب ہو کر بولے۔ "آپ کی یہاں انتظامیہ کن لوگوں پر مشتمل ہے؟"

"آپ ڈاکٹر نذر کے کمرے میں جا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں مسز اکرام ہی آپ کو بہتر گائیڈ کر سکیں گے۔ گراؤنڈ فلور روم نمبر دس۔"

عدیل عبدالرحمن مڑ کر لفٹ کی طرف بڑھ گئے۔ کچھ دیر بعد وہ ڈاکٹر نور کے کمرے کے سامنے کھڑے تھے۔ دستک دی گئی۔

"کم ان" کی آواز سنائی دی تو دونوں اندر بڑھتے چلے گئے۔

فائلوں سے سر اٹھاتے ڈاکٹر نور نے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ نظر پڑتے ہی چہرے پر شناسائی کی جھلک ابھری۔ رسمی خیر و عافیت کی جانے لگی۔ عدیل عبدالرحمن نے سہولت سے بات ٹال دی۔ پھر فوراً اپنے مختصر سوال پر آ گئے۔

"کیا آپ اپنے روم نمبر 17 کے وی آئی پی پیشنٹ کی بابت کچھ معلومات شیئر کر سکتے ہیں؟"

"سوری سر! یہ ہمارے اصولوں کے خلاف ہے۔ ویسے یہ روم نمبر 17 میں ایسی کیا خاص بات ہے؟ ایک دو دن پہلے بھی ایک صاحب اس روم کی بابت پوچھ رہے تھے۔"

عدیل عبدالرحمن جان گئے تھے۔ وہ کوئی اور کون ہو سکتا تھا؟ یقیناً سالار عبدالرحمن ہی کا اشارہ تھا کہ اس روم میں کون تھا؟

"وی آئی پی روم کی ڈیمانڈ کیا صرف کی گئی ہے؟" انہوں نے اگلا سوال داغ دیا۔

ڈاکٹر نور نے تولنے والی نظروں سے انہیں دیکھا۔ پھر بولے۔ "سیدھی سی بات ہے۔ وی آئی پی پیشنٹ کسی نہ کسی کے ریفرنس پر ہی ایڈمٹ کرتے ہیں۔ سو جس ان کی شخصیت پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ جانے والے لوگ جب دنیا کی مصروفیت سے تنگ آ جاتے ہیں تو پھر وہ چاہتے ہیں انہیں پرائیویسی میں رکھا جائے جو ان کی سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ ہو۔"

"یعنی آپ ہسپتال میں پانچ ستارہ ہوٹل جیسی سہولت دیا کرتے ہیں۔ کیا یہ غیر قانونی نہیں؟ کیا کسی ہسپتال میں ایسی کوئی گنجائش نکالی جا سکتی ہے؟"

ڈاکٹر نور کی مسکراہٹ گہری ہو گئی۔ پھر وہ دھیمے لہجے میں بولے۔ "مجھے یہاں بیٹھے ہوئے کئی برس ہو گئے ہیں۔ آپ کی بات غلط نہیں ہے۔ لیکن بہرحال گنجائش تو نکالی جا سکتی ہے۔ اگر کبھی آپ کو ایڈمٹ کرنے کا پروگرام ہو تو ہم آپ کو بھی ایسی ہی سہولتیں دیں گے۔ لیکن اگر آپ کسی قسم کی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ کو مایوسی ہو گی۔"

عدیل عبدالرحمن جانتے تھے گنجائش کہاں کہاں اور کیسے کیسے نکالی جاتی ہے۔ سو انہوں نے سوال بدل کر بے ساختہ پوچھا۔ "روم نمبر 17 میں مس جانا کے کوئی رشتے دار ہوتے ہیں؟"

ڈاکٹر نور کے چہرے پر ایک سایہ سا گزر گیا مگر پھر بھی انہوں نے سنبھال لیا۔

"آپ کس جانا کی بات کر رہے ہیں؟ میں تو اس نام کی کسی لڑکی کو نہیں جانتا۔"

عاطف بیگ نے پوری ہوکر عمر یل عبدالرحمٰن کی طرف دیکھا تو وہ اختتامی جملے ادا کرتے اٹھ گئے۔ کمرے سے باہر نکلے تو انہوں نے عاطف کو دیکھا پھر بے چارگی سے بولے۔ "اگر معاملہ کچھ نوعیت کا ہوتا تو اب تک میں سرچ وارنٹ لا چکا ہوتا۔"

"سرچ وارنٹ؟" عاطف بیگ ہنسے پھر شرارت سے بولا۔ "آپ کا کوئی بھی حق نہیں بنتا گا ہوا نہیں ہے جو سرچ وارنٹ کا راگ چلنے لگا اور پھر یہ پرائیویٹ ہسپتال میرے خیال میں اپر کلاس میں آتا نہیں ہے کہ اگر کوئی کارروائی کی تو پولیس کے شکنجے میں آ جائے گی۔ آپ کو نہیں معلوم لیکن ایک دفعہ علامہ نے اس پرائیویٹ ہسپتال کے ان دو نئی پیزروں کی داستان کو ہلکا سا چھیڑا تھا۔"

"پھر؟" عمر یل عبدالرحمٰن نے دلچسپی سے دیکھا۔

عاطف بیگ نے چلتے چلتے مدھم ہو کر کہا۔ "پھر کیا، اوپر نیچے بھونچال آ گیا تھا۔ ہسپتال والے مرجانے کا دعویٰ کرنے کی بات کی تھی۔ علامہ نے دوسرے دن پھر ایسے تار چھیڑ دیئے کہ دوسرے دن غائب اور علامہ کا کالم پھر چھپا نہیں...... دراصل وہ اپنے بات اشوز پہلے ہوم ورک مکمل کر لیتا ہے۔ پھر جاتے کے لئے تار چھیڑنے کے لئے کالم میں ایک دو جملے ہوتا ہے۔ سمجھنے والے سمجھ جاتے ہیں ہوم ورک کتنا مکمل ہے یا نامکمل...... بات کرنے کا خدشہ ہوتے بیک ڈور ڈیل طے پا جاتی ہے اور علامہ خوش اس کے قلم کا ہدف بننے والا بھی خوش۔ کیا سمجھے؟"

"اچھا علامہ آج کل اس قسم کی صحافت کرنے لگا ہے۔ پانچ سال پہلے میرے خیال میں وہ بہت آدرش پسند ہوا کرتا تھا۔"

"ہاں ایسا تھا۔ لیکن جب سے اس کی ٹی وی اینکر سے لگی ہوئی ہے تب سے وہ صحافت کا طریقہ، زندگی گزارنے کا طریقہ، محبت نفرت کا فلسفہ سب بھول چکا ہے۔"

عمر یل عبدالرحمٰن افسوس سے اسے دیکھتے رہے، پھر مدھم ہو کر بولے۔ "تم نے اس سے رابطہ کیوں ختم رکھا؟ میں نے سنا ہے دوست اگر ساتھ ہوں تو انسان بڑے سے بڑے حادثے سے گزر جاتا ہے اور اس کی ہمت ٹوٹی نہیں ہوتی۔"

عاطف بیگ نے ایک نظر انہیں دیکھا، پھر صاف سے بولا۔ "آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں بھیا! لیکن اگر دوست یہ سمجھنے لگے کہ جو دکان نے جگا ہے وہ اس کے دوستوں کا دیا گیا تحفہ ہے تو؟"

"دراصل پہلے اس کی سوچیں مختلف تھیں مگر جب سے اس نے "ہاؤس آف پیٹی" جوائن کیا ہے، تب سے اس کی سوچ یکسر بدل گئی۔ یوسف صاحب کی سیاست بازی میں وہ ہر پروہ ساتھ دیتا ہے اور آپ جانتے ہیں مسٹر یوسف کس قدر جذباتی انسان ہیں۔ "مارو یا مر جاؤ" اس کے علاوہ انہوں نے کبھی تیسرا راستہ نہیں اختیار کیا۔ سو علامہ بھی اب ویسا ہی ہو گیا ہے۔ اب وہ ہر دولت مند شخص کو پیچھے رکھ کا سبب

سمجھتا ہے۔ ان کے خلاف لکھ کر بھی اس کے اندر کی بھڑاس نہیں نکلتی ہے۔ پھر بھلا وہ مجھ سے یا شہریار سے کیوں رابطہ رکھے گا؟" مدلل جواب دے کر اس نے عدیل بھائی کو دیکھا تو وہ مسکرانے لگے پھر مدھم سا ہو کر بولے۔

"مجھے ایسے ہر انسان سے ہمدردی ہے، جو انسان سے انسان کا تعلق محض کرامات کے بل پر کسی کی اچھائی یا برائی کا فیصلہ کرتا ہے۔ پانچوں انگلیاں کب برابر ہوتی ہیں؟"

عاطف بیگ نے سر ہلا کر تائید کی۔

"میں تو متفق ہے جو لوگ نہیں سمجھتے۔ نہ بہت زیادہ دولت کسی کی برائی کا پیمانہ ہے نہ بہت غربت کسی کی اچھائی کا پیمانہ...... پیمانہ تو صرف انسان کی روح اور اس کا ضمیر ہے۔ اگر وہ کسی میں مر جائیں تو بے نیکی کا سلسلہ بھی کبھی نہیں رکتا۔ مجھے لگتا ہے کوئی اس نیکی کا اجر سمجھے یا انجان بن کر عمر بھر اس کی مخالفت کرتا رہے۔"

عدیل بھائی نے عاطف بیگ کے کندھے پر ہاتھ مارا، پھر مسکرا کر بولے۔ "بچے! تم تو بہت اچھا بولنے لگے ہو...... یہ شہریار کی صحبت کا اثر ہے یا......"

عاطف بیگ کچھ دیر خاموش رہا پھر بولا۔ "یہ اولی بات ہی درست ہے۔ آپ نے خود اندازہ لگا لیا ہو گا، وہ کتنا اکل کھرا ہو گیا ہے۔ ہر چیز، ہر انسان سے عاری۔ آپ سے بھی تو ڈھنگ سے گفتگو نہیں کر رہا۔"

عدیل بھائی نے گہری سانس لی، پھر ہولے سے بولے۔ "قصور اس کا نہیں ہے عاطف یار! یہ بے رخی ہمیشہ سے ہماری طرف سے رہی ہے۔ دراصل بچپن میں جب وہ مجھ سے گھلنے ملنے کی کوشش کرتا تھا تو مجھے کتابوں سے فرصت نہیں ملتی تھی۔ سالار صاحب نے ہمیشہ اسے دشمن کی نظر سے دیکھا۔ رہی دنیا تو سارا وقت بابا ہی کے ساتھ گزارنے کے بعد جب وہ مجھے اپنی طرف سے غافل دیکھتا تو لامحالہ آنے میں سالار کی کھڑکی کو بند دیکھتا ہوں گا مگر گھر کا ماحول...... اس کی حمایت کرنے پر ماما اس پر اور زیادہ سختی کرتیں۔ آنٹی سے اٹھتے بیٹھتے بے بھاؤ کی سنانے لگتیں۔ پاپا کی حمایت کا بھی کچھ یہی ری ایکشن ہوتا تھا۔ ماما چاہتی تھیں اسے کوئی منہ نہ لگائے، کیونکہ وہ بدقسمتی ان کی زندگی میں شامل کر دیا گیا تھا۔ سو ہم سب نے، میں نے بھی اور پاپا نے بھی خاموشی میں ہی اس کی عافیت سمجھی۔ مگر وہ اب یہ کہتا ہے اور شاید ٹھیک ہی کہتا ہے...... وہ سمجھتا ہے کہ مجھے اس سے محبت نہیں ہے۔ چاند کے معاملے میں بھی میں نے اور پاپا نے اس کے خیال کے مطابق خاموشی اختیار کر لی، وہ وجہ جانتا ہے، یہی درست فیصلہ ہے، لیکن اس کا دل یہ چاہتا ہے اندر سے، کہ کوئی تو ہو جو اس کے لئے اسٹینڈ لے۔ بس بچپن کی یہی حمایت نہ ہونے کی حسرت نے اسے بہت ضدی بنا دیا ہے۔"

تجزیہ بہترین تھا اس کی شخصیت پر اس لئے عاطف بیگ نے کوئی سوال نہیں اٹھایا اور ہاتھ کے اشارے سے اس کے روم کی طرف چلنے کی پیشکش کی۔ عدیل بھائی خاموشی سے چلنے لگے۔ گرو روم نمبر 17

کی شخصیت پہ اب بھی اُن کی ساری سوچیں مرکوز تھیں۔

شہریار کا موڈ آچکا تھا۔ وہ دونوں اندر داخل ہوئے۔ دانیہ کو اپنے سیب چھیل چھیل کر کھلاتے دیکھا تو شرافت محسوس کی۔ عدیل بھائی صوفے پہ بیٹھ گئے، پھر گھڑی کی طرف نظر گئی تو بولے۔

"دانیہ بیٹا! اس وقت ساڑھے بارہ بج رہے ہیں، تم لنچ کے لیے گھر چلی جانا۔"

دانیہ نے پلٹ کر عدیل بھائی کو دیکھا، وہاں مسکینیت کے ساتھ بھوک کی شدت صاف پڑھی جا سکتی تھی۔ عدیل بھائی شروع سے بھوک کے کچے تھے۔ لیکن مصروف ہوتے تو انہیں کھانا کبھی یاد نہیں رہتا تھا۔ ہاں نارمل اوقات میں اُن کی ساری سوچیں صرف بھوک پر رکتا اور دل جلانے کی بھوک میں مبتلا ہو جاتیں۔ سو اس وقت بھی وہ اسی دور سے گزر رہے تھے۔ دانیہ نے سیب کی پلیٹ ان کی طرف بڑھائی تو عاطف نے اُچک لی، پھر شہریار کو نظر میں رکھ کر بولا۔

"نیب جتنی ہو رہے ہیں اگر یار انھوں نے کوئی شوق ہے تو پہلے بتا دیا اس کے لیے یہاں کی شرط تو نہیں ہے۔ ہم تو پہلے ہی تیرے بیماروں میں شامل ہیں۔"

شہریار عبدالرحمٰن نے کوٹ سے اُسے دیکھا، اندر کوئی ہلچل نہیں بچی اس کے جملے سے۔ یہ تیس جذبات کی کشتیوں میں بہیں جن پہ وقت نے برقاب باندھ کر زندگی منجمد کر دی تھی۔

"یہ کیا ہر وقت چپ شاہ کا روزہ رکھ لیتا ہے؟ ہنسنا بولنا کیا بالکل بھول گیا ہے؟" دانیہ کے کمرے سے نکلتے ہی عاطف اٹھ کر اس کے قریب آ گیا۔ اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر اس سے سوال دہرانے لگا۔

شہریار نے آنکھیں سامنے رکھے گلدان پہ ٹکا دیں پھر سرسراتے لہجے میں بولا۔

"پھول گلدان میں تو ذرا لگانے سے پھولوں کی زندگی کتنی مختصر ہو جاتی ہے۔"

"ہاں مگر شاخ پہ کھلے ہوئے پھول بھی تو مرجھا جاتے ہیں۔"

عدیل بھائی نے عاطف بیگ کی خاموشی کو آزردہ اور وہ ان کی طرف دیکھے بغیر بولا۔ "ہاں شاخ پہ کھلے پھول بھی مرجھا جاتے ہیں، مگر ان کی پتیاں جب تیز ہوا سے جھڑتی ہیں تو اس پودے کے اطراف ہی گرتی ہیں۔ وہ پھول کے ہاتھ میں اپنی خوشبو کے ٹکڑے کی طرح یاد رکھ دیتا ہے، وہ کہاں کھلا، وہ کہاں بکھرا...... مگر جو پھول ایسے گلدانوں میں سجا دیے جاتے ہیں ان کی قسمت سوائے سوکھ جانے کے کچھ نہیں ہوتی۔ خوشبو کا تجربہ بھی ان کی در بدری کی سمت نہیں بھول پاتا۔"

AANCHAL.COM.PK

عاطف بیگ نے دیکھا، اس کی آنکھ کے کونے میں کوئی آنسو اٹکا تھا مگر عیاں ہو کر بھی بہا نہیں جاتا تھا۔

"تم دل کھول کر رو کیوں نہیں لیتے؟ ایک بار شکوہ کر لو ساری دنیا سے، پھر کہتے ہیں دل کو قرار آ جاتا ہے۔"

شہریار نے عاطف بیگ کو دیکھا، پھر ہنسا۔ مگر عدیل بھائی کو محسوس ہوا وہ ہنسنے کے بہروپ میں شاید رو رہا تھا..... پھر کسی قدر رک کر بولا۔

"اگر کوئی وجود ہی نہ رہے، صرف آنسو ہو تو پھر وہ کیسے روئے؟ روئے گا تو ختم نہ ہو جائے گا؟ شکوہ ذات میں ہو تو سوال بھی اٹھائے کوئی، جس کی ذات ہی شکوہ بن جائے تو زندگی کا گلہ بھی نہیں جائے گا مالک رہے؟ قرار و قرار ہو، دل ہو تو قرار کی حاجت بھی کرے کوئی، دل ہی بے قراری کی نذر ہو کر رہ گیا ہو تو کون سے چاک پہ جا کر اس دل کی صورت گری کریں؟"

عدیل بھائی اٹھ کر اس کے قریب آ گئے تھے اور ولایہ جو عدیل بھائی کے کہنے پر باہر جا کر ہوٹل سے دوپہر کے لنچ کے لیے مینیو لکھوا کر واپس پلٹی تھی، کمرے کی انتہائی خاموشی سے ٹھٹک سی گئی تھی۔

"کیا بات ہے؟ آپ لوگ اتنے خاموش......"

عاطف بیگ نے چونک کر ولایہ کو دیکھا جو مصنوعی تعجب لگا کر بولا۔ "کیا مطلب مسز! ہم خواتین تو نہیں جو کے خاموش رہنے پر تمہیں اتنی حیرت ہے؟"

عدیل بھائی نے دیکھا تو کہا۔ "تم ابھی تک یہیں ہو؟ میں تو سمجھا تھا کہ کچن میں کھڑی کچھ نہ کچھ پکانے لگی ہو گی۔"

ولایہ ہنسنے لگی، پھر مسکرا کر بولی۔ "لگتا ہے بڑے بھیا! آپ کو بہت بھوک لگ رہی ہے۔ ٹھیک ہے، میں خود ہی جاتی ہوں۔ دراصل کمرے میں سگنل نہیں آ رہے تھے اس لیے گارڈن میں جا کر رفعت سے بات کرنے کی کوشش کی۔ مگر آپ تو جانتے ہیں ناں، وہ بھی رابعہ باجی سے کم لیزی نہیں۔ لہٰذا خود جائے بغیر اب لگتا ہے کوئی چارہ نہیں۔ گاڑی کی چابی۔" اس نے ہاتھ بڑھایا۔

عدیل بھائی نے جیب سے گاڑی کی چابی نکال کر اس کی طرف بڑھائی۔ ولایہ نے چلنے سے پہلے شہریار کی طرف دیکھا۔ "آپ کے لیے کچھ لاؤں شیری بھائی؟"

شہریار نے پہلی بار یوں دیکھا، جیسے وہ اس کی آمد سے اب تک بے خبر تھا۔ خاموشی سے وہ اندر کی گہرائی کو چھو کر پلٹ آیا تھا۔ بہن کی آنکھوں میں سوال جوں کا توں برقرار دیکھا تو بولا۔ "نہیں، میرا دل کچھ بھی کھانے کو نہیں چاہ رہا، تم کوئی زحمت مت کرو۔"

ولایہ دروازے سے لوٹ آئی، پھر محبت سے بولی۔ "کھائیں گے نہیں تو کمزوری نہیں ہو جائے گی؟ کچھ تو لیں۔ ٹھیک ہے، میں چکن سوپ لے آؤں۔"

شہریار نے ہاں کہا تو منال اور عاطف بیگ بولا "ہاں ہاں آؤ شہریار میرے لئے چکن کارن سوپ ہو تو کیا ہی کہنا۔ مجھے تمہارے ہاتھ کا چکن کارن سوپ بہت پسند ہے۔"
بابا چپ ہو گئی۔ شہریار کے ہاتھ پر دھاری کا تعویذ رکھتے ہی وہ باہر کی سمت بڑھتی چلی گئی۔ عدیل بھائی، عاطف بیگ دونوں اُسے فارم میں لانے کے لئے مختلف باتوں سے اس کا دل بہلانے کی کوشش کر رہے تھے کہ اچانک دروازے پر آہٹ ہوئی۔ پاپا صبح دس بجے ہاسپٹل سے ہی دفتر چلے گئے تھے شہریار کو چیک کرتے ہوئے اس لئے وہ تو نہیں ہو سکتے تھے۔ ڈاکٹر دو گھنٹے پہلے ہی گیا تھا۔ پھر یہ کون تھا؟ چند پل گھمانے جانے کے دو سیکنڈ بعد دروازہ کھل چکا تھا۔ اسکائی بلیو ساڑھی کے آنچل میں لپٹا وجود سامنے کھڑا تھا۔ شہریار کے ماتھے میں یکدم آئی کی بارش سی تیز ہو کر مدھم ہوئی تھی۔ عاطف بیگ نے عدیل بھائی کی طرف دیکھا تھا اور پھر دونوں نے مل کر جانان کو اپنے حصار میں لیا تھا۔ خاموشی پھر بھی برقرار رہی تو عاطف بیگ نے پوچھ لیا۔

"دشمنوں کو خبر کیسے ملی؟"

جانان اماں سے چلتی کمرے میں داخل ہوئی، پھر مسکرا کر بولی۔ "سیدھی سی بات ہے، آپ تو انڈیا دوست کہہ سکتی ہے یا دشمن کو۔ مجھ سے یہ خبر کیوں کر چھپ سکتی تھی؟" وہ پھر جتانے کو بولی۔ "یہ لوگ جیسے میری انویسٹی گیشن کرتے پھرتے ہیں تو جواباً مجھ کو آنکھیں کھلی رکھنا فرض ہے ناں۔" عدیل بھائی کی طرف جواب اچھال کر شرارت سے شہریار کی طرف دیکھ کر بولی۔ "ویسے مجھے امید نہیں تھی کہ تم اندر سے اتنے کمزور ہو گے کہ محبت کا نیا الزام بھی تمہارے لئے وبال بن جائے گا۔ ویسے اوقات سے بڑھ کر عزت افزائی ملنے لگتی کچھ لوگ یونہی اتراتے پھرتے ہیں۔"

شہریار کا چہرہ ہر تاثر سے عاری تھا۔ اس کی بس آنکھیں اُسے دیکھ رہی تھیں۔ وہ نجانے کہاں تھا، کہاں نہیں شہریار بھی جان نہ پائی۔

شہریار کی حالت جب اسی طرح رہی تو عدیل بھائی نے پہلی بار جانان کو مخاطب کیا۔

"تمہیں آخر شہریار سے پرخاش کیا ہے؟ آخر تم اسے مارنے کے در پے کیوں ہو؟ کیوں بابا اس پر جھوٹے الزام لگا کر اسے ذہنی اذیت دینا چاہتی ہو؟"

"بابا بابا....." ایک طویل قہقہہ گونجا پھر جانان سنجیدگی سے بولی۔ "موت میرے اختیار میں ہوتی تو میں اس شخص پر زندگی کا تنا بچا کم کر دوں کہ یہ ایک ایک لمحے میں ہزار بار مرے مگر پھر بھی موت اسے نہ چھو سکے۔ مسٹر عدیل! کچھ لوگوں کا زندہ رہنا موت سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔" وہ لمحے بھر کو رکی پھر بولی۔ "ویسے مجھے کبھی کبھی حیرت ہوتی ہے اس جیسا شخص اندر سے اتنا کمزور کیسے ہو سکتا ہے؟ ایسے بے حس لوگ تو بہت کم کسی بات کو دل سے لگاتے ہیں۔ الیاء حشیم سے جانان کا کوئی واسطہ..... شہریار کو فرق تو نہیں پڑنا چاہیے پھر یہ کیوں دل پہ لیتا ہے ان ناموں کے غم کو؟"

انداز تضحیک آمیز تھا۔ شہریار کے چہرے پہ ایک دم کرب آ گیا تھا۔ آنکھوں میں بے یقینی تھی، دل کی دھڑکن بکھرنے اپ سیٹ ہونے لگی تھی۔ تبھی عاطف بیگ غصے سے پھنکارا تھا۔ "آخر کیا بگاڑا ہے اس نے؟" جاناں ملول سی کچھ کہنے کو لپکی اس نے اٹھنے کی کوشش کی مگر شہریار نے کپکپاتے ہاتھ سے اس کی کلائی تھام کر آنکھ کے اشارے سے ارادے سے باز رکھا۔

جاناں نے لفظوں کی زبانی کشش خاطر خواہ پایا کہ اسے دلچسپ نظروں سے دیکھنے لگی تھی۔ پھر کچھ ساعت بعد سرسرائے لہجے میں بولی تھی۔ "پتہ نہیں کیوں، لیکن مجھے اپنے جیسے بے وفا لوگوں سے نفرت کر کے پیار ہو جاتا ہے۔ پھر چاہے سامنے والا کتنا بھی دامن بچائے میری طرف سے کوئی کمی نہیں ہوتی۔ بس یہی وجہ ہے، شہریار سے میں پیار ترک نہیں کر پاتی۔ مجھے بے وفا لوگ اچھے لگتے ہیں اور اچھے لگنے والوں کے پیچھے بھاگتی رہتی ہوں، نہ رہیں، یہ تو ان کی قسمت ہے۔ بس مجھے...... مجھے آپ کے شہریار سے بھی پیار سا ہو گیا ہے۔"

عدیل بھائی اتنے بے باک لہجے پہ گڑبڑا کر رہ گئے۔ عاطف بیگ کی حالت بھی کچھ عجیب سی تھی۔ صرف شہریار اسے تولنے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ پہلے والی کیفیت پہ اس نے قابو پا لیا تھا اور اب وہ اسے ایسے دیکھ رہا تھا جیسے جانتا ہو جاناں کی آمد بے مقصد نہیں تھی۔

"تم جو کیا کہنے آئی ہو وہ بتانا پسند کرو گی؟"

اس کی بے ساختہ قسم کی خاموشی سے گھبرا کر شہریار نے بالآخر ایک جملہ جوڑا اور جاناں اسے پہلے سے بھی زیادہ دلچسپ نظروں سے دیکھنے لگی۔ کتنی ہی ساعتیں اس شرارت کی نذر ہوئیں، تب اس نے کہا۔

"زوار حسن نے سالار سے جو عہد کیا تھا اسے نبھانے کا حق بھی اسی پہ ہے۔ لیکن اگر میں یہ اسٹوری تمہارے گھر پہنچا دوں، کچھ اور جب سے صرف لیلیٰ کی تصاویر اور ایک اور ہاٹ اسٹوری تیار، تم تو یونہی بدنام ہو، تمہاری بات پہ کسے یقین آئے گا؟"

شہریار نے خالی آنکھوں سے اسے دیکھا، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ "میں یقین کی حد سے نکل چکا ہوں، تم میری زندگی کو بے یقینی سے جتنا مشکل کرتی ہو مجھ پہ زندگی اتنی ہی سہل ہو جاتی ہے۔ تمہیں نہیں پتہ، لیکن یہ حقیقت ہے، ذات کا یقین ہاتھ میں ہو تو رشتے، جذبے، دل سب کا حق یاد رہتا ہے۔ بے یقینی حد سے سوا ہو جائے تو پھر کسی بھی سچائی سے تکلیف بھی بار جیسی نہیں ہوتی۔ ویسے تمہاری اطلاع کے لئے عرض ہے، لیلیٰ کی کہانی کل رات بھی کھانے کی میز پہ ڈسکس ہو چکی ہے۔ رہی اخبارات کی بات تو لوگ ایسی خبروں پہ اب دھیان نہیں دیتے۔ جو دیں گے کچھ کیا کہیں گے زیادہ سے زیادہ...... جتنے بھی تلخ الفاظ زبان و بیان میں ہوتے ہیں، وہ میں پہلے سے اپنی ذات کو بیکار رو کے طور رکھتا ہوں، اس لئے زیادہ کچھ فرق نہیں پڑے گا۔ یوں سمجھو! کچھ دھول جھڑ جائے گی۔"

ایسا لگتا تھا وہ اپنے آپ کو سنبھال چکا تھا۔ جانانہ نے بے کیفیت، کبھی تو مصنوعی خفگی سے بولی "ابھی تو مت کو شیری، امیر اہل نذٹ جائے گا۔ تمہیں تو معلوم ہے مجھے اپنی ذہانت پہ کتنی ناز ہے اور
مشتعل ہو جاتی ہوں۔ ویسے افسوس رہے گا مجھے سارا اس نے میرے سامنے لٹنے کا موقع نہیں دیا۔ گھر شیریار زندہ محبت باقی۔"

شہریار نے جواب دینا ضروری نہیں سمجھا۔

معید بھائی اس کی بیوی دلبری پہ غش غش کرتے رہے کہ وہ شہریار کے جیل ممبر کے سامنے محبت کا اقرار کر کے بھی اپنا بھرم رکھنا چاہتی ہے۔

جانانہ شہریار کی طرف سے رخ پھیر چکی تھی۔ اب وہ ان کی نظر کے حصار میں... شہریار نے معید بھائی کی آنکھوں کے سوال کا بڑے ثبات جا بکدستی سے سمیٹ لیا تھا۔ قدم قدم چلتا ہوا ان کے قریب آ کر رک گیا۔

"شہریار کے گھر میں کون کون اس کا دادی ہے، کون نہیں مجھ سے زیادہ کون جانتا ہو گا۔ ... آپ سب کو جانتے ہیں۔ مجھے ویسے بھی اسے کسی الزام سے مدد نہیں کرنا تھی۔" وہ لمحہ بھر کو رکی، پھر خان اتنی جلدی کر دی۔

"روم نمبر 17 بیگم طلعت جہاں کے نام الاٹ ہوتا ہے۔ وہ ان میں موجود شخصیت کا... جہاں ہمیشہ ایک ہی فرد مہمان رہے مہمان خانہ ہے اور مہمان آتے رہتے ہیں جاتے رہتے ہیں۔ آپ کس کس کا پتہ رکھیں گے؟ سوئی المال ان کی تابعداری کی بھی ضرورت ہے۔ آپ کو اس پر... کتنا ضروری ہے۔"

ناسمجھ... مجبوراً وہ جیسے آئی تھی ویسے ہی چلتی چلی گئی۔ شہریار اس کے سامنے تو بیٹھ رہا تھا مگر اس کے جاتے ہی اس نے تکیے کے نیچے سے سگریٹ اور لائٹر نکال لیا تھا۔

"ڈاکٹر صاحب نے سختی سے منع کیا ہے سموکنگ کو۔" عاطف نے لائٹر لینے کی ضد کی مگر اس نے سختی سے اسے دیکھا اس کا ہاتھ فوراً کھینچ گیا۔ "یہ شوگی ہے ابھی تم کر رہے ہو۔" وہ پھر بھی منع کرنے اپنی بات پہ جما رہا۔

معید علی عبدالرحمن اسے خاموشی سے دیکھتے رہے اور وہ گہرے گہرے کش لے کر اندر کا حبس باہر نکالتا رہا۔

❁❁❁

"آ گئی ماں کی جان!" اس نے کار سے نکل کر اندرونی دروازے سے داخل ہو کر پہلی سی صدا میں مسکراہٹ کو چھوا۔ اُسے دنیا میں اپنی ماں سے زیادہ کوئی عزیز نہیں تھا۔ دنیا کچھ بھی کہتی رہتی یہ طے تھا، جانانہ کو سطوت جہاں کے نام سے پہچان پانا ہمیشہ سے اچھا لگتا تھا۔ وہ بیگ صوفے پر ڈال کر صوفے پر بیٹھی ماں کے گلے کا ہار بن گئی۔ پھر اترا کے بولی۔

"آپ نے مجھے مس کیا تھا ماں؟"

سطوت جہاں کا قہقہہ دوآتشہ تھا، جس میں بیٹی کے لیے محبت بھی تھی اور اپنی ذات کی اہمیت کا نشہ بھی۔ صاحبوں نے جانانہ کو چھیڑنے کو کہا۔ "کہاں، میں کوئی ولی ہوں جو تجھے یاد کروں؟ اور پھر چند گھنٹوں ہی تو ماں سے دور ہوتی ہے تو، پھر بھی تجھے مس کروں؟"

جانانہ صوفے پر بیٹھ کر سطوت جہاں کی گود میں سر رکھ چکی تھی، نروٹھے پن سے بولی۔ "بھلے ایک پل دور رہوں، لیکن آپ مجھے ایسے یاد کرتی رہو جیسے کوئی مر جانے والے کو یاد کرتا ہے۔"

"ہائے اللہ بری بات منہ سے نہ نکال۔ مریں تیرے دشمن......" سطوت جہاں نے جانانہ کے منہ پہ ہاتھ رکھا اور رو پڑنے لگی۔

"تمہاری یہی محبت تو میری طاقت ہے تم ساتھ ہوتی ہو تو مجھے لگتا ہے، میں ساری دنیا کو جیت سکتی ہوں۔"

سطوت جہاں مسکرا کر جانانہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگیں، پھر جیسے کچھ یاد آنے پر بولیں۔ "وہ شہریار کا کیا ہوا؟ میں ایک ہفتے بعد لوٹی تو لیلیٰ نے بتایا وہ یہاں آیا تھا، لیکن بغیر کسی رسپانس کے واپس چلا گیا۔ تو نے اُسے ایسے ہی جانے دیا، کیوں؟"

جانانہ نے سطوت جہاں کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر محسوس کیا، پھر بولی۔ "اسے کہاں جانے دیا ماں! دروازے پہ پوری کم ظرفی سے پلٹ دی تھی۔ مس لیلیٰ نے یہ نہیں بتایا، جب وہ سالار کے سامنے کھڑا تھا تو بالکل بھیگا ہوا اُلو لگ رہا تھا، پھر ماں! پھونک پھونک کر کھانے میں تم ہی تو بتاتی ہو، مزہ نہیں آتا۔"

سطوت جہاں نے بیٹی کے رخسار کو دلار سے چھوا، پھر پہلے سے مختلف پُرغرور لہجے میں بولیں۔ "میری وصیت ہے تجھے شوہد الرحمن کے دیے ہوئے زخم کو کبھی مت بھولنا۔ تجھے اپنی خالہ کی اذیت ناک موت کبھی بھولو تو میں تجھے کبھی اپنا دودھ نہیں بخشوں گی۔"

جانانہ کچھ نہیں بولی وہ آنکھیں بند کیے لیٹی رہی، اُسے سطوت جہاں کی گود میں اس طرح لیٹے رہنا بہت اچھا لگتا تھا۔ اور پھر جب وجود کی طرح حسن سے مغرور ہو تو یہ آسرا بہت خوب صورت لگتا تھا۔

"چلو اب اسے اٹھنے کے بعد لے جاؤ۔ پھر کھانا لگوا دیتی ہوں۔" سلطنت جہاں نے اس کے رخسار کو چھوا۔

وہ تھکے ہوئے انداز میں اثبات میں سر ہلاتے ہوئے باتھ روم کی طرف بڑھ گئی۔

سلطنت جہاں کمرے میں آئیں تو [illegible] ان کے چہرے پر ایسی حیا آلود چمک تھی کہ ان کی [illegible] نہیں تھی۔ انہوں نے گہرا سانس کھینچا پھر غور سے دیکھتی رہیں۔ "عبدالرحمٰن غلطی تم نے کی تھی، تم دونوں نے [illegible] میں دیکھے تھے جو تم نے جہیز تیار کیا ہے، وہ [illegible] کی [illegible] سامنے کھڑا کرنے، مجھ سے اونچی آواز میں بات کرنے کا حوصلہ تم نے کبھی کیا تھا، وہی تخت لیے ہے جو میں نے تمہیں لوٹایا ہے...... کہتے ہیں انسان اپنے اوپر بیتنے والی تکلیف بھول جاتا ہے، لیکن اپنی سب سے پیاری اولاد کی تکلیف سے [illegible] ہے۔ شہریار کا قصور صرف اتنا ہے کہ وہ تمہارا بیٹا ہے اور تمہیں اولاد کی تکلیف [illegible] بہت بھاری ہے ماں۔"

وہ پھر سے ہنسنے لگی تھیں۔ [illegible] سفید رنگ کے [illegible] لباس میں بال [illegible] خشک کرتی ان کے پاس آ بیٹھی۔

"ماں! کیا حمزہ/عابدہ کا فون آیا تھا؟"

سلطنت جہاں نے چونک کر پلٹ کر اسے دیکھا پھر اس کے قیامت خیز روپ [illegible] ان کی آنکھوں میں چمک [illegible] ابھی زندگی [illegible] کیونکہ ان کی کمائی کا ذریعہ بہت [illegible] تھا۔

"[illegible] میری بات کا جواب نہیں دیا؟" اس نے [illegible] اس کے گلے میں بانہیں ڈال دیں۔

سلطنت جہاں آنکھوں میں شرارت بھر کر بولیں۔ "تم پہلے سے زیادہ خوب صورت ہوتی جا رہی ہے۔ آج کل کس کے خیال [illegible] کہ تجھے اتنا خوش رکھنے لگے ہیں؟"

جانان نے ماں کو دیکھا پھر [illegible] ہنس کر بولی۔ "بس ماں! تمہیں تو پتہ ہے، میں جب جب شہریار کو پہلے سے زیادہ [illegible] ہوں تو مجھے لگتا ہے، میں نے بہت [illegible] کامیابی کمائی ہے...... اور کامیابی پر خوش ہونے کا حق تو سب کو ہے ماں۔"

سلطنت جہاں نے اثبات میں سر ہلایا پھر کھانے کا حکم دینے چلی گئیں۔ [illegible] سب ان کے کہنے پر [illegible] تھیں۔ [illegible] اپنی زندگی کی عیش پسندی پر [illegible] انہیں اس کا غم نہیں تھا کہ [illegible] جانان سب [illegible] کوئی [illegible] طرح [illegible] سلطنت جہاں [illegible]

تھیں۔ کھانا بہت خوشگوار ماحول میں کھایا گیا تھا۔ چائے کا دور چلا تو سطوت جہاں نے سب سے ان کی محنت کی کمائی پر بات چھیڑ دی۔ سب اپنی اپنی پارٹی کو خوش کر کے کچھ نہ کچھ کما کر لائی تھیں۔ صرف نیلی افسردہ تھی۔ اس کی پارٹی بہت کنجوس ثابت ہوئی تھی۔ پانچ ہزار سے زیادہ ہاتھ پہ نہیں رکھ سکی تھی۔ سطوت جہاں نے افسردگی کا تاثر گہرا دیکھا تو آگے خود سے لپٹا کر بولیں۔

”بس میرے بچے! اداس مت ہو۔ مجھے کیا پتہ تمہارا وہ آقا کنگلا ہوگا۔ مجھ سے تو پچاس ہزار کی بات کی۔ میں نے سوچا پچاس ہزار دینے والا اتنا کنجوس ہوگا۔ کل مجھ سے دس ہزار لے لینا۔ جی بھر کر شاپنگ کر لینا اب تو خوش رہے۔“

نیلی پھیکی سی ہنسی ہنسنے لگی۔ ساری لڑکیاں جیسے آئی تھیں ویسے ہی اپنے اپنے کمروں میں لوٹ گئیں۔ جاناں نے ملازمین کو کھانا اٹھاتے ہوئے خاموشی سے دیکھا پھر جمائی لی تو بولی۔

”اماں! مجھے تمہارا یہ بھولا پن اچھا نہیں لگتا، جو تم کرتی ہو۔ اس سے لڑکیاں نڈر ہو سکتی ہیں۔ تمہارے سامنے آ کر اپنا حق مانگ سکتی ہیں۔ دبا کر رکھو گی انہیں تو ان کا ہاتھ تمہارے لینے والے ہاتھ سے نیچے رہے گا۔ کیا سمجھیں؟“

سطوت جہاں نے بیٹی کی طرف ہاتھ بڑھا کر اس کی گردن پہ چٹکی بھر کر کہا۔ پھر سنجیدگی سے بولیں۔ ”تم بالکل جھلی ہے یہاں! تجھے نہیں معلوم...... لڑکی کسی نے کہا ہے اسپرنگ کی طرح ہوتی ہے۔ جتنا تیزی سے دبا دو اتنی ہی طاقت سے واپس پلٹتی ہے۔ اسے تو نرمی کی مار ہی مار کر رکھتی ہے۔ میرا یہ سلوک یاد رہے گا انہیں۔ کوئی مجھے چھوڑ کر جانے کی بات نہیں سوچیں گی۔ میرے گھر کے علاوہ انہیں کہیں عافیت دکھائی نہیں دے گی۔ مگر یہ سب تم نہیں سمجھو گی۔ اور پھر تیری عمر بھی نہیں کھٹنے والی۔ اس عمر میں تو بس تو تو تنگ کرنے کو جی چاہتا ہے۔ اپنے دماغ کو مت تھکایا کر فضول باتوں کے لیے۔“

جاناں نے متفق ہوتے ہوئے سوتے کی چٹکی ماری پھر سطوت جہاں کے قریب آ کر بیٹھی ہی تھی کہ ایک کارڈ اس کے ہاتھ میں تھما دیا گیا۔ ”حمزہ عابد۔“

اس نے ڈرائنگ روم میں بلانے کا حکم دیا پھر سنبھل کر اس کا انتظار کرنے لگی۔ سطوت جہاں پان دان اٹھا کر اندرونی کمروں کی طرف چلی گئیں۔ اب ڈرائنگ روم میں وہ اکیلی تھی۔

حمزہ عابد ملازم کے ساتھ چلتا ہوا ڈرائنگ روم کی دہلیز پر آن رکا۔ پھر اس پہ نظر پڑی تو اس کی آنکھوں کی چمک دگنی ہوگئی۔

حسن اتنا بے حجاب ہو تو نظر میں ایک پل کے لیے بے باکی آنا نظر کا حق ہے۔ وہ متوازن چلتا ہوا اس کے سامنے والے صوفے پر آن بیٹھا پھر اس کی طرف دیکھ کر بولا۔

”حسن کی حکومت کیا کسی دن ہمارے ہاتھ آئے گی؟ دیکھو ظالم! ایسی تو اس حکومت کے ملنے پر چار دن ہونے کا شکوہ بھی نہیں کروں گا۔ بس اتنا کرو کہ وہ چار دن کے جو دن ہیں انہیں انتظار سے ضرب دے کر

بحال کی شام میں تھی کہ.... دل والوں پر تمہارا پڑنا ہی ہوگا۔"

"ہاہاہا...." ایک طویل جلترنگ بجا، عجیب ساتی وہ! پھر اس نے اسے ہاتھ اس کے ہاتھ میں دے دیا، پھر مسکرا کر بولی۔ "حسن محبوب نے کی چیز نہیں محسوس کرنے کی چیز ہے۔ لوگ صدیاں گزار دیتے ہیں تب بھی وہ حسن کی تعریف نہیں کر پاتے۔"

حمزہ عابد نے اس کے ہاتھ کی پشت سے تھاما پھر مخمور لہجے میں بولا۔ "ایک بار وہ تعریف تو کیا حسن کی ساری وضاحت کرکے دکھاؤں گا تمہارے واسطے....."

"وہ تھا جسے ایک بار دیکھنا
اور پھر زندگی دوبارہ دیکھیں"

شعر پڑھ کر جسے ہنسی سے دیکھا تو جانان ہنستے ہوئے اٹھی۔

"کیا بات ہے حمزہ جی بڑا...."

"کبھی کا اسک چیز یاد دلا کر تمہارے سامنے جھکا دوں اور پھر گزرنے کا افسوس نہ ہو۔"

جانان دوسرے کمرے میں چلی گئی اور روانی کی ٹرے اٹھا لائی۔

حمزہ عابد نے جام بنانے کی ذمہ داری لے لی تھی سو وہ اسٹائلش شیشے کے گلاس میں برف کے ٹکڑے ڈالنے لگا تب جانان بولی۔ وہ جانب سے مصروف تھا تبھی اس نے کہا۔

"تم نے دوپہر سے فون پر رابطہ کیوں نہیں کیا تھا؟ کوئی خاص کام تھا کیا؟"

حمزہ عابد نے نفی میں سر ہلایا پھر جام کی طرف ہاتھ بڑھا کر بولا۔ "کوئی خاص کام نہیں تھا تمہارا موبائل آف جا رہا تھا اس لئے گھر کا نمبر ملایا تھا۔ تمہاری آواز سننے کی طلب ہو رہی تھی اور پھر ایک خبر بھی دینی تھی۔"

جانان نے مسکرا کر اسے دیکھا پھر اسے منہ پر انگلی رکھ کر خاموش رہنے کا کہتی ہوئی بولی۔

ANCHAL.COM.PK

"میں جانتی ہوں تم کیا تبصرہ کرنا چاہتے ہو۔ شہریار کی بیماری کی گتھی سلجھانا چاہتے تھے۔" اُسے پھر کوئی جواب نہ ملا۔ "بے فکر رہو میں اس بیماری سے ڈر گئی ہوں وہاں کی بیماری کی اذیت بھی پہلے سے بڑھ جاتی ہوں۔"
"اور کے کوئی نئی تم؟...... ویسے مجھے عمر بھر افسوس رہے گا، میں تمہاری اس خواہش کو پورا نہ کر سکا جس کے پورا کرنے کے لیے تم نے بہت پاپڑ بیلے تھے۔"
"بشت...... میں پاپڑ بیلوں گی؟" ہنس کر اُسے دیکھا، پھر ادا سے بولی۔ "میری ایک نظر جانتے ہے مسٹر حمزہ عابد! میری نظر میں وہ لطافت ہے کہ پھر دنیا بھی توجہ نہیں کر سکتی۔ جو نظر مجھ پر پڑے، پھر وہ میری ملکیت اور جو جیسا ہو، اُسے بے جا محنت کی کیا ضرورت۔ ہاں، بس مجھ میں جو لطف دوبالا کر جاتی تھی، وہ محسوس کر پائی۔ شہریار یہاں اچھی، گم تخیل کیا اور بس...... مگر دنیا کا ہر ہاتھ سے نکلتا اب بھی نہیں ہے، تمہاری صورت میں اب بھی میں جب چاہوں اُسے اُٹھا دوں لا سکتی ہوں۔ ویسے یہ ورزش تمہیں آج کل اتنا کام کیوں دینے لگی ہے؟"
"مطلب؟" حمزہ نے چونک کر دیکھا۔ "یہ ورزش سے جنگ سے والی بات تو اتفاقیہ نکلی تھی، پھر...... جانانہ سے کیا کوئی تمہیں چپ بھی سکتی ہے؟...... اُس نے گلاس میز پر رکھ دیا تھا۔
جانانہ نے بحث کر کہا تھا۔ "اچھے بُھلے تو چل رہے تھے، تمہارے تعلقات، یہ یکدم دراڑ کیوں پڑ گئی؟"
حمزہ عابد نے ٹھنڈی سانس لی، پھر کراہ کر بولا۔ "پتہ نہیں، کس نے اُس کے دماغ میں گھر گرہستی کا خواب جگا دیا ہے۔ اب تو اس سے دوڑ جانے کے لیے کوئی بُخسن کا ذکر چھیڑوں، تو فوراً ہاتھ تھام کر کہتی ہے، اتنا پیار کرتے ہو تو گھر میں کیوں نہیں بسا سکتے...... سارا موڈ چوپٹ ہو کر رہ جاتا ہے۔ اب کون جائے اس احمق لڑکی کو کہ تم اس جیسی لڑکی سے گھر نہیں بسائے جا سکتے۔ ہم مرد لوگ، ہمیں تو بیوی ایسی چاہیے ہوتی ہے، جس کی صورت کی کرن بھی کوئی نہ دیکھ سکے۔ کسی آنکھ نے اس کا ملوہی روپ کبھی نہ دیکھا ہو۔ ہمیں تو آنکھ بچاکر چپ شاید تم لڑکی کی اٹریکٹ کرتی ہے، جو ہمارے کہنے سے دن کرے، ہمارے کہنے سے رات۔"
جانانہ کا قہقہہ اس کے جملے پر ایسا تھا کہ حمزہ عابد چونک کر اُسے دیکھنے لگا، پھر مست ہو کر خفا سے بولا۔ "تمہارے وجود میں وہ بات ہے، دیکھتے ہی کسی چیز کی حاجت نہیں رہتی، بس صرف تمہارا خمار رہتا ہے، تمہیں دیکھتے رہنے کی حاجت کے سوا سب خواہشیں، تمنائیں، اور دبے کوئی کرتے ہے۔"
"ہاہا...... "جانانہ نے ایک اور قہقہہ لگایا، پھر شرارت سے بولی۔ "تم...... تم بہت جھوٹے ہو۔ اگر میں تمہیں نہیں جانتی ہوتی تو شاید تمہاری باتوں پر یقین کر لیتی، لیکن......"
ایک لمحہ توقف کیا، پھر اسی لہجے میں بولی۔ "لیکن ایک بات طے ہے حمزہ، تم سو کالڈ شرفا اندر سے ایک ہی طرح کے گارے مٹی سے بنائے جاتے ہو، جو کسی بھی سوچ کی گنجائش نہیں رکھتی۔ تم لوگ جتنا بھی

پتہ چلو تمہارے اندر کا یہ جو روایتی مرد ہے جہاں یہ کبھی نہیں بدلے گا۔ ویسے ایک بات تو بتاؤ۔ زرش کے بعد والے اینالا کا معاملہ کیا سچا ہے؟ نہیں گھبراؤ نہیں، اینالا کا معاملہ فی الحال زرش تک نہیں پہنچے گا۔ ویسے آپس کی بات ہے، یہ اینالا تمہارا آخری پڑاؤ ہے۔"

حمزہ حامد نے زور سے قہقہہ لگایا۔ وائن کا نشہ اس کے حواس پر چھاتا چلا جا رہا تھا۔ ڈرائنگ روم کی کھڑکی سے آنے والی پروائی ہوا اس کے سر کو سہلاتی ہوئی لطف دو آتشہ کرتی گزرتی چلی گئی۔ جانانہ جانتی تھی وہ آؤٹ ہونے والا ہے۔ لیکن ایسے بہت سے کیس نمٹانے میں اسے مہارت تھی۔ وہ اب بھی ہنس رہا تھا پھر یکدم چپ ہوا تو ترنگ سے بولا۔ "یہ حسن والے زندہ کب رہنے دیتے ہیں؟ اور پھر آخری پڑاؤ...... یہ ہم جیسے مردوں کی زندگی میں کب آتا ہے؟ یہ تو بس منزل کا پہلا میل کا پتھر ہے۔ آخری پڑاؤ زندگی ہوتی ہے جب دیکھو اسے آخری پڑاؤ سمجھا ہے، ورنہ ہر مرد کا دل وہ سرائے ہے، جہاں ہر طرح کی مخلوق آتی اور جاتی رہتی ہے۔ کیا سمجھیں؟"

جانانہ نے اس کے جام کو پھر سے بھر دیا پھر مسکرا کر بولی۔ "میں کوشش کروں گی زرش کو بھی باتوں ہی باتوں میں چلتا کر دوں۔ ہو سکتا ہے، وہ ہمارے کسی کام میں آگے تک کام کرنے کا باعث ہو جائے۔ بس اسے بہلاتے رہو۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو منگنی بھی کرنی پڑے تو کر لینا۔"

"تم بے فکر رہو ایسا ہی ہوگا۔ میرے لیے تمہارا حکم ہر بات سے زیادہ اہم ہے۔"

"میں جانتی ہوں تم کتنے چہیتے ہو اس لیے زیادہ مکھن مت لگایا کرو۔" جانانہ نے مصنوعی خفگی دکھائی اور وہ جسے کوئی جواب نہیں آیا بلکہ ترنگ میں بولا۔

"تم کچھ بھی کہہ لو لیکن تمہارے لیے فیلنگ میں کچھ خاص ہے ضرور۔ وہ کیا خاص ہے، میں خود بھی نہیں جانتا۔ لیکن بہرحال یہ ساری سوچیں ہمیشہ کے لیے اس خیال سے مکمل کر کے خوش ہو جاتی ہیں کہ جب ہم ملیں گے تو زندگی کیسی بحال ہو جائے گی۔"

"ہاں ہاں... تم سوچو اچھی طرح سوچو۔ لیکن میں ابھی کچھ تھکی ہوئی ہوں مسٹر......" اس نے اس کے رخسار کو چھوا۔

"اوکے اوکے...... آرام کرو تم۔ میں یہاں ٹھیک ہوں ابھی چلا جاؤں گا۔ بس کچھ دیر مجھے اس جنت سے مت نکالو۔" اس نے اپنے رخسار پر رکھے ہاتھ کو بے قراری سے چوما۔ اپنے لیے کی تڑپ صدق دل کی تھی مگر وہ کب کی تھی۔ تیزی سے اندر چلی گئی تھی۔ پھر اپنے کمرے کے ہینڈل پہ ہاتھ رکھ کر تھی کہ سلوت جہاں اس کے سر پر آکھڑی ہوئیں پھر محبت سے بولیں۔

AANCHAL.COM.PK

"جان! بیرو کو مجھے ٹھیک نہیں لگتا۔ مجھے تیرا اس کے ساتھ بہت زیادہ میل ملاپ اچھا نہیں لگتا۔ دیکھو جانانہ! جو لوگ حقیقی رئیس ہوں ناں، ان کے نشست و برخاست میں ہوش اور بے خودی میں بھی ایک توازن ہوتا ہے۔ مگر جو لوگ ایسے میلے سو کر دولت کما کر رئیس بنیں ناں تو وہ لوگ اندر سے ویسے ہی تھرڈ کلاس رہتے ہیں۔ اعتبار کے قابل نہیں ہوتے، کبھی بھی دھوکا دے جاتے ہیں۔"

جانانہ نے طلعت جہاں کے تجزیے سے اتفاق نہیں کیا۔ طلعت جہاں کا اندازہ تھا، پھر مسکرا کر بولی۔ "بے فکر رہو ماں! میں تمہاری ہی بیٹی ہوں، ہر ایک پر اعتبار نہیں کرنے لگ جاتی۔ اور پھر یہ تو حمزہ عابد ہے، ایک ایسا نوجوان جو صرف عیش پرستی کو زندگی سمجھتا ہے۔ میں یہ بھی جانتی ہوں، میرے ساتھ اُسے کسی قسم میں کیا دی حیثیت اختیار کر سکتا ہے، مگر....." ایک لمحے کو رکی پھر بولی۔ "تم یہ تو جانتی ہو ماں! اگر دشمن کو چاروں طرف سے دباؤ میں رکھو تو وہ زیادہ اذیت میں رہتا ہے۔ پھر جتنا اذیت کا شکار شہریار رہے گا، عبدالرحمٰن کو وہ اذیت دگنی ہو کے لگے گی ناں۔ مجھے ان دونوں سے جو حساب لینا ہے وہ اتنا آسان نہیں۔ سو مجھے اس اذیت کا حساب مت مانگو کہ وہ میری ذہانت پر شک کیا گیا۔ ویسے میں پہلے سے جانتی تھی حمزہ عابد نہیں پا سکے گا۔ شہریار اب اتنا بھی گیا گزرا نہیں کہ اس کی تمنا کو نہیں سمجھ سکے گا۔"

طلعت جہاں نے بیٹی کو تیکھی نظروں سے دیکھا، پھر شبہے سے بولیں۔

"شہریار..... جان! کہیں تم واقعی اس سے محبت تو نہیں کرنے لگی ہے؟..... محبت کے ہاتھوں کوئی کسی کی ذہانت پہ وار نہیں کرتا۔"

جانانہ نے ہنس کر طلعت جہاں کے کندھے پر ہاتھ رکھا، پھر مسکرا کر بولی۔ "ہاں! کہتے ہیں، دشمنی میں کسی طرف کا ساتھ دینے والے بندے کا نسب نہیں پڑتا۔ اب ہم میں نسب داری نہ رہے تو عام لوگوں میں اور ہم میں کیا فرق رہ جائے گا؟" اس کے لہجے میں طنز ہی طنز تھا۔

طلعت جہاں مسکرا دیں۔ آنسو جھلکنے لگیں، پھر کون میں ممکنا کر بولیں۔ "تیری پہلی بات مرا آنکھوں پر، مگر مجھے کیوں یقین نہیں آتا کہ تیرا دل شہریار سے صرف دشمنی نبھا رہا ہے۔ میرا خیال تم جانتی ہو، دل کبھی غلط نہیں کہتا۔"

جانانہ نے طلعت جہاں کے گلے میں بانہیں حمائل کر دیں، پھر نرمی سے بولی۔

"تم جانتی ہو ماں! میں تم سے جھوٹ نہیں بولتی۔ شہریار کے لیے اگر میرے دل میں کوئی نرم گوشہ ہوتا تو میں تم سے کیوں چھپاتی؟" لمحے بھر کو رکی، پھر دوبارہ سے بولی مگر اس بار اس کے لہجے میں روح کے داغ جل اٹھنے کی اذیت سی اذیت تھی۔ اس کی خوب صورت آنکھوں میں نمی کا ایک موتی چمک اٹھا تھا، جیسے تیز بارش سے پہلے تیز ہوا..... اور وہ کہہ رہی تھی۔

"ہو سکتا ہے ہاں! اگر شہریار مجھے شہرازی سے پہلے کے کسی گزرے موسم میں ملا ہوتا اس کے نام کا کوئی کونا دل کے حصے میں بنایا جاتا تو ہوسکتا ہے وہ میرے دل میں کوئی چور دروازہ کھول لیتا لیکن اس کی بدقسمتی ہے کہ وہ مجھے شہرازی کے بعد ملا اور یہ سچ ہے، شہرازی کے بعد ملنے والے ہر مرد پر میرے دل کا ہر دروازہ بند ہے۔ میں تمہیں بتا چکی ہوں وہ تکلیف جو پہلی محبت نے میرے دل کو سوغات کی، نہیں بھول سکتی۔"

وہ رکی نہیں تھی، کمرے کا دروازہ کھول کر اندر چلی گئی تھی۔

حشمت جہاں پر وہ دروازہ بند ہو گیا تھا مگر ان کے چہرے پر گہری سوچ کا ایک جیسی کہانی کا دروازہ کھلنے لگا تھا۔ انہوں نے بے ساختہ اپنی آنکھیں بند کیں۔

"ہائے میری جان! مجھے تیرے اس غم پر ہمیشہ دکھ ہی رہے گا۔ جانے کون سی گھڑی تھی جب تو نے شہرازی کو دل دیا اور ساری جوانی کے لئے ایک ادھورا بوجھ لے لیا۔ وفا چیزیں ہمیشہ باقی کے لئے سر پر لٹکتی تلوار کی طرح ہوتی ہیں، جانے کب بھی ڈھیلی ہو اور زخم سر کے دل کے دو ٹکڑے کر دے۔ رب جانے کون جانے...... اور یہ نجانے کتنی تقدیر ہے۔"

وہ مدھم سرگوشی میں کہتی ہوئی کمرے میں ان کہانی کے قدم رکھتی ہوئی باہر چلی گئیں، جیسے راہ میں بازو پھیلا کر سے نکے بادل...... اور وہ جانتی تھیں زرد پتوں اور پھولوں پر پیر رکھ کر کس طرح زندگی کا فاصلہ طے کیا جاتا ہے۔

❀❀❀

"آپ آرام سے سمجھیں گے کہ زندگی اتنی آسان نہیں جتنی آپ سمجھ بیٹھے ہیں؟"

بیگم عاقبہ کمرے میں داخل ہوئیں۔ کچھ چڑے ہوئے لہجے میں پکار رہی تھیں اور وہ بری طرح سے مسز سلیم چونک کر بیوی کو دیکھنے لگے۔ عاقبہ بانو اپنے موڈ میں بہت کم آیا کرتی تھیں۔ ہمیشہ ان کا لہجہ نہایت دھیما ہوتا تھا مگر اس لمحے اگر وہ اس مزاج سے مخاطب تھیں تو یقیناً کوئی خاص وجہ ہی ہوگی۔

انہوں نے ایک جھٹکے سے فون بند کیا تھا، شہریار نیند سے جاگ کر بھاگتے ہوئے وہاں آیا۔ عاقبہ نے اپنی طرف سے ذرا پیچھے ہٹ کر ایک معصوم سی خواہش کے اظہار کی کوشش کی۔ عاقبہ بانو تپ کر اٹھتے ہوئے ان کے بائیں صوفے پر آ کر بیٹھ گئی تھیں۔ ان کے انداز میں خیر پا کر مسز سلیم نے معاملے سے پوچھا تھا۔

AANCHAL.COM

"جی بیگم صاحبہ! اب کہیے کیا بات ہے، جس نے آپ کو اتنا پریشان کر رکھا ہے؟"
بیگم نافیہ کچھ دیر کشمکش کی حالت میں ان کو دیکھتی رہیں، پھر مدھم ہو کر بولیں۔
"آپ یہ کیوں نہیں سوچ رہے کہ پچھلے پانچ سال سے عابد صاحب آپ کو پاکستان آنے کیوں نہیں دینا چاہتے؟"
مسٹر نعیم بیوی کی خیال آرائی پر مسکرائے، پھر ہنس کر بولے۔ "خدا کی بندی! وہ ایسا کیوں چاہیں گے؟ انہوں نے تو ہمیشہ میری پاکستان آمد کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ ہر چھ ماہ میں، میں ایک چکر لگا ہی لیتا ہوں۔ ہاں، یہ ضرور ہے، کچھ یہاں کی مصروفیات مجھے سانس نہیں لینے دے رہی ہیں کہ میں پاکستان کے بزنس کے حسابات کا ٹھیک طرح سے آڈٹ کر سکوں۔"
بیگم نافیہ نے انہیں غور سے دیکھا، پھر دھیمے لہجے میں بولیں۔ "آپ کو مسٹر جواد حسن کیسے آدمی لگتے ہیں؟"
مسٹر نعیم نے چونک کر بیوی کو دیکھا، پھر رسانیت سے بولے۔
"ان کا لائف اسٹائل سننے میں آیا ہے، کچھ ٹھیک نہیں ہے مگر بزنس کے اسرار و رموز وہ بہت اچھی طرح جانتے ہیں۔ کبھی کبھی میں اگر کہیں پھنس جاتا ہوں تو وہی میری امداد کرتے ہیں اور بہت احسن طور پر ٹھیک راہ سجھاتے ہیں۔ بظاہر انہیں یہاں آئے کم مدت ہوئی ہے مگر حیرت انگیز طور پر وہ یہاں کے قانون اور بزنس کی چھوٹی چھوٹی باریکیاں مجھ سے بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔ سچ پوچھو نافیہ! ان کے یہاں ہونے سے میں بہت مطمئن رہتا ہوں۔ عابد کا بھی مجھ پر ایک بڑا احسان ہے کہ انہوں نے اپنی طرح کا ایمان دار اور وفادار شخص میری مدد کو بھیجا ہے۔ میں آنکھ بند کر کے مسٹر جواد حسن پر اعتبار کر سکتا ہوں۔"
بیگم نافیہ نے شوہر کو تاسف سے دیکھا، پھر بھرائے لہجے میں بولیں۔
"کیا واقعی ایک انسان کو اتنا اندھا اعتبار کرنا سوٹ کرتا ہے، جبکہ وہ اس کے ماضی میں ہی اعتبار اور اندھے اعتماد نے تلخی سے بھری زندگی گزارنے کی سزا بھی دی ہو؟...... کیا یہ اندھا اعتماد واقعی جائز ہے اس انسان پر جس پر ابھی مزید دو بیٹیوں اور ایک کم عمر بیٹے کی ذمہ داری بھی ہو؟"
مسٹر نعیم نے ہاتھ بڑھا کر انہیں خود سے قریب کر لیا، پھر محبت سے بولے۔ "میں کیا کروں، ماضی کی ہر تلخ یاد کے باوجود مجھے لوگوں کی طرف سے اعتبار کرنے کی خوشی کی طرف بڑھنے ہی نہیں دیتی۔ تم ٹھیک کہتی ہو اگر میں اپنا ماضی یاد کروں تو شاید ہر تخلیق اتنی کڑی ضرور تھی کہ مجھے اپنے اوپر بھی اعتبار کرتے ہوئے دس بار سوچنا پڑے گا۔ مگر نافیہ! یہ بزنس ہے اس میں سارا کاروبار اعتماد اور اعتبار ہی پر تو چلتا

ہے۔ کسی بڑی کامیابی تک پہنچنے کے لیے ہمیں اپنے درگزر کا اختیار کرنا ہی پڑتا ہے۔ شک کسی بھی نوعیت کا ہو کسی بڑی کامیابی کی خوش لائن کو کبھی چھونے نہیں دیتا۔"

بیگم عائشہ خاموش ہو گئیں۔ یہ خاموشی ان کے متفق ہونے کی علامت تھی لیکن کچھ ساعت گزری تھی کہ وہ پھر کچھ یاد آنے پر بولیں۔

"آپ کی یہ بات ہضم کرنے کی کوشش کی جاسکتی ہے۔ لیکن کیا آپ کو معلوم ہے، انوشے اور عارف آج کل کتنے کلو فریڈ زین بچتے ہیں۔ کیا یہ اچھی بات ہے؟ اقبال سے علیحدگی کے بعد یہ دونوں کس رنگ میں وقت گزار رہے ہیں آپ کو معلوم ہے؟" وہ توقف کر کے کہیں، پھر بولیں۔ "میں نے کتنی مرتبہ انوشے کو سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ دنیا کی نظر سے زندگی دیکھنے کی عادت ڈالے۔ ہمیشہ وہی نہیں ہوتا جو ہم چاہتے ہیں، بہت سی باتوں پر صبر کرنا پڑتا ہے، کبھی رواداری کرنا پڑتا ہے۔ مگر وہ میری بات کہاں سنتی ہے، جیسے بے کار کی لن ترانی ہے۔ سلیم! مجھے ڈر ہے، اگر اس کا یہ رویہ برقرار رہا تو وائما اور مراد بھی مجھے ایگنور کرنا شروع کر دیں گے۔ اور اگر ایسا ہوا تو میں تمہارے گھر کی ذمہ داری نبھانے کے لئے نہیں جاؤں گی۔"

مسٹر سلیم نے بیگم عائشہ کی آواز میں آنسوؤں کی جھلک پائی تو بے چین ہو کر انہوں نے بیوی کے چہرے پر نظر ڈالی، پھر ماحول کو ہلکا کرنے کو بولے۔ "آہا وہ تو یہ بات ہے۔ آپ کو لگتا ہے آپ کے بچے آپ کا گھر پسند کیا جا رہے ہیں اس لئے آپ کو پاکستان یاد آ رہا ہے۔ مسٹر جواد سے بھی اس لئے ملنے کی خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ عارف کی وجہ سے انوشے آپ کے کہنے میں نہیں رہی ہے۔ میں بھی کہوں آپ جیسی اعلیٰ ظرف عورت، نام نسبت کو بالائے طاق رکھ کر اور انسانیت سے بڑھ کر کیسے سوچنے لگی؟"

وہ توقف کر کے پھر پر یقین لہجے میں بولے۔ "ٹھیک ہے آپ بے فکر رہیں۔ اس بار ہم پاکستان ضرور چلیں گے اور میں کوشش کروں گا کہ پاکستان ہی میں مستقل ہو لیا جائے۔ آپ کی تمنا ہر چیز سے پہلے....." بیگم عائشہ کا ہاتھ تھام کر وہ میٹھے لہجے میں بولتے بولتے رکے پھر آہستگی سے بولے۔ "تمہاری جو تمنا ہے، یہ تمنا کب سے میرے دل میں بھی پل رہی ہے۔ مگر میں ہر مرتبہ اس خواہش کو یوں دبا لیتا تھا کہ میری طرح آپ کی بھی پاکستان سے کچھ اچھی یادیں وابستہ نہیں ہیں۔ پھر جہانیاں بیگم کا رسوخ اور اس کی دنیا کے بارے میں جب بھی سوچتا ہوں تو مجھے اپنے بچوں کا مستقبل غیر محفوظ سا نظر آنے لگتا ہے۔ مگر خیر، پھر سوچتا ہوں، پہلے کی بات اور تھی، اب میری حیثیت اتنی اسٹرونگ ضرور ہے کہ جہانیاں بیگم یا ان کی گدی نشین ہماری طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے ہزار بار سوچے گی۔ ویسے ہم پاکستان جا رہے ہیں۔ رہا ہوٹل مینجمنٹ تو اسے مسٹر جواد بھی اچھی طرح سے دیکھ ریکھ کر سکتے ہیں۔" انہوں نے بیگم عائشہ کو محبت سے دیکھا، پھر مسکرا کر بولے۔ "دل پر بار مت لیا کرو، تم اپنی پریشانی مجھ سے شیئر کرتی رہا کرو کہ تمہارے ہونٹوں کی مسکراہٹ کے لئے یہ ذرا سی چیز کچھ بھی داؤ پر لگا سکتا ہے۔ سچ پوچھو تو مجھے تمہارے چہرے پر ہلکا سا فکر کا سایہ بھی برداشت نہیں ہوتا۔ عائشہ! تمہیں معلوم ہی نہیں ہے تم

میرے لئے کیا ہو؟...... تمہارے چہرے کی مسکراہٹ میرے لئے کتنی بڑی مورل سپورٹ ہے۔ آئی سویئر تم میرے ساتھ جہاں بھی ہوتی ہو، مجھے لگتا ہے ایک کامیابی ہے، جو میری زندگی سے ڈھل جاتی ہے...... جہاں تم میسر نہیں ہوتی ہو، وہاں تمہارا خیال مجھے تقویت دیتا ہے کہ کامیابی ہر حال کامیابی کی ہی کنجی ہوتی ہے اور جب میں یہ سوچتا ہوں تو ناکامی زندگی سے دامن چھڑا کر کامیابی کا ہاتھ میری طرف بڑھا دیتی ہے۔ عافیہ! میں کبھی نہیں بھول سکتا کہ تم نے مجھے اس وقت سہارا دیا تھا، جب میں اکیلا تھا۔ میری پہچان بے یارو مددگار تھی اور میرے لئے کوئی راستہ نہیں بچا تھا جس پر چل کر میں کسی کامیابی کی امید کرتا۔"

بیگم عافیہ نے مسٹر سلیم کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا تھا۔ "چھوڑیئے، کیا کہہ رہے ہیں؟ آپ کتنے اعلیٰ ظرف انسان ہیں سلیم! کہ میرا سہارا بن کر آپ سہارا دینے کا کریڈٹ بھی مجھے دے کر مجھے اپنی ہی راہوں پر جھیل جانے والی ہر اذیت، ہر شرمندگی سے بچا لیتے ہیں۔ مجھے آپ کا ساتھ، آپ کا محبت بھرا ہر سانس کے گرد رکھے جانے کا ہر وعدہ بھی قبول ہے۔ میں زندگی چھوڑ سکتی ہوں مگر آپ کا ساتھ ناممکن......"

مسٹر سلیم نے بیوی کا ہاتھ تھام کر اسی جذباتی لہجے میں کہا۔ "ہاں...... مجھے تمہاری یہی طوفانی محبت ہی تو پرجوش رکھتی ہے۔ ہر مشکل تمہارے اس اظہار کے آگے بے بس ہونے جیسی لگتی ہے۔"

عافیہ کی آنکھوں میں شوہر کی اس بے پناہ محبت پر موتی سے چمکنے لگے۔

یہ آنسو بھی کیا ہوتے ہیں، دکھ میں کسی دوست سے پہلے باری نبھانے آ جاتے ہیں اور خوشی میں بھی سب سے پہلے ساتھ نبھانے کو موجود ہوتے ہیں۔ تبھی انہیں ہونے دیتے اور ان کی یہی صفت دل کو بھلی لگتی تھی۔ وہ کمرے سے جا چکی تھیں جب چاپنگ کرکے انوشے داخل ہوئی۔ مسٹر سلیم نے بیٹی کو دیکھا، ٹھیک پانچ کی جگہ پر آب کتابی انتظار آپ بیٹھے ہوئے وہ کسی انگریز سے کم نہیں لگ رہی تھی۔ انہیں ماڈرن سے بہت کم فرصت ملتی تھی کہ وہ اولاد کی طرف توجہ دے، مگر انہیں اس کا بھی یقین تھا کہ گھر میں ان کی بیٹیوں کی نگہبان ہوتی ہے، وہ اپنی جان تو دے سکتی ہے مگر ان کے گھر پر آنچ نہیں آنے دے سکتی۔ یہی یقین انہیں دنیا سے لڑتے رہنے میں مضبوط رکھتا تھا۔ مگر آج جس طرح عافیہ بانو کی آنکھ میں آنسو آئے تھے، ان کی روح تک پر اس کا افسوس پتھر باندھ کر بیٹھتا چلا گیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ آج انوشے کے آتے ہی انہوں نے اس کے حلیے پر غور کیا۔ وہ کہیں سے بھی پاکستانی لڑکی نہیں لگ رہی تھی۔ رسم و رواج تو دور کی بات، وہ تو عام انداز میں بھی پاکستانی جھلک دینے میں ناکام رہی تھی۔

انوشے نے ڈرائنگ روم میں داخل ہوتے ہی کیونوں بیگ صوفے پر اچھالا تھا، پھر چیونگم چباتی وہ بالکل ان کے سامنے والے صوفے پر بے ڈھنگے انداز سے بیٹھ گئی تھی۔ آدھی صوفے پر تھی، آدھی صوفے

AANCHAL.COM.PK

سے باہر نکلی ہوئی موبائل پر گیم کھیلنے میں مصروف تھی۔ اس نے اتنی توجہ تک دینا ضروری نہیں سمجھا تھا کہ باپ کو غیر متوقع گھر میں دیکھ کر وہ سلام ہی کر لیتی۔

"انوشے......!" مسٹر سلیم نے لہجے کو بے حد نرم رکھ کر اسے پکارا۔

انوشے سلیم نے باپ کی آواز پر بے پروائی سے ذرا ان کو دیکھا، پھر نظر موبائل پر جمائے ہوئے بولی۔ "کہیں پاپا! کیا کہنا ہے؟...... میں بہت مصروف ہوں۔"

سلیم صاحب کو لگا وہ کسی عالیہ یا کوئی ذہنی اذیت سہہ رہی تھیں۔ ان کا ایک منٹ میں حساب خراب ہونے لگا تھا۔ یہی حیثیت تھی، وہ ٹی وی کی مصروفیات چھوڑ کر یکدم مکمل طور پر بیٹی کی طرف متوجہ ہو گئے تھے۔

"یہ تم نے کس قسم کا لباس پہن رکھا ہے؟" پہلا سوال ہی چبھتا ہوا تھا۔ مگر وہ لڑکی جس نے باپ کی بات پر انتہائی حیرت سے دیکھا تھا۔

"پاپ کو میرے لباس میں کیڑے کیوں نظر آنے لگے؟" اس نے توقف کیا، پھر چڑ کر بولی۔ "یقیناً ماما کی کارستانی ہوگی۔ انہیں ہی ہم سے عجیب پرخاش رہتی ہے۔"

مسٹر سلیم کچھ کہہ بھی نہیں پائے تھے کہ وہ پہلے سے زیادہ خراب لہجے میں بولی۔ "پاپا! آپ کو کس نے کہا تھا کہ شادی جیسی گھٹیا گھٹن میں ڈالو؟ وہ بیٹیاں تو تم بھی پال سکتے تھے۔ اب ذمے داریوں کی لسٹ دیکھو۔ ہم کہتے تھے کہ ماما کی بیٹی اور ایک یتیم خانے کے بچے کی ذمے داری بھی تمہارے سر آ گئی؟ پاپا! تم نے اپنی زندگی کی بہت غلط پلاننگ کی ہے۔"

مسٹر سلیم کو لگا ان کے دماغ میں کسی نے ہتھوڑا سا مار کر ان کی پن کھینچ کر مٹھی میں بند کر لی ہو اور ان کی ذات کے پرخچے اڑنے میں صرف تیس سیکنڈ ہوں۔ یہ ان کی بیٹی تھی...... انہیں حیرت نے گھیر لیا تھا۔

انہوں نے تو بہت پیار محبت سے پالنے کی کوشش کی تھی، پھر کیوں خراب لگتا تھا۔ محبت کا عنصر زیادہ ہی غالب آ گیا تھا۔ مسٹر سلیم نے اپنی بیگم کے سامنے کو معاف کیا تھا؟ انوشے باب سوچ رہی تھی مگر اس کی باتیں ان کے دماغ میں ابھی تک گونج رہی تھیں۔ وہ لاپروا تھی۔ کچھ کہہ کر لینا، یہ دیکھنا کہ اس کے لفظوں سے کسی کے دل پر کیا گزر رہی ہے، ابھی تک اس کی یہ عادت نہیں تھی کہ وہ خیال کرتی...... مگر جو عادت انسان میں نہ ہو ضروری نہیں تمام عمر یہ صفت پیدا ہی نہ کی جا سکے۔ انہیں یاد آ رہا تھا، جب وہ وقت کی پابندی میں کوتاہی کرتے تھے تو ان کے بابا نے اپنے مرحوم کا شیڈول ان کے ہاتھ میں لا رکھا تھا۔

"میں مصروف رہتا ہوں بیٹا! ذرا سی دیر کی ڈائری سے دیکھ کر بتاؤ... مجھے کس وقت کیا کیا کام سرانجام دینا ہے؟" اور وہ ڈائری ہاتھ میں لیے بابا کے حکم پر سارا دن ڈائری میں لکھے وقت کو ہو بہو منٹ مکمل خرچ دے کر بابا کی گزارش کرتے تھے۔ کبھی کبھی وہ کوئی میٹنگ بھول جاتے مگر مسٹر سلیم ایک ایک سیکنڈ کا حساب رکھتے اور پھر جب ان کی یہ عادت پختہ ہو گئی تو بابا نے ایک دن مسکرا کر کہا۔

"کیوں بیٹا! وقت کی قدر آئی؟ اب تو میرے خیال میں تمہیں ایک ایک منٹ، سیکنڈ کا حساب کتاب رکھنا آ گیا ہوگا۔"

ابا جیسا اور ہمدرد کہاں سے لاؤ گے؟ بکھرے رہ گئے۔ کبھی چالاکی سے انہوں نے انہیں وقت کی پابندی کا سکھایا تھا۔ سالوں لگے تھے انہوں نے ابا کی طرح سوچ کر اپنے اندر داخل ہونے والے لالچ کو روکا تھا۔
"بہت پیار سے سمجھاتے تھے ابا جی۔ ذات پہ رشتے میں کام مگر بھی سکتا ہے۔" حافیہ نے انہیں جاتے جاتے سمجھایا بھی تھا۔ سو وہ گنگناتے کھانے کے کمرے میں آ گئے۔
لنچ کا وقت تھا۔ حافیہ کچن میں کھڑی سبزی کاٹ رہی تھی اور تیہ بنانے میں مصروف تھیں۔ مسز سلیم ان کی پشت کو دیکھتے رہے۔ یہ عورت ان کے لئے بڑی قربانی دی تھی۔ وہ کتنا نیچے گر گئے تھے تب بھی اس عورت نے ان کا ہاتھ تھام کر انہیں مزید گرنے سے بچا لیا تھا۔ تمام عمر یہ عورت سمجھتی رہی سلیم افسر نے انہیں سہارا دیا ہے۔ مگر یہ سلیم افسر جانتے تھے اس لمحے اگر حافیہ بانو کا ہاتھ انہیں نہ تھامتا تو شاید وہ کبھی اپنے پیروں پر کھڑے نہ ہو سکتے تھے۔ یہ عورت کتنی عظیم تھی۔ اس نے عزت کے لئے اپنی ممتا کو کھو دیا تھا۔ سب سے کڑا امتحان تھا وہ...... وہ لمحہ جس میں انہیں لگا تھا شاید انہوں نے سب کچھ گنوا دیا ہے۔
ابا کی ساری کمائی دولت، عزت اور کردار کھا کر...... وہ قلاش ہو گئے تھے۔ ان کے لئے کوئی راہ نہیں بچی تھی۔ جب انہوں نے آخری جوا کھیلا تھا۔
سلیم افسر کی نظریں حافیہ بانو کی پشت پر اب بھی ٹکی ہوئی تھیں مگر وہ جیسے کہیں ماضی میں کھو گئے تھے۔
ابھی کل ہی کی تو بات تھی۔ جب چاکما ابا نے اپنی طبیعت کی ناسازی کے تحت سارے کاروبار ان کے نام منتقل کروا دیے تھے۔ افسر سلطان ایک فارماسیوٹیکل کمپنی کی اونرشپ رکھتے تھے۔ بڑے بڑے لوگوں میں ان کا اٹھنا بیٹھنا تھا۔ باہر سے ادویات کی ترسیل بھی ان کا ایک کمپنی شعبہ تھا۔ ڈیکلیئرڈ میڈیسن کو ... قیمت کے ساتھ مکمل اعتماد کے اضافی چارج لئے بغیر ڈیلیور کرتے تھے۔ نیکی اور ایمانداری ان کی اس کاروبار میں بہت اچھی ساکھ تھی۔ وہ برسوں سے یہ کام کر رہے تھے لیکن جب یہی کام سلیم افسر نے پہلی بار کیا تو ان کی پہلی ہی کھیپ سیل کر دی گئی۔ ان کی منگوائی گئی ادویات میں کچھ ایسی ادویات شامل تھیں، جو کہ نہ صرف پابندی تھیں بلکہ ان کے ساتھ منشیات ساری دنیا میں حتمی تاریخ کے اعتبار سے خطرناک تھے۔
تب افسر سلطان نے پہلی بار بیٹے کے ساتھ سختی کی اور سوال کیا۔
"پیسہ تمہارے لئے کتنا ضروری ہے؟"
"صرف ابا! اگر عزت سے ملے تو بڑی نعمت ہے۔ میرے لئے بزنس صرف دولت کمانے کا ذریعہ نہیں ہے بلکہ میں اس کا اپنے لئے حساب اس لئے رکھتا ہوں کہ مجھے معلوم ہے میرے کام سے ہزاروں لوگوں کا روزگار جڑا ہے۔"

مسٹر افسر سلطان نے بیٹے کو دیکھا اور اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "بس، مجھے تسلی ہو گئی۔ میرا خون خراب نہیں ہے۔ اب بھلے مجھے اس بزنس میں نقصان ہو یا اس کیس میں تم ہار جاؤ یہ مجھے سے، میں سر اٹھا کر کہہ سکتا ہوں کہ میں نے اپنی اولاد کی بہت اچھی تربیت کی اور اس خدا نے میری اس تربیت کو شرف قبولیت بخشا کہ تمہارے دل کو اندر سے اتنا نرم کیا کہ اس میں نیکی کے بیج بونے کے لئے مجھے بہت محنت نہیں کرنی پڑی۔"

افسر سلطان نے بیٹے کو سپورٹ کیا تھا۔ خود سلیم افسر ذاتی طور پر اس سلسلے میں بھاگ دوڑ کرنے میں مصروف تھے۔ مگر اوپر سے لے کر نیچے تک ہر شخص جیسے ایک ان دیکھا اکاؤنٹ بھرنے کے لئے سامنے آن بیٹھا تھا۔ وہ معاملات سدھارنے کی کوشش میں تھے کہ جان بچانے والی ادویات کی شارٹیج ہو جانے کو اخبارات میں خوب اچھالا جانے لگا تھا۔ ان کا نام بھی ان امپورٹرز میں شامل تھا۔ تب انہوں نے پہلی بار پریس کانفرنس کی تھی اور اپنے معاملے کو بہتر انداز میں سب کے سامنے لائے تھے۔ حکومتی سطح پر بندی کی گئی تھی، ان کے کیس سے قطع نظر باقی دواؤں کی ترسیل ممکن بنائی گئی تھی۔ بہر حال کسی حد تک ان کی شنوائی ہوئی تھی مگر ان کی ساکھ اب بھی منظر سے مٹی تھی۔ ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا جب ایک بہت اچانک مس روپ ان کے سامنے آن رکا۔

"میں تمہاری اس سلسلے میں مدد کر سکتی ہوں، لیکن اس کے بدلے میں تمہیں بھی ہمارا خاص خیال رکھنا ہوگا۔"

"میں کس سلسلے میں آپ کا خیال رکھ سکتا ہوں؟" انہوں نے حیرت سے دیکھتے ہوئے بہت ادب سے کہا تھا۔

"سیدھی سی بات ہے تمہارا سارا سامان کلیئر ہو گیا تو جو سامان قانونی نقطہ نظر سے ٹھیک ہے وہ سامان میں خریدنا چاہتی ہوں۔"

"آپ...... مگر آپ کیا کریں گی؟ یہ تو صد ہیلائی میں رکھنا ہے خود کو سپلیمنٹ ہیں، ایسی ادویات ہیں جو ذہانت پروگرام ہم کرنے والوں کے لئے زہر ہے اور جنہیں یہاں کی کچھ غیر قانونی کمپنیاں نئی پیکنگ اور نئے نام سے مارکیٹ میں سیل کرتی ہیں۔ یہ کاروبار منشیات کی طرح ہے۔ مگر اس سلسلے میں ابھی تک حکومتی کوشش بار آور نہیں ہو سکی۔ آپ بھی دیکھئے، میں پیسے کا دلدادہ نہیں ہوں لیکن پھر بھی بری طرح جکڑا گیا ہوں۔"

ایک خفگی سی مسکان ان کی اس طویل تفصیل پر ان کے گرد گھیرا ڈالے وہ بغور سامنے دیکھنے لگے۔ "آپ کس بات پر ہنس رہی ہیں مس......؟"

"مجھے تانیہ کہتے ہیں۔" ادھورے جملے میں جواب ان کی طرف بڑھا دیا گیا۔

انہوں نے نئے سرے سے سوال کیا۔ "آپ کو میری کون سی بات احمقانہ لگی مس ثانیہ! کہ آپ نے قہقہہ لگانا ضروری سمجھا؟"

ثانیہ نے اس کی ناگواری کو حیرت سے دیکھا پھر دھیرے سے بولی۔ "لگتا ہے آپ سے آج تک کسی نے بزنس کے علاوہ گفتگو نہیں کی ہے۔ لطیف جمالیاتی حس اور ذوق مزاح آپ کے قریب بھی نہیں پھٹکا۔"

سلیم افسر نے شانے اچکا کر کہا۔ "آپ ٹھیک کہتی ہیں۔ میں ایک دو اور دو چار کرنے والے بزنس مین کا بیٹا ہوں۔ اردگرد مجھے کبھی دوستوں کا جھرمٹ نہیں ملا۔ نہ ہی مجھے شوق ہے۔ اس لئے آپ کہہ سکتی ہیں میں انتہائی خشک انسان ہوں۔ ویسے آپ نے بتایا نہیں، آپ کا قہقہہ کس شمار میں تھا؟"

ثانیہ نے اپنی ساڑھی کا پلو درست کیا پھر کرسی سے اٹھتے ہوئے بولی۔ "یہ ڈیل ہی میرے بزنس کا حصہ تھی، مگر وقت کی کارکردگی کامیاب نہیں تھی اس لئے آپ کی سپلائی میں یا روایات رکھ کر ڈیل کروائی گئیں۔ میرا خیال تھا ہمیشہ کی طرح ہم یہ مال کلیئرنس کروالیں گے، مگر تمہیں سوچ تھا کہ ایک ایماندار افسر کی تقرری سے یہ معاملہ میرے ہاتھ سے نکل گیا۔ مگر جب آپ کا کیس اخبار میں گیا تو افسران کے دلوں میں لامحالہ آپ کے لئے نرم گوشہ بنتا چلا گیا۔ آپ کا کام بھی نکل گیا، اس لئے میرا راستہ ہموار ہوا، میں بھی اپنے کام سے فارغ ہو جاؤں۔"

سلیم افسر نے حیرت سے دیکھتے رہے پھر آہستگی سے بولے۔ "کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کس چیز کا اعتراف کر رہی ہیں؟ اگر یہ بیان آپ کے خلاف استعمال کیا جائے تو آپ کہاں ہوں گی، آپ کو پتہ ہے؟"

ثانیہ شرارت سے مسکرائی پھر سنجیدگی سے بولی۔

"آپ کو نہیں معلوم میں کیا چیز ہوں۔ اگر میں نے یہ اعتراف کیا ہے آپ کے سامنے تو اس اعتراف سے مکر بھی سکتی ہوں۔ یہ کوئی نہیں، میرے ہاتھوں میں وہ جادو ہے کہ آپ میری کہی ہوئی بات کو ثابت نہیں کر سکیں گے۔ آپ کی جگ ہنسائی آپ کے سر رہے گی۔ رہا مال تو اس کی ڈیلیوری اٹھوا لینا میرے لئے کچھ مشکل نہیں ہے۔ آپ کو تو پتہ ہے ہمارے ملک میں ہر چیز، ہر پرابلم کا ایک سلوشن ہے اور وہ ہے پیسہ...... پیسے سے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے۔ اب یہی دیکھ لیجئے، آپ کے مال کو پورٹ پر پڑا رہنے دینے کے بعد جب سب کچھ ہو گیا تھا تب ہماری مال کی ترسیل اس کھیپ میں کی گئی۔ آپ اس طرح مجھ سے نہیں بچ سکتے مسٹر سلیم افسر! کہ کوشش کے باوجود خود کو اس چنگل سے نہیں نکلوا سکتے۔ ہاں، اگر میرا ساتھ دیں تو یہ کام آسانی سے ہو سکتا ہے۔"

سلیم افسر نے پھر سے خاموشی اختیار کر لی تھی کیونکہ ابھی ان کے بہت سے روابط کے نتیجے میں ڈیل کی تھی اور بہرحال اس سلسلے میں انہیں کافی بڑی رقم چکانی پڑ رہی تھی۔ اگر یہ ڈیل جلدی مکمل نہ کی جاتی تو ان کا مال پورٹ پر پڑے پڑے ہی ضائع ہو جانے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا۔ مسٹر افسر سلطان نے اس سلسلے میں بیٹے کی رائے لی تھی مگر سلیم افسر نے یہاں بھی وہی خاموشی اختیار کر رکھی تھی۔ پھر یوں ہوا۔

اخبارات میں کچھ افسروں کے نام آئے تھے جنہوں نے بے تحاشہ رشوت دے کر ان کی سپلائی میں گڑبڑ کی تھی ساتھ ہی جو اس میں موجود کچھ خصوصی ٹیم کے افراد نے مال کی جانچ کاری کی تھی اور واقعی وہاں بے ضرر دواؤں کے سوا کچھ برآمد نہیں ہوا تھا۔ مسٹر سلیم افسر نے دھڑکتے دل اور پسینے سے شرابور جسم کے ساتھ اس معائنہ ٹیم کا استقبال کیا تھا اور جب انہیں کچھ نہیں ملا تو انہوں نے ایک بار پھر بزنس کا آغاز کا انعقاد کیا تھا۔ وہ تین افسروں کی لسٹ جاری کی گئی تھی جو اس مذموم کارروائی میں شامل تھے۔ انہیں فوری طور پر معطل کر دیا گیا تھا۔

وہ اس طرح صاف عزت بچ جانے پر دنیا کے شکر گزار تھے۔ مگر یہ سب کیسے ممکن تھا اس سلسلے میں وہ مخلص انداز سے سوچ رہے تھے۔ پھر وہ اس ڈیل کی کامیابی کا جشن منا رہے تھے، جب ماہ نور بہت اچانک ان کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔

"قسمت کا تحفہ سب سے قیمتی ہوتا ہے۔" گلدستہ ان کی طرف بڑھا کر وہ مسکرائی اور دونوں ہی مسکرا دیئے۔

اس بزنس میں انہیں اضافی طور پر فائدہ ہوا تھا۔ جتنا پیسہ لگایا تھا اس سے دگنا ہو کر واپس ملا تھا۔ جنہوں نے یہ خاموش ڈیل اپنے ابا سے چھپائی تھی۔ سب ہی اکاؤنٹس کی ان کی تحویل میں کچھ عرصہ پہلے ہی کھلی تھی۔ ابا نے ان کے طور طریقے بدلے دیکھے تھے مگر جانے کیوں ان سے سوال نہیں اٹھایا تھا۔ بقول ان کے دولت جب تک چھپ کر کی جائے خوف رکھتی ہے۔ دولت کا عنصر رکھتی ہے۔ لیکن یہ آشکار ہو جائے تو انسان پھر اسے دھڑلے سے "حق" کی طرح استعمال کرنے لگتا ہے اور وہ اس درجے تک نہیں جانے دینا چاہتے تھے۔ مگر افسر سلطان جب ماہ نور سے تقریب کے بعد ملے تو ان کا پہلا سوال تھا۔

"کیا تمہیں یہ لڑکی پسند ہے؟

کیا تم اس سے شادی کرو گے؟

یا پھر کیا یہ صرف تمہاری بزنس پارٹنر ہے؟"

تین سوال ایک ساتھ ہی...... وہ ابا کو دیکھتے رہ گئے پھر آہستہ سے بولے۔

"شاید آپ کے دل میں مجھے لے کر بہت سے سوال اٹھ رہے ہیں۔ مگر ابا یہ سچ ہے، میں اس سمندر میں رہ کر تجربوں سے ہی کچھ سیکھ سکتا۔ ہر دور کی کچھ ضرورتیں ہوتی ہیں۔ آپ کے دور میں ایمانداری،

وفاداری، خواہش کی نوعیت کی ہو یا شخصی نوعیت کی، ایک ہی حیثیت رکھتی تھیں۔ مگر آج کا دور ڈالر کا ہے۔ آج کل صرف سورج کو دیکھ کر رشتے بنانے والے لوگ ہی کاروبار میں ان ہیں...... آپ جانتے ہیں، میں اپنی پہلی ہی ڈیل میں کس طرح پھنسایا گیا تھا...... دراصل یہ ڈیل پہلے سے تانیہ کی طے کردہ تھی۔ کچھ رقم کے معاملے پر تنازعہ تھا، جس کی وجہ سے ان افراد نے اسے توہین آمیز بنا کر اس تیم میں مجھے ڈیپ کرنے کی کوشش کی۔ بظاہر تو یہ تانیہ ہی تھی مگر اس کی وجہ سے میں بھی راندے میں آ گیا۔ تانیہ نے معاملات مدعا کو لے لئے تو آپ نے دیکھا وہی افسر آسانی سے معطل ہونے کو بھی تیار ہو گئے۔ کیونکہ وہ آن ڈیوٹی کی طرح تنخواہ کے ساتھ معطل ہوئے اور پاکستان میں نرم گرم نوکری ہو کر کون ما شبہ لیا ہے۔ جہاں اس طرح کے افراد واپس نہیں لے لئے جاتے؟ انہیں معلوم تھا وہ کچھ عرصے بعد پھر سے آن ڈیوٹی ہوں گے۔ اگر نہ بھی ہوئے تو نمبر دو کام سے پہلے تا ان کے لئے کوئی مشکل کام نہیں۔ پھر تانیہ نے بھی انہیں اس خاموشی کی اچھی قیمت ادا کر دی تھی۔ اس لئے صاف ہاتھ بچا کر نکلنا ممکن ہو گیا۔ آپ کو حیرت نہ ہوئی ہوگی۔ لیکن مجھے حیرت تھی کہ راتوں رات کس طرح ضبط شدہ مال کسٹم اور ختم ہو گیا۔ اب میں یونیورسٹی میں سیدھا سادہ پڑھنے والا لڑکا تھا۔ مجھے بزنس کی سیاست سیکھنے کے لئے کوئی نہ کوئی ذریعہ تو چاہئے ہوگا نا۔"

"یعنی تم تانیہ کے نمبر دو کام میں سہولت سے اس کا ہاتھ بٹاؤ گے؟" ابا نے غور سے پہلی بار دیکھا۔

انہوں نے خاموشی کی زبان میں جواب دیا تو ابا نے قطعی طور پر ان کے بزنس سے علیحدگی اختیار کر لی۔ ڈاکومنٹ پہلے ہی وہ منتقل کر چکے تھے۔ اس لئے اب ان کا زیادہ وقت اپنے فارم ہاؤس میں گزرتا۔ یہاں تک کہ دو سال میں سلیم افسر نے اتنا کما لیا جتنا ابا نے پندرہ سال میں کمانے کی کوشش کی تھی۔ زندگی بہت سہل تھی، خوب صورت تھی۔ جب ابا کا حوصلہ ان میں ایک بار پھر سے لوٹا۔ بزنس پارٹنر کو لائف پارٹنر بنا لینے سے بہت سے مسائل حل ہو جایا کرتے ہیں۔ یہی وجہ تھی انہوں نے ورکنگ ڈنر میں تانیہ کو شادی کی آفر کر دی۔ یا ہوش مند ہوتے تو شاید وہ اتنے واضح الفاظ میں شادی کی آفر نہیں کر سکتے تھے۔

تانیہ ان کی طرح مدہوش نہیں تھی۔ اس نے پہلی فرصت میں ان کے ہاتھ میں پہنی رنگ نکال کر اپنی انگلی میں ڈال لی اور بہت اترا کر بولی۔ "تم جیسا شریک سفر ملنا میری خوش نصیبی ہے۔ مگر مجھے کسی ایک کا ہو کر رہنے کی عادت نہیں ہے۔ سو تم مجھ سے وعدہ کرو، اگر کبھی میں تمہاری پسند کی ہوئی زندگی سے اکتا جاؤں تو تم مجھے کسی بندھن میں جکڑنے کی کوشش نہیں کرو گے۔"

وہ لال ڈورا آنکھوں سے تانیہ کے سراپے کو دیکھنے لگے، پھر بغیر سوچے ہوئے بازو وا کر کے بولے۔ "مجھے تمہاری ہر شرط منظور ہے۔ تم جیسی لائف پارٹنر کے لئے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں۔ اگر آج تم یہ کہتیں کہ تمہیں بچے اچھے نہیں لگتے تو میں اپنی ممتا تمہاری تمنا پر سے وار دیتا۔ تم جان ہی نہیں سکتی ہو تانیہ! میں تم سے کتنی محبت کرتا ہوں۔"

تانیہ ان کے اظہار کے آگے ایک سیکنڈ نہ ٹھہری رہ سکی۔ وہ گھاٹ گھاٹ کا پانی پینے والی روح تھی، کتنے افیئرز چلائے تھے، کتنی ٹھوکریں دلوں کو ماری تھیں، تب کہیں جا کر اب احساس ہوا تھا کہ اسے اب اپنے مستقبل کے لئے کوئی محفوظ قدم اٹھا لینا چاہئے۔ زندگی میں اس نے ہمیشہ ایک ہی زندگی کو چلتے دیکھا تھا۔ دولت پاس ہو تو کچھ بھی خریدنے کا سوچا جا سکتا ہے، کچھ بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ اس نے دولت کمانے کی الگ راہ چنائی تھی۔ اچھے خاندانی معیار سے ہٹ کر الگ معیار بنایا تھا۔ لیکن جب بات شادی کی چھڑی تو اس نے انہیں اپنی کزن کے سامنے لا کھڑا کیا۔

"یہ ماحول...... یہ لوگ......"

اُن کی آنکھوں میں سوال اُمڈ آئے۔ تانیہ کا لائف اسٹائل تو کہیں سے اس دنیا کا ہو رہ نہیں لگتا تھا۔ وہ تو خواب میں بھی نہیں سوچ سکتے تھے کہ تانیہ گھر والوں کی چھتا چھتی اور طبقے کی چھاپ سے کوئی علاقہ رکھتی ہوگی۔ وہ تو اسے ایک شارپ بزنس وومن سمجھتے تھے، جسے ہائی فائی سوسائٹی میں موو کرنے کا ڈھنگ آتا تھا اور جسے ہر رنگ کو شوق شکل سے اسٹیپ لینے پر اکساتا تھا مگر یہاں......

وہ ایک لمحے کے لئے کھو سے گئے تھے۔ ان کے اندر کا خون جوش مارنے لگا تھا۔ مگر دولت سے وہ جو زندگی گزارنے لگے تھے اس نے بھی ان خاصیت کو زیادہ وہ ابھرنے نہیں دیا تھا۔ انہوں نے فوراً رشتے کی بات کروا دی تھی۔ حالانکہ یہاں شادی بیاہ کا رواج رواج نہیں پا سکا تھا مگر پھر بھی انہوں نے عہد لیا تھا اور ایک ہفتے بعد تانیہ ان کی زندگی میں چلی آئی تھی۔

وہ بہت خوش تھے۔ ابا ان کو دیکھ کر چپ ہو گئے تھے۔ مگر ان دنوں وہ جس ہنڈولے میں جھول رہے تھے، اس نے ابا کی ان ساری باتوں کی کہاں گنجائش رکھی تھی۔ سو زندگی کا انہوں نے ایک طویل ارجن دیا تھا۔ اپنی من مرضی کرنے کا ایک طویل ارجن...... زندگی لگے اپنے اصولوں کے برخلاف بہہ رہی تھی اور وہ خوش تھے۔ تانیہ ... تانیہ استاد کی جھلملاتی اور رنگ برنگ کیا کیا خوابی نہیں تھی جوان۔ سالوں میں دوائی تھی اور کیا کیا نہیں تھا جو بدل گیا تھا۔ ابا بھی اس عرصے میں فریق رحمت ہو گئے تھے۔ جو ہو رہا تھا وہ دیکھنا نہیں چاہتے تھے اور جو ہونا چاہئے تھا اس کے امکان کا شگن مٹ گیا تھا، سو انہوں نے آنکھیں بند کر لی تھیں، موت اوڑھ لی تھی۔

سلیم افسر کی اس عرصے میں دو بیٹیاں ہو گئی تھیں۔ ان کی ساری دولت تانیہ سلیم افسر کے نام ٹرانسفر ہو چکی تھی۔ یہ ان کا قانونی حق تھا۔ کیونکہ وہ ان کی اولاد کی ماں تھی۔ مگر وہ صرف ماں بن کر رہنا نہیں چاہتی تھی۔ نہ صرف وہ کام میں وہ اتنی مہارت رکھتی تھی کہ اس نے وہ پراپرٹی بھی، جو انہوں نے اپنے برے وقت کے لئے اختیار کی تھی، ان سے پوچھے بغیر اپنے نام منتقل کروالی تھی۔ جب انہیں پہلی بار پتہ چلا تو پہلا جھگڑا ان کا اس دن ہوا۔

"تم...... مجھے پتہ نہیں کیوں یہ لگنے لگا ہے کہ تم صرف میری بیوی نہیں ہو۔"

ثانیہ نے تلخی سے انہیں دیکھا تھا پھر ہنس کر بولی تھی۔ "تمہاری حسیات حیرت انگیز طور پر ہمیشہ اوور ورکنگ کرنے کے باوجود تمہیں غلط مشورہ نہیں دیتیں۔ مگر افسوس تم نے ہر معاملے میں دیر کر دی ہے۔"

"تم نے مجھے لوٹ لیا ہے...... کنگال کر دیا ہے...... میرے سوئس اکاؤنٹ کی ساری رقم تمہاری عیاشی کی نذر ہو گئی ہے اور بزنس پراپرٹی کا سارا لین دین تم نے جعلی کاغذات کے ذریعے اپنے نام کروا لیا ہے۔ مجھے تہی دست کر دیا ہے ثانیہ! مجھے سمجھ نہیں آتا کوئی عورت اتنا چھل بھی کر سکتی ہے۔ ایسی عورت جس کی دو بیٹیاں بھی ہوں؟"

"بیٹیاں...... یہ دونوں تمہارا پیدا کردہ ہے۔ تمہیں معلوم ہے مجھے اولاد کا کوئی شوق نہیں تھا۔ میں نے ہمیشہ اس ذمے داری سے جان چھڑانی چاہی تھی۔ مگر یہ بھی ایک بد روح تھیں کہ میری ہزار کوشش کے باوجود دنیا میں آ کر رہیں۔ تم نے پہلی بچی کو گود میں لے کر جس محبت کا اظہار کیا تھا وہ میرے لیے حیرت انگیز تھا۔ تمہارے لیے یہ محبت کے چھوٹے چھوٹے پیرائے تھے اور میرے لیے یہ دوہرا...... مگر تم یہ نہیں سمجھ سکتے۔ اس لیے علینا کے بعد میں نے اس ذمے داری سے ہمیشہ کے لیے ہاتھ اٹھا لیا۔ میرا خیال تھا، گورنس اور آسائشات کے ساتھ یہ دونوں بچیاں پل جائیں گی۔ لیکن یہ بچیاں تمہاری طرح تھکی ہیں۔ انہیں پیار چاہیے، ممتا چاہیے، گود کی گرمی چاہیے۔ ڈیم فٹ۔"

وہ جھٹکے سے کسی صوفے پر بیٹھ گئی۔ ایسے بے ڈھنگے انداز میں کہ آدھی صوفے پر تھی، آدھی صوفے کی ہتھی سے باہر۔ ٹانگیں لٹکا کر بیٹھ گئی تھی۔ سیم اصغر نے بیوی کو دیکھا۔ تنگ پائنچے کی جینز، سلیولیس بلاؤز، ٹاپ شرٹ...... وہ حیرت سے اس دن پہلی بار جاگے تھے۔ پہلی بار انہوں نے پوری حسیات سے اس عورت کو دیکھا تھا...... عورت کہ جس سے انہیں کبھی محبت ہونے کا دھوکا ہوا تھا۔

یہ عورت تو صرف بازار میں بکنے والی عورت تھی اور انہوں نے اس سے اتنا پاکیزہ رشتہ جوڑا تھا...... انہیں خود پہ حیرت ہونے لگی تھی۔ علینا اور نوشے کو دیکھ کر انہیں لگتا تھا بابا کی نسل بہت دور سے جو جسم میں آ کر پھنس گئی ہے۔ مگر وہ بال بال قرض میں اپنے جکڑ گئے تھے کہ ان کی یہ سوچ انہیں کوئی راستہ نہ دکھا سکی۔ علینا اور نوشے کو ثانیہ نے بورڈنگ ہاؤس میں ڈال رکھا تھا۔ وہ اب میدان صاف دیکھ کر ان کے سامنے آن کھڑی ہوئی تھی۔ انہوں نے پیار سے، محبت سے، غصے سے، ہر طرح سے آزمایا مگر ثانیہ کی چال نہ بدل سکی۔ پھر وہ کچھ سوچنے سمجھنے کی حد سے ایک انچ ادھر کھڑے تھے۔ جب انہوں نے ثانیہ کو کیا انتظر ستانہ طرح دیتے رہے مگر بات جب ان کی حد سے آگے نکل گئی تو وہ دو بدو پر اتر آئے۔ ثانیہ نے یہ مزاج دیکھا تو خلع کے کاغذات سامنے لا رکھے۔

"بہتر ہے ہم مزید کسی الجھن کے بجائے علیحدہ ہو جائیں۔ شادی کا حسن ماں کبھی تمہاری سو کالڈ شرافت نے بچھایا تھا سو مجھے اس حماقت کے جیل خانے سے تم ہی نکالو۔ مجھے نہیں رہنا تمہاری دنیا

میں..... تمہاری دنیا..... سانس لینے کی آزادی سے بھی چھین لے گی۔"

وہ منہ دیکھتے رہ گئے۔ نشے کے باعث انہیں کچھ سمجھ نہیں آیا تھا۔ مگر صبح جب وہ جاگے تو انہوں نے بنا کسی تردد کے خلع کے کاغذات پر سائن کر دیئے تھے۔ تانیہ زیورات اور سارے ڈاکومنٹس لے چکی تھی۔

قریبی دوست فاروق اعظم نے ملامت کیا۔

"تمہیں اتنی جلدی ہار نہیں ماننی چاہیے تھی۔ اسے عدالت میں تو گھسیٹتے، چکر پہ چکر لگواتے۔ دنیا کسی دھوکا دہی کا بھی چارج کر دیتے تو پھر پتہ چلتا، دیکھتے اور کیسے محبت کی نئی کہانیاں شروع کر پاتی۔"

سلیم افسر کچھ نہیں بولے۔ مگر قرض کی واپسی کا تقاضا کیا تھا کہ وہ لامحالہ تانیہ شاہ کے پاس گئے۔

"مجھے کچھ رقم دے دو، قرض چکانا ہے۔"

یہ ساری رقم تانیہ ہی نے اپنی عیش پسندی میں اڑائی تھی۔ نئی سے نئی گاڑی، مہنگے کپڑے سے ملنے کے..... پیسہ کتنا ساتھ دیتا؟ پھر یوں ہوا تھا کہ کریڈٹ پر بات چلتی رہی۔ وقت اچھا تھا، کریڈٹ کا معاملہ نبھتا رہا مگر تانیہ کے ہاتھ جیسے جادو کی چھڑی لگ گئی تھی، سو بینک کا قرض بڑھتا گیا۔ وہ تانیہ سے ملتے تھے، وہ شکایت بھی کی تھی مگر ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ بینک نے ان کا کاروبار، جائیداد اور گھر قرق کر لیا۔ وہ سڑک پر آ گئے۔ بچیاں بورڈنگ ہاؤس سے نکال دی گئیں۔ ایسے میں ایک دوست بخشو شیخ نے ان کو سر چھپانے کی جگہ دی۔ بچیوں کی ذمہ داری بھی انہی نے اپنے سر لے لی۔ گھر بار میں آگ لگی تھی کہ وہ انہی گلیوں کی خاک چھاننے لگے، جہاں کبھی شراب میں بھی جانے کا نہیں سوچتے تھے۔ پتہ نہیں کیوں، اس سب کے باوجود انہیں تانیہ سے نفرت نہیں ہو سکی تھی۔

ہاں وہ نفرت کرنے کی کوشش ضرور رہے تھے۔

پھر یوں ہوا وہ انہی گلیوں میں قید ہو گئے۔ ان کے ذہن سے یہ بھی نکل گیا کہ وہ کبھی باعزت زندگی بھی گزارتے رہے تھے۔ یا ان کا نام کبھی سلیم افسر بھی تھا۔ بیٹیاں کہاں ہیں، یہ خیال بھی نشے نے ان سے چھین لیا تھا۔ وہ تانیہ کے چوبارے کے باہر بیٹھے رہنے لگے تھے۔ لوگ ایک پیگ شراب یا ایک وقت کے کھانے کے لالچ پر اپنے بہت سے کام ان سے نکلوانے لگے تھے۔ وہ چوبارے میں خط و کتابت سے لے کر لڑکیوں کو لے کر جانے اور واپس لانے کی ذمہ داری تک میں اب کوئی عار محسوس نہیں کرتے تھے۔

ان کی زندگی نے بہت دھوکہ دیا تھا۔ لیکن انہیں خود پر حیرت نہیں ہوتی تھی کیونکہ حیرت کے لیے بھی ہوش درکار ہوتا ضروری تھا اور یہاں وہ ہر لمحے، ہر آن ہوش و خرد کو جام میں ڈال کر اندر

کبھی اٹھتے بیٹھتے سامنے آ کھڑا ہوتا تھا وہ ایک ناکام زندگی ہیں، جس کا انجام بھی ناکامی کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا۔ ماضی جب بھی یاد آتا انہیں ہر آن چین نہیں دیتا۔ یہی وجہ تھی وہ تھیمن سے مجھ سے حافظ مرا کی تھیں۔ وہ اس میں بہت پیچھے آ گئے۔ پھر یہی زندگی ان کا تعارف بن گئی تھی کہ وہ چہرہ چھپاتے۔ لڑکی ان کی سمت چلی آئی۔ اس لڑکی کو وہ بہت دفعہ ڈیسٹ پر خود ڈراپ کر چکے تھے۔ یہ جہنیاں جسم کے کاٹے کا سب سے قیمتی ممبر تھی۔ ان کی اور اس لڑکی کی اکثر بیچ ری چوری گفتگو رہتی تھی۔ مگر جب اس نے اس گفتگو کی نوعیت بدلی تو وہ حیران رہ گئے۔ وہ یہاں سے فرار ہونا چاہتی تھی۔

انہوں نے سنا تو خلاف توقع قہقہہ لگا کر پوچھا۔ "کیا کرو گی یہاں سے جا کر؟...... سب کچھ تو ہے یہاں۔ پیار، محبت، آسائش، زندگی......"

لڑکی نے ان کی طرف دیکھا، پھر بے بسی سے بولی۔ "سب کچھ ہے مگر یہاں عزت نہیں ہے۔ تم جانتے ہو اس عزت کے بارے میں...... میں نے سنا ہے تم بھی بہت بڑے بزنس مین ہوا کرتے تھے؟"

سلیم اختر نے نشیلی آنکھیں اس پر گاڑ کر اپنے خالی جام کی طرف دیکھا، پھر لاپروائی سے بولے۔ "کبھی تھا...... مگر اب میں یہ بھول جانا چاہتا ہوں کہ معاشرے میں عزت بھی کسی کمال کا نام ہے۔"

"تم کیوں بھولنا چاہتے ہو کہ عزت اور نام نسب کی کوئی وقعت ہے؟"

سلیم اختر نے لڑکی کو دیکھا، پھر بھرائے لہجے میں بولے۔ "میں ناکام ہوں اور ناکام کی کوئی عزت یا نسب سے کوئی علاقہ نہیں۔ میں بہت برا انسان ہو گیا ہوں...... اور مجھے لگتا ہے میں اب پہلی سی حالت میں کبھی واپس نہیں لوٹ سکتا۔"

"کیا واقعی انسان کوشش کرے تب بھی حالات نہیں بدل سکتا؟"

انہوں نے خمار سے اسے دیکھا، پہلی بار کسی بات پہ سوچا تھا انہوں نے۔ لیکن خمار آلود دماغ کیا واقعی کچھ سوچ سکتا ہے؟

سلیم اختر نے جواب نہیں دیا اور وہ لڑکی جو خود کو عافیہ بانو کہتی تھی، پھر سے لگن سے بولی تھی۔ "زندگی...... آپ کو پتہ ہے زندگی اسی لئے زندگی کہلاتی ہے کیونکہ یہ تغیر پسند ہے۔ تحریک اس کا خاصہ ہے۔ انسان زندہ رہے تو بدل سکتا ہے، صرف موت ایک اٹل حقیقت ہے۔ زندگی میں زندہ رہنا چھوڑ دینا کہاں کا انصاف ہے؟ آپ جینے کا ایک بار چانس کیوں نہیں لیتے؟ دیکھئے! آسمان کی طرف ایک بار دیکھئے۔ آپ کہنے لگے گا، جب تک وہ خدا ہے، بہت کچھ بدلا جا سکتا ہے، بلکہ سب کچھ بدلا جا سکتا ہے۔ آپ ایک بار آسمان کو دیکھئے...... آسمان کتنا وسیع، کتنا نیلا ہے۔ کالے بادل آسمان پر ہمیشہ کے لئے نہیں چھاتے، یہ موسموں کا تسلسل ہے اور وہ موسموں کا خالق۔ وہ رنگ بانٹتا رہتا ہے۔ یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم کس رنگ سے زندگی سجاتے ہیں۔ سلیم صاحب! انسان کے اندر امید زندہ رہے تو انسان بھی زندہ

AANCHAL.COM.PK

رہتا ہے۔ امید خدا کا دامن ہے۔ آپ کو پتہ ہے یہ بات؟"

سلیم اختر خان اضطرابی کی حالت میں بے حد کشاں لڑکی کو دیکھتے رہے۔ اس کی آنکھوں میں کچھ تھا جس نے ان کا دل تھام لیا تھا۔

پھر یوں ہوا وہ چپ چاپ کر ان سے ملنے آتی رہی۔ ہر بار ایک نیا امید کا در کھول جاتی۔ وہ بھی اس سے اپنے دل کی باتیں کرنے لگے تھے۔ انہوں نے تانیہ اور اپنی بیٹیوں کی بابت بھی کچھ نہیں چھپایا تھا۔ وہ یہاں شوفر کے طور پر نوکر رکھ لیے گئے تھے۔ مگر اب...... اب انہیں ایسا لگنے لگا تھا جیسے یہاں کی فضا کی کثافت سے ان کا دماغ پھٹنے لگا ہے۔ وہ اب یہاں نہیں رہ سکتے۔ تانیہ کی دلکش صورت بھی یہاں کی گندگی سے اٹ گئی تھی۔ دل سے انہوں نے یہ نام کھرچ کھرچ کر اتار دیا تھا۔ عافیہ بانو کا تھما دھیرے دھیرے ان کے دل کا زخم اتارنے لگی تھیں مگر جب وہ دور تک کریدتے تو عافیہ بانو کی ہر کوشش زیر و زبر ہو کر رک جاتی۔ وہ انہیں آنسو بھری آنکھوں سے دیکھتی اور وہ فرار کے دوسرے ہوئے لہجے میں بولتے۔

"بے کار ہے یہ سب۔ میں اتنا بگڑ گیا ہوں کہ سدھر نہیں سکتا۔ تم بے کار محنت کر رہی ہو۔ کسی اور کو آزماؤ شاید تمہیں کامیابی مل جائے۔"

عافیہ بانو روتی ہوئی چلی جاتیں اور وہ شرمندہ ہونے کے بعد خود سے شرمندہ ہو جاتے۔ یہاں تک کہ ایک دن عافیہ بانو کو کسی کے ڈیرے پر چھوڑے جانے کا کام انہیں سونپا گیا۔ وہ پہلی بار عافیہ بانو کا تماشا ہوتا دیکھ رہے تھے۔ جگر خراش کی کیفیت...... ان کی روح شل کر دی گئی تھی۔ وہ گاڑی چلا رہے تھے اور عافیہ بانو ان کے برابر بیٹھی آنسو بہا رہی تھیں۔ اب تک جو امید کا دامن تھامے کھڑی تھی اس امید نے دل جلا دیا تھا۔ وہ بار بار عافیہ بانو کا چہرہ دیکھ رہے تھے۔ تب ایک جگہ رکتے ہوئے سوال کیا۔

"یہ سب آپ کی زندگی کا حصہ ہے، پھر آپ یوں بلک بلک کر رو رہی ہیں جیسے کسی باعزت خاندان سے تعلق رکھتی ہوں؟"

عافیہ بانو نے سخت نظروں سے انہیں دیکھا، پھر آہستگی سے بولیں۔ "گناہ بے اختیاری میں کیا جائے تو معافی مل سکتی ہے، جان کر سمجھ کر کیا جائے تو جرم ہو جاتا ہے اس غلطی کی سزا ہے۔ میں بھی ویسی نہیں ہوں جیسا آپ سمجھتے ہیں...... مگر میرا رب کہتا ہے، اس نے میرے دل کو چھو کر پاک کر دیا ہے۔ پھر کسی بد ذات کا گزر بھی بندگی سے دور ہے۔ کسی بڑی بات کی کیچڑ سے خود کو لت پت کر دوں......

میرا باپ ایک معمولی انسان تھا مگر میری ماں بے پناہ حسین تھی۔ وہ واپس نہیں چلی آتی۔ میرے باپ نے مجھے اور عطیہ کو حاصل کرنے کی جتنی کوششیں کیں وہ ناکام ٹھہرائی گئیں۔ میری ماں جانتی تھی، میرا باپ عزت اور خاندانی وقار کی وجہ سے عدالت میں اسے نہیں گھسیٹ سکتا۔ اس لیے انہوں نے اپنی من مرضی کی۔ میں اور عطیہ جب تک اپنی زندگی کے اس رخ سے آشنا تھے ہمیں یہی زندگی بھلی اور

خوش گوار تھی یا شاید ہم ایسا سمجھنے کی کوشش کرتے تھے۔ اپنے اندر کی ناگواری کو ہم اپنی بے بسی کے نام پر مجبوراً پیچھے رہتے تھے، مگر جب سے بابا سے ملے ان کی موت کی خبر سنی، تب سے اندر سے کوئی ہے جو بار بار اکسا رہا ہے۔ چلو، زندگی کا رخ بدلو، یہ زندگی ہمارے لئے نہیں ہے۔ میں تب سے اس زندگی کو بدلنے کی کوشش کر رہی ہوں۔ عطیہ بغاوت کر کے اپنا گھر بسا چکی ہے۔ مگر میں اس آزادی کے لمس کو محسوس کرنے کے لئے کب سے تڑپ رہی ہوں۔ بڑی بہن ہونے کے ناطے میں نے اسے اس کی مرضی کے مطابق سپورٹ کیا۔ بہت چال بازیوں کے بعد میں اسے اس غلاظت سے نکال سکی ہوں۔ بڑی ماں اسی بات پر مجھ سے اور زیادہ خار کھاتی ہیں مگر مجھے کسی کی پروا نہیں ہے۔ لیکن یہ سچ ہے عطیہ کے ساتھ ہونے سے جو اپنا پن محسوس ہوتا تھا وہ تنہائی کی نذر ہو گیا ہے۔ میں یہاں اکیلی پڑ گئی ہوں۔ عطیہ نے یہاں سے نکل کر صرف ایک سال تک رابطہ رکھا، پھر شاید اس کے شوہر نے سختی سے روک دیا ہوگا۔ میں اب اس کی آواز تک بھولتی جا رہی ہوں۔"

وہ رو میں بہتے کہاں سے کہاں نکل گئیں۔ کتنی ساعتیں یونہی خاموشی کا پلو تھامے گزر گئیں، پھر انہوں نے حال میں لوٹ کر سلیم اختر کو مخاطب کیا۔

"سلیم صاحب! آپ کی تو خود کی بھی بیٹیاں ہیں۔ کیا پھر بھی میری التجا آپ کا دل موم نہیں کر دیتی؟ کبھی آپ نے سوچا ہے، جو زندگی آپ گزار رہے ہیں اس زندگی کے ہوتے ہوئے کون آپ کی بیٹیوں کو بیاہے گا؟ کبھی آپ نے سوچا اگر تانیہ میری ماں کی طرح آپ کی بیٹیوں کو اپنی راہ پہ لے آئی تو کہاں جائے گی آپ کی نسل؟...... مسٹر سلیم! کبھی آپ نے سوچا ہے یا نہیں، لیکن امارت بہت سے عیب چھپا لیا کرتی ہے مگر غربت اور مفلسی سے بڑا کوئی عیب نہیں۔ آپ کے پاس دولت نہیں ہوگی تو آپ کو معلوم ہے جانے کے نام کی شہرت آپ کی بیٹیوں کو کہیں بیٹھنے نہیں دے گی۔ لوگ انہیں ٹھوکروں میں رکھ لیں گے اور پھر اس بات کی گارنٹی کیا ہے کہ جہاں ورثے کے پاس آپ کی بچیاں ہیں وہاں کوئی آپ کی طرح کی نجات دے گا؟...... بیٹی بہت نازک آئینہ ہے نسیم صاحب! سات پردوں میں چھپا کر رکھنے کی چیز ہوتی ہے اور آپ نے انہیں بے یارومددگار چھوڑ دیا ہے۔"

آج نشتر کم تھا، کچھ بھی اس بات کو سمجھنے کے لئے سوچ کو سیڑھیاں چڑھ گئی تھی۔ عافیہ بانو خاموش تھیں اور وہ سوچ کے سمندر میں غرق مسلسل کار ڈرائیو کر رہے تھے۔

عافیہ بانو کو لگنے لگا تھا، جیسے انہوں نے اب تک ایک پتھر سے سر پھوڑا تھا۔ جذبات کی شاید اس انسان کی کیمسٹری میں کوئی جگہ نہیں تھی لیکن سنا ہے، پیسے کی بات ہر انسان کو بہت جلد متاثر کرتی ہے۔ سو انہوں نے نیا تیر پھینکا تھا۔

"سلیم صاحب اگر آپ نے مجھے اس زندگی سے نکال لیا تو میں آپ کو اتنا دے دوں گی کہ آپ ایک بار پھر ترقی کی بلندیوں کو چھو سکتے ہیں۔ بس آپ کسی طرح مجھے یہاں سے نکلنے میں مدد کر دیں۔"

سلیم افسر نے پہلی بار انہیں توجہ سے دیکھا، پھر آہستگی سے بولے۔ "زندگی میں میں نے بہت برا کیا، بہت کچھ ایسا کہ شاید ساری زندگی اپنے سامنے نظر نہ اٹھا سکوں۔ مگر عافیہ بانو! آپ مجھے اتنی پستی میں بھی مت دھکیل دیجئے کہ میں کبھی اپنے پیروں پر دوبارہ کھڑا بھی نہ ہو سکوں۔ شراب...... شراب واقعی انسان سے ہر جذبہ چھین کر کسی کی طرح دھو لیتی ہے۔ وہ اندر کچھ بھی نہیں رہنے دیتی صرف ہوس...... کہ صرف اپنی ہی ذات کی ہوس کے علاوہ کچھ بھی نہیں رہنے دیتی۔ مگر وہ رنگ کہ میری بات نہیں، وہ ماضی ہے، جسے میں اس کے نشے میں ڈبو کر نیست و نابود کر دینا چاہتا ہوں۔ مگر ہر روز صبح جب یہ ڈوبا ہوا ماضی پھر سے ساحل پر آ کھڑا ہوتا، مجھ سے آنکھیں چار کرنے لگتا تو پھر مجھے لگتا میں ہوش کا ایک بار پھر اپنے وجود سے ہاتھ پکڑ کر باہر نکال دوں۔ مگر عافیہ! میں جب مجبور ہو جاتا، میں غرقاب ہونے کی منزل کو چھونے ہی والا ہوں تو تم پہنچ آ گئیں۔ تمہاری باتوں نے عمر بھر کے اس فریب سے آزاد کرنے کے لئے مجھے میرے ہی سامنے دھکیل دیا۔ میری مسخ کہانی پھر پہلے قدم سے شروع ہو گئی...... عافیہ! میں اس بچے کی طرح ہوں جس نے گود سے اتر کر پہلی بار دھرتی پر قدم رکھا ہے۔ مگر پھر لڑکھڑاتے ہیں۔ بار بار لگتا ہے، میں اب گرا تو دھرتی کی ساری مٹی مجھے پھانک لے گی، میں چلنا بھول گیا ہوں۔"

وہ کمسن بچے کی طرح ہو گئے تھے اور عافیہ بانو کی ممتا نے انہیں سمیٹ لینے کی ہوک سی تھی لی، وہ نہیں جانتی تھیں، یہ کیا رشتہ ہے۔ مگر ہر روز جب بھی وہ ان کے سامنے جاتیں تو انہیں لگتا، سلیم افسر ہی وہ انسان ہیں جن پر تقدیر نے انہیں اختیار دیا ہے۔ چونکہ وہ ان کا نصیب تھے یا نہیں، مگر اس لمحے وہ ان کے لئے تمام تر شدتوں سے ایک ہی جذبہ رکھتی تھیں اور وہ تھا محبت۔ ان کی زندگی میں محبت کی کوئی ڈیفی نیشن نہیں تھی، مگر انہیں لگتا تھا ان کی زندگی میں محبت ہی ان کی ذات کی ڈیفی نیشن بنے جا رہی تھی۔

عافیہ بانو کا دایاں ہاتھ سلیم افسر کے کندھے پر دباؤ ڈالنے لگا تھا۔ سلیم افسر محبت کے ٹھکرائے ہوئے انسان تھے۔ مگر یہ کمبخت محبت، یہ دل تو دوسری یا تیسری بار کیا، بار بار دھوکے افسوس کے باوجود محبت کرنے سے باز کب رہنے دیتا ہے۔ جو چنگاری اندر کہیں سلگ رہی تھی یا انہیں اس کا گمان ہوا تھا، وہ چنگاری یکدم تپش دینے لگی تھی۔

برسوں کے رکے ہوئے آنسو جو جام میں انڈیل کر ڈبو دیئے گئے تھے، وہ آنسو آج سلیم افسر کی آنکھوں میں جلن پیدا کرتے رخسار پر بہہ نکلے تھے۔ انہوں نے سائیڈ پر گاڑی روک دی تھی۔ وہ بے تحاشا تڑپ کر روئے تھے۔ عافیہ بانو پہلے تو جھجک کے بارے دیکھتی رہی تھیں، پھر دل سے ایک طوفانی جذبہ اٹھا تھا اور ان کی محبت نے سلیم افسر کو اپنی ذات میں سمیٹ لیا تھا۔ سلیم افسر، عافیہ بانو کے شانے پر سر ٹکائے روتے رہے۔ پھر بہ دقت خود کو سنبھال کر بولے۔

"جہاں جانے والے تھے وہاں کے ٹرپ کا کیا کریں؟"

عافیہ بانو انہیں دیکھنے لگیں۔ انہیں کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ کیا بہانہ بنائیں۔ کچھ ساعتیں اسی بے کلی و ہراس میں گزریں، تب انہوں نے عافیہ بانو کو مخاطب کیا۔ "آپ چھوٹی موٹی چوٹیں برداشت کر سکتی ہیں عافیہ؟"

عافیہ بانو سوالیہ دیکھنے لگیں پھر مدھم لہجے میں بولیں۔ "آپ کے ذہن میں کیا چل رہا ہے سلیم صاحب؟"

سلیم افسر مسکرائے، پھر مدھم ہو کر بولے۔ "آپ نے ابھی پیسوں کی بات کی تھی۔"

عافیہ بانو کا چمکتا چہرہ تاریک ہو گیا۔ سلیم افسر نے ان کی آنکھوں میں کرب دیکھا تو آہستگی سے بولے۔ "آپ مجھے غلط مت سمجھئے۔ میں آپ کی جو رقم لوں گا وہ رقم مجھ پر قرض کی طرح واجب ہوگی۔ لیکن یہاں سے نکلنے کے لیے مجھے زادِ راہ چاہیے ہی ہوگا۔ میرا ایک دوست انگلینڈ میں ہوٹل انڈسٹری سے وابستہ ہے۔ میں اس سے جاب کی بات کروں گا، پھر جب تک وہاں سیٹل نہ ہو جاؤں، آپ وقتی طور میرے گھر میں رہ سکتی ہیں۔ سال بھر کی بابت تو آپ کو خبر نہیں تھی۔ میں نے یہ گھر بیچ کر پانچ لاکھ دوست کو دے رکھا تھا۔ آپ کے اور بچوں کے ویزے کے لیے وہی کام آئے گا۔"

عافیہ بانو خاموشی سے انہیں دیکھنے لگیں تو وہ پھر بولے۔

"دراصل تانیہ کے بعد گھر گرہستی سے میرا دل ایسا اچاٹ ہو گیا تھا کہ مجھے اپنی اولاد بھی بری لگنے لگی تھی۔ بس دنیا چھوڑ دینے کو دل کرتا تھا۔ مگر چند دنوں میں آپ کی ذات نے میرے اندر جو امنگ اور زندگی کی رمق کا دیا جلایا ہے، اس نے زندگی کرنے کے سارے حربے پھر سے یاد دلا دیے ہیں۔ آپ سمجھ رہی ہیں نا، میں کیا کہہ رہا ہوں؟"

عافیہ بانو ثبات سے سر ہلا کر ان کے ساتھ کی خواہش کے کہ ان کو دیکھنے لگیں۔ وہ جس جذباتی کیفیت سے گزر رہی تھیں، اگر اس موڑ پر کوئی ان کو زندگی سے نکلنے کا واحد حل موت بھی بتاتا تو وہ بھی انہیں قبول ہوتا۔ یہ تو پھر زندگی کی بات ٹھہری تھی۔

سلیم افسر گاڑی کو پھر سے سڑک پر واپس لے آئے تھے۔ پھر گاڑی چلاتے ہوئے انہوں نے جانے کیا سوچا تھا۔ گاڑی کنارے روک کر ڈیش بورڈ پر رکھے ٹشو پیپر پر ایک تعارفی خط دوست اور انگلینڈ کے پتے اور بچوں کے ٹھہرنے کی جگہ...... پاپا کے دوست کے نام الگ خط، نہایت مختصر ترین مدعا، پھر ٹشو پیپر کے تینوں ٹکڑے ان کے حوالے کر کے بولے۔

"پلیز عافیہ! آپ فرنٹ سیٹ سے اٹھ کر پیچھے چلی جائیے۔ حادثہ ایک رسک ہے۔ اور میں چاہتا ہوں اس رسک میں آپ بچ جائیں۔ ایک دم خیال آیا تھا مجھے کچھ بھی ہو سکتا ہے، اس لیے بچے آپ کو

بیٹے ہیں، اگر معاملہ بگڑ جائے تو آپ مجھے چھوڑ کر بے دھڑک جا سکتی ہیں۔ ہاں، بس میری بیٹیوں کی ذمہ داری آپ کے سر ہوگی۔"

عافیہ بانو ششدر رہ گئیں، پھر ایک دم جذبات کا ابال اٹھا۔ انہوں نے ان کا ہاتھ تھام لیا، پھر پُریقین لہجے میں بولیں۔ "آپ کو کچھ نہیں ہوگا۔ ہم دونوں مل کر بچیوں کی دیکھ بھال کریں گے۔ مجھے آپ کی سوت کی نہیں، زندگی کی اشد ضرورت ہے۔"

سلیم افسر نے ان کی آنکھوں میں دیکھا، وہاں صرف سچائی اور وفا کے سوا کچھ نہیں تھا۔ بے اختیار انہوں نے جسارت کی تھی، عافیہ بانو نے ان کی پُرمحبت جسارت پر انہیں ٹوکا نہیں تھا۔ وہ سمجھے تو انہیں لگا تھا جیسے آج وہ جو بازی لگائیں گے اس میں جیتنے سے انہیں کوئی نہیں روک سکتا۔ وقت، محبت سب ان کے ہاتھ میں تھے۔ انہوں نے باور کیا تھا۔

حادثہ قطعی حقیقی تھا مگر نقصان قطعی آرڈر میں تھا۔ عافیہ بانو معمولی زخمی ہوئی تھیں۔ سلیم افسر کو چوٹیں زیادہ لگی تھیں مگر بروقت طبی امداد ملنے سے معاملہ کنٹرول ہی رہا تھا۔

خون زیادہ نہیں بہا تھا۔ عافیہ کے ہاتھ اور بازو پر ٹکرا کر گاڑی کے ٹوٹنے سے اندرونی چوٹیں آئی تھیں۔ پیشانی پر سائیڈ ڈور کے گلاس کی کرچیوں سے زخم آئے تھے۔ نیل پڑ گئے تھے۔ بڑی چوٹ کوئی نہیں تھی۔

بڑی ماں اس حادثے کے بعد فوراً ہی ہسپتال پہنچ گئی تھیں۔ ان کی دعا سلام سے بہت جلدی کور کر لیا گیا تھا۔ وہ سلیم افسر کے روم میں بیٹھی تھیں، جب بڑی ماں نے اس روم میں انٹری دی تھی۔ سلیم افسر ان کے بہت کام کے بندے تھے، اس طرح بستر پر دیکھ کر وہ تاسف سے ہاتھ ملنے لگی تھیں۔ اس سے تسلی دے سکتیں تو انہوں بھرے لہجے میں بولیں۔

"کیا ہے سلیم! تم تو ڈرائیونگ میں اتنے ماہر تھے۔ یہ اچانک کیا کر بیٹھے؟"

سلیم افسر نے چہرے کو تکلیف سے بے زار کیا، پھر مدھم لہجے میں بولے۔ "کیا کروں بڑی ماں! ماہر آدمی بھی کبھی کبھی غلطی کر ہی جاتا ہے۔ مجھے تو بس افسوس ہے کہ عافیہ بانو، خان اختر کے ڈیرے نہیں جا سکیں۔ آپ کی عزت پر میں اپنی جان قربان کر سکتا ہوں مگر کیا کروں، بے حد مجبور ہوں۔"

وہ جتنا جھوٹ اس لمحے بول سکتے تھے، انہوں نے بولا تھا۔ بڑی ماں مطمئن انداز میں انہیں دیکھنے لگیں، پھر توقف سے، آگے کام نکلتے رہیں گے، کے خیال سے بولیں۔ "ارے اس کی فکر مت کرو۔ خان اختر نے پرائیویٹ پارٹی کے لیے کوئی مخصوص نام نہیں دیا، اس لیے وہاں میں نے نشیلا کو بھیج دیا۔ وہ بھی کوئی کم قاتل حسن تو نہیں رکھتی۔ تم بس ساری سوچیں اپنے ذہن سے نکال دو اور جلدی سے صحت یاب ہو جاؤ تو میں ایک جشن کروں گی کہ اس اوپر والے نے میری بچی اور تمہیں بچا کر بہت بڑا احسان کیا ہے۔"

حافیہ بانو خالی آنکھوں سے انہیں دیکھ رہی تھیں مگر توجہ مرکز ان تک لوٹی تو ان کی آنکھوں میں بڑی ماں کے لئے لگاوٹ سی لگاوٹ تھی۔ وہ ان کا ہاتھ تھام کر اپنے پرائیویٹ روم کی طرف بڑھ گئی تھیں اور وہ شکر گزار تھے کہ ڈاکٹر رحمان نے اس لمحے ان کا بہت ساتھ دیا تھا۔ زخموں کی کہانی اتنی شدید نوعیت کی بھی نہیں تھی مگر انہوں نے میڈیکلی توجیہات پیش کر کے انہیں اچھی طرح تھما دیا تھا۔ ڈاکٹر رحمان ان کے دوست کے دوست تھے، ان کے قریبی دوست فاروق اعظم سے ان کی میل ملاقات اکثر رہتی تھی۔ وہ اکثر واک ایک ساتھ کیا کرتے تھے، کبھی کبھی وہ ایک دوسرے کو چھوڑ دیتے کہ کھانے کی دعوت بھی دیا کرتے تھے اور انہی دنوں میں ان کے ڈرائنگ روم میں لگی مسز سلیم افسر کی تصویر سے شناسائی کے باعث سلیم افسر جب ایمرجنسی میں ہسپتال آئے، انہوں نے پہلی فرصت میں مسٹر فاروق اعظم کو کال کر دیا تھا کہ بقول ان کے ان کا سنگ فرینڈ دریافت ہو گیا ہے۔ پھر پہلی بار ہوش آجانے پر انہوں نے فاروق اعظم کو دیکھ کر جلدی جلدی اپنی مجبوری بتائی تھی۔ تب فاروق اعظم کے کہنے پر ہی مسٹر رحمان نے ان کو دلاسے دیے، سمجھے ہر طرح کا ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا اور بہت مشکل سے چھپایا بھی تھا۔ یہی وجہ تھی کہ بڑی ماں کے چلے جانے کے بعد فاروق اعظم کو دیکھ کر ان کے دل میں اپنے دوست کے لئے بے پناہ پیار ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔

وہ مکمل طور پر پرسکون تھے مگر حافیہ بانو کے لفظوں جیسے محبت نے ایک بار پھر ان کا ہاتھ تھام لیا تھا۔ مسٹر فاروق سامنے بیٹھے تھے اور سلیم افسر ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھام کے نظر جھکائے لیٹے تھے۔ وہ اپنے آپ سے شرمندہ تھے۔ فاروق اعظم انہیں دیکھے جا رہے تھے، پھر خفگی سے انہوں نے پہلی بار خاموشی کو زبان دی۔

''اعظم...... آخر تم خود سے اتنے ایسے کیسے ہو گئے تھے کہ ہر طرف سے منہ موڑ گئے؟ ایک بار بھی نے تمہارا تمہارا دوست ہوں...... تم نے ہم سب کو اس کے جیسا سمجھ لیا۔ بچپن کی دوستی کا خیال تک نہیں کیا۔ کسی کا خیال کرتے نہ کرتے، کم از کم اپنی بچیوں کا تو خیال کرتے۔ تمہیں پتہ ہے، انکل کے دوست نور صاحب کتنے اونچے تھے؟ ان کی بیوی ایک نمبر کی کینہ پرور عورت تھیں۔ وہ چاہتی تھیں تمہاری شادی ان کی بیٹی سے ہو مگر تم نادیہ کو یہاں لائے، یہ بات وہ ہضم نہیں کر سکیں۔ ان کی بیٹی اور مسز نور نے بچیوں کے ساتھ جو سلوک روا رکھا، الاماں الاماں۔ وہ تو اچانک میں ایک دن مسٹر نور کے گھر چلا گیا۔ علینہ مجھے دیکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ وہ چھ سال کی بچی، جیسے اپنے حالات بتا سکتی تھی بتانے لگی۔ ان حالات میں مجھے جو بہتر لگا، وہ کیا۔ فوراً میں اپنے ایک جاننے والے ڈپٹی کمشنر دوست کے پاس گیا، بچیوں کو اپنی کسٹڈی میں کرنے کا کیس داخل کیا اور پھر ایک مہینے میں صرف دوستی اور سورس کی وجہ سے اس کا فیصلہ لے کر میں دونوں بچیوں کو حاصل کر سکا۔ اس کام کے لئے ناکوں چنے چبانے پڑ گئے تھے۔ مگر اچھی خبر یہ ہے کہ حالات تمہارے، وہ چند خطوط، جو یوکے کے تعلیمی دور میں تم نے مجھے لکھے تھے، تمہاری نسبت جو تھا اور تمہارے اعتبار کو شفاف کرنے میں کافی کام آئے۔ اب اللہ کا شکر ہے۔

تین سال سے یہاں بورڈنگ ہاؤس میں مسلسل طور پر پڑھائی میں مصروف ہیں۔ مگر سلیم ایڈیٹ! انہیں اور کچھ نہیں سوجھا تھا؟ عافیہ سے شادی کرنا غلطی نہیں مگر یہ شو...... یہ کیا تمہیں زیب دیتا تھا؟ تم جیسے کولڈ مینڈ لسٹ حساب والے کو یہ حماقت پر حماقت قطعاً زیب نہیں دیتی۔"

سلیم افسر کچھ نہیں بولے۔ مسٹر فاروق جو کہہ رہے تھے تسلیم تھا سو وہ کہہ کر جتنے تھے انہوں نے آگے کا پلان بتایا۔ مسٹر فاروق نے عافیہ بانو کا نام سنا تو بھڑک گئے۔

"بابا سنو پلیز۔ پھر ایک نئی حماقت۔ تجھے کیا عزت دار گھرانے کی کوئی لڑکی نہیں نظر آتی جو..." وہ کہتے کہتے رک گئے تھے۔ کیونکہ دروازے سے عافیہ بانو داخل ہوئی تھیں۔

"گھر سے سوپ لایا تھا۔ میں نے سوچا میں آپ کو اپنے ہاتھوں سے پلا دوں۔ لیکن شاید آپ بے حد مصروف ہیں۔" انہوں نے سوپ کا پیالہ ان کے سائیڈ ریک پر رکھ دیا۔ ان کی آواز رنجیدہ ہو رہی تھی۔

فاروق اعظم نے پہلی بار انہیں نظر بھر کر دیکھا تھا۔ ملامت آنکھوں کا حصہ چہرے پہ بھی آگئی...... انہوں نے یکدم فیصلہ کر کے کرسی خالی کر دی۔ پھر ادب سے بولے۔

"پلیز عافیہ جی! آپ سلیم کو اپنے ہاتھ سے سوپ پلائیں گی تبھی یہ کچھ کھا سکے گا۔ ورنہ لیکن میرا کام آرڈر سے پلیز اپنی سیٹ سے یہاں بیٹھ جاتا ہوں۔ آپ مطمئن ہو کر اپنی من مرضی کر سکتی ہیں۔"

عافیہ بانو نے لہجے سے بہت کچھ چہرے کی طرف دیکھا۔ وہاں واقعی پہلے تاثرات تیزی سے زائل ہو چکے تھے۔ سلیم افسر سوپ پی چکے تو دوا کھلانے کا کٹھن مرحلہ درپیش آیا۔ وہ گولیاں نگلنے کے چور تھے مگر عافیہ بانو نے انہیں جس طرح ہینڈل کیا اسے دیکھ کر عافیہ بانو کے جاتے ہی فاروق اعظم نے جوش سے کہا تھا۔

"پہلی بار تو نے صحیح فیصلہ لیا ہے۔ تجھ جیسے کھتے بندے کے لیے ایسی ہی لائف پارٹنر کی ضرورت ہے۔ عافیہ خدمت گزار ہیں پھر بھی متوازن ہیں اور یہ خوبی بہت کم عورتوں میں پائی جاتی ہے۔ حکمرانی کی خواہش میں گھلا چھپا لینا اور چپکے چپکے دل پر حکمرانی کرتے چلے جانا اپنی بات آپ کے دل میں یوں اتارنا کہ وہ خود بخود آپ کے اپنے دل کی بات لگنے لگے۔ اٹس امیزنگ یار، بلکہ فرسٹ کلاس۔ مجھے تمہاری اس چوائس پر اب کوئی تحفظات نہیں۔"

سلیم افسر ہنسنے لگے۔ پھر جتنے دن وہ ہسپتال میں رہے، فاروق اعظم نے ان کی من مرضی کے سارے کام کروا لیے۔ پاسپورٹ، ویزا سب کچھ بیس پچیس دن میں مہیا کر لانا انہی کا کمال تھا۔ مگر مسئلہ عافیہ کی ایک سالہ بیٹی کا تھا۔ ان کی بیٹی اپنی نرم ماں سے بہت زیادہ وابستگی رکھتی تھی۔ کم عمر اتنی تھی کہ اسے کچھ سمجھایا بھی نہیں جا سکتا تھا۔ سلیم افسر اور عافیہ دونوں اس معاملے میں پریشان کن دوراہے پر آ کر اٹک گئے تھے کہ فاروق اعظم پھر روشنی کی کرن بن کر سامنے آئے۔ سلیم افسر کو ان کی دیانتداری پر بلا کا بھروسہ تھا کیونکہ عافیہ سے نکاح کے بعد فاروق اعظم ہی تو تھے جنہوں نے انہیں مشکلوں میں

جائیداد بھی بہت پہلے ہی بچنے سے کمال مہارت سے بچا لیا تھا، بس انہیں اپنے ایک رنگین طبیعت دوست کا سہارا لینا پڑا تھا، انہیں وہ کچھ یوں جانتی تھیں۔ سو شک کو پہلو تک سے لئے بغیر پورے چھ ماہ کے لئے کنٹریکٹ میں ڈیپ معاہدے کے تحت خانیہ کی خدمات حاصل کر لی گئی تھیں۔ یاد رہے کہ وہ فاروق اعظم کے فارم ہاؤس میں سلیم افسر کے ساتھ رہائش پذیر تھیں۔ سلیم افسر ہسپتال سے غائب ہو گئے تھے۔ بڑی ماں کے مریدوں نے انہیں بہت تلاش کیا تھا مگر ہاتھ آ کر بھی نہیں رہے۔ بڑی ماں ہیرا جیسا ملازم کھونے پر کچھ دن آزردہ رہیں، پھر سب بھول بھال گئیں مگر اس وقت جو مسئلہ درپیش تھا، وہ خانیہ سے زیادہ نازک مسئلہ تھا۔

"تم کوئی حل نکالو یار! انہوں نے چار دن بعد کی ٹکٹیں کروائی ہیں۔" سلیم افسر نے فاروق اعظم کو دیکھ کر سوال کیا اور سوچنے کی ذمہ داری سونپتے ہوئے کہا۔

فاروق اعظم مسکرائے، پھر مدھم ہو کر بولے۔ "وہ تمہاری بڑی ماں......"

سلیم افسر نے فوراً خفگی سے انہیں دیکھا، پھر اسی خفگی سے بولے۔ "پلیز! اس عورت کو ماں جیسے مقدس رشتے سے منسوب نہ کرو تو بہتر ہے۔ تم اسے چڑیاں بیگم کہہ سکتے ہو۔"

فاروق اعظم نے مسکرا کر اعتراض مان لیا، پھر بات جہاں رکی تھی وہیں سے شروعات کر کے بولے۔ "میں نے سنا ہے چڑیاں بیگم کا جو ملازم ہے بیوہ فراسیاں چیتوں، وہ خانیہ بھابی کی بیٹی کو روز کھانے کے بعد تفریح کے پارک میں لے جایا کرتا ہے۔ معلومات سے پتہ چلا ہے وہ بے حد لالچی بھی ہے۔ اگر ہم بچی کے اغوا کا ڈرامہ کرنے کا اسے اچھا معاوضہ دے دیں تو......"

سلیم افسر کو آئیڈیا پسند تو آیا مگر اس جواب سے نیا سوال ابھرا۔ "بچی کو اغوا کون کرے گا؟"

فاروق اعظم نے انہیں دیکھا، پھر آہستگی سے بولے۔ "شیرو گروپ۔ وہ اغوا برائے تاوان کا چیمپئن ہے۔ اگر ہم نے کہہ دیا تو پھر بھی دیا تب بھی بچی اغوا ہونے سے بچ نہیں سکتی۔ وہ اپنے کام کا ایسا ہی ماہر ہے۔ مگر سنو! خانیہ بھابی کو اس پلان سے آگاہ مت کرنا، وہ مان نہیں، گھبرا نہ جائیں۔"

سلیم افسر نے سر ہلایا۔ فاروق اعظم نے ساری مہم اور سوچ سے شروع کر دی۔ پھر ڈیڑھ دن بعد کامیابی ہوئی۔ شیرو گروپ سے بات ہو گئی۔ حسب پروگرام بچی اغوا کر لی گئی۔ سلیم افسر نے بچیوں کو بورڈنگ ہاؤس سے بلوا لیا تھا۔

وہ سب ڈنر کی پرواز کے لئے نکلنے والے تھے۔ بچی فاروق اعظم ہی لے کر آنے والے تھے۔ مگر وہ انتظار گاہ میں بیٹھے ہوئے تھے، جب اچانک فاروق اعظم گھبرائے ہوئے داخل ہوئے۔ سلیم افسر انہیں

عافیہ ادھر بیٹیوں سے ڈرے ہوئے گئے پھر سوال کر بھی نہیں پائے تھے کہ فاروق اعظم سرسراتے لہجے میں بولے تھے۔

"سلیم چونک ہو گئی۔ وہ دیتو بہ معاش نکلا۔ اپنے معاہدے سے پھر گیا ہے۔ اس نے بچی کے لئے مزید رقم کا مطالبہ کیا ہے۔ میں نے کوشش بہت کی مگر مطلوبہ رقم مہیا ہونا اتنی آسان بات نہیں۔ اگر ایک دو دن ملتے تو شاید کوشش کامیابی بھی ہو جاتی۔ مگر اس وقت یہ سب ممکن نہیں رہا۔ تمہارا ڈراپ کینسل کرنے کا مطلب ہے سارے معاملات بگڑ جائیں۔ عافیہ بانو بیٹیاں نہ آئیں آنے کا اندیشہ ہے۔ اب تم بتاؤ کیا کریں؟"

سلیم افسر دنگ فاروق اعظم کو دیکھتے چلے گئے۔ وہ واقعی بہت پریشان کن سچویشن میں آ کر پھنس گئے تھے۔ انہیں پتا آپ بہت کیا محسوس ہوا تھا کہ کسی کا حوصلہ بھرا ہاتھ ان کے کاندھے پر آ رکا۔ وہ بجلی کی تیزی سے پلٹے۔ ان کی پشت پہ عافیہ کھڑی تھیں مگر ان کی طرح ہراساں نہیں تھیں۔ کمپوزڈ تھیں۔ انہیں حیرت ہوئی تھی۔ پھر یہ حیرت کئی چند لمحوں میں ہی کم گئی تھی کہ بنگلے کے اس طرف سے جہانیاں بیگم کی صورت نظر آئی۔ بچی ان کی گود میں تھی۔ عافیہ بانو کی آنکھوں میں آنسو بھر گئے تھے۔ وہ جانتی تھیں انہوں نے کیا کھو دیا ہے یا کیا کھونے جا رہی ہیں۔ جہانیاں بیگم ان کے سامنے آن کھڑی ہوئی تھیں۔ پھر سلیم افسر کو مخاطب کر کے بولیں۔

"تم کیا سمجھتے تھے، تم ایک ماہر چال باز ہو؟ اگر تم ایسا سمجھتے ہو تو نادانی سمجھتے تھے۔ لیکن میں نے بہت دھوکہ کھایا ہے۔ وہ صرف اعتبار پر کھیلا ہے۔ مگر دیکھ لو میں کتنی جلدی اس جھٹکے سے سنبھل گئی ہوں۔ جو نے جتنی رقم کا مطالبہ تم سے کیا تھا، میں نے اسے پانچ فیصد زیادہ رقم دے کر یہ لاڈلی خرید لی ہے۔ جتنی اتم پر میرا احسان بڑھ گیا تھا اگر تمہاری بیٹی یہ سارا خرچ سود سمیت مجھے لوٹانے والی ہے۔"

عافیہ بانو کی آنکھیں بہنے لگی تھیں۔ جہانیاں بیگم جانتی تھیں، وہ ان کی ممتا سے کھیل رہی ہیں اور اپنی من مرضی کا نتیجہ لینے کے لئے انہیں اسی ممتا کا استعمال کرنا تھا۔ ماں سب کچھ سہہ سکتی ہے، اپنی اولاد کو کھونے کا غم نہیں سہہ سکتی۔ سلیم افسر کی اولاد بچا کر بھی ان کی اولاد تو نہیں بن سکتی تھی۔ یہی وہ نکتہ تھا جو عافیہ کو جذبات کی اس انتہا پر پہنچا سکتا تھا کہ پھر انہیں منہ کے بل گرنے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا۔ یہ معاملہ ایسا تھا کہ کہیں دونی بھی ہاتھ باندھے کھڑی رہ جاتی تھی۔

"میری محبت تمہیں قید نہیں کرے گی، اگر تم......" سلیم افسر نے ان کا ہاتھ تھام کر فیصلہ دیا۔

عافیہ بانو نے ایک نظر سلیم افسر کو دیکھا۔ دوسری نظر چھ ماہ عابد اور دو سالہ انوشے کی طرف گئی۔ پھر نظر سوتے ہوئے بے خبر اپنی بیٹی پر جا کر رک گئی۔ ایک راستہ زندگی کی جانب تھا اور ایک ذلت کی موت کی...... ایک سمت میں گھر گرہستی کا سکون تھا اور دوسری سمت ذات کی تذلیل...... ایک طرف محبت تھی، دوسری طرف محبت کی انتہا ممتا کے روپ میں کھڑی تھی۔ بچی نے ہمک کر ان کی طرف ہاتھ بڑھائے تھے۔ انہیں

لگتا تھا ان کا دل یکبارگی بند ہو جائے گا۔ جہاں آرا بیگم نے تڑپ کا پتا پھینکا تھا اور شکست ہر آن ان کی طرف بڑھتی چلی آ رہی تھی۔ عافیہ بانو نے ایک ٹک بچی کو دیکھا اور پھر آنکھیں بند کر لیں۔

”سلیم! چلئے، آپ کی محبت قید تو نہیں ہے۔ آزادی کو کس بے میرے لئے جسے میں عمر بھر بھگتنا چاہوں گی۔“

سلیم اختر نے نرم نرم سی کرتی آنکھوں سے اس عورت کو دیکھا جو یکدم عظمت کے مینار پر جا پہنچی تھی۔ جہاں آرا بیگم تلملاتی رہ گئیں۔

”میں تمہاری اسی ضد سے ایک دن خاک چھانوں گی۔ تم اس آدمی پر بھروسہ کر رہی ہو، ماں دیکھنا یہ آدمی تمہیں سارے جہان میں رسوا کرے گا۔ یہ مرد کبھی کسی ایک کے ہو کر نہیں رہتے، دیکھنا..... دیکھنا تم۔“

وہ چلاتی رہیں۔ بچی کا اچھا رچا کر روتی رہی۔ مگر عافیہ بانو پھر نہیں مڑیں۔ انہوں نے سن رکھا تھا سفر میں پیچھے مڑ کر دیکھو تو پتھر کا ہونے سے کوئی منزل نہیں روک سکتا۔ وہ پتھر کی ہونے سے بچ گئی تھیں مگر ایک بھاری پتھر تھا جو سینے میں دل کی جگہ رکھ گیا۔ وہ اس نئے سفر پر نکل کھڑی ہوئی تھیں۔ جو سفر جو کسی کی طرح کا نیا اور انوکھا سہی تو ان کی جھولی میں ڈال سکتا تھا مگر ان کے ساتھ چلنے والے مرد نے قسم کھائی تھی اس کی نم آلود ستائی کو وہ اس عورت کو کبھی اپنے نام کا کوئی دکھ نہ دیں گے۔ مضبوطی سے تھامے ہوئے ہاتھ کو انہوں نے تھپتھپایا تھا اور.....

”کیا ہے سلیم! آپ نے ابھی تک چائے نہیں پی۔ میں کب سے رکھ گئی ہوں۔ ٹھنڈی ہو گئی ہوگی اب تو.....“

یکدم ہوا کا تیز جھونکا سا تھا قریب سے سنائی دی کہ وہ ہڑبڑا سے گئے ماضی سے نکلے۔ انہوں نے ان آنکھوں کی طرف دیکھا جنہیں ہمیشہ مسکراتے رہنے کی عادت تھی۔ وہ آنکھیں..... وہ آنکھیں ان پر ہی مرکوز تھیں۔

”کیا ہو گیا اتنی محبت سے کیا دیکھ رہے ہیں؟ کیا پہلی بار ملے ہیں ہم؟“

سلیم اختر کی آنکھوں میں شوخی بھر آئی۔ وہ اٹھ کر کام کرتی عافیہ بانو کے قریب جا کھڑے ہوئے اور جذبے سے بولے۔ ”تم سے جب ملتا ہوں، یونہی لگتا ہے، پہلی بار مل رہا ہوں۔ اور وہ فاروق ہے، وہ میری ایسی باتوں کا خوب ریکارڈ لگاتا ہے۔ کہتا ہے، جوان بچوں کا باپ ہو گیا ہوں، دو بیٹیوں کو بیاہ چکا ہوں، نانا بھی بن گیا ہوں مگر محبت کے معاملے میں مجھ میں ابھی تک میچورٹی نہیں آئی۔“

عافیہ بانو ہنسنے لگیں، پھر مسکرا کر بولیں۔ ”فاروق بھائی جو بھی کہتے ہیں، آپ کو ستانے کے لئے کہتے ہیں، ورنہ بہرحال آپ سے زیادہ بہتر سمجھتے ہیں کہ کبھی کبھی محبت میں مچورٹی محبت کا اظہار نہیں ہوتا۔ اگر وہ اظہار آپ کے جیون ساتھی کی طرف سے ہو تو دل سے مرے سے دنیا جیت لینے کی مہک کرنے لگتا ہے۔ مگر آپ..... آپ نہیں سمجھیں گے یہ۔“

سلیم اختر نے ان کے دونوں ہاتھ تھام کر خمار سے کہا۔ ”اچھا تو میں یہ نہیں سمجھوں گا، میں جو محبت میں مالک تک ڈوبا ہوا ہوں اور گنوارے کی حسرت تک کا محبت کی شان میں گستاخی سمجھتا ہوں۔“

عافیہ بانو خوش ہو گئی تھیں پھر قدموں کی آواز محسوس کر کے گویا ہو رہی تھیں۔ "چھوڑیں بھی، بچے اب بڑے ہو گئے ہیں۔"

سلیم افسر نے عافیہ بانو کے ہاتھ چھوڑ دیے، پھر مسکرا کر بولے تھے۔

"کیا ہے یار بیوی! اتنا اچھا موڈ بن رہا تھا مگر تم نے بچے درمیان میں لا کھڑے کیے۔ یہ بھی کوئی بات ہے؟ ان کے بڑے ہونے کا مطلب کیا ہم اپنی معصوم خواہشات کا گلا گھونٹ کر کیوں دیں؟"

"آہا! معصوم...... معصوم خواہشات...... مجھ پر سب روشن ہے آپ کی معصومیت۔"

سلیم افسر کا قہقہہ خوب جاندار تھا۔ عافیہ بانو بھی مسکرا رہی تھیں، جب کچن کے سامنے انوشے آ کر کھڑی ہو گئی تھی۔

"کیا آج کھانا لگے گا ماما؟"

"کیوں نہیں بیٹا! بس پانچ منٹ میں سرو کر رہی ہوں۔ آپ اور ماہ نور ٹیبل پر چیزیں رکھوا دیجیے گا۔"

سلیم افسر نے انوشے کے چہرے پر ناپسندیدگی کا عنصر دیکھا، سو فوراً مزاحاً ہنستے ہوئے بولے۔ "رہنے دو بیٹا آپ۔ میں ٹیبل پر کھانا سرو کرنے میں آپ کی ممی کا ہاتھ بٹا لوں گا۔ آپ بس ماہ نور اور دانش کو کھانا کھانے کے کمرے میں آنے کا کہہ دیں۔"

انوشے تیزی سے پھر پلٹتی ہوئی اپنے قدموں پر لوٹ گئی۔ سلیم افسر اسے جاتا دیکھتے رہے، پھر آہستگی سے بولے۔ "جب سے اس کی شادی ناکام ہوئی ہے تب سے یہ بہت چڑچڑی نہیں ہو گئی عافیہ؟"

عافیہ بانو خاموشی سے سر ہلا کر انہیں دیکھنے لگیں۔ وہ کچھ کہنا چاہتی تھیں مگر کہہ نہیں پا رہی تھیں۔ تبھی سلیم افسر نے ان کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر مدھم لہجے میں کہا۔

"میں جانتا ہوں انوشے کی شادی کی ناکامی خود اس کی تلون مزاجی اور بد مزاجی کے باعث ہوئی ہے۔ مگر یار بیوی! اب کچھ بھی ہو لڑکی اس حادثے پر بکھر کر رہ جاتی ہے۔ اب تمہیں ہی مل کر اسے سنبھالنا ہے۔" تھوڑا توقف کر کے پھر مزید بولے۔ "مجھے یہ احساس ہے انسان کی ساری اولاد ایک جیسی نہیں ہوتی، سب فرماں بردار ہوں تو خدا کیوں کر آزمائے گا۔ بس مجھ لاچار سا اور خدا کی ذات کی پاکیزگی ہے۔"

عافیہ بانو نے کندھے پر ہاتھ مارا، پھر مصنوعی خفگی سے بولیں۔ "آپ اتنی بری بھی نہیں ہے میری بیٹی۔ ہاں بس تھوڑی سی ضدی ہے اور بس۔ رہا شادی کی ناکامی کا حادثہ، یہ تقدیر ہے، جو لکھا ہوتا ہے وہ خود بخود ہوتا چلا جاتا ہے۔ سب اسباب خود بخود تیار ہو جاتے ہیں، اس لیے امید رکھنی چاہیے، ہماری بچی کی زندگی میں خوشیوں کا نیا موڑ بہت جلد آئے گا۔ تمہیں نہیں پتہ، کچن طیبہ بھی اسی کی وجہ سے بہت

پریشان رہتی ہے۔"

سلیم افسر بولا کر چیزیں اٹھا کر کچن سے متصل کھانے کے کمرے کی طرف بڑھ گئے۔ دانیہ اور مراد نے باپ کو کام کرتے دیکھا تو تیزی سے اٹھ گئے۔

"آپ بیٹھیے بابا! کھانا ہم دونوں مل کر لگا لیتے ہیں۔"

انوشے نے ناک سکوڑ کر دونوں کو دیکھا پھر بڑبڑائی۔ "بوجھ، گڈ بک میں آنے کی حسرت......" پھر چڑ کر بولی۔ "بابا! کیا ہم اتنے غریب ہیں کہ نوکر رکھنا افورڈ نہیں کر سکتے؟ جتنا بزنس آپ کا ہے، اس سے کم تنخواہ والے ملازمت پیشہ ماں باپ کی اولاد کے گھر دو دو میڈز ہیں۔ لگتا ہم ایک میڈ بھی نہیں رکھ سکتے۔ سارے فرینڈز اسکول میں کتنا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ وہ تو مجھے آپ خود اسکول چھوڑنے آیا کرتے تو میری فرینڈز کو میری امارت پہ شک ہی رہتا مگر...... بابا! ہم نوکر کیوں نہیں رکھ سکتے؟ مجھے یہ ابھی تک سمجھ میں نہیں آیا ہے۔"

سلیم افسر نے بیٹی کی گفتگو اور جذباتی سوال سنا، پھر چاہا کچھ کہیں بھی اس کے جواب میں لیکن عاصمہ نے ان کی طرف سے پوزیشن سنبھال لی، پھر مسکرا کر بولی۔ "سیدھی سی بات ہے بیٹا! ہمیں ملازم رکھنا اچھا نہیں لگتا ہے۔ ملازم رکھ کر ہم وہ چھوٹی چھوٹی خوشیاں کھو دیتے ہیں جو ہمیں سارا دن اور محبت میں مزید باندھ کر ایک نئے طریقے سے جینے کا کمال بخشتی ہیں۔ ہم کو ہمارے لیے کام کرنا اچھا لگتا ہے سمجھو!"

سلیم افسر مسکرا کر دیکھنے لگے۔ مراد بھی اس سے متفق تھا مگر انوشے وہ یکدم کھڑے ہو کر چیخ پڑی تھی۔

"ممّا کو یہ کام کرنا اچھا لگتا ہے تو پھر ماسی کو پورا کر باری نبھانا چاہیے۔ وہ آخر ہم سے یہ توقع کیوں رکھتی ہیں کہ ہم ان کی طرح بچا زندگی جینے کی تمنا کرنے لگیں۔ نانا ابا سے بھی میری ان ہی باتوں پہ لڑائی ہوتی تھی۔ وہ...... وہ مانتے یہ سے باپ کو دیا تھا مگر پھر بھی سے مشرق کے تعلقات محبت کی کہانیاں اٹریکٹ کرتی تھیں۔ مشرق...... مائی فٹ۔" وہ کہہ کر وہاں رکی نہیں تھی، جھنجھلا کر کمرے سے نکل گئی تھی۔

مراد، دانیہ اور عاصمہ سلیم افسر کی طرف دیکھ رہے تھے۔ ماحول یکدم ہی ناخوشگوار ہو گیا تھا۔ سلیم افسر کو گھر کا موسم سنبھالنا تھا سو ہنس کر بولے۔ "روز ہونے والی باتوں پہ اس طرح نہیں چونکا کرتے۔ چلیں کھانا شروع کرتے ہیں۔ مراد! دانیہ بیٹھیں آپ۔"

ان کے کہنے پر سب اپنی کرسی سنبھال کر بیٹھ گئے تھے مگر عاصمہ بیگم...... اب بھی ماں بن کر بڑی مشکل سے انوشے کو پالا تھا پھر بیٹی کے بھوکے رہنے پر حلق سے نوالہ کیسے اترتا۔

"آپ کھانا شروع کیجیے، میں نوشی کا کھانا اس کے کمرے میں دے کر آتی ہوں۔ بچی دو گھنٹے سے بھوک بھوک کر رہی ہے۔"

سلیم افسر نے آنکھوں سے منع کرنے کی جو کوشش کی اسے انہوں نے ملامت سے رد کر دیا تھا۔ "پلیز سلیم! میری بات سمجھیے۔ میں کہنا چاہتی ہوں، بچے اگر شور شرابا نہ کریں تو گھر اور قبرستان میں کیا فرق رہ جائے گا۔"

سلیم افسر نے پھر کچھ نہیں کہا تھا۔ دائمہ اور مرواہ ماں کی محبت پر مسکرائے بنا نہیں رہ سکے تھے۔ بیگم عائزہ ٹرے میں کھانا لے کر نوشی کے کمرے میں گئی تھیں۔ مگر دروازہ کھول کر جو کچھ پہلی نظر میں انہوں نے دیکھا، وہ انہیں ہراساں کرنے کے لیے کافی تھا۔ نوشی یوں دروازہ کھلنے پر چونک کر رہ گئی تھی۔ اس کا خیال تھا اس کی بھوک کی پروا ہو گی مگر عائزہ بیگم کو دیکھ کر ایک سایہ اس کے چہرے پہ لہرا کر رہ گیا تھا۔ پھر اس سے پہلے کہ عائزہ بیگم کچھ کہتیں، اس نے نیچے ہوتے ہوئے بھی انتہائی بدتمیزی سے شور مچانا شروع کر دیا تھا۔

"اگر تم اچھی سوسائٹی میں اٹھتی بیٹھتیں، عام لوگ تمہیں اندازہ ہوتا کہ کسی کے کمرے میں جانے سے پہلے دروازے پہ دستک ضرور دے لیتے ہیں۔ مگر نہیں، ہر وقت گھر میں گھسے رہنے کی عادت تمہیں کہیں کا نہیں رہنے دے گی۔ لیکن پھر بھی تو ہے کہ کنوئیں کا مینڈک اگر تالاب میں چلا جائے تو بھی وہ زندہ نہیں رہ سکتا۔"

اس نے جان کر ڈرگ نکوٹین کھڑکی سے باہر پھینک دیا تھا۔ سلیم افسر اس کی بدتمیزی کے پہلے ہی منتظر تھے، جواب کی چیخ پکار پر کھانا چھوڑ کر عائزہ بیگم کی پشت پر آن کھڑے ہوئے تھے۔

"نوشی! تمہیں ماں سے بات کرنے کی تمیز کیوں نہیں آتی؟"

"سلیم! پلیز رہنے دیں۔" عائزہ بیگم نے بات ختم کرنے کے لیے قدم اٹھایا مگر مسٹر سلیم جو پہلے سے ہی اس کے رویے پر تپے بیٹھے بالکل آؤٹ ہو گئے۔

"تم خود کو سمجھتی کیا ہو، کیا ہے تمہارے اندر؟ کوئی خوبی ہے تو صرف نسائیت کی ہے ورنہ...... اس پر اترانے والا سب سے بڑا احمق کہلاتا ہے، نوشی! تمہیں اچھا گھر، تعلیم سب کچھ دے کر بھی تمہاری شخصیت کو جب بھی دیکھتا ہوں تو مجھے تمہاری ماں یاد آ جاتی ہے۔ تم بالکل اس پر ہی گئی ہو، اسی کی طرح خود غرض، خود سر اور احسان فراموش۔"

"سلیم!" عائزہ بیگم ماحول کا خطرناک موڑ پر جاتا دیکھ کر زرد پڑ گئی تھیں اور نوشی نے سامنے رکھا دوا اٹھا کر زمین پر پٹخ دیا تھا۔ پھر چیخ کر بولی تھی۔

"ہاں، میں ہوں اپنی ماں کی جیسی...... کبھی کبھی اس کے جیسا ہونا چاہیے تھا۔ تمہارے جیسا مرد کو اس عورت نے اپنے جادو سے اپنی طرف کر لیا۔ گھر میں اس کے قدم پڑے تو اس نے میری ذات ہی ایشو بنائی

......نہیں ہے میرے دل میں تمہاری بیوی کی عزت۔ پاپا مجھے تم سے بھی نفرت ہے۔ تم...... تم ہی تو ہو جس نے میری ماں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔ پاکستان...... مجھے پاکستان سے اس لیے نفرت ہے کہ وہاں تمہاری بیوی نے جنم لیا۔ تم نے جنم لیا۔ آئی ہیٹ پاکستان۔ میں کبھی پاکستان نہیں جاؤں گی۔"

سلیم اختر بیٹی کی باتوں سے گنگ ہو گئے تھے۔ یکدم کمرے میں در آئے تھے۔ عمران کامران ہاتھ تیزی سے اٹھا کر نائلہ بیگم بھی کچھ نہ کہہ سکیں۔ انوشے کا گال سرخ ہو گیا تھا۔ وہ تیزی سے بیٹی کی طرف بڑھی تھیں لیکن انوشے نے ان کے ہاتھ جھٹک دیئے۔

"بس جانے دیں۔ مجھے معلوم ہے تمہاری بھی ماما نہیں ہیں۔ پاپا کو مجھ سے دور کر دیا ہے۔ کیونکہ تم میری...... کچھ نہیں۔"

نائلہ بیگم کے ہونٹ بھینچ گئے تھے۔

سلیم اختر نے انہیں پشت سے تھام لیا تھا۔ پھر آہستگی سے بولے تھے۔ "اپنے دل پر مت لو۔ یہ جو کہہ رہی ہے وہ سچ نہیں ہے۔ ابھی یہ تمہاری محبت کو سمجھی نہیں ہے۔ جب سمجھے گی کہ تم نے اس کے لیے کیا کیا چھوڑا ہے تو یہ خود تمہارے قدموں میں گر جائے گی۔ معافی مانگے گی۔ تم فکر مت کرو۔ بس پاکستان جانے کی تیاری کرو۔"

"میں پاکستان نہیں جاؤں گی۔" انوشے پھر سے درمیان میں چیخی، جیسے باپ بیٹی کو احساس دلانا چاہتی ہو۔

مگر سلیم اختر نے اسے خاص اہمیت نہیں دی۔ پھر بیٹے کو دیکھ کر بولے۔ "جو جہاں رہنا چاہتا ہے رہ سکتا ہے۔ لیکن اب ہم پاکستان جا کر ہی رہنا چاہتے ہیں۔"

انوشے تیزی سے باپ کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔ پھر بدتمیزی سے بولی۔ "تمہیں پتہ بھی ہے اس عورت نے پڑھائی ہے۔ پاپا تمہیں نہیں پتہ یہ عورت جادوگرنی ہے۔ یہ عورت......"

سلیم اختر کا ضبط جواب دے گیا۔ "بکواس بند کرو اپنی۔" انہوں نے ہاتھ بھی اٹھایا تھا مگر نائلہ بیگم نے التجا کی تھی۔

"پلیز...... نہیں سلیم! جوان بچوں پر ہاتھ نہیں اٹھاتے۔"

انوشے نے حقارت سے ہنکارا بھرا تھا۔ "بس کرو یہ ڈرامہ۔ مجھے معلوم ہے تم کیا ہو۔ تم میرے پاپا کی ساری جائیداد ہتھیانا چاہتی ہو۔ تم بہت بری طرح منہ کے بل گرو گی۔ سمجھیں۔ میری ماں کی جگہ لے کر تم نے اچھا نہیں کیا ہے۔"

سلیم افسر، عافیہ بیگم کو کندھوں سے پکڑ کر باہر لے آئے تھے۔ کیونکہ انہیں پتا تھا اگر وہ ادھر رکے تو پھر ان کے ہاتھ کی تیزی کوئی نہیں روک پائے گا۔

دونوں کھانے کے کمرے میں آ گئے تھے۔ مراد اور دائمہ سر جھکائے بظاہر کھانا کھا رہے تھے مگر ان کے چہرے کا خوف بتا رہا تھا وہ اس ماحول سے بہت زیادہ ڈر گئے ہیں۔ ان کے گھر میں اتنی چیخ پکار سے کسی کو بات کرنے کی عادت نہیں تھی۔ اس لئے انوشے جب جب ہنگامہ کھڑا کرتی، ان دونوں کے چہرے ایسے ہی اتر جاتے تھے۔ سلیم افسر کھانا کھانے کے لئے بیٹھ چکے تھے۔ عافیہ بیگم کی تو بھوک اڑ گئی تھی، مگر شوہر کا ساتھ دینے کے لئے وہ ان کی پلیٹ شیئر کر رہی تھیں۔ شروع سے دونوں ایک ہی پلیٹ میں کھانا کھانے کے عادی تھے۔

سلیم افسر نے ماحول کا تناؤ دیکھا تو یکدم عافیہ بیگم کو ایک ہفتہ پہلے کی پاکستان سے آئی ایک کال سے بات شروع کر بیٹھے۔ عافیہ بیگم خالی الذہنی کی حالت میں رہیں تو پھر سے ملائمت سے بولے۔

”بیگم بتاؤ بھی وہ تمہاری ڈیل کا کیا ہوا؟ فیشن اینڈ اسٹائل کمپنی نے تمہیں اپروچ کیا تھا۔ تم نے ان کی ڈیل کا کیا جواب دیا؟“ لہجہ کریدنے کے بجائے نرم رہا۔ ”فیشن اینڈ اسٹائل ویسے پاکستان کی سب سے مشہور ملبوسات بنانے والی کمپنی ہے۔ تمہیں انہوں نے تمہارے انگلینڈ میں کئے جانے والے کام کی وجہ سے اپروچ کیا ہے، یہ تمہارے لئے کامیابی کی بہت بڑی علامت ہے۔ ویسے کمپنی کا اونر کون ہے؟“

عافیہ بیگم نے ایک لمحے کے لئے سوچا، پھر آہستگی سے بولیں۔ ”اونر شپ تو مسٹر عبدالرحمن کے پاس ہے لیکن مجھے ان کے بیٹے شہریار عبدالرحمن نے اپروچ کیا ہے۔ آپ کو پتہ ہے، میں کام میں کتنی چوزی ہوں۔ پھر بہت زیادہ شور شرابا بھی نہیں چاہتی۔ مگر دائمہ ہے نا، اس نے مجھ سے پوچھے بغیر میرے ڈیزائن سیمپل میری پورٹ فولیو ویب سائٹ پر ڈال دیے۔ مجھے تو علم ہوا اس وقت جب شہریار عبدالرحمن کا اسی ویب سائٹ کے حوالے سے فون آیا۔ پہلے میرا خیال تھا، میں منع کر دوں گی۔ لیکن اب جب کہ آپ پاکستان جانے کی بات کر رہے ہیں تو پھر میں ان سے میٹنگ رکھ لیتی ہوں۔“

سلیم افسر محبت سے مسکرائے، پھر آہستگی سے بولے۔ ”بالکل...... بالکل، آپ کے ہر کام میں تمہارا ساتھ فری ہینڈ ہے اور صرف تم بات دو گی تو بنا کسی اضافی چارج کے تمہارے لئے ہمہ وقت حاضر جناب ہیں۔“

بیگم عافیہ کے ہونٹوں کو ہلکی سی مسکراہٹ نے چھوا۔ مراد اور دائمہ کھانے کی ٹیبل صاف کرنے لگے تھے، جب اچانک ایک خیال کے آنے پر بیگم عافیہ نے سلیم افسر کو دیکھا۔

”سلیم! کیا واقعی انوشے ہمارے ساتھ نہیں جائے گی؟ دیکھئے، میں اس لئے کہہ رہی ہوں کہ اگر وہ ہمارے ساتھ نہیں جائے گی تو یقیناً علیمہ کے گھر ٹھہرنے کی کوشش کرے گی۔ آپ تو جانتے ہیں اسے کوئی بھی کام اپنے ہاتھ سے کرنے کی عادت نہیں۔ سو علیمہ کے ہاں ٹھہری، تو آپ کو معلوم ہے ماں مظفر کس طرح کے ماحول کا عادی ہے۔ اگر اس نے وہاں کوئی ہنگامہ کیا تو خواہ مخواہ علیمہ کو پرابلم ہو جائے گی۔ وہ شوہر اور بہن کے درمیان بیلنس رکھنے میں سینڈوچ بن جائے گی۔“

سلیم افسر بیوی کے تجزیے پہ مسکرائے تھے، پھر آہستگی سے بولے تھے۔ "آپ کو یہ کس نے کہا کہ وہ ہمارے ساتھ پاکستان نہیں جا رہی؟ دیکھئے وہ میری بیٹی ہے اور میں اس کا باپ ہوں۔ سو اچھی طرح سمجھتا ہوں اسے کس طرح ہینڈل کیا جا سکتا ہے۔"

"آپ اس پہ بحث نہیں کریں گے" وہ ان کے جملے سے جو سمجھیں اس پہ ٹھٹھر گئیں۔ سلیم افسر نے ان کی ممتا کا دکھ لیا، پھر شرارت سے بولے۔

"آپ نے یہ بھی کہا تھا کچھ دیر پہلے وہ عارف سے بہت کلوز ہے۔ پھر اگر ہم عارف کو ساتھ لے جاتے ہیں پاکستان کے بزنس کے حوالے سے تو آپ کا کیا خیال ہے ماہ نور شاہ اپنے فیصلے پہ قائم رہ سکے گی؟"

حانیہ بیگم شوہر کی لاچارگی پہ مسکرائے بنا نہ رہ سکیں مگر ایک سوال انہیں بہت عجیب لگ رہا تھا۔ سلیم افسر نے چہرے پہ اس سوال کا جال دیکھا تو فوراً انہیں کندھوں سے تھام کر بولے۔ "جس بات پہ آپ پریشان ہیں وہ بات مجھے بہت سے لوگوں نے پہلے بتا رکھی تھی مگر میں طرح دے رہا تھا۔ یا شاید ایک وجود دینے کی کوشش کی تھی خود کو۔ مگر اس لمحے وہ جس لہجے میں بول رہی ہے، میں نے اس کی آنکھوں کی مرضی سے جان لیا ہے کہ وہ واقعی ایڈکٹ ہو چکی ہے۔ لیکن یہاں نہیں قانون اتنی آزادی کو کیوں رہنا کہ ہم اپنے بچوں کا پتی من مرضی سے تربیت کریں۔ پاکستان جانے کا خیال صرف اس وجہ سے پختہ کیا ہے کہ وہاں بڑا ذخیرہ ہے لیکن وہاں باپ کی محبت کو قانون کسی حد تک سپورٹ کرتا ہے۔ اسے اچھا ماحول وہاں بھی کم نہیں۔ تم بے فکر رہو، انوشے اس عادت سے چھٹکارا پالے گی۔ اور وہی اس کی نفرت تو تم دیکھنا بھی نفرت تھا ایک دن اس کی محبت بن کر تمہیں چھونے لگی۔ چلو، خاطر جمع رکھو اور پاکستان فون ملاؤ۔"

سلیم افسر نے موبائل ان کی طرف بڑھایا۔ حانیہ بیگم ڈائری میں لکھے نمبر کنال کرنے لگیں۔ چار پانچ دفعہ فون کرنے کے بعد ایک طویل وقفے کے بعد جیسی دفعہ نمبر ملانے پر ان کا رابطہ ہو سکا تھا۔

"ہیلو! شہریار سپیکنگ۔"

بیگم حانیہ منتظر نظر جانے لگیں۔ دوسری طرف سے شہریار کی گرمجوشی امڈ آئی تھی۔

"ٹھیک ہے بیگم! آپ پاکستان جیسے ہی آتی ہیں، میں آپ سے فوراً ملنا چاہوں گا۔ ویسے اگر آپ تکلف نہ کریں تو ایئرپورٹ سے ہم آپ کو پک کر لیتے ہیں۔ بلکہ رہائش کا مسئلہ تو وہ بھی حل کیا جا سکتا ہے۔"

بیگم حانیہ نے مسکرا کر ان کی ساری تجاویز شکریے کے ساتھ لوٹا دی تھیں، پھر نرمی سے بولی تھیں۔ "پاکستان میں میرے شوہر بزنس سے وابستہ ہیں۔ رہی رہائش تو آپ کے شہر میں ایک بہت خوبصورت گھر بھی ہے ہمارا۔ امید کرتی ہوں آپ سے مل کر پاکستان سے وابستہ اچھی یادوں میں اضافہ ہو سکے گا۔"

"کیوں نہیں میم! آپ کو ہم کسی بھی طرح مایوس نہیں کریں گے۔" دوسری طرف سے سلام دعا کے بعد فون رکھ دیا گیا۔

نجم صافیہ دوبارہ بالکل آف کر کے مزید تشویش سے بولیں۔

"پتہ نہیں عجیب سی باتیں، مجھے پہلے کی گفتگو اور آج کی گفتگو میں بہت فرق محسوس ہوا ہے سلیم!"

"یعنی کس قسم کا فرق؟ احترام میں کمی تھی یا......"

نجم صافیہ نے ان کے شانے پر ہاتھ رکھا تھا اور عجیب سے لہجے میں پکاری تھیں۔ "آج پہلے کے مقابلے میں شہریار عبدالرحمن کے لہجے میں بہت تھکن تھی۔ بظاہر وہ اپنے اس غم... لہجے کو سنبھالنے کی کوشش کر رہا تھا مگر پتہ نہیں مجھے وہ مضطرب لگ رہا تھا۔ شاید وہ کچھ بیمار بھی ہے۔"

سلیم افسران کی خیال آرائی پر ہنسنے لگے تھے۔ "خدا کا خوف کیا کرو صافیہ!" پھر صافیہ نجم کا نام لے کر بولے تھے۔ "اپنے دماغ کو ہر وقت دوسروں کے مسئلوں میں الجھائے رکھتی ہو۔ ہو سکتا ہے وہ مضطرب ہو، یہ بھی ہو سکتا ہے شہریار عبدالرحمن بیمار ہو۔ لیکن میں تمہیں یہ حق قطعی نہیں دوں گا کہ تم غیر کے لیے اپنی جان ہلکان کرو۔"

صافیہ نجم نے مصنوعی خفگی سے انہیں دیکھا اور پھر سوچتے انداز میں اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئیں۔ ابھی انہیں ڈھیر سارا کام کرنا تھا اور وقت نہایت مختصر رہا تھا۔

وقت بہت سارا ہے صاحب بھی معلوم نہیں کیوں لگتا ہے وقت نے بھی نہیں پتہ ہے گزر رہا ہے......

❀❀❀

شہریار کی اچانک آمد کی وجہ سے عاطف بیگ کا موڈ سخت خراب ہو گیا تھا۔ عدیل عبدالرحمن جانتے تھے، وہاں پر آنا خود بتانے کی خواہش کے باوجود غصہ نہیں نکال پا رہا تھا جو بات اسے ادھوری ہے۔

"عدیل بھائی! ابھی ذرا گاڑی نکلوا دیں۔ میں کمرے کی گھٹن سے نکلنا چاہتا ہوں۔" شہریار عبدالرحمن نے اس کی طرف دیکھا پھر کچھ دیر سے لہجے میں کہا۔

"تم کمرے کی گھٹن سے کیا، اس ہسپتال کی گھٹن سے بھی نکل سکتے ہو۔ تم مصروف آدمی ہو، تمہیں یہاں رکنا ہی نہیں چاہیے تھا اب تک۔"

عاطف بیگ بل کلیئر کروا گیا تو عدیل عبدالرحمن نے اس کا ہاتھ تھام کر "پرسکون رہے ہو؟ تندرست ہو؟" اگر وہ ایسا لگتا تھا کہ پھر رکا نہیں، کمرے سے نکلتا چلا گیا۔

عدیل عبدالرحمٰن صوفے سے اٹھ کر اس کے قریب آ گئے، پھر آہستگی سے بولے۔ ''تمہیں اس طرح کا رویہ نہیں رکھنا چاہیے تھا۔ آخر کو وہ تمہارا پاپا دوست ہے اور تم سے کتنا مخلص ہے، جسے تمہارے سے آگے کچھ دکھائی دیتا ہے، نہ تمہارے بعد۔''

شہریار عبدالرحمٰن نے گہری سانس لی، پھر آہستگی سے بولا۔ ''میں ماضی کی ہر چیز بھول جانا چاہتا ہوں۔ حالانکہ یہ ممکن نہیں، مگر میں بھول جانا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں، دوسرے بھی مجھے بھول جائیں۔ مجھے یاد کرنے میں سوائے تکلیف، دکھ اور وحشت کے کسی کو کیا ملے گا؟''

''شہری! یہ مایوسی کی انتہا ہے۔ مجھے لگتا ہے، تمہیں کونسلنگ کی سخت ضرورت ہے۔ تم ڈپریشن کے ایک طرح کے فیز میں آ کر بند ہو گئے ہو۔ حالانکہ زندگی اتنی بھی بری نہیں ہے۔''

اس نے عدیل عبدالرحمٰن کو دیکھا، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ ''آپ ٹھیک کہتے ہیں، میں ایک طرح کے فیز میں آ کر بند ہو گیا ہوں، لیکن یہ فیز ڈپریشن نہیں، زندگی ہے۔ میرے لیے اس زندگی میں کوئی چارم نہیں ہے۔ زندگی میرے لیے ایک گنبد بے در ہے جس میں، میں قید ہوں اور سانس لینے کے لیے ہلکا سا روزن بھی نہیں ہے، جہاں سے میرے اندر کا حبس نکل سکے۔''

عدیل عبدالرحمٰن نے اس کا ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھ میں لے لیا، پھر محبت سے بولے۔

''زندگی گنبد بے در نہیں ہے، یہ صرف تمہارا احساس ہے۔ تم نے دروازے کی طرف پشت کر رکھی ہے اور سمجھتے ہو اس جگہ سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ شہری! زندگی میں سانس لینے کے روزن محبتوں کے رشتے ہیں۔ کیا واقعی تم دنیا میں بالکل اکیلے ہو؟ کبھی تم نے مجھے اپنے دوستوں میں شمار نہیں کیا۔ رابعہ، عائشہ، دانیہ یا رانیہ، بیگ اور میری بیٹی کیا وہ بھی تمہارے اندر کوئی امنگ نہیں جگاتی؟''

شہریار عبدالرحمٰن نے کچھ نہیں کہا۔ دل ایک رائے قائم کر لے تو اس رائے سے ہٹنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ فوری طور پر تو بالکل ناممکن...... کیونکہ بظاہر یہ تمام بہت سارے تھے، جو اس سے محبت کرنے والے تھے۔ مگر ان کی محبتیں تھکنے میں سے جزادوں کی تنہائی کاٹتی پڑتی تھی، پھر کہیں کوئی اُلفت آمیز الفاظ دل کو چھوتا تھا۔ زندگی بہت روشن تھی، بہت تیز رفتار...... اور یہ زندگی کا اصول ہے، زندگی سے تیز چلنے والے بھی پیچھے رہ جاتے ہیں اور زندگی کی رفتار سے کم چلنے والے بھی تنہا...... تنہائی جیسے محبت کی ذات ٹھہری ہے، شاید کسی زبان میں محبت کا دوسرا مطلب تنہائی بھی ہوتا ہو......

''کیا سوچنے لگے تم؟...... یقیناً پھر کوئی دل کو پریشان کرنے والا خیال ہی سوچ رہے ہو گے۔'' عدیل عبدالرحمٰن نے اُسے پھر سے اپنی طرف متوجہ کیا۔ پھر پہلے اس سے کہ وہ کوئی چبھتا ہوا سوال دے پاتا، کمرے کے باہر دستک ہوئی۔

"آجایئے، یہ خانہ بے تکلف ہے۔"

عدیل عبدالرحمٰن کا خیال تھا شاید وہ ڈیوٹی پر آنے والا ڈاکٹر غار، کچھ سمجھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مگر جو شخص اندر داخل ہوا، عدیل عبدالرحمٰن کے چہرے پر اس کے لئے ستائش بہت جلد سے لینی گئی تھی۔

"ہیلو مسٹر ماموں......!" عدیل عبدالرحمٰن نے سلام کے بعد مصافحہ کے لئے ہاتھ آگے بڑھایا۔ ماموں عبدالکریم نے عہدے کے لحاظ سے انہیں سیلوٹ مارا اور عدیل عبدالرحمٰن مسکرانے لگے۔

"نیا ہی ہی۔ میں یہاں صرف عدیل عبدالرحمٰن ہوں، آپ کے محکمے کا افسر نہیں۔"

ماموں عبدالکریم دوسری کرسی کھینچ کر بیٹھتے ہوئے احترام سے بولا۔ "ٹھیک ہے سر! آپ چھٹیوں پر ہیں۔ لیکن میں تو آن ڈیوٹی ہوں، اس لئے یہ میرے فرائض منصبی میں شامل ہے۔"

عدیل عبدالرحمٰن نے اس کی بات کو تسلیم کیا اور اس کی طرف سے توجہ ہٹا کر بولا۔ "کیوں شیری کے بچے بازو کا زخم کم لگنے لگا تھا، جو اتنی خراب کنڈیشن میں ہسپتال میں آکر پڑ گئے ہو۔ تمہیں پتہ ہے یہاں، تمہارے بغیر ہم کو کہیں بھی مزہ نہیں آتا۔"

اس کا اس کی جی مائنر بن ہو گیا تھا اس لئے ماموں عبدالکریم مطمئن سا ہو کر پہلی فرصت میں اس کے بازو کا زخم دیکھنے لگا تھا۔ پہلے کے مقابلے میں زخم کی بہت اچھی حالت میں تھا۔ اس نے توجہ زخم سے ہٹائی تو اس کی رپورٹس پڑھنے لگا۔ شہریار عبدالرحمٰن اسے کافی دیر تک دیکھتا رہا پھر چیختے ہوئے لہجے میں بولا۔

"یہاں کا ایک اچھا ڈاکٹر ذکی کی تھیں۔ ہاں تم جیسے افسر ذرا محکمے میں ضرور فٹ ہے۔ اس لئے اپنے شعبے کی ٹھیک سے چھٹیاں تمہارے ہی حق میں بہتر ہے۔ رہی میری کنڈیشن تو اگر کوئی بڑی خبر ڈھونڈ رہے ہو تو اتنا آفیس ہوں کہ ایک کالمی خبر اخبار میں ضرور لگے گی۔ سو پلیز کوئی نئی بات کرو۔ کیونکہ اپنی بیماری کی وجہ سے پہچانے چہرے دیکھتے دیکھتے میں اب بور ہو گیا ہوں۔"

عدیل عبدالرحمٰن اسے دلچسپی سے دیکھنے لگے۔ کیونکہ اس لمحے اس کے لہجے میں دل کی بیماری کی بجائے اس کے ساتھ تنگی ہی بہت سے لمس کی خوشبو بھی تھی اور یہ سچ تھا وہ اگر اپنے اندر کی بجائے اس کا اظہار کرتا تو اندر کی گھٹن خود بخود ختم ہو جاتی۔

"تم دونوں باتیں کرو میں ذرا دیکھوں، عاطف کہاں رہ گیا ہے؟"

"عاطف...... عاطف بیگ؟...... کیا وہ بھی یہاں آیا ہوا ہے؟ شیری کی باتوں میں بہت زیادہ اس کا تذکرہ رہتا ہے۔ مجھے تو لگتا ہے، میں اس کے تذکرے سے اتنا اسے پہچان چکا ہوں کہ پہلی نظر ہی میں

وہ میرے لیے اجنبی نہیں رہے بلکہ مجھے حیرت ہے وہ کمرے کے اندر ہونے کے بجائے کمرے سے باہر کیوں ہے؟"

عدیل عبدالرحمن مسکرائے، پھر آہستگی سے بولے۔ "تم یہ اپنے اس دوست سے ہی پوچھو۔ وہ ہند وہ دوسرے شہر سے کس کے سلسلے میں آیا تھا پھر ان دونوں میں ہی رہ گیا اس کے گرد ہی ڈیرہ لگا کر بیٹھ گیا۔

شکر ہے محترم محبت سے الرجک ہیں کیا ارشاد کرنے بے چارے کو قادری کا مطلب سمجھانے لگے۔ وہ بھی مناسبت میں ید طولیٰ رکھتا ہے۔"

شہریار عبدالرحمن نے خفگی سے عدیل بھائی کو دیکھا۔ وہ جانتے تھے یہ خفگی ان کے کسی جملے کی وجہ سے نہیں تھی، پھر عدیل بھائی نے دوبارہ دیکھا تو وہ خفگی سے کہہ رہا تھا۔

"ہم میرا دماغ خراب ہے جو میں شیخ کا ساتھ چھوڑ دوں؟ کیا وہ بزرگ نہیں ہو سکتا تھا؟ یہ ضرور رہتا تو کیا جاتا تمہیں ہے کہ ہر شخص وہ پوری اور محبت کی کس قدر ضرورت ہوتی ہے۔"

عدیل بھائی اس بار ہنس پڑے، پھر اس کے قریب آ کر اس کا رخسار چھو کر پیار سے بولے۔ "تم...... تم مجھے کسی کم سن بچے کی طرح لگتے ہو۔ جس چیز کی ضد کرتے ہو، ناپسندی میں اپنی کوشش مارتے رہتے ہو۔ اب جاؤ فکر مت کرو، بس یا کافی جائے؟"

شہریار عبدالرحمن جواب میں کچھ نہیں بولا۔ جو کچھ بھی اس سے کہنے میں سرزد ہوا تھا، وہ کمرہ دیکھ رہا تھا جو انسان کی زندگی میں کبھی کبھی آتا ہے۔ وگرنہ ان جیسا محبت میں وضع دار انسان ایسے اظہار کے ہر جگہ سے جان بچانے ہی میں عافیت سمجھتا تھا۔ مگر یہاں باپ آ کر جیسے بہت سارے ہر کی طرح اس کی زبان اس کے دل کی طرح ان کے کہنے میں نہیں رہی تھی۔

عدیل عبدالرحمن کمرے سے باہر جا چکے تھے اور وہ مامون عبدالکریم کو دیکھ رہا تھا۔

"ہم کوئی خاص خبر ہے تمہارے پاس میرے لیے؟" شہریار نے گہرا سانس لے کر خاموشی کو توڑا۔ مامون عبدالکریم جس پر کچھ سنجیدہ ہو کر بولا۔

"تم یا الہام بھی اترا کرنے ہیں یا یہ بشارت کا کوئی جادو ہے؟"

"تو پھر نہیں، یہ بتاؤ کیا تم خبر ہے تمہارے پاس میرے لیے؟" اس نے سگریٹ کی طرف پھر سے ہاتھ بڑھایا اور مامون عبدالکریم اسے منع کرنے یا روکنے کے بجائے اس سے بھی پہلے سگریٹ کا پیکٹ اٹھا چکا تھا۔

"تم اسموکنگ نہیں کرو گے۔" شہریار نے سختی سے کہا۔

"کیوں، میں اسموکنگ کیوں نہیں کر سکتا؟ کیا میں نے کبھی تمہیں ڈرنک کرنے اور اسموکنگ کرنے سے منع کیا ہے؟" ماسون نے اب بھی اٹھالیا تھا۔ تب اس نے تھکے ہوئے انداز میں کہا۔
"اوکے، میں اسموکنگ چھوڑنے کی کوشش کروں گا۔"
"لیکن میں نے تم سے اسموکنگ چھوڑنے کی فرمائش نہیں کی۔" وہ جھلا رہا تھا۔ شہریار جس طرح اسے گہری نظر سے دیکھ رہا تھا وہ اس خیال کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔
"مت بھیجو، بہت اچھا فاصلہ ہے باہر رہ جاتا ہے۔" اس نے التجا کی اور اس نے وہ دونوں چیزیں اپنی جیب میں ڈال لیں، پھر تلخی سے بولا۔
"ٹھیک ہے، میں نہیں کرتا اسموکنگ۔ مگر یاد رہے اب تم بھی اسے ہاتھ نہیں لگاؤ گے۔"
شہریار عبدالرحمٰن نے بے بسی سے اسے دیکھا، پھر آہستگی سے بولا۔
"تم میری کمزوری سے واقف ہو، اس لیے فائدہ اٹھا رہے ہو۔ تم جانتے ہو میں نے کبھی زندگی کا فیصلہ اپنے اوپر لاگو نہیں کیا لیکن تم...... ٹھیک ہے۔" پھر آہستگی سے بولا۔ "میں کوشش کروں گا کہ اسموکنگ چھوڑ دوں، لیکن ایک دم سے کوئی بھی عادت بدلی نہیں جا سکتی تم جانتے ہو یہ بات؟"
ماسون عبدالکریم نے نفی میں سر ہلایا پھر بولا۔ "میں تمہاری اس بات سے متفق نہیں ہوں۔ عادت کیسی بھی ہو بدلی جا سکتی ہے۔" وہ رکا پھر شرارت سے بولا۔ "اس بار لوگ تو یہاں محبت بدل لیتے ہیں، اور تم کہہ رہے ہو عادت نہیں بدلی جاتی۔"
شہریار اب کچھ نہیں بولا تھا لہٰذا سارے کے سارے کے بعد وہ اپنی آنکھوں کی طرح خالی ہو گیا تھا۔
"ناراض ہو گئے ہو؟" ماسون نے ہاتھ تھام کر چاہت سے پوچھا مگر وہ خاموش رہا۔ ماسون عبدالکریم نے بھی اسے طرح دی، پھر شرارت سے اسے دیکھا تو کہا۔ "تمہارا کیا خیال ہے، میں پہلے سے کہیں چھوڑ کر نہ جاؤں یا تم کسی نئے طریقے سے مجھے خارجی دروازے کا پتا اور اس کے استعمال کا طریقہ سمجھاؤ گے؟"
شہریار کے چہرے پہ مسکان اتری، پھر کب غائب ہوئی شاید اسے بھی پتہ نہیں چلا۔ ماسون نے اس کے قہقہے کا ساتھ دیا، پھر دونوں کی ہنسی رکی تو شہریار نے کہا۔ "اب بتاؤ بھی چچا جان، تم ان باتوں کا کیا خیال رکھتے ہو کہ فوراً آئسل بھاگ کے چلے آئے؟"

AANCHAL.COM.PK

مامون عبدالکریم نے مسکرا کر اسے دیکھا، پھر ہولے سے بولا۔ ”بکواس مت کرو۔ میرے پاس جو خبر تھی وہ واقعی بھی اہم نہیں تھی کہ میں یوں دوڑا چلا آتا۔“ تو توقف کیا، پھر بولا۔ ”میرا خیال تھا تمہارے دفتر جا کر تم سے تمہاری شوٹنگ کے بارے میں تجزیہ ڈسکس کروں گا، مگر یہ چچا صاحب بہادر وہاں سے تو اپل کر اس کی برداشت کرنے باہر نکل زوردی پہ نکل کھڑے ہوئے۔ ویسے یہ بات بہت بری ہے شیری! تم نے انٹرویو کال کر کے بیماری سے نخل گیری اختیار کر لی۔ ان بے چاروں کا کیا جو ایک امید سے تمہارے دفتر کے چکر مار رہے ہیں؟“

”اُف وہ...... میرے ذہن سے بالکل نکل گیا تھا، اچھا ہوا تم نے یاد دلایا۔“ اس نے سینٹرل ریک پر رکھا موبائل اٹھایا، نمبر پریس کیا، پھر رابطہ ہونے پر بولا۔ ”مسٹر راحم! پلیز ایک نیا نوٹیفکیشن اخبار میں لگوا دیجیے کہ ہماری ایڈورٹائزنگ کمپنی کے ہونے والے انٹرویو ملتوی ہو گئے ہیں اور تین چار دن بعد کی تاریخ اناؤنس کر دیں۔ ہاں ہاں، میں یہاں تین چار دن سے زیادہ نہیں رک سکتا۔ بے فکر رہو، مسٹر مرگ نہیں، سنبھال کر پہنچ گیا ہوں۔ کیا وہ کون محترمہ ہیں؟ نہیں پلیز! کسی سے اس طرح کا سلوک نہیں کرو کہ بدتمیزی یا بدتہذیبی کا احساس ہو، نہ اتنا نشینا ہو کہ قرابت داری کا احساس ہو۔ کہہ دیا ناں انٹرویو قابلیت کی بنیاد پر ہی ہوں گے۔ ہمیں بہترین دماغ چاہئیں۔ تمہیں معلوم ہے، مجھے کم ذہانت سے سخت چڑ ہے۔“ اس کی آواز میں غصہ آ گیا تھا۔

”کول ڈاؤن، تمہارے لیے غصہ زہر قاتل ہے۔“ مامون نے خفگی سے دیکھ کر کہا تھا۔

اس نے چونک کر مامون عبدالکریم کو دیکھا، پھر اس کے کاروں کی بات کو وہ یکدم نظر انداز کر کے دوسری طرف کی بات غور سے سننے لگا۔

”ٹھیک ہے، کرا دو میری بات۔ آخر پرابلم کیا ہے ان کی؟ انہیں میری بات کیوں سمجھ نہیں آ رہی؟“ اچھا بس، کیا اس کے لہجے میں، پھر اس نے نہایت سرد لہجے میں کہا۔ ”جی کہیے، کس موضوع پر آپ کو میرے نمبر کی بات کیوں سمجھ نہیں آ رہی؟ جی ہاں، آپ نے درست سنا ہے، ہمیں کاپی رائٹر، گرافک ڈیزائنر اور ویب ایڈیٹر کی سخت ضرورت ہے۔ جی، آپ کا خیال ہے آپ ان تینوں کاموں میں ماہر ہیں؟ سوری، مجھے کہنے دیجیے کہ آپ میرے پہلے ہی آپشن میں ناکام ہو جائیں گی، کیوں؟ سیدھی سی بات ہے، جو انسان مختلف کاموں میں انرجی ویسٹ کرتا ہے، وہ کسی ایک کام میں بہترین کارکردگی نہیں دے سکتا۔ میں کہاں ہوں؟ کیا آپ کی اور میری اتنی بے تکلفی ہے کہ میں آپ کو یہ بتاؤں؟ جی نہیں، میں اپنے دوسرے دفتر میں مصروف ہوں، مسٹر راحم کو غلط اطلاع ملی ہے میری بیماری کی۔ آپ فون مسٹر راحم کو دیجیے۔“

اس کا غصہ پھر نقطۂ عروج پر تھا۔ دوسری طرف ریسیور راحم کے ہاتھ میں آیا تو وہ غصیلے لہجے میں بولا۔ ”کیا تمہیں میری طرف سے اجازت تھی کہ تم میری بیماری کا ڈھنڈورا پیٹو؟ کیا میں نے تم سے کہا تھا کہ

مجھے دعاؤں کی بجائے دوائی کی زیادہ ضرورت ہے؟ مسز راحم حیدر! مجھے شادی سے زیادہ شادی کو ناکام کرنے والے ورکرز سے چڑ ہو جاتی ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں آپ اپنی نوکری پہ بحال رہیں تو سوچ سمجھ کر قدم اٹھایا کیجئے ہو کے گا پانے۔"

اس نے موبائل آف کر دیا۔ ذرا سی بات کرنے سے ہی اس کے چہرے پہ پسینے کی بوندیں قطار در قطار دکھائی دینے لگی تھیں۔ وہ یک دم صدمے سے نڈھال ہو گئی تھی مگر اس نے پھر بھی مطمئن انداز میں ماسون کی طرف دیکھا۔ وہ بھی بے تاثر کیفیت میں دیکھ رہا تھا۔

"کیا ہوا؟" اس نے لہجے کو نارمل کرنے کی کوشش کی مگر آواز میں کمزوری نمایاں تھی۔

ماسون نے اس کا ہاتھ تھام کر کہا۔ "تمہاری ڈاکٹر نواز سے آخری ملاقات کب ہوئی تھی؟"

"شاید پچھلے مہینے کی دس تاریخ کو...... لیکن تم یہ کیوں پوچھ رہے ہو؟"

"ڈاکٹر نواز نے تمہاری فرٹیلٹی رپورٹس دیکھ کر تم سے کچھ کہا تھا؟"

اس نے صوفے سے سر جھکا کر بے ترتیبی سے بولا۔ "کم آن یار! کیا ہو گیا، کچھ نہیں ہوا مجھے۔ ڈاکٹر نواز تو ان کا خوف لگانے کی کوشش کرتے ہی ہیں۔ جیسے ڈاکٹر صمدانی ہیں۔ دانیال تک کو اچھا خاصا الجھا دیا۔ عدیل بھائی اور پاپا تو پھر بھی قابل قبول تھے مگر بیچاری وہ دونوں کمزور دل کے ہیں۔ انہیں ہائی بلڈ پریشر ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر صمدانی نے اچھا نہیں کیا۔"

"لیکن ڈاکٹر نواز نے کیا کہا تھا؟" وہ اپنی پچھلی ہی بات پہ اصرار کر رہا تھا۔

"میں نے کہا ہے نا، میں اسموکنگ چھوڑنے کی کوشش کر رہی ہوں گی۔"

"یہ میرے سوال کا جواب تو نہیں۔ تم مجھ سے کیا چھپانا چاہتی ہو؟" اس کا لہجہ اب پہلے سے بھی زیادہ کمزور ہو گیا تھا اور شیراز عبدالرحمن ایسے ہر موقع پہ نرم ہو جاتا تھا۔ اس بار بھی اس کا لہجہ نم تھا۔ ماسون کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر اس نے لجاجت سے کہا۔

"تم اور ڈاکٹر نواز چاہتے تھے نا، میں نے ترک کر دوں اسموکنگ چھوڑ دوں تو میں نے اس کا فیصلہ کر لیا ہے نا۔ پھر کیوں سوالوں میں الجھ رہے ہو؟"

ماموں عبدالکریم نے تند نظروں سے اسے دیکھا پھر تلخ لہجے میں بولا۔ "تم اور کسی کی بات اتنی آسانی سے مان لو ناممکن...... ایک نمبر کے ضدی اور ہٹ دھرم ہو۔" لمحہ بھر رک کر وہ اسی لہجے کو برقرار رکھ کر مزید بولا۔ "شاید اب تمہاری ذرک اور اصول کو چھوڑنے اور اپنائے رکھنے سے تمہاری زندگی کے فائدے نقصان میں کوئی فرق نہیں پڑنے والا اس لئے تم جھٹ کرنا چاہتے ہو کہ سب کی مان بھی لو خوش بھی کردو سب کو اور خسارے کی خبر..... وہ کسی کے کانوں کان تک بھی نہ پہنچے۔ ہے ناں یہی بات ہے ناں؟"

شہریار عبدالرحمن کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ اس نے اپنی آنکھیں ماموں عبدالکریم سے چرالی تھیں اور ماموں عبدالکریم وہ تو اسے اتنے آرام سے چھوڑنے والا نہیں تھا۔

"تم مجھے خود بتا رہے ہو یا مجھے ڈاکٹر فواز سے ملاقات کرنی پڑے گی؟"

شہریار نے گہرا سانس لیا پھر آہستگی سے بولا۔ "انہیں کہنا کہ کسی بھی کنڈیشن کی وجہ سے جو بات مجھے بتا دینی ہے بتا دیں، اس کی گارنٹی نہیں ہے سو......"

"سو کیا؟ تم نے اس بات سے یہ ارادہ کرلیا ہے کہ تم آسانی سے خود کو موت کے حوالے کردو گے؟"

"نہیں، بلکہ میں یہ چاہتا ہوں، زیادہ سے زیادہ کام کر گزروں تاکہ وقت اچھا گزر سکے۔ میں اچھی زندگی ہوں یہ حقیقت ہے۔ لیکن آپریشن ٹیبل سے واپس زندہ آسکوں گا اس کی صرف ایک پرسنٹ امید ہے۔ پھر میں ننانوے فیصد امید کو ایک پرسنٹ پر کیوں داؤ لگاؤں؟"

"تم بہت عجیب ہو بہت زیادہ عجیب...... تمہیں معلوم ہے اس بار کے انجام تک سے تمہارا کیس پہلے سے زیادہ بگڑ گیا ہوگا۔"

"ہاں، میں جانتا ہوں۔ شاید انکل عمران بھی آگاہ ہو چکے ہیں۔ لیکن وہ بابا کی طبیعت کے پیش نظر اس بات کو ایکسپوز نہیں کرنا چاہتے اور یہی میرے لئے باعث اطمینان بات ہے۔"

"یعنی تم اپنے بچاؤ کے لئے کچھ نہیں کرو گے؟ ڈوب جاؤ گے سمندر میں حالانکہ تیرا جا سکتا ہے۔"

"شاید۔ لیکن کنارہ قسمت میں نہ ہو تو تیرنے کی خواہش زندہ نہیں رہ پاتی۔ خیر چھوڑو یہ بتاؤ اس بوڑھے پیک کو... یہ بتاؤ تم میرے پاس کسی خاص کام سے آئے تھے کیا؟"

"ہاں تمہاری صورت دیکھنی تھی اور یہ بتانا تھا کہ تم پر گولی چلانے والے کا تعین کیا ہے۔ بظاہر کوئی غیر رجسٹرڈ بندوق سے چلائی گئی تھی۔ لیکن معاملہ تمہارا تھا اور تحقیقات میرے ذمے سو تحقیق کرتے کرتے میں بادل خان تک پہنچ گیا۔ پہلے تو وہ مانا ہی نہیں تھا پھر کچھ مخصوص حربے آزمانا کر کے اس تک پہلے آیا کہ اس نے ہاں۔ اتنی ہتھیار لیے والے کا حلیہ بیان کرنا شروع کر دیا۔ میری ہدایت کے کچھ

AANCHAL.COM.PK

انہوں نے اثبات میں سر ہلایا اور دو تکیہ پشت کے پیچھے رکھ کر آرام دہ حالت میں بیٹھ گیا۔ پھر قدرے بیزاریت سے بولا۔ "جس سے آپ کی خوشی ہے یار، بس اب مجھے ہسپتال میں بند ہو کر ٹائم ضائع کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ بند، گھٹن سے اور خود بیزاریت سے آپ ہی مر جائے گا۔" عاطف ان کی اکتاہٹ کے بارے میں جانتا تھا وہ بہت ہی کیسے سوچتا تھا کہ وہ ایک ہی کمرے میں بند ہو جانے کے باعث قید کی بیماری ہو چکا ہے۔ جیسے پہلے ان سے کہ وہ اس کیفیت سے نجات پانے کے لئے کوئی حکمت سے اپنا دل بہلائیں۔ شہریار نے ان کے فون ریسیو کیا اور چہرے پر یکدم مسکراہٹ دوڑائی۔ "ہاں چھوٹی!" یہ بے ساختہ ان کے منہ سے نکل ہی گیا تھا۔ ورنہ انہیں کیا پتا تھا کہ وہ بچوں کو فون کرنے کے لائق بھی تھا۔ بلکہ وہ اس لئے تھا کہ وہ دونوں سے محبت کرنے والوں کو پریشان کرنے سے اجتناب کرتے تھے۔

"چھوٹی!.......تم.......تم نے کیسے فون کر لیا بیٹا؟"

"بابا! میں نے سنا ہے آپ کی طبیعت خراب ہے۔ میری ماموں اکثر سے کال ہوئی تو بات ہوتی تھی۔ سچ سے میرے پاس بیلنس نہیں تھا نہیں بابا! ان کی بیٹی نہیں جا سکی تھی اس لئے کوئی بات نہیں ہے۔ آپ کی دعائیں مجھے ساتھ رہی ہیں۔ بتائیے ناں بابا! آپ کی طبیعت کیسی ہے؟"

شہریار نے کھا جانے والی نظروں سے گھورتے ہوئے عاطف کی طرف سے رخ موڑا پھر آہستگی سے بولا۔ "میری طبیعت فی الحال ٹھیک ہے جان بابا!..... مگر ابھی کچھ دیر بعد ایک جلاد ہے جو مجھے خیریت سے نہیں رہنے دے گا۔ تمہاری ابو ... نہیں ہے ان سے کیا ... ہے۔"

دوسری طرف حسب عادت قہقہہ گونجا۔ عنبر اس شخصیت کے لئے ... تھی۔ پھر عنبر سے سلام پا ان نے کہا تھا۔

"ہاں بابا، تم ٹھیک تھی ہو۔ تمہارے عاطف انکل ہی ہیں۔ وہ اکثر ... گفتار ہے جیسے انہوں نے مجھے بابا کے بغیر ... کر لیا ہے۔ ... کا مطلب ... ہے۔"

"بابا.....پھر وہی عجیب سر درد شروع ہو چکا تھا اور اس نے واضح جارحانہ لہجے میں سوال کیا تھا۔

"یہ عجیب کون ہے؟"

شہریار کوئی جواب دے ہی پاتا کہ اچانک دروازہ کھلا اور دادا عبدالرحمٰن کو دیکھ کر شہریار کی سٹی گم ہو گئی۔

"آپ یہ کون کون ہیں؟" کمینگی ان کے چہرے سے ظاہر تھی۔ عاطف نے سر پہ ہاتھ پھیر کر شہریار کے جسم میں گھس جانے کا یقین کر لیا تھا اور دادا ابا ابھی تک اسی پر رکی تھی۔

"میری ایک کلاس فیلو ہے۔ ابھی ابھی یورپ کے دورے سے لوٹی ہے۔ اس لئے میری طبیعت کا جان کر ایک اچھے سے دوست کی طرح خیریت پوچھنا چاہ رہی تھی۔" اس نے جان کر دادا کو باتوں میں لگا کر نمبر ڈیلیٹ کر دیا تھا۔ دادا نے واقعی اس کے ہاتھ سے موبائل لے کر اپنی عینک سے پہلے کے نمبر پڑھنے شروع کر دیئے تھے۔

"یا انگلینڈ سے آپ کو کون فون کر رہا ہے بار بار؟ کیا یہ بھی کوئی دوست ہے جسے آپ کی طبیعت کا احساس ہو رہا ہے؟"

اس نے موبائل لے کر نمبر دیکھا۔ نمبر شفا انجنی تھا۔ پھر پہلے اس نے کچھ سوچا۔ موبائل ایک دفعہ پھر بجنے لگا۔

"ہیلو شہریار اسپیکنگ۔"

پھر دوسری طرف کی آواز سن کر اس کی گرم جوشی دیکھنے والی تھی۔

"ٹھیک ہے ہم آپ پاکستان جیسے ہی آئیں گے میں آپ سے ضرور ملنا چاہوں گا ویسے آپ تکلف نہ کریں دو مہینے بعد سے خود آپ کو پک کر لیتے ہیں۔ ہاں... ہاں کیوں نہیں۔ اس کا مسئلہ بھی حل کیا جا سکتا ہے۔" دعا نہیں کرتا رہا پھر فون آف کر کے ریلیکس ہو گیا۔ عاطف بیگ کا فرزند پایا۔ تشکر دادا کے چہرے پر بھی تھا مگر اس کی وجہ دوسری تھی۔ وہ دوسرے کے بعد تجتی کا نام بار بار اس میں سن کر لگا تھا۔

کیا واقعی وہ شہریار کے لئے ایک اجنبی جگہ کا ایڈمیشن بن رہی تھی.......؟

کیا واقعی حقیقت میں شہریار اداکاری کر چکا تھا کہ اس کے مدمقابل کوئی اُمید کرنا شہد سے مذاق کے مترادف تھا.......؟

وہ دادا سے چلتے چلتے صوفے پر جا کر بیٹھ گئی اور عاطف بیگ اس کے چہرے کی فکر مندی سے کتنا وہ سمجھ کے اس کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا۔

"پریشان مت ہو دادا! ڈاکٹر ہمدانی کہہ رہے تھے شہریار بہت اچھی ریکوری کر رہا ہے۔ اب وہ ٹھیک ہے بالکل ٹھیک۔"

دادا نے سر اونچا کر کے ایک لمحے کو شہریار کو دیکھا، پھر دوبارہ میری طرف نظر موڑی۔ عاطف کو کچھ کہ بات لہجے میں بولی۔ "میں دیکھ رہی ہوں، واقعی شہری بھائی اب بالکل ٹھیک ہو چکے ہیں۔"

یہ عام سا فقرہ تھا مگر عاطف بیگ کو عجیب احساس ہوا تھا اور شہریار اس احساس کی تہہ کا پتے اندر تک [illegible] سے دیکھ رہا تھا۔

دادا اس جملے کے بعد رکی نہیں تھی۔ عاطف نے گھر چھوڑنے کی ضد بھی آخر کی تھی، شاید وہ اکیلی ہی کمرے کے لیے نکل جاتی۔ [illegible] اس نے چند روز کے لیے [illegible] پہ رکی تھی، اس وقت بھی سہولت کام آئی تھی۔ تقریباً دو گھنٹے بعد وہ شہریار کے پاس لوٹا تو [illegible] باتیں [illegible] کروٹ [illegible] کے سوتے ہوئے پایا۔ یاد بات کر وہ جانتا تھا وہ صرف اس وقت کی کیفیت اور عاطف کے سوال سے بچنے کی کوشش کے علاوہ کچھ [illegible] نہیں جانتا تھا۔ کمرے کی لائٹ آف ہو چکی تھی اور وہ اس کے قریب ہی [illegible] بیٹھ گیا تھا۔

"تم اب جا کر سو جاؤ۔ میں بالکل ٹھیک ہوں، اپنی نیند مت خراب کرو۔" اس نے کروٹ بدلتے [illegible] خیال اچھا لگا [illegible] کوئی مجبوری نہیں تھا۔

"تم دادا کی ناراضگی سے پریشان ہو؟" اس نے اس کے شانے پہ ہاتھ رکھ کر پوچھا۔

مدھم لہجے میں بولا۔ "نہیں، مجھے دادا سے کوئی شکایت نہیں۔ مگر ہاں دل میں کچھ دکھ ضرور ہے۔ یہ [illegible] کی محبت سے اتنی زیادہ توقعات کیوں رکھتا ہوں؟ مجھے لگتا ہے، میں دنیا کی کسی بھی [illegible] میں چلا جاؤں تب بھی دادا کے لیے میں اس کا شہری بھائی ہی رہوں گا۔ وہ جتنا [illegible] کی طرح مجھے [illegible] کے [illegible] نہیں دیکھیں گی۔ مگر...... اب مجھے اس بات کے لیے [illegible] کیا چاہیے کہ میں نے اپنے دو مضبوط [illegible] کھو دیے ہیں۔ میرے پاس کچھ نہیں ہے، میں خالی ہاتھ ہو گیا ہوں اور [illegible] عاطف! کسی کے دل سے نکلنے کا دکھ کیا ہوتا ہے۔"

وہ سنجیدہ ہو کر اس سے سوال پوچھنے لگا مگر جواب اس کی آنکھوں کی [illegible] میں [illegible] گیا تھا۔

"تم رو رہے ہو؟"

"نہیں تو......" اس نے صاف مکر جانے والا لہجہ اپنایا اور آنکھیں موند لیں۔

وہ جو کہتا تھا، وہاں دو مضبوط [illegible] کے کھو دینے پہ شاید ہی زندہ رہ سکے۔ وہ حارث عبدالرحمن اور دادا عبدالرحمن کے بچھڑ جانے کے باوجود زندہ تھا۔ [illegible] اس کی بات بہت [illegible]

نہیں رہی تھی۔ عاطف بیگ نے اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھا تھا۔ مذہب کے لئے کوئی لفظ استعمال نہیں کیا تھا اور اس نے اسی تسلی سے اپنے دل کو بھی سمجھا لیا۔ زندگی کی تلخی کو چکھنے کے لئے جھکنا پڑتا تھا۔

❀ ❀ ❀

رات آہستہ آہستہ بھیگ چکی تھی اور زندگی......

وہ پتہ نہیں کہاں تھی اس کمرے میں یا اس کمرے سے باہر......

باہر اس کا کوئی وجود نہیں تھا اور سب کچھ زندگی کے ہونے کا واہمہ ہوتا تھا۔

اس نے آہستہ آہستہ سر اٹھایا تھا اور سامنے رکھے آئینے میں اپنی لڑکی کو دیکھا۔ ان کی آنکھیں بھری ہوئی، سانس پوری طرح بھیگ گئی تھی۔

"مسز مصطفیٰ! کہاں جا رہی تھیں؟"

اس نے چونک کر دیکھا۔ سنبھل کر بیٹھی تو اسے لگا یہ سوال شاید ضمیر نے کیا تھا۔ کسی خود رنگ میں رہنے والے نے کسی اور کے لہجے میں سرزنش کی تھی۔

واقعی وہ کہاں جا رہی تھی؟ اس نے خود سے سوال کیا اور شرمندگی سے سر جھکا لیا۔ وہ چونک کے کمرے میں آ کر بیٹھی تھی۔ مگر وہ بڑی کہاں تھی، اسے خود روکا گیا تھا۔ آج اس کے قدم اٹھنے کے بعد رک سی گئیں پار ہے تھے۔ اس نے آسمان کی طرف دیکھا جس سے وہ خفا تھی۔ مگر اس کی نظر سے ایک بار پھر وہ لمحے گزر گئے جو اسے کبھی نہیں بھولتے تھے۔ ہر دن میں سے اس کے لئے اچھائی کا ایک لمحہ سوغات کر دیتا تھا اور کبھی پلٹ کر سوال کرنا بھی ضروری نہیں سمجھتا تھا کہ اس احسان کا قرض کس طرح چکاؤ گی اور کب تک جھٹلاؤ گی اور کب تک ناشکری رہو گی۔ وہ کبھی یہ سوال نہیں کرتا تھا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ وہ اس سوال کا کیا جواب دے سکے گی۔ لیکن آج دل میں کسی نے چپکے سے کہا تھا۔

"اگر جو واقعی اس نے یہ سوال کر دیا تو جواب میں کیا کہہ پاؤ گی......؟"

آسمان کی طرف اٹھی ہوئی آنکھیں شرمندگی سے جھک گئی تھیں۔ وہ دنیا کی خوشیوں کے پیچھے بھاگنے کی اتنی عادی تھی کہ بھولی بھٹکی سرزنش سے دامن بھر نہیں پائی تھی۔

"کیا ہو گیا اتنی رات گئے تم کہاں جا رہی تھیں؟" وہ کمرے سے نکل کر ان کے سرہانے آ کھڑی ہوئی تھی۔ پھر وہ نہیں پا سکی تھی۔ مگر اب کا کندھا ملتے ہی رونے لگی تو اس کی مٹھی میں اس کی عزت کا

آخری کنارہ بنا ہوا تھا جسے وہ شکم کی بھوک کے لئے نیلام کرنے نکلی تھی۔

"میں بہت بری ہوں شانی! بہت بری۔ صرف بھوک کے لئے آج میں نے اپنی سوچ کو کہاں تک گرا دیا..... میں اپنی نظروں میں کبھی نہیں اٹھ سکتی۔"

شافعہ پھر سے رونے لگی۔ مجبوراً اس کی بات کا مطلب سمجھی تو اس نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا تھا۔

"پاگل لڑکی! پریشان تھی تو مجھے ایک فون نہیں کر سکتی تھی؟"

اس نے پلو سے آنسو پونچھتے پھر بے بسی سے بولی۔ "کیسے فون کرتی؟ میرے پاس پیسے ہی نہیں ہیں۔ میرے پرس میں کھوٹی کوڑی بھی نہیں بچی ہے۔"

شافعہ تحمل محسوس کرنے لگی۔ مجبوراً اس کا ہاتھ تھام کر ساتھ ساتھ چلتے ہوئے بولی۔ "مجھے تو تمہارا خیال کرنا چاہیے تھا۔ یہ میری کوتاہی ہے کہ میں نے تم سے صرف نظر کیا۔"

مومنہ رفیق نے اس کے ہاتھ کو محبت کے لمس سے چھوا اور بولی۔ "میں تمہاری ذمہ داری تو نہیں ہوں شانی! بس خوامخواہ بے وقوفوں کی دوستی کو جیسے میں نے تم پر حق کی طرح مسلط کر لیا ہے۔" وہ لمحہ بھر کو رکی، پھر نرمی سے بولی۔ "تم اتنی اچھی ہو کہ ایک نازیبا رشتے پر اتنی توجہ خرچ رہی ہو۔ حالانکہ آج کے دور میں کوئی دوسرا رشتہ داری ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ میں تمہیں دیکھتی ہوں تو مجھے اس کے اچھے ہونے کا تھوڑا تھوڑا سا یقین آتا ہے۔ شانی! لوگ کہتے ہیں، جانے دنیا کب تک کیوں قائم ہے؟ اگر کوئی یہ سوال پوچھے تو کہنا کہ یہ دنیا تم جیسے لوگوں کے دم پر قائم ہے۔ جنہیں اچھائی کرنے کے لئے کسی صلے کی تمنا نہیں ہوتی۔ مدد کرنے کے لئے کسی رشتے کا تعلق بھی ضروری نہیں لگتا۔ جو بس دونوں ہاتھوں سے دیتے جاتے ہیں۔"

شافعہ مسکراتی رہی۔ اس کے کسی جملے پر اس نے دخل نہیں دیا۔ یہ نہیں تھا کہ وہ اپنی تعریف سننے کی شائق تھی، بلکہ وہ جانتی تھی کہ اس کے اندر بہت سارا دھواں بھر گیا ہے۔ تنہائی نے اس میں جالے تن دیئے ہیں، اس لئے وہ لفظوں اور باتوں سے اس کثافت کو مٹا دینا چاہتی تھی۔

وہ باتوں کے دوران گرلز ہاسٹل میں آ پہنچے تھے۔ شافعہ نے کمرے کی روم میٹ کی حیثیت سے مومنہ رفیق کا پچھلے مہینے کا دو ہزار کرایہ اور کھانے کا خرچ جمع کرا دیا تھا۔ رجسٹر پر دستخط کر کے رسید لی، پھر رسید مومنہ کو دے کر وہ تحمل سے وارڈن سے مخاطب ہوئی تھی۔

"مومنہ کا سامان جس طرح باہر نکالا گیا تھا اسے اسی ترتیب سے رکھ دیا جائے ورنہ اس کی شکایت کمیٹی دفتر میں بھی درج کرائی جا سکتی ہے۔"

وارڈن نے کان دبا کر بوجھل زنے اس کو سامان اس کے کمرے میں باترتیب سے رکھوا دیا تھا۔ وہ دونوں اب کمرے میں تھیں۔ اس کی روم میٹ گہری نیند سو رہی تھی۔ سو شافعہ نے اُسے زحمت دیے بغیر بہت خاموشی سے موحد رفیق کے آگے کھانا رکھ دیا تھا۔ کھانا دیکھ کر موحد کی آنکھیں چہرے سے بہنے لگی تھیں۔ مگر پھر وہ کھانے کی طرف ہاتھ بڑھاتے بڑھاتے رک گئی تھی۔ شافعہ سہیل کچھ سمجھ نہیں پائی تھی اُس کے اس رویے کو۔ وہ یکدم کھڑی ہو گئی تھی۔ پھر دو منٹ بعد وہ واش روم سے نکلی تو اس نے اس کے گیلے چہرے سے اندازہ لگایا، وہ وضو کر کے باہر آئی تھی۔ اس نے جائے نماز بچھا کر دو نفل شکرانے کے پڑھے تھے، پھر دوبارہ کھانے کے لیے دسترخوان پر آ کر بیٹھ گئی تھی۔ شافعہ اس سارے عرصے میں خاموش رہ کر اس کی ذات کا جائزہ لے رہی تھی اور وہ اپنے میں گم کھانے لگی تھی۔

"جب میں گھر میں ہوتی تھی مجھے لگتا تھا، مجھ سے زیادہ مظلوم کوئی نہیں۔ جب میری ماں اپنے برے حالات میں دال یا سبزی پکاتیں اور مجھے سب سے آخر میں کھانا ملتا تو میں کہتی، مجھ سے زیادہ دکھی یا نہیں، نہ حلوا، جسے کھانے کے لیے ڈھنگ کا کھانا بھی میسر نہیں۔ مگر شافی! جب سے عافیت سے نکل کر دنیا کی بھیڑ میں آئی ہوں تب کھلا، میں تو بہت عیش میں جی رہی تھی۔ تین وقت کا کھانا، وہ کھاتی تھی نا، وہ جیسے بھی کھا خاموش ہوتی، پھر رو دی تھی۔ ان دو سالوں میں میں نے سوکھے ٹکڑے نمک پانی میں بھگو کر کھائے ہیں، جو ہم گھر میں بھی ٹکڑے والے کو دے دیتی، خیرات کر دیا کرتے تھے۔ میری ماں بہت سخت تھی۔ لیکن پھر بھی اس نے کبھی روٹی نہیں پھینکی تھی۔ وہ کہتی تھی، اس سے بڑا گناہ کیا ہے کہ ہم اللہ کا دیا رزق پھینکیں اور بھوکے ٹکڑے سے کھاؤں کتنا۔ بیس دس روپے، تین روپے۔ کیا ہم نہیں یہ کم ایسے ہی خیرات کروں۔ ضائع کرنے سے اس کا تقدس مجروح ہوتا ہے۔ اللہ نے جس محبت سے کھانے کو دیا، ہمیں بھی اس محبت کا سلوک یاد رکھنا چاہیے...... میری ماں بہت سخت تھی۔ مجھے لگتا تھا، وہ دنیا کی بہت ظالم عورت تھی۔ لیکن اب مجھے لگتا ہے، وہ تو بہت نیک عورت تھی۔ وہ مجھے دنیا کے نشیب و فراز سمجھانے کے لیے سختی کا چولا پہنے جیتی تھی اور میں اُسے سمجھے بغیر اسے چھوڑ آئی۔ دنیا بھی ماں نہیں بن سکتی۔ مگر ماں ایک دنیا ہوتی ہے۔ جس نے اسے ٹھکرایا، دنیا بھی اسے ادھورے حوالے کے ساتھ کبھی قبول نہیں کرتی اور ٹھکرا دیتی ہے۔"

شافعہ سہیل نے اس کے لیے گلاس میں پانی انڈیلا تھا۔ پھر نرمی سے بولی تھی۔

"تم اپنی ماں کو اتنا مس کرتی ہو، پھر لوٹ کیوں نہیں جاتیں اس کے پاس؟ میں نے سنا ہے، اولاد کتنی ہی بری ہو، ماں کو کتنا ہی ستائے لیکن پھر بھی ماں کے دل کے دروازے ہمیشہ اولاد کے لیے کھلے رہتے ہیں۔"

موحد رفیق نے خالی پن سے اُسے دیکھا، پھر نہایت آزردگی سے بولی۔ "میں ایک بار گئی تھی۔ مگر ماں اپنا گھر وہاں سے بیچ کر کہیں اور منتقل ہو گئی۔ میری ماں کا ایک ہی بیٹا تھا، جو میرے یتیم خانے سے گھر لائے جانے کے دو سال بعد پیدا ہوا تھا۔ لوگ کہتے ہیں، وہ گھر اسی نے اپنی بیوی کے کہنے پر بیچ دیا۔ میں نے معلومات کی تو پتہ چلا، گھر میں روزانہ جھگڑا ہوتا تھا۔ میری بھابی روز اپنے شوہر کو میری

ماں کے خلاف بھی کافی تھی اور وہ روز اُسے سخت سست سنایا کرتا۔ محلے والے کہتے ہیں، پتہ نہیں اب وہ لوگ کہاں گئے ہیں۔ انہیں معلوم نہیں میری ماں زندہ بھی ہے یا......" اس نے آنکھیں میچ لی تھیں۔ پھر بہت دل گیری سے بولی تھی۔ "شافی! میرا دل کرتا ہے میری ماں بہت جیسے بھی ہو زیادہ کہیں مل جائے ہوں تو اس سے جا کر اپنی غلطیوں کی معافی مانگ لوں...... لیکن کیا واقعی ہم سب اپنی غلطی کی معافی مانگ سکتے ہیں؟

شافی! ہمارے پاس ماں اور باپ اور ان کا سایہ تحفے کی طرح ہوتا ہے۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں یہ سب ہمارا حق ہے اور حق کے لئے انسان ہمیشہ سخت لہجہ اپنا لیتا ہے۔ حق کے لئے کمینہ تک بن جاتا ہے...... اسے لگتا ہے یہ اس کا حق ہے تو بس پھر وہ اس حق کو جب تک چاہے استعمال کرے، جس طرح چاہے استعمال کرے۔ جتنا استعمال کرے۔ مگر حق لینے کے لئے ذمہ داریاں بھی تو کندھوں پر آپڑتی ہیں۔ مگر ہم ذمہ داری نہیں اٹھاتے۔ غلطی کرتے ہیں دوبارہ، سہ بارہ اور سمجھ لیتے ہیں کون ہے جو ہم سے اس کی بابت سوال کرے۔ کبھی جو ضمیر کچھ کہہ دیتا ہے تو کہتے ہیں، بہت وقت پڑا ہے فرصت ملی تو غلطیوں کی معافی بھی مانگ ہی لیں گے۔ روٹھے دل منا ہی لیں گے۔ مگر شافی! ہر چیز کی حد ہوتی ہے، عمر کی حد ہوتی ہے۔ ہم یہ بھول کر اپنی جارح طبیعت کے حساب سے کرتے رہتے ہیں۔ نہیں جانتے عمر کی حد کہاں، کس لمحے پاؤں سے سمیٹ دی جائے...... معافی مانگنے کی مہلت ملے یا نہیں، معاف کرنے والے لب، معافی اچھال سکیں یا نہیں، دیکھنے والی آنکھیں، دل اور خاموش لب لے کر مٹی تلے جا سوئیں، کوئی نہیں جانتا۔ لیکن ہم پھر بھی معکوس راہوں پر دوڑتے چلے جاتے ہیں۔"

وہ مسلسل بولے جا رہی تھی۔ شافعہ نے اُسے بولنے سے روکا نہیں تھا۔ پھر جب مومنہ اندر کے سفر سے واپس لوٹی تب شافعہ نے اس سے نئی نوکری کی بابت سوال کیا۔

"کہاں اپلائی کیا تھا تم نے؟"

"روفیشن پنڈ اسٹائل کے بی بلاک پہ مسٹر شہریار کی ایڈورٹائزنگ کمپنی کے لئے اپلائی کیا تھا۔"

"کون شہریار عبدالرحمن......؟" اس نے ذہن پہ زور ڈالا اور مسکرا کر بولی۔ "تم نے اگر وہاں اپلائی کیا ہے تو سمجھو تمہیں نوکری مل گئی۔"

مومنہ رفیق نے بے بسی سے گہرا سانس لے کر کہا۔ "کہاں ملے گی نوکری؟ مجھے تو لگتا ہے، جا کر یہ سکینڈز میں بھی اب سفارش کے بغیر کوئی کام ہونا مشکل ہے۔ میں مقررہ دن پر انٹرویو کے لئے گئی تھی، لیکن پتہ چلا انٹرویو کینسل کر دیئے گئے ہیں۔ مسٹر شہریار کے منیجر نے کہا ان کے پاس بہت مصروف ہیں۔ میں نے بہت لجاجت سے ان سے بات کرنے کی درخواست کی تو بمشکل بات کروائی گئی مگر مسٹر

"شہریار صاحب......"
شافعہ کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ عود کر آئی۔ اسے اپنی پہلی ملاقات یاد آ کر رہ گئی تھی اس لئے اس نے دھارس کو کہا۔
"وہ واقعی بہت روڈ ہیں۔ مگر مومنہ! جو لوگ روڈ ہوتے ہیں نا، مجھے لگتا ہے ان کے اندر کوئی کمی ضرور ہوتی ہے، جسے چھپانے کے لئے وہ اپنے گرد خول چڑھا لینے ہی میں عافیت سمجھتے ہیں۔ ویسے شہریار عبدالرحمٰن تو پہلی نظر میں آپ ان کی شخصیت کے متعلق بہت غلط رائے ضرور رکھ سکتے ہیں مگر مجھے لگتا ہے وہ بہت کیئرنگ ہیں۔ تمہارے پاس ان کا نمبر ہے؟"
مومنہ نے نفی میں سر ہلایا۔ شافعہ کنول نے کچھ سوچا پھر جیسے یاد آنے پر اپنا پرس کھول کر بیٹھ گئی۔ پھر بس منٹ بعد اس کے بیگ کی اہم چیزوں اور وزیٹنگ کارڈز میں سے شہریار عبدالرحمٰن کی کمپنی کا کارڈ برآمد ہوا تھا، جس میں لائن سے سب کے موبائل نمبر درج تھے۔ خصوصی کارڈ صرف خاص نوعیت کے اہم سمجھے جانے والے افراد ہی کو فراہم کئے جاتے تھے۔ مسز ہمدانی کے توسط یہ کارڈ اسے فنڈ ریزنگ کے سلسلے میں دیا گیا تھا، جو اس نے اب تک سنبھال کر رکھا تھا اور اب کام آ گیا تھا۔ اس نے موبائل نکال کر مومنہ کو نمبر ڈائل کر کے دیا تھا۔
"مجھ سے بات نہیں ہوگی ان سے۔ وہ بہت کرخت انسان ہیں۔"
"نہیں ہیں کرخت۔ بہت ڈیسنٹ بندہ ہے۔"
"آہا، آپ اتنی زیادہ جس کی طرف داری کیوں کر رہی ہیں؟ کچھ دال میں کالا ہے کیا؟" شافعہ کنول نے اس کے طنز پہ چپت لگائی تھی پھر اپنا ارادہ ملتوی کر کے کہا تھا۔
"بی بی صاحبہ! ہم دیکھتی ہیں رنگ، جو اسے آنکھ مت رنگ کہتے ہیں۔ یعنی ہم احمق ٹکٹ تلاش کلاس کے مخصوص ہیں۔ سو یہاں اپنا کوئی خیال نہیں ہے میں آ تھکا اور بالفرض ایسا نہ بھی ہو تو میں سب سے پہلے شیشہ دیکھتی ہوں اس لئے بہت سرعت سے جان سکتی ہوں کہ کتنے پانی میں ہوں۔ سو اگر کوئی میری تعریف کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے تو میں اس کے جھوٹ کا کاؤنٹ شروع کر دیتی ہوں اور واقعی غلط فہمیوں سے محفوظ رہتی ہوں...... اور پھر یہ مومنہ ایسی بھی تو ہے، ہم جیسے مڈل کلاس لوگ اپر کلاس میں جا بھی نہیں سکتے۔ پہلے تو یہ بات وہ ادری بھی نہیں ملتا۔ اگر عزت کے دھوکے میں یہ پروانہ ملنے کی امید ہو تو تب بھی ساری کلاس مل کر اس ایک اکیلے بندے کے پیچھے پڑ کر اسے مار مار کر اپنے خول سے باہر نکال دیتی ہے۔ کیونکہ یہ لوگ رشتے اور تعلق داریاں بھی صرف اسی وقت نبھاتے ہیں یا استوار کرتے ہیں، جب انہیں اس سے کوئی منفعت کا امکان ہو۔ میرا خانہ خالی ہے، اس لئے مجھے ایسے دھوکے نہیں ہوتے۔"

ANCHAL.COM

مومنہ رفیق نے کچھ نہیں کہا تھا۔ شافعہ نے نمبر پریس کرتے کرتے جو ہاتھ روک دیا تھا، پھر سے موبائل کی طرف متوجہ ہو گئی تھی۔ پھر طویل گفتگو کے بعد اس نے جب اسے کریڈل سے واپس آ کر اس کے سامنے آ کر اس کی نوکری پکی ہونے کی خبر شیئر کی تو مومنہ رفیق کا پہلا سوال تھا۔

"تم نے میرے لئے نوکری خیرات کی طرح تو نہیں مانگی تھی ماں؟ یہ میں اس لئے کہہ رہی ہوں کہ شہریار صاحب کا لہجہ آج بھی میرے ساتھ اچھا نہیں تھا اور تم نے بھی میرے سامنے بات کرنے کے بجائے تنہائی کا سہارا لیا تھا۔ کیا واقعی تمہیں لگتا ہے مجھے خیرات کے علاوہ کوئی نوکری نہیں دے سکتا؟" شافعہ کے مسکراتے ہونٹ یکدم سنجیدہ ہو گئے۔ اس نے اس کے قریب آ کر کہا۔

"تم...... مومنہ! تم بہت عجیب ہو۔ بہت ہی عجیب۔ کبھی رشتوں، تعلق داریوں کے لئے تڑپتی ہو تو کبھی سب کچھ بیک قلم موقوف کر کے تنہا ہو جانے میں عافیت سمجھتی ہو۔ کبھی خدا کی مہربانی کے لئے سجدے کرتی ہو تو کبھی چڑ جاتی ہو اور کبھی اس خدا کی ذات سے فرار ہو جانے کی کوشش میں ہو۔ کبھی چاہتی ہو کوئی اپنائیت سے تمہارے راستے کے سارے کانٹے چن لے اور کبھی تم سارے کانٹے خود اپنے پیروں کی قسمت سمجھ کر اس زنجیر سے خود کو آزاد کرنے کو سب سے بڑا آزار سمجھتی ہو۔" شافعہ نے توقف کیا، پھر آہستگی سے کہہ رہی۔ "میرا خیال ہے مومنہ! اگر انسان قابل ہو تو پہلی بار اس کی سفارش کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ قابل شخص کو پہلی بار کے بعد دوبارہ کسی مصنوعی سہارے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ آگے کا راستہ طے کرنے کے لئے خود اس کے قدم منزل کھوج لیتے ہیں۔"

مومنہ نے کچھ نہیں کہا۔ خاموشی میں جیسے وہ اس کی بات سے متفق ہو کر چپ کی چپ رہ گئی تھی۔ شافعہ [illegible] انداز دیکھا تو خاموشی سے [illegible] بند کرنے لگی۔ پھر اپنے کام سے فارغ ہو گئی تو اپنے پرس سے ہزار کا نوٹ نکال کر اس کے بیگ میں ڈالنے لگی۔ مومنہ نے فوراً اس کا ہاتھ روک لیا تھا۔

"پلیز نہیں ماں! تم خود بھی تو بہت ساری ذمہ داریوں میں بٹی ہوئی ہو۔ ایک [illegible] کی تنخواہ بھی نہیں [illegible] تنہا پوری کرتی پھرے۔"

شافعہ نے خفگی سے اسے دیکھا، پھر زور دے کر کہا۔ "تم بھی ماں ہو مومنہ! کیا اولادوں سے وقت پڑنے پہ شیئر کرنے سے وہ ضائع ہوتا ہے؟" شافعہ نے مسکرا کر پھر اسے کندھوں سے تھام کر روکی۔ "کاش میں کبھی تمہارا محبت پہ ختم ہوا ایمان پختہ ہوتے دیکھوں۔ لیکن مومنہ! دنیا میں جو چیزیں اب نایاب ہو گئی ہیں، پہلے یہ اسی دنیا میں وجود رکھتی تھیں۔ مومنہ! ہم تو قبیلے کی کھوئی ہوئی نسل کی نمائندہ ہوں اس لئے مانتی ہوں محبت میں شرط کی کچھ قسم جذبات [illegible] سب غرض ہو کر واپس کہیں لوٹ جاتی ہیں۔ ایک عمر دنیا کی عمر ہے اور ایک عمر دل میں جینے کی عمر ہے۔ ہم اگر مرنے کے بعد بھی کسی کے دل میں زندہ رہتے ہیں تو ہم اس کی عمر اس کی سانسوں میں نئی طرح سے جی رہے ہوتے ہیں۔ جتنے زیادہ دل اتنی لمبی عمر، کیا سمجھیں؟" اس نے نوٹ اس کے پرس میں ڈال دیا، پھر [illegible] کا عندیہ دیتی گزرگاہ سے باہر

نشی چلی گئی۔ سومنات سے باہر گیٹ تک چھوڑنے آئی تھی۔ پھر وہ کمرے میں پہنچی تو اس نے پرس کو دیکھا۔ واقعی اس کے حساب سے زیادہ رقم آ چکی تھی۔ نشی نے بہت زیادہ وقت تک کام دینے والا تھا۔
اس نے فکرمندی سے سوچا، پھر دل کو تسلی دی کہ وہ دوسرا رشتہ سے کہہ کر ایک پرائیویٹ مریضوں کی دیکھ بھال کی اضافی خدمات سرانجام دے کر اس رقم کو بخوبی ختم کرنے کی سعی کر سکتی ہے۔

بچے کے رونے کی آواز مسلسل آ رہی تھی۔ وہ جلے پیر کی بلی کب سے کچن کے کاموں میں مصروف تھی۔ مگر دل تھا کہ بچے کی پہلی آواز سے لے کر اب تک کے مسلسل رونے کے ساتھ ساتھ وہ بھی سسک رہا تھا۔
"باجی! پھوپھو جی کیسے روئے جا رہا ہے۔ سدرہ بی بی صاحبہ پتہ نہیں کہاں ہیں لیکن آپ کہو تو میں بچے کو دیکھ آؤں جی؟"
کام کرتے کرتے ہاتھ اس التجا پر لمحہ بھر کو رکے پھر تیزی سے کہا گیا۔
"کوئی ضرورت نہیں ہے تمہیں آقا زادے کو چھونے کی۔ تمہیں یاد نہیں ہے، پچھلی دفعہ تم نے یہ جرأت کی تھی تو وہ دن تک بھوکی رہی تھیں۔"
بڑی سی چادر کا بکل ڈالے اس عورت نے بھیگی پلکوں سے رحم طلب نظریں سبزی کاٹتی عورت پر ٹکا دیں۔
"کام کرو کنیز! تمہیں اپنی پروا نہیں ہوگی لیکن مجھے اپنی جان بہت عزیز ہے۔ بڑے آقا صاحب اس بات پر جان سے بھی مار سکتے ہیں۔ وہ آقا زادے کے لیے ملازمہ بھی نسل تلاش کر کے لائے ہیں تو پھر وہ تمہیں کیسے چھونے دیں گے اسے۔ اپنے دل کو سمجھاؤ اور کام کرو۔ تمہیں تقدیر کا لکھا سمجھ کر خود سے اپنی حالت سے اور اپنی قسمت سے سمجھوتہ کر لینا چاہیے۔"
بکل میں کھڑی عورت کی آنکھیں ساون کی طرح برسنے لگی تھیں لیکن ایک خاموشی کا معاہدہ تھا زندگی سے سو وہ چپ کر کے اس لوری کے پاس سے ہٹ گئی تھی، جو بچے کو چپ کرانے کے لیے اس کی مالکن گا رہی تھی۔
"پہلے میں کتنا اچھا گایا کرتی تھی۔ اس آواز پر سب سے آگے ہوتی۔ لیکن اب تو لگتا ہے، گا بھی لوں تو رحم کے سوا کچھ نہیں رہا ہے۔"
اس نے پلو سے آنسو پونچھے اور سالن بنانے میں مصروف ہو گئی۔ پھر کھانے کی میز پر کھانا چن دیا گیا تو وہ بے مقصد چولہے کے آگے کھڑی ہو گئی۔ کوئی بھی ڈش دوبارہ منگوائی جا سکتی تھی اور بڑے آقا صاحب کو کھانا تازہ اور گرم کھانے کی اتنی عادت تھی کہ وہ اس سلسلے میں کسی ملازم کی معمولی کوتاہی بھی برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ گھر کے سارے ملازم ان کی عادت سے خوب واقف تھے اور ان سات سال رہ کر وہ بھی ان عادات سے واقف ہو چکی تھی۔ کھانا بخیر و خوبی جس طرح چنا گیا تھا اسی طرح اٹھا لیا گیا تھا اور اب وہ حویلی سے ملحق غلام گردش کے کھانے کے کمرے کے باہر کھڑی ملازموں کے بھی کھانا

کھانے جانے کا انتظار کر رہی تھی مگر وہ سیڑھی پر رک گئی۔ پیر کر وہ جانے کس سے سرگوشی سے باتیں کر رہی تھی کہ ایک دم بخت آواز گونجی۔

”کیا مری جا رہی ہے، سالن نکال کے دے۔ کتنی آواز دی، بہرے تھے کان تیرے، مگر تو عشق کی اندھی تو تھی ہی، بہری بھی ہے۔“

ڈش پہلے پلاؤ کی بچی گئی تھی۔ وہ خاموشی سے ڈھکن ہٹا کر سالن ڈش میں ڈالنے لگی تھی۔ پتیلی کا آدھا سالن بھی ختم ہو چکا تھا۔ خالی پانی جیلیاں اس کی بھوک کا منہ چڑا رہی تھیں۔ ملازم جس طرح جب جب کچھ لایا تھا اسی طرح واپس جا چکا تھا۔ وہ دن بھر کی تھکن سے چور وجود لیے رسوئی گھر سے اٹھی تھی۔ ابھی اپنے کمرے میں آ رہی تھی کہ کمرے کے باہر زنجیر بجی تھی۔

”ادھر کون آیا ہے؟“ اس کے کمرے کی تیسری ملازمہ نے بجلی ملازمہ سے پہلے حکم دیا اور وہ جو ابھی بیٹھنے کے بارے میں بھی نہیں سوچ پائی تھی کہ دروازہ کھولنے چل دی کہ بخت صورت کردار اس کے سامنے کھڑا تھا۔

”آج بھی بھوکی رہ گئی ہے اماں؟“

”ہاں مگر مجھے اب بھوکے رہنے کی عادت ہو چکی ہے۔“ اس نے نرمی سے جواب دیا۔ مگر کردار نے اس کی کلائی پکڑ لی۔

”دیکھو تو جتنا مجھے انکار کرتی ہے میرے اندر اتنی ہی بجا تیز جل اٹھتے ہیں۔ گو عزت داری سوتی تو کہاں [illegible] تھی۔ تو پہلے ہی جلتی ہے پھر کیوں انکار دکھاتی ہے؟“ کس میں کھڑی عورت کی آنکھوں میں دنبل سے انسو بھر آئے جیسے بخشید پڑ گیا۔ سامنے کھڑے مرد کا دن ہر روز کا وہی مطالبہ برقرار تھا۔

”مجھے معاف کر دے شیخ! میں بہت [illegible] ہوں۔ بہت رذیل ہوں۔ مگر دیکھ اب میں اور [illegible] نہیں کرنا چاہتی۔ دیکھ تجھے تیرے سوہنے رب کا واسطہ۔ وہ غلطی معاف کرنے والا ہے تو بھی میری غلطی معاف کر دے۔“

کردار کے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ پھیل گئی۔ اس نے اس کے چہرے پر [illegible] کا جھکاؤ بھرتے خباثت سے کہا۔

”نا انصافی [illegible] کے مالک ہو، تو یوں بھی نہ کر۔ ہم تجھے محبت سے پکاریں تو تجھے سوہنا رب یاد آنے لگتا ہے...... مت بھول تو [illegible] میری۔ مجھے معلوم ہے تیرا انکار میں اپنی جڑوں کو بھی [illegible] ستوں [illegible] ہے۔ ملازموں کی ملازم [illegible] تجھے کھلا دوں گا۔ آج پیٹ بھر کر کھانا کھا۔ [illegible] کسی [illegible] سے پالا پڑا تھا۔

اس نے چادر کو اپنے گرد اور کس کر لپیٹ لیا تھا مگر لگ رہا تھا کہ چادر سر بازار کھینچ لی گئی ہے۔

"مجھے نہیں کھانا تمہارا کھانا۔ مجھے نہیں کھانی روٹی۔" اس نے تیزی سے دروازہ بند کرنے کی کوشش کی مگر کمدار اچانک ہی آگیا تھا۔ اس نے بوٹ دروازے میں رکھ کر دروازے کو بند ہونے سے روک دیا تھا۔ وہ بھاگتی ہوئی کمرے میں آکر اپنے بستر پر بیٹھ گئی تھی۔

"اماں! سنو یہ کمدار میری بات نہیں سن رہا۔ تم اماں اسے روکو۔ تم تو اس حویلی کی پرانی ملازمہ ہو اماں۔" اس نے اپنے قریب بیٹھی بوڑھی عورت کو جھنجوڑنے کی کوشش کی۔ تھوڑی سی ساری عمر گزرے کرنے کی وجہ سے وہ ان پر کوئی اثر نہیں ہوا تھا۔ جس عورت نے دروازہ کھولنے کا حکم دیا تھا وہ بوڑھی عورت نکالے لائے۔ وہ بوڑھی تھی۔ جس نے اس کے گلے سے دبایا تھا۔

"تم بھی جا اب کیوں رہی ہو؟ ہم جانتے نہیں ہیں کیا تیری پاکبازی کو؟ گھر سے بھاگی ہوئی عورت ہے تو۔ آوارہ ہے کیوں شرماتی ہو اور چھپتا جانا چاہتی ہو اتنا کیوں کر رہی ہے؟ لے جا شیخے! آج تو اتنا کا ... بول دے۔ میں بھی تھک گئی ہوں اس سے۔"

بخش میں کھڑی عورت کی آنکھیں پھیلنے لگی تھیں۔

"اماں! یہ دیکھو کیا ہونے جا رہا ہے؟ تم بھی تو کسی کی ماں ہو۔ کیا تمہیں بیٹی کی طرح نہیں لگتی ماں؟"

اس نے ایک بار کوشش کی۔ بوڑھے وجود میں حرکت ہوئی۔ بیکل بوڑھے کھڑی عورت کے جسم میں طاقت بھر آئی۔ بیٹی وہ بھاگ گئی ہے۔ مگر بوڑھے لب ہلے تھے اور اس نے سنا تھا۔

"لے جا شیخے! اسے لے جا۔ مجھے اس کا کیا وہ گھر ہی اچھا ہے۔ کیا سمجھتی ہے یہ خود کو یہ بار آئی ہے یہ کون تھی...... حویلی کی ملازم ہے یہاں لئے اس پر سب کا حق ہے۔ لے جا شیخے! میں بھی تو دیکھوں اسے کس بات کا گھمنڈ ہے۔"

"اماں!" اس نے پھٹی پھٹی آواز میں چیخنا چاہا۔ آج ماں کا یہ روپ دیکھ کر ہی کا کندھا اسے بہت بھاتا تھا۔

"مت رو یہ خانم...... میں تو صاحب سے شکایت کروں گی۔ میں تمہیں کیسے دے رہی ہوں۔"

گہرا اندھیری رات سے بھی اندھیرے دل میں اس کی آواز کہیں دب گئی تھی۔

پھر دوسری صبح، رات سے بھی کڑی تھی۔ وہ بستر پر بیٹھی ہوئی سسک رہی تھی مگر کسی کو اس کے رونے سے کوئی فرق پڑنے والا نہیں تھا۔

"چل اٹھ شاہ! بہت کام پڑا ہے۔" اسی بوڑھی عورت نے اس کے وجود کو ٹھوکر ماری تھی اور اس ٹھوکر سے اسے وہ لمحے یاد آ گئے تھے، جب بہت بے پروائی سے اس نے بھی اسی طرح محبت کو ٹھوکر ماری تھی۔

"محبت کو ٹھوکر مارنے والے کبھی نہیں پنپتے۔" اس نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا مگر وہاں اماں نہیں تھیں صرف ان کی نصیحت بھری آواز چکراتی پھر رہی تھی۔

صبح ہو چکی تھی مگر اسے لگ رہا تھا سیاہ منحوس رات ابھی تک کہیں دور تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس نے بدقت اپنے وجود کو گھسیٹ کر غسل خانے کی طرف لے جانے پر آمادہ کیا تھا۔ پھر نہا کر کپڑے بدل کر جب وہ اپنے کمرے سے نکلی تھی تو اس کے قریب سے جمال کندھے اچکا کر گزرا تھا۔

"آج تیرا کھانا میرے ذمے ہے۔ وہ بھی شیخ جیسا مجھے بھی موقع دے تو تیری تمام عمر کھانا دوں گا۔"

اس نے اس پر تھوک دیا۔ مگر یہ کوئی نہیں جانتا تھا اس نے یہ تھوک زمین پر نہیں اپنے وجود پر تھوکا تھا۔ آسمان کی بلندی چھونے کے لئے اپنی نسائیت کی اس تذلیل پر وہ خود پر جتنا احتجاج کرتی، کم ہی تھا کم تھا۔ مگر قسمت میں یہی تھا...... اور بدقسمتی سے اب یہی اس کی زندگی کا مقدر تھا۔ وہ حویلی میں داخل ہو کر سیدھی کچن میں داخل ہوئی تھی۔ پھر چائے پکنے کے لئے رکھ کر وہ ٹیبل سیٹ کر رہی تھی، جب کچن کا دروازہ کھلا تھا۔ اس حویلی میں لانے والا وجود اس کے سامنے کھڑا تھا۔

نک سک سے درست، وجاہت کا بہترین نمونہ۔ اس کے ہونٹوں پہ ہر وقت ایک مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی، جیسے اس کے ہاتھ میں کٹھ پتلی کی ڈور تھی اور ان ڈوریوں کو حرکت دینے میں کمال مہارت رکھتا تھا۔

"تمہیں یہاں کوئی تکلیف تو نہیں ہے سجال؟" شرارت بھری مسکراہٹ سے سوال کیا گیا اور اس نے بکل میں منہ چھپا کر اپنی ہر تکلیف کو چھپانا چاہا مگر آنسو بہت تیزی سے پلکوں کی باڑ پھلانگ کر چلے آئے تھے۔

"چچ چچ چچ...... تم جیسی لڑکی روتے ہوئے بالکل اچھی نہیں لگتی۔ دیکھو سجال، اگر تم اس طرح روؤ گی تو مجھے لگے گا، میں اپنی رعیت کے لئے بہت ظالم حکمران ہوں۔ حالانکہ تم جانتی ہو، مجھ جیسا پاور فل، براڈ مائنڈڈ انسان اس پورے کرۂ ارض میں کہیں نہیں ہوگا۔"

اس نے انتہائی بے بسی سے اسے دیکھا، پھر بہت مشکل سے بول کر التجا سے بولی۔ "مہربانی کر کے شاہ صاحب! مجھے میرے بچے سے ملنے سے تو مت روکیں۔"

"تمہارا بچہ؟" سامنے کھڑے وجود نے اچنبھے سے اسے دیکھا، پھر جتانے والی کوشش سے بولا۔ "تمہیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے، تم یہاں کنیزوں کی کنیز ہو اور تم جیسی عورت ہمارا لاڈلا پر کوئی ذی حق کرے، یہ ہم

برداشت نہیں کر سکتے۔"

"مگر یہ بولی جھوٹا تو نہیں ہے شاہ صاحب! وہ میرا ہی بچہ ہے ناں، جسے آپ نے مالکن کی گود میں لے جا کر ڈال دیا۔"

سامنے کھڑے شخص کے چہرے پر بے ہودہ مسکراہٹ ابھری۔ یوں جیسے اُس کے کہے کی ساخت پر ترس سے ہنسے ہوں۔ پھر وہ اس کے قریب آ کر بولا۔ "تم سے جو تعلق تھا اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں تھی۔ کچھ سالوں کے لیے تم اچھی لگیں اور بس...... مگر اولاد کی تربیت، اس میں، میں کوئی رسک نہیں لینا چاہتا۔ وہ ہمارا خون ہے۔ اسے تم جیسے کم ذات اپنا کہنے کی جسارت بھی کریں تو ہمارا خون کھول اٹھتا ہے...... ہمیشہ یاد رکھو تم ہمارے ملازموں کی ملازم ہو۔ یہی تمہاری حیثیت تھی اور یہی تمہاری اوقات۔"

آنسو بہاتی آنکھوں نے غصے سے خود وجود کو دیکھا اور پھر چلا کر بولی۔ "میری یہی حیثیت ہے، یہی اوقات ہے تو پھر کیوں ہر بار آپ میرے زخموں پر نمک چھڑکنے آجاتے ہیں؟"

ہاتھ فضا میں بلند ہوا۔ لمحہ بھر سے پیچھے مڑ گیا اور مردانہ ہاتھ کا بھرپور طمانچہ اُس کے چہرے پر ثبت ہو چکا تھا۔ پھر سامنے کھڑے آقازادے نے ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہا۔

"آواز نیچی رکھ کر بات کیا کرو۔ مجھے ملازموں سے اس آواز میں بات سننا قطعی پسند نہیں۔ تم خوش قسمت ہو کہ اس گستاخی کے باوجود تمہاری زبان ابھی تک سلامت ہے۔ ورنہ ایسے ملازموں کو میں اپنے خونخوار کتوں کے آگے ڈال دیا کرتا ہوں۔" وہ لمحہ بھر کو رکا، پھر مزید بولا۔ "تمہیں دیکھنے کا مجھے کوئی شوق نہیں۔ تم نے عجیب حال بنا رکھا ہے، پہلے تو پھر بھی قابل قبول لگتی تھیں، اب تو کسی چڑیل سے بھی زیادہ بری ہو گئی ہو۔ تم سے مجھے اب گھن آنے لگی ہے۔ ہمارے ملازموں کی ملازم بھی تکنے کے لائق نہیں رہی ہو تم...... اور تم مجھ سے زبان درازی کرنے کی کوشش کر رہی ہو؟ سنو لڑکی! تمہیں میں صرف اس لیے دیکھنے آتا ہوں، کہ جان سکوں کہ گھر سے بھاگنے والی لڑکیاں آخر کب تک اپنے الوژن سے باہر نہیں نکل پاتیں۔"

"الوژن......؟" اس نے سسکاری بھری اور سر جھکا لیا۔

کہانیاں، خوب صورت انجام والی کہانیاں پہلے اُسے کتنی پسند تھیں۔ سامنے ہیرو کہانی اسٹارٹ کرتی تھی، جس میں ساری دنیا داری سے پیچھے کی ہو جاتی، تب بھی دیر سے دیر تک کی ملن ہو کر رہتا، ان کہانیوں میں نہ سماج بیچ میں آتا ہے، نہ امیری غریبی...... اُسے خواب دیکھنا بہت پسند تھا۔ خوش انجام خواب، جس میں ساری تمنائیں اس کی رعیت کی طرح ہوتیں۔ سر جھکائے پورا ہونے کی حسرت کرتی ہوئی تمنائیں...... اور وہ مزے سے زندگی کو مسکرا کر دیکھا کرتی۔ اب زمانے میں شاید زندگی مسکرانے ہی کا دوسرا مطلب تھا، مگر بس چاہت کی نسبت سے شناخت کا بحران در آیا اور......

"تم...... تم پاگل تو نہیں ہو؟ یہ سینک رہی ہو یا اسے جلا رہی ہو؟" کان کے قریب مالکن کی آواز سن کر وہ ہڑبڑا کر چونکی اور دوسری ملازمہ نمک مرچ لگا کر صاحب کے کچن میں آنے کا قصہ لے بیٹھی۔

"تمہاری یہ ہمت......" مالکن کی سانسیں تیز چلنے لگی تھیں۔ ملازمہ کی دی گئی چائے کی پیالی مالکن نے اس کے چہرے پر اچھال دی تھی۔ وہ اف کی آواز نکال کر دوہری ہو گئی تھی۔ تب مالکن کے مخروطی ہاتھوں نے اس کے ان بالوں کو مٹھی میں بھینچ کر کھینچا، جن بالوں میں اس کی ماں کی جان بند تھی۔ اسے لگتا، کبھی کبھی ماں اس سے بھی زیادہ اس کے بالوں سے پیار کرتی ہے۔ اور کبھی جو ماں کنگھی میں بے دھیانی میں بھی کھینچ جاتی تو وہ واویلا کر کے آسمان سر پر اٹھا لیتی تھی۔ "ہائے میرے بال کیوں کھینچے؟ کتنا درد ہوتا ہے بال کھنچنے سے۔" اور آج وہی بال بے دردی سے کسی کی مٹھی میں بھینچے ہوئے تھے مگر چہرے کی جلن کے آگے یہ تکلیف اسے محسوس ہی نہیں ہو رہی تھی۔

"کم ذات، اگر پھر تو نے ان سے بات کی یا ان کے سامنے آئی تو تیرے چہرے پر تیزاب ڈلوا دوں گی۔ جان سے مروا دوں گی۔ چل جا، سامنے سے اب حویلی میں کہیں دکھائی مت دینا۔" زور سے دھکا دیا گیا اور وہ گھٹنوں کے بل پوری قوت سے زمین سے ٹکرائی۔

"امی!" دل کی گہرائی سے اس نے ماں کو پکارا۔ مگر یہ حسین محبت کا احساس تو وہ خود پیچھے چھوڑ آئی تھی۔ پھر کس منہ سے شکوہ کرتی، کس سے شکوہ کرتی۔

دوسرے مرے قدموں سے چلتی اپنے ملازموں کے کوارٹر کی سمت بڑھتی چلی گئی تھی۔ چہرے کی جلن اتنی تھی کہ چہرہ اٹھانے کو دل نہیں کر رہا تھا۔ اس نے یکدم سوچا، گھر میں ہوتے ہوئے ایسے حادثے پر اس کا کیا رد عمل ہوتا؟ اسے ماضی کے کتنے ہی واقعات یاد آ کر رہ گئے تھے، جس میں معمولی سی خراش چھری سے پڑنے پر یا کھانا پکاتے ہوئے بھاپ سے جلنے والی کلائی پر وہ سوں سوں کرتی پورے گھر میں ایمرجنسی نافذ کر دیا کرتی تھی۔ اماں بھی تو جیسے پریشان ہو رہی ہوتیں اور بھابیاں اس کی دل جوئی کرنے لگتیں اور بھائی کہتا، "اسے کسی اچھے کلینک میں لے جاتے ہیں اماں! گڑیا کو بہت تکلیف ہو رہی ہے شاید۔" پھر اماں لاکھ منع کرتیں مگر بھائی اسے بائیک پر بٹھا کر کسی نہ کسی کلینک لے ہی جاتا۔ پھر ڈاکٹر کے لاکھ تسلی دینے پر بھی وہ اسی پریشانی سے کہتا، "ڈاکٹر صاحب! کوئی فکرمندی کی بات تو نہیں ہے نا؟ دیکھئے، مجھے میری بہن بہت عزیز ہیں۔" ڈاکٹر مسکرانے لگتا، اس کے بھائی کی محبت پر اسے رشک سے دیکھنے لگتا مگر آج...... وہ آدھے وجود سے منہ پر گر گئی تھی۔

"میں نے جو کیا اس کی سزا پائی۔ میرے بھائی ہوتے کہیں تھے مگر مجھے صبر کرنے کی عادت نہیں تھی اور بے صبری کا کام شیطان کا کام ہوتا ہے۔ میں نے اماں کی نصیحتیں جوں جوں ٹھکرا کر ماریں توں توں زندگی نے مجھے ٹھوکروں پر رکھ لیا۔ جو ہوا میرے کیے گئے اعمال کا صلہ ہے۔ مگر میرے اللہ! تجھے تو بخشش کرنے کی اتنی عادت ہے کہ میرے گناہ تیری معافی کے آگے ایسے ہیں جیسے سمندر کے جھاگ کے کچھ

نہیں...... کیا یہ عذاب ختم ہوگا بھی؟ کیا کبھی میں اس جہنم سے نکل سکوں گی......؟" اس نے تکیے پر زور سے ہاتھ مارا۔ کے رونا آگیا پھر تکلیف کی شدت کے باوجود رات بھر کے جاگے ہونے کی وجہ سے نیند میں کب پناہ ڈھونڈ لی اسے خبر نہیں ہوئی۔

❁❁❁

"اماں! آپی بہت روتی ہے؟ آپ بہت دل برداشتہ لگ رہی تھیں؟" زہرہ جنید نے گرل سے پار صحن میں کپڑے سوکھنے ڈالنے والی امی کو سمجھنے کی کوشش کی۔ مگر زہرہ جنید جانتی تھی کہ ماں کا غصہ جاتا رہا تھا وہ ان کے چہرے کی پریشانی کسی طور نظر انداز نہ کرسکی۔

شاکرہ بانو نے بیٹی کو دیکھا پھر بے چارگی سے بولیں۔ "پتہ نہیں۔ لیکن اس کے بنا یہ جہان سے تنگی سی نہیں ہے۔ لاابالی وہ کم عمری کی تھی وہ۔ جانے اب کہاں کہاں کی خاک چھان رہی ہو گی جانے کس حال میں ہوگی۔ کتابوں سے نیا ہوا اس نے زندگی پڑھی کب تھی، جانے زندگی کے ہاتھوں خوار ہو رہی ہوگی۔"

زہرہ جنید کو لگا اب مزید چائے کا گھونٹ حلق سے اتارنا دوبھر ہوگا۔ وہ کپ کو ایک جانب رکھتی ہوئی ماں تک آ کر رکیں پھر لجاجت سے بولی۔

"وہ جہاں ہوگی خوشی سے ہوگی۔ تبھی تو اس نے باپ کی عزت کا پاس نہیں کیا گھر سے نکلنا سمجھا۔"

گلے میں آنکھوں کے آنسو روکے ہوئے تھے۔ تبھی شاکرہ بانو نے بیٹی کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دل گرفتگی سے پوچھا تھا۔

"تم تو دنیا کو اچھی طرح جانتی ہو۔ تم بتاؤ کیا گھر سے نکلی ہوئی لڑکی بہت خوشی سے زندگی گزار سکتی ہے؟"

زہرہ جنید نے آنکھیں بھینچ کر لبوں پر ہنسی بکھیر کر ماں کو دونوں کندھوں سے تھام کر دلاسے کی جملہ تک نہ کہا۔

"کاش کہ مجھے اماں آپ کو سمجھانا آتا۔ بہت اچھا ہو جاتا کہ میں نے آپ کو بتایا کیوں رکھا۔"

اماں جان کے آنسو پلکوں کے کنارے نکل گئے۔ "بیٹی بس کرو، بیٹھو بہت ہوگیا۔" پھر آہستگی سے بولیں۔ "تمہاری جنید سے دوبارہ بات ہوئی زہرہ؟"

زہرہ جنید جان کے لئے زندگی ہارے ہوئے لگنے میں مصروف تھیں، یکدم خشک آنکھوں سے ماں کو دیکھنے لگیں۔ پچھلے چھ ماہ سال سے وہ جس جہنم میں پھنسی تھیں، ابھی تک نکل نہیں پائی تھیں۔

جنید ہر ہفتے بچوں سے ملنے آتے تھے، انہیں باہر کھانا کھلانے لے جاتے تھے مگر ماں سے کئے وعدے پر اپنے کاربند تھے کہ ابھی تک وہ بچھڑے دوستوں کی طرح مل پانے کی حسرت کرنے میں بھی ناکام رہے تھے، چہ جائیکہ شریک سفر کی طرح ایک دوسرے کو خوش آمدید نظروں سے دیکھتے۔

”تم نے بتایا نہیں، جنید نے ابھی تک تمہارے معاملے کا کوئی حل نہیں نکالا؟“ شاکرہ بانو آج اس موضوع سے ہٹنا نہیں چاہ رہی تھیں اور زہرہ جنید چاہتی تھیں وہ یہ موضوع بھول جائیں۔ پھر پہلے اس سے کہ وہ کوئی نئی بات کہہ کر اپنے اس منصوبے میں کامیاب ہو جاتیں، اچانک ڈور بیل بجی۔ زہرہ جنید تیزی سے اٹھیں۔ پھر پانچ منٹ بعد وہ سلمان ارسلان کے ساتھ لوٹی تھیں۔ سلمان، عارفہ کو کالج چھوڑنے گیا تھا۔ کچھ جواب نے ذہنیہ کے بعد عارفہ کے مستقبل پر قدغن لگانے کی کوشش کی تھی مگر اس نے نہایت سرد مزاجی سے یہ آپشن ٹھکرا دیا تھا اور تلخ لہجے میں بولا تھا۔

”میری غلطی کہاں تھی، میں جان گیا ہوں۔ اس لئے تاریخ آپ کبھی خود کو دوبارہ دہرانے نہیں دیں گی۔ عارفہ کو تمام سہولت، عیش، آرام دوں گا میں کہ پھر اس میں ذرہ جیسی بیزاری پیدا نہیں ہو سکے گی۔ وہ دولت کے پیچھے گھر چھوڑ گئی تھیں ماں، میں نے اس کے جانے پر گھر میں اس کی جگہ دولت سے پُر کی، اب ہمیں احساس بھی نہیں ہوتا کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں ہے۔“

شاکرہ بانو ان باتوں پر بہت کلستی تھیں، لیکن آج......

”کوئی خاص بات، تم کچھ پریشان لگ رہے ہو، کیا رات کو سو نہیں سکے تھے؟“ شاکرہ بانو نے بیٹے کی آنکھوں کی سرخی سے جانچی کی، جبکہ وہ چائے کے لئے کپ میں چائے انڈیلتے ہوئے نرمی میں بولا۔

”کوئی خاص بات نہیں تھی اماں! بس ایک اسٹوری پر کام کر رہا تھا اس لئے رات دیر گئے سو سکا تھا۔“

شاکرہ بانو نے سلمان ارسلان کو اتنی توجہ سے دیکھا جیسے انہیں اس کی بات پر یقین نہ آیا ہو۔ ”تم ماں سے جھوٹ نہیں بول سکتے، تم جانتے ہو یہ بات۔ پھر کوشش ہی کیوں کرتے ہو؟“

سلمان ارسلان نے سپ لیتے ہوئے شاکرہ بانو کو دیکھا، پھر گھمبیر لہجے میں بولا۔ ”آپ کا بیٹا ہسپتال میں ایڈمٹ ہے۔ اگر میں یہ خبر دوں گا تو آپ ہر صورت اُسے ملنے جانے کی ضد کریں گی اور یہ میں نہیں چاہتا کہ آپ وہاں جائیں۔“

شاکرہ بانو نے بمشکل پلیٹ میں چمچ رکھا تھا پھر خفگی سے بولی تھیں۔ ”تم نے اتنی بڑی بات مجھ سے اب تک چھپا کر رکھی، میں یہ مان ہی نہیں سکتی کہ تمہیں شہریار کے ہسپتال ایڈمٹ ہونے کی اطلاع آج ہی ملی ہوگی۔“

وہ کچھ نہیں بولا تھا اور شاکرہ بانو تیزی سے اٹھی تھیں۔ "مجھے شہریار کو دیکھنے ہسپتال جانا ہے۔" اپنے کمرے کی طرف جاتے سلامہ ارسلان کو انہوں نے خاص جتا کر کہا اور اس نے مڑ کر خفگی سے کہا۔

"پھپھو نہیں، کیا جادو کر دیا ہے اس نے آپ پر کہ اس کی وجہ سے ملنے والے دکھوں کی ایک لمبی رات کاٹنے کے باوجود آپ کا دل اس کے لیے نرم ہے۔"

شاکرہ بانو نے بیٹے کی طرف دیکھا پھر تحمل سے بولیں۔

"مجھے حیرت ہوتی ہے، وہ بات جو ڈاکٹرز نے وقتی طور پر تمہاری ریکوری میں مشکل ڈالنے کے سبب تم سے دور کی تھی تم نے ٹھیک ہونے کے باوجود خود کو اس سے اسی طرح دور کر لیا جیسے کبھی کوئی میل ہی نہیں تھا۔"

سلامہ ارسلان کے چہرے پر غصہ آیا تھا مگر مجھ پر کیا پھر وہاں کے قریب آگے بڑھا تھا۔ "آپ غلط سمجھتی ہیں کہ میں شہریار کو اس کے دکھ کا سبب سمجھ کر اس سے دور ہوا ہوں۔ وہ اصل زندگی کے اس سچ سے میں نے صرف ایک ہی بات سیکھی ہے غریب ہونا دنیا کا سب سے بڑا الزام ہے اور پیسہ دولت کے بل پر امراء ورکرز کی اولادوں سے دوستیاں گانٹھتے ہیں ہاں تو یہ در اصل آپ کی غربت سے حظ لینے کے لیے ایسا کرتے ہیں ساتھیں آپ سے، آپ کی پرواہ اور ضرورتوں سے کوئی غرض نہیں ہوتی صرف اپنی حاشیہ برداری کے لیے انہیں لوگ چاہیے ہوتے ہیں، جو ان کی جے جے کار کریں، ان کے بوٹ چاٹنے کو زندگی کا ایمان سمجھیں۔ مگر میں اس چیز سے نکل آیا ہوں۔ اب میں جانتا ہوں زمانے کو کس طرح اپنے لیے موڑا جا سکتا ہے۔ زمانے کے دل پر کیسے حکمرانی کی جا سکتی ہے اور ہو کر لو امراء کی محفلوں میں ان کی بخشوں پر ہاتھ رکھ کر کیسے حالات و واقعات کا رخ موڑ کر عزت کروائی جاتی ہے، میں یہ جان چکا ہوں۔ اس لیے سرمایہ دار طبقے سے دوستیاں گانٹھنا اپنی شان نہیں سمجھتا۔"

شاکرہ بانو نے پر ہاتھ رکھے بیٹے کی لمحہ بہ لمحہ ہونے والی تبدیلی کو ایک مکمل شکل میں دیکھ کر حیران رہ گئی تھیں۔ لیکن اس وقت وہ جس مقام پر تھا اسے کسی اور سمت موڑا نہیں جا سکتا تھا اس لیے انہوں نے بحث ضروری نہیں خیال کی تھی اور چادر پہننے کے لیے اپنے کمرے کی طرف بڑھ چلی گئی تھیں اور زہرہ جبیں، جو اتنی دیر سے ماں بیٹے کی گفتگو میں صم بکم بیٹھی ہوئی تھیں، یکدم سلامہ ارسلان کے قریب آ کر فکرمندی سے بولی تھیں۔

"شہریار کو ہوا کیا ہے؟ دو تین دن پہلے وہ مجھے ایکسپو سینٹر میں ملا تھا اس کے کسی دوست کا موبائل اسٹال تھا وہاں۔ اس سے مجھ سے تو وہ بالکل ٹھیک لگ رہا تھا، پھر یکایک....."

سلامہ ارسلان نے زہرہ جبیں کو دیکھا پھر سنجیدگی سے بولا۔ "انجائنا پیکٹورس ہے جو سات سال پرانا مرض ہے اس کا۔" کچھ رک کر پھر طنز سے بولا "بھائی لوگ عیش و آرام میں ہوں تب بھی دل تھامے ہسپتال کی سیر کرنے نکل پڑتے ہیں...... ان سے ملنے جاتے ہیں اب سخت جانی سے ہر واردات دل پر سہہ کر بھی استقامت سے کھڑے رہتے ہیں۔"

زہرہ جبیں بیگم جو بیٹی تھیں ان کا دل کدم شہریار کے لیے مسانے سے بکھر گیا تھا اور شاکرہ بانو جو چادر بچھی کی باہر آئی تھیں دونوں بہن بھائی کی بات کرتے دیکھ کر ان کی باتوں میں الجھی ہوئی تھیں خاصی حیراساں ہو گئی تھیں۔

"آخر بچپن میں بچہ پال لیا ہے اس بچے نے؟" اس نے بہلا جملہ کہا پھر زہرہ کی طرف دیکھ کر آہستگی سے بولیں۔ "کیا تم مجھے ہسپتال لے جاؤ گی؟ تاکہ میں بھی اپنے بھائی کی طرح بے حسی دکھانا چاہوں گی؟"

زہرہ جبیں نے کار کی چابیاں اٹھائی تھیں۔ پھر شاکرہ بانو کے ساتھ سیڑھیاں اترنے سے پہلے انہوں نے شاکرہ بانو کو چپ کرنے کی جتنی کوشش کی تھی اس کوشش کا کوئی کام نہ دکھا پایا تھا۔

"جب تک اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لوں گی اپنے بچے کو سکون نہیں ملے گا مجھے۔"

شاکرہ بانو نے اس جملے کے بعد خاموشی اختیار کر لی تھی اور کار فراٹے بھرتی ہسپتال کی سمت دوڑی جا رہی تھی۔

AANCHAL.COM.PK

❀❀❀

ملازم نے کوئی تیسری بار اس کے کمرے کا لاک کیا تھا مگر جواب میں وہی خاموشی طاری تھی۔ ملازم نے فکر سے ہر طرح سے پکارا۔ تب ہلکی سی کمرے میں آواز ابھری۔

"کون ہے؟"

"چھوٹی بی بی نجم صاحبہ آپ کا کھانے پر انتظار کر رہی ہیں۔" ملازم نے ڈرتے ڈرتے جملے دہرائے اور اندر سے آواز ابھری۔

"انہیں کہہ دو مجھے بالکل بھوک نہیں ہے وہ اکیلے کھا لیں۔"

کمرے میں پھر خاموشی چھا گئی۔ ملازم پلٹا ہوا ڈائننگ […] کی طرف بڑھتا چلا گیا مگر پہلے اس سے کہ کچھ کہہ پاتا ان کی نظر […] صاحب پر گئی جو […] لگے تھے۔

"کیا بات ہے تم […] کی طرح کیا کھانے سامنے آن کھڑے ہوئے ہو؟" […] صاحب نے حسب توقع سے سوال کیا […] ہو گیا۔ نجم صاحبہ نے ان کی مشکل آسان کی اور بولیں۔

"کیا بہادری ہے زرش؟ تم اسے اٹھانے گئے تھے نا؟"

"کیا اسے اٹھانے گیا تھا؟" […] صاحب کے چہرے پر چنگیزی غصہ ابھر آیا۔ "تمہیں کتنی بار کہا ہے میری بیٹی کو مت بلایا کرو، مگر تمہارے ڈھیل […]"

صاحب کا پارہ ہمیشہ کی طرح ہائی ہو گیا تھا۔ ملازم نے منظر عام سے ہٹ جانے میں عافیت سمجھی تھی اور صاحب کی نظریں کھا جانے والے انداز میں بیوی پر جمی ہوئی تھیں۔ "میں نے تم سے کچھ کہا ہے ہاں، تم کیوں بے بی کی حماقتوں میں مخل ہوتی ہو؟"

"بے بی...... وہ اب بے بی نہیں رہی ہے آغا صاحب! وہ اب پچیس سال کی لڑکی ہے۔ مگر آپ سمجھتے ہیں ابھی تک وہ باربی ڈول اور فیری ٹیل سننے کی عمر سے باہر نہیں نکلی۔ آپ ہمیشہ باہر رہتے ہیں، گھر آتے ہیں وہ ایک ہفتے کے لیے۔ آپ کو کیا پتہ؟ آپ کے پیچھے آپ کی اولاد کیا کیا کرتی پھرتی ہے۔"

"کیا کیا کرتی پھرتی ہے، میں بھی تو سنوں۔" انہوں نے کپ ہاتھ سے رکھ دیا تھا اور بیگم عمرانی نے فوراً شکایتی دفتر کھول لیا تھا۔ غصے سے جھنجھلانے کے باوجود لہجہ سنبھال کر بولی تھیں۔

"کامنی کی طرح زرش کی بھی زندگی پارٹی، فنکشن کلب تک ہی محدود ہو گئی ہے۔ پانچ سال سے وہ یہی زندگی گزارنے کی عادت ہو گئی ہے۔ صبح منہ اندھیرے گھر آتی ہے اور کبھی کبھی گھر آتی ہی نہیں ہے۔ کچھ پوچھوں تو کہتی ہے، ایسی ممبر ہے مس لائف انجوائے کرنے کی۔ آپ کے دیے گئے فلیٹ میں رہتی ہے، غیر مردوں سے سلام دعا کرتی ہے۔ مجھے تو اس کے طور طریقے بھی اچھے نہیں لگتے۔"

آغا صاحب نے توجہ سے سنا مگر رد عمل، وہ بہت حیرت ناک تھا۔ سخت مزاج عمرانی صاحب قہقہہ لگا کر ہنسے جا رہے تھے۔ ان کا خیال تھا یہ باتیں جن پر وہ خود کڑھتی رہتی ہیں، ان کے شوہر کے علم میں آئیں تو شاید ان کا مزاج بھی مکدر کر دیں گی۔ مگر یہاں رد عمل بہت وکھرا تھا۔

"آپ کو میری باتیں ہنسنے کے قابل لگ رہی ہیں۔ حالانکہ بیٹی کی دفعہ میں آپ دھوکا کھا چکے ہیں۔"

"بھاڑ......" مسٹر عمرانی نے لاپروائی سے پھر سے چائے کا کپ لبریز کیا تھا پھر جتانے کو بولے تھے۔ "زرش اور نایاب دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ نایاب کو آسمان کی جگہ زمین پسند تھی۔ مگر زرش، اسے آسمان سے کم کوئی چیز رکھنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ میں جانتا ہوں اپنی بیٹی کو...... تمہیں کیا پتہ شہرت کا نشہ کیا ہوتا ہے۔ وہ ماڈلنگ میں آنا چاہتی ہے کہ مجھے اس پر بھی کبھی کبھی بہت فخر ہوتا ہے۔ رسالوں میں اس کی تصویریں، انٹرویو، یہ سب بہت انٹرسٹنگ ہے میرے لیے۔"

بیگم عمرانی نے شوہر کو جواب طلب نظروں سے دیکھا اور بڑبڑائے لہجے میں بولیں۔ "اتنے سال ہو گئے مجھے آپ کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے مگر میں ابھی تک آپ کو نہیں سمجھ سکی۔ آپ کی بیٹی کے انٹرویو چھپے گئے ہیں، اس کی فیشن رسائل کی تصویریں آپ کو آرٹ دکھائی دیتی ہیں۔ راتوں کو گھر سے غائب ہونا، لائف انجوائے منٹ کے زمرے میں اپنی تمام بد صورتیوں کو چھپا لیتا ہے۔ لیکن عمرانی صاحب! یہ

ٹھیک نہیں ہے۔ ہم یورپ میں نہیں جی رہے ہیں، ہم پاکستان میں رہتے ہیں۔ یہاں باپوں کی ذمہ داری بچوں سے جواب سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے۔"

"ہاں...... بس کردیا ہے نہ مشکل معاشرے کی باتیں۔ مجھے اچھی نہیں لگتی ہیں یہ فضول باتیں۔ زندگی کو میں اپنے طریقے سے جینا چاہتا ہوں۔ سو مجھے اور میرے بچوں کو زندگی نبھانے کرنے دو اپنا گفت تم اپنے پاس رکھو۔ مولوی شکیل کی بیٹی ہو تو یہ تو اسے صرف اپنے تک محدود رکھو مجھ پر یا میری بیٹی پر اسے مسلط مت کرو۔"

نجمہ عراقی نے پھر کچھ نہیں کہا تھا مگر ان کے جانے کے بعد جب وہ اپنے کمرے میں گئیں تو جیسے کسی نے ان کے پیر جکڑ لیے تھے۔ یہ آواز...... کتنی پیاری تھی یہ آواز جب لحن سے قرأت کرتی تو اس کا دل اندر ہی اندر جھومنے جاتا۔ مگر ایک دن یہی آواز اس کے پیچھے کتنی دور تک آئی تھی۔

"مت محبت کے دھوکے میں آ۔ بیٹا کا اچھا نہیں۔ تیرے باپ کی بے عزتی کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے، وہ تجھے ایک اشارہ دے تو اس کے لیے گھر بار چھوڑ دے گی۔ وہ تیرے باپ پہ ہنستا ہے کہ اس نے اپنی بیٹی کی کیا تربیت کی ہے کہ وہ جب چاہے اس تربیت کو سوالیہ نشان بنا سکتا ہے۔ وہ اچھا لڑکا نہیں ہے۔"

"اماں! مجھے بس شادی کرنی ہے تو عراقی سے۔ بس۔" کہہ چکی تھیں وہ ان سے۔ انہوں نے دو ٹوک لہجے میں کہا تھا۔ ابا نے اس کی شادی عراقی سے کردی تھی۔ مگر دہلیز سے پار جانے سے پہلے کہا تھا۔

"آج کے بعد تیرا میرا کوئی رشتہ نہیں۔ تو ہمارے لیے مرگئی ہے۔"

انہوں نے عراقی کے ساتھ گھر سے جاتے ہوئے غرور و انبساط سے دیکھا تھا۔ انہیں ابا کی بات پر کوئی دکھ نہیں ہوا تھا، بڑی اماں کی بات پر بھی دل نہ دکھا۔ دین والی آنکھوں نے ان پر اثر کیا تھا۔ انہیں لگتا تھا آج وہ خوش ہیں تو زمین آسمان خوش ہیں۔ انہوں نے محبت کی تھی، محبت پائی تھی۔ یہ سب سے مسرت آمیز بات تھی۔

مگر شادی کے تیسرے دن عراقی کہہ رہے تھے۔ "اوب گیا ہوں میں تم سے۔ مجھے بہت دیر تک کوئی وجود اٹریکٹ نہیں کرتا۔ تم بڑی پردہ دار بڑی دلیر والی تھیں، تبھی یہ شادی کا ڈھونگ بھی کرنا پڑا۔ اگر باتوں سے، دولت کی چمک سے ہی قابو آجاتی تو یہ ہمیشہ کے لیے زندگانی چھوٹی۔ اب بتاؤ، میں کیا کروں تمہارا؟"

انہوں نے چونکتی ہوئی دلہن کی ساری شوخی کا پانی آنکھوں میں مرتے پایا تھا۔ پھر بڑی لجاجت سے بولی تھیں۔ "جو جام دیا ہے وہ کبھی مت چھینئے گا۔ میں آپ کے کسی شوق میں حارج نہیں ہوں گی۔"

اور آج اتنے سالوں بعد بھی وہ وہیں کھڑی تھیں۔ بس کسی منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے جیسے گھر کا کھانا میسٹ کرلیا جاتا ہے۔ عراقی کی زندگی میں بھی ان کی یہی اوقات تھی اور آج وہ اپنی دوسری بیٹی کے لیے

بھی بے راہ رو ہونے کے باوجود عظمیٰ مشتعل سے زیادہ کچھ نہیں تھیں۔

"ہاں! مجھے آپ کے خاندانی جینز نے جکڑ رکھا ہے۔ کوئی ہے جو مجھ میں دن رات رہتا رہتا ہے...... کوئی ہے، جو کہتا ہے مولوی عظمیٰ کی بیٹی مولوی بجارت کی پوتی ہو کر تم نے جوا سیٹ پار کرنے والوں کے ساتھ کیا، وہی وقت تمہیں لوٹا رہا ہے۔ ایک بیٹی ہے سوسائٹی پارٹی کی طرح، جسے اس کا شوہر زرنٹ دانتا تھا اور ایک بیٹی تھی، وہ کہیں اپنی پسند کی شادی کر کے زمانے کی بھیڑ میں کھو گئی تھی۔ اس نے تو ان کی طرح اجازت لینا بھی ضروری نہیں سمجھا تھا اور اس کے مرنے کے دو سال بعد انہیں پتہ چلا تھا کہ وہ مر گئی ہے۔ بیٹی کے مرنے کی خبر دو ہائی سے آپ کی طرح نہ پہنچی تھیں اور ان کے شوہر نے نخوت سے کہا تھا۔

"مر گئی ہے تو مرنے دو۔ مجھے ایسی اولاد نہیں چاہئے جس نے میرا امو زور بار ایک شخص سے شادی کی، جس نسل کے نام تک بھی نہیں پالے۔"

وہ آرام کرسی پر بیٹھ کر بے مصرف جھولے لگی تھیں اور وقت مٹی میں فرشتہ اجل کی طرح ان کی طرف، کچھ کے خاموش گزر رہا تھا۔ ان کی زندگی کا بدن سرد تھا اور سانسیں کسی نے کھینچ کر رکھی تھیں۔ یہ درد مسلسل کی طرح تھی۔ مگر وہ اس سے رہائی نہیں چاہتی تھیں۔ انہیں لگتا تھا کہ خدا کی سزا دنیا میں ہی کچھ کٹ جائے تو اچھا ہے۔ گناہوں کا بوجھ کچھ تو کم ہو جاتا ہے۔

لیکن کیا ایسا ممکن تھا؟...... کچھ دل تھے، جو ٹھنڈک میں اپنے خاک میں مل کر خاک ہو چکے تھے۔ وہ اب بے ربط سے پوچھتے تھے۔ "کیا ایسا ممکن ہے دل دکھانے اور معافی مانگے بغیر کسی بھی سزا اور اس ذہنی اذیت سے نجات مل جا سکتی ہے؟" وقت ایسے ہر لمحے میں خاموش رہا تھا اور یہی خاموشی مسلسل ان کی سزا بنتی جا رہی تھی۔
انہوں نے آنکھیں موند لی تھیں اور خود کو وقت کے حوالے کر دیا تھا۔

❀❀❀

شہریار اب پہلے سے بہت بہتر تھا۔ عدیل بھائی اور عاصف بیگ پاپا کے ساتھ ان کی دلجوئی کے لیے ہر وقت موجود تھے۔ سوچ چیف آپ ڈاکٹر صمدانی آئے۔ آج ہسپتال جانے سے پہلے اس کے کمرے میں آئے تو وہ پہلے سے زیادہ فریش نظر آ رہا تھا۔ ڈاکٹر صمدانی کل دن بھر کی اس کی رپورٹس پڑھ رہے تھے۔ وہ انتہائی منہمک تھے، جب اس نے انجیکشن کی بات کی تھی۔
ڈاکٹر صمدانی نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ پھر آہستگی سے بولے تھے۔ "ہم چاہتا ہوں تمہیں لگتا ہے تم چار دن میں فٹ ہو چکے ہو۔"

اس نے اثبات میں سر ہلایا تھا۔ تب اچانک انہوں نے آہستگی سے کہا تھا۔

"زمین پہ پیر رکھ کے واپس دم تک دو قدم چلنا دور کی بات ہے۔ لیکن دم ودمی اور ندسوں کا ساتھ دے پانا کوئی آسان کام نہیں ہے۔"

شہریار نے ان کی طرف دیکھا، پھر اپنے اصل لہجے میں بولا۔ "آسان کام میری زندگی میں کبھی دستیاب ہی نہیں ہوسکے۔ مشکل کام کرنا میری عادت بن چکے ہیں اس لئے پلیز! آپ میری درخواست پہ غور کریں۔"

ڈاکٹر ہمدانی نے اس سے متفق ہونے کی کوشش کی، مگر پھر بھی ایک ڈاکٹر کی طرح ہی سخت لہجہ اپنا کر بولے۔ "تمہارے نئے سرے سے ٹیسٹ ہوں گے۔ زمین پہ پیر رکھ کے بھی چلتے ہوئے تمہاری فٹنس بہتر دیکھیں، دوبارہ سے ساری تھراپی مانیٹرنگ ہوگی۔ جو بھی رزلٹ تمہارے حسب خواہ نکلا تب ہی میں کوئی فیصلہ لے سکوں گا۔"

شہریار نے خوش دلی سے ان کی پیشکش قبول کر لی۔ عاطف بیگ، جو ان دونوں کی باتوں کا خاموش سامع بنا الجھی جانے کی کیفیت میں خاموشی سے سن رہا تھا، اس کے بیڈ کے پاس آنے پر فوراً اس کے قریب پہنچا تھا۔

"انکل! آپ کو لگتا ہے اس وقت اس کا چلنا بہتر رہے گا؟"

ڈاکٹر ہمدانی نے کندھے اچکائے تھے، سنجیدگی سے بولے تھے۔ "میں نے تو ایک آپشن رکھا ہے۔ فیصلہ تو اس کا ہے۔ سو بس دیکھنا یہ ہے کہ اس کی باڈی کی برداشت کتنی درست رہے گی۔"

عاطف نے فوراً ہی خیال سے باز رہنے کا عندیہ دیا، گو وہ مطمئن نہیں۔

ڈاکٹر ہمدانی کے آنے کی اطلاع پہ ڈاکٹر سہیل بھی کمرے میں چلے آئے تھے۔ انہوں نے ماحول دیکھا تو ڈاکٹر ہمدانی کو سرعت سے مخاطب کیا۔ "سر! کیا اس وقت یہ ٹیسٹ بہتر رہے گا؟ مسٹر شہریار کی کنڈیشن کیا اس کی اجازت دیتی ہے؟"

عاطف بیگ نے گھبرا کر شہریار کو دیکھا اور اس نے بنا ٹائم دیے ڈاکٹر سہیل کو مخاطب کیا۔ "میری کنڈیشن جو بھی ہو، بہتر ہے اب میں مزید ہسپتال میں نہیں رہ سکتا۔ میرے بہت سے ضروری کام پینڈنگ میں پڑے ہوئے ہیں اس لئے مجھے یہاں سے جانا ہی ہے۔"

ڈاکٹر سہیل کچھ نہیں بولے تھے اور ڈاکٹر ہمدانی نے اپنی نگرانی میں ان کے ساتھ اس کے باقی ٹیسٹ لینے شروع کر دیے۔ بلڈ پریشر رپورٹ، کولیسٹرول رپورٹ اور دیگر ٹیسٹ بھی کرائے گئے تھے۔ سارے نے

ڈاکٹر صمدانی کے کالج فیسٹ کے لیے تیار ہونے کے لیے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی کوشش کی تھی۔ عاطف بیگ نے اسے سہارا دینے کی کوشش کی تھی مگر اس نے اس کا کندھا تھپتھپاتے ہوئے اس محبت سے اسے باز رکھا تھا۔ وہ اس وقت پوری طرح اپنے آپ پر انحصار کرنا چاہتا تھا سو بہت دھیمے قدموں سے کمرے میں چلنے لگا تھا۔ ڈاکٹر صمدانی نے ہاتھ کو پیچھے کرتے رکنے کا اشارہ کیا تھا۔ عاطف بیگ اس کے چہرے کی شادابیت سے پریشان ہو رہا تھا اور ڈاکٹر سہیل ڈاکٹر صمدانی سے اس کے سلسلے میں اپنی میڈیکل ہسٹری کی بابت گفتگو میں محو تھے۔ وہ ابھی آ کر اپنے بیڈ پر بیٹھ چکا تھا۔ وزن نے اپنی تیزی ماہرانہ رکھا تھا۔ اس کی بہتری نہیں ہے۔ تب تک نہیں تھیں۔ جو کچھ بھی تھا اس میں زمانے سے قصہ کمزوری کا عمل دخل تھا۔ ڈاکٹر صمدانی نے ماہرانہ کر دیا تھا اب وہ بیٹھ رہے تھے۔ انہیں سمجھ کر سے بھی جانچ کرائی گئی تھی۔ سو زلزلہ ماؤف کرتے ہوئے انہوں نے اسے یہاں تقریباً منتقل ہونے کو کہا تھا۔

"تمہاری یکسوئی حیرت انگیز ہے۔ ٹھیک ہے میرا خیال ہے تم چار دن میں پوری طرح بیدار ہو جاؤ گے کیونکہ سپرد ہو چکے جاؤ گے۔ لیکن یاد رہے اس کے باوجود ہفتے چیک اپ کے لیے تمہیں یہاں آتے رہنا پڑے گا اور وہاں میں کوئی بے پرواہی نہیں ہوگا۔"

اس نے سر ہلا کر ہامی ہر حالت میں لیٹ کر ان کی بات سے متفق نظر آنے کی کوشش کی تھی۔ عاطف بیگ اسے خاموشی سے دیکھ رہا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ عدیل بھائی دستک دینے کی بابت لیے کمرے میں داخل ہو رہے تھے۔

"کیسے ہو چیمپئن؟ میں نے سنا ڈاکٹر صمدانی اپنے پیر جان سے بہت امپریس ہو کر گئے ہیں۔"

"کچھ نہیں" وہ مسکراتا رہا۔ عاطف اس کا تشنابی کے سامنے تکیہ لگانے لگا تب اس نے مدھم سے لہجے میں پوچھا۔ "آج تو آپ مصروف تھیں نہ سو عبا؟"

عدیل عبدالرحمن نے پلٹ کر اسے دیکھا پھر آہستگی سے بولے۔ "مصروف نہیں تھی، بتایا تو آج بھی آنے کی ضد کر رہی تھی مگر میں نے کہا تھا پہلے سے تمہیں چھٹیاں ہو گئی ہیں۔ کام کا حرج مت کرو۔ سو بچتی رہ گئی دو دن تھی۔"

تیمیہ ان سے مزید کچھ نہ پوچھ سکا۔ لیکن وہ سمجھ گیا تھا اسے اس بات پر یقین بھی نہیں آیا تھا۔ عدیل بھائی نے اپنا کارڈ ہولڈر پلٹ کر دیکھنے کی کوشش میں ان کے سامنے رکھے بال میں سب کے تکیے کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا کہ اس نے بہانے سے منع کر دیا۔

"میں چیک کرلوں گا بھائی! آپ عاطف کے ساتھ ناشتہ کرلیں جا کر۔"

"آر یو شیور؟" عدیل بھائی نے جانچنے کی کوشش کی۔ مگر اس نے اندر کی کیفیت اندر ہی رہنے دی اور پورے اعتماد سے اُن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔

"میں کہہ رہا ہوں نا! اس چھوٹی سی پرابلم کو ہینڈل کرلوں گا، آپ فکر مند نہ ہوں۔"

عدیل بھائی نے انداز میں قطعیت دیکھی تو خاموشی سے اٹھ کر عاطف کے قریب جا بیٹھے۔ پھر باتوں ہی باتوں میں رات کا قصہ کریدتے رہے۔ رابعہ کی اچانک واپسی ان سے ڈھکی چھپی نہیں تھی۔ مگر رات کوشش کے باوجود عاطف بیگ نے معاملے کی ہوا تک لگنے نہ دی تھی۔ انداز سے پردہ ہٹایا تھا۔ سو وہ پھر رات کے ادھورے تمنا نے کی کوشش میں جتے ہوئے تھے۔ مگر عاطف بیگ بھی گھاگ تھا، ہاتھ آکر نہ دیا۔ سو عدیل بھائی نے اپنی ساری صلاحیتیں آزمانے کی کوششیں ترک کر دیں۔ شہریار سے رابعہ کی بات شیئر کررہے تھے کہ وہ کتنی پریشان ہیں اس کی بیماری کو لے کر... شہریار نے موبائل اٹھا لیا تھا۔

"بات کیا چل رہی تھی، رابعہ سے؟" عدیل بھائی نے حلیہ پوچھا۔ اس نے اثبات میں سر ہلایا تو وہ شرمندہ دکھائی دیے۔ "رابعہ سے تم دو ڈھائی گھنٹے بعد ہی بات کرسکو گے، اس وقت وہ اٹھی نہیں ہے۔"

شہریار ان کی بات سے پہلے ہی نمبر پریس کرچکا تھا۔ پہلے اس سے کہ لائن وہاں کنکٹ کرتا، دوسری طرف سے فون ریسیو کرلیا گیا تھا۔ اس نے بے چوکی کے عدیل بھائی کو دیکھا، پھر اترا کر بولا۔ "رابعہ بھابی! آپ کے شوہر نامدار کہہ رہے تھے، آپ لیٹ کر آرام کر رہی ہیں۔"

عدیل بھائی تیزی سے اٹھ کر اس کے پاس پہنچ آئے، پھر کان مروڑ کر بولے۔ "خبیث! کیوں میری زندگی اجیرن کرنا چاہتا ہے؟"

اس نے ویسے تو ریسیور پر ہاتھ رکھا تھا مگر ان کا تو ملاک ہاتھ آیا تو فوراً ہاتھ ہٹا کر مزید بولا۔ "دیکھیے بھائی بڑے دھیان سے کیا کہہ رہے ہیں۔ بقول ان کے آپ کے ہاتھوں ان کی زندگی اجیرن ہو رہی ہے۔"

رابعہ کی ہنسی کا فوارہ چھوٹ گیا۔ وہ جواب میں کچھ بولنے کے بجائے بہت دیر سے ہنس رہی تھیں۔ "خدا کا شکر ہے، شیری! تم بالکل ٹھیک ہو۔ ورنہ جب سے عدیل گئے ہیں، میں تب سے تمہارے لیے پریشان ہوں سارا دن... عدیل... کبھی کراچی آکر کوئی خیر خبر دیتے کہ ایسے چور ہیں کہ اللہ بچائے۔"

شہریار کے ہونٹوں کو مسکراہٹ نے چھوا پھر جواباً بولا۔ "میں بھائی اگر یہی ان کے لیے جنت ہے، جنت ایک دو روز تو کچھ کھاؤں بھی، یہاں آکر تو پرہیز اندر رہ جاتے ہیں۔"

"بکواس مت کرو لڑکے! کیوں میری زندگی تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہو؟" انہوں نے رابعہ کی شگفتہ طبیعت کے تحت اس بار اتنی خفگی سے کہا تھا اور شہریار کا قہقہہ بہت جاندار تھا۔ وہ اُن کی کیفیت سے حظ

لے رہا تھا۔ عکس دوسری طرف کی خاموشی محسوس کی تو بات سنبھالنے لگا۔ "آپ نے بتایا نہیں وہ محترمہ ہیں کس عمر کی؟"

"مجھے کیا پتا کس عمر کی ہوں۔" سیدھا سا جواب آیا اور اُس نے مدھم لہجے میں کہا۔

"بابا کے بارے میں بتا دیا ہے بابا سے زیادہ تیری بیٹی کے دشمن ہیں اس لئے آپ بے فکر رہئے۔ آپ کی لڑکیاں ان جیسے اُن سے بات کے بعد پیش نہیں ہو سکتیں۔ رہیں وہ محترمہ تو بھائی جی! وہ تو کسی عمر کی تو ہوں گی۔ اس لئے میرے خیال میں آپ کی بات درست نہیں۔"

"توبہ ہے شہریار! آپ نے تو میرا دل ہلا کر رکھ دیا تھا۔"

شہریار ہنسنے لگا تھا۔ پھر جواباً بولا تھا۔ "اور تم؟ آپ کا اپنی محبت پر بس اتنا ہی اعتبار ہے یا پھر کسی شیطان نے کان بھرے ہیں؟ محترمہ آپ کی بات بہت بدلنے لگی۔"

"شہری! اب مجھے لگتا ہے تم دل کو تنگ کرنے کا کام کر رہے ہو۔"

اس نے کندھے اچکائے پھر سنجیدگی سے بولا۔ "نہیں اب بات میں سنجیدگی سے کہہ رہا ہوں۔ محبت میں اپنی محبت پر اعتبار ساتھ نہیں رکھنا چاہئے۔ اگر آپ کی جگہ میں ہوتا تو آنکھ بند کر کے اپنے محبوب پر مرتا۔ مجھے وہ جتنا ملتا بس صرف اسی قدر اپنی محبت کا نصیب سمجھ کر قناعت کر لیتا اور اگر کوئی آ کر اس محبت میں انتشار کا سوال اٹھاتا تو کہتا اعتبار میں ہی دے بیٹھا ہوں۔ بازی نہیں ہوتی کہ سامنے والے نے اعتبار کیا تو ہم نے کیا۔ اس نے محبت میں چلن بدلا تو ہم نے بھی چلن بدل لیا۔ بھائی جی! محبت کیا کیجئے، محبت پر مرنا سیکھئے، ہماری طرح۔"

"تمہاری طرح؟ .... تم نے کب کی محبت؟" نعمان بھائی کی طرف سے سوال اٹھا تھا اور اس نے آنکھیں بند کر کے کہا تھا۔

"میرے لئے محبت وجود کا نام نہیں ہے نعمان بھائی! محبت دل کا نام ہے اور یہ دل محبت پر ایسا اعتبار رکھتا ہے کہ پھر مجھے اس سے غرض ہی نہیں ہوتی کہ وہ محبت جو میرے دل کے نہاں خانے میں کسی کے لئے جنم لے تو وہ انتظار جھیل رہی ہے۔ وہ کسی منزل کو بھی ضرور چھونے کی لذت محسوس کرے۔ محبت میں منزل .... وہ تو موت ہے اس۔ مسلسل سفر کا نام محبت ہے۔"

رابعہ بھابی دوبارہ کچن کی دوسری طرف اُس کا یہ فلسفہ سن رہی تھیں سو اس کی بات سے سوال نکال کر بولیں۔

"مسلسل سفر کا نام محبت۔ یعنی فلرٹ کرنا جائز ہوا، شہری۔"

اس نے ہنس کر عدیل کو دیکھا، پھر بولا۔ ''عاطف بیگ کے لیے یقیناً محبت مسلسل سفر کا دوسرا نام ہے۔ مگر شہریار عبدالرحمٰن کے لیے محبت میں تو جیسے کا قائل ہو کر کسی ایک نام پہ جی اٹھنے اور جی مرنے کا نام ہے محبت۔''

''جی مرنے کا نام؟...... مطلب؟'' رابعہ بھابی نے اگلا سوال کیا اور اس نے آسودگی سے کہا۔

''مطلب یہی کہ محبت میں مر جانے والے لوگ مرتے کہاں ہیں، کسی ایک دل میں زندہ رہ جائیں تو ان کی زندگی پھر سے کاؤنٹ ڈاؤن شروع کر لیتی ہے۔ ماتم اور آنسو نکل جاتا ہے۔ آپ تو جانتی ہیں، محبت روح کی بات ہے اور روح کبھی نہیں مرتی۔''

''واہ واہ...... کیا اعلیٰ خیالات ہیں آپ کے۔'' عدیل بھائی نے جان کر اس کے ہاتھ سے موبائل لے کر جملہ مکمل کیا، پھر بیوی کو مخاطب کر کے بولے۔ ''آپ کو کیا لگتا ہے، شہریار آج کل کی جگہ کسی سیمینار میں شریک ہیں، جس کا عنوان ہے ''محبت ایک آفاقی سچ''...... رابعہ ذرا ان کی باتیں سنو، مجھے تو دماغ کی چولیں ہلتی ہوئی محسوس ہو رہی ہیں۔ مگر عاطف بیگ کا فلسفہ پہ سچائی پہ بہت اعتراض ہوا ہے۔ اگر چند دوست یہ سوچ لیں تو ازلی حیثیت عرش کا دعویٰ کر بیٹھتا۔ رہے شہریار تو بھاری بھرکم گفتگو کر کے اب گہرے سانس لے رہے ہیں۔'' آواز کو مزید سوفٹ کیا، پھر بولے۔ ''رابعہ ذرا خیال کرو کچھ۔ بچے کی طبیعت ابھی بالکل ٹھیک نہیں ہے، یہ تو اپنی جان کا روگ ہے، آپ ہی کچھ پروا کر لیں۔''

رابعہ عدیل کی بات سمجھ گئی تھی، سو انہوں نے نیک تمناؤں کے بعد فون رکھ دیا تھا اور شہریار عبدالرحمٰن تھا، وہ ان کے آخری جملوں پہ عدیل عبدالرحمٰن کو گھور کر دیکھنے لگا تھا۔

''کیا ہے؟ اب کیا اپنی محبت کا جادو مجھ پہ بھی چلانے کا ارادہ ہے؟'' وہ گھور کر دیکھے گئے پھر بولے۔ ''شہر میرے پیارے اس کے لیے آنکھوں میں تھوڑا سا پیار اور تشنگی بھرنے کی کوشش کرو۔ اتنے آرام سے تھوڑی تمہاری محبت میں گم ہو سکوں گا میں۔''

''ہاہاہا......'' شہریار کا قہقہہ خود بہ خود عدیل عبدالرحمٰن کے شوخ لہجے پر نثار ہو گیا۔ عاطف بیگ مگر اس سارے معاملے میں اسے خاموشی سے دیکھے جا رہا تھا، کیونکہ وہ جانتا تھا، وہ جب کسی معاملے میں بہت ٹینس فیل کر رہا ہوتا تھا، تبھی ایسی بے سروپا باتوں میں زندگی و بیت کر رہا تھا۔ اور وہ آیا کا معاملہ ایسا تھا بھی کم اہم نہیں تھا کہ وہ اس پر ٹینس ہوئے بنا رہ پاتا۔ مگر وہ اس بات کو ظاہر کرنے کے موڈ میں نہیں تھا اور یہی زیادہ پریشان کن صورت حال تھی۔ پھر پہلے اس سے کہ عاطف تنہائی ملنے کی تجویز کر کے اس کے اندر کا غبار باہر لانے کی سعی کرتا، اچانک وہ نظر آور شروع ہونے پر کر کے دروازے سے ہٹا کر۔

بانو اور زہرہ جبیں اندر داخل ہوتی نظر آئیں۔ شہریار نے اُٹھنے کی کوشش کی مگر عدیل بھائی نے اُسے روک دیا۔

"ابھی مکمل آرام کیجئے! اگر زندگی میں تمہاری چھٹی کے وقت تھپڑا کرواؤں گا۔"

زہرہ جبیں نے سن کر مسرت کا اظہار کیا۔ "شہریار ڈسچارج ہو رہا ہے...... یہ تو بہت خوشی کی بات ہے۔"

عدیل بھائی نے اُسے دیکھ کر کہا۔ "ہاں زہرہ صاحبہ! چھٹی بھی دھوم سے ہی جا رہی ہے۔ وگرنہ صمدانی انکل کا تو تین دن تک قیام کروانے کا ارادہ تھا۔"

"تین دن؟...... او مائی گاڈ! میں تو بور ہو کر ہی مر جاتا۔"

"بکواس مت کرو، سنو پٹ ہو گئے اب جو بار بار مرنے جینے کی باتیں کیں تو۔" عدیل بھائی نے بہت تیزی سے اُسے ٹوکا تھا۔ شہریار کے دل میں دف کے پیچھے کوئی پھول کھلنے کے لیے سر مارنے لگا تھا۔ اہم ہوا، کسی کا عجیب ہوا، کم خوشی آمیز احساس تو نہیں تھا، جو اس کے اندر زندگی ابھرنے کے پیچھے کی آخری کوشش، آخری داؤ کھیلنے کی تمنا بھرتی...... دور پلکیں بھیگ گیا تھا۔ پھر اس نے شاکر بانو کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔

"خدا کا شکر ہے اماں! مجھ سے زیادہ تو میری بیماری کام آئی۔ وگرنہ آپ کی صورت دیکھنے کو تو شاید مجھے قیامت تک انتظار کرنا پڑتا۔"

زہرہ جبیں اس کے جملے پر مسکرانے لگی تھیں اور شاکر بانو نے کرسی پر بیٹھنے سے پہلے اس کی پیشانی چومتے ہوئے کہا تھا۔ "سچ پوچھو تو میں تم سے خفا نہیں رہی تھی۔ لیکن شہریار! تمہاری جگہ جو میرے دل میں تھی وہ میں نے کسی کو الاٹ نہیں کی۔ سلامہ کو بھی تمہاری محبت کا حصہ نہیں بانٹا، بلکہ منت منت کر کہا کہ جب تم سے ملوں گی تو تمہیں تمہارا یہ حصہ دے جاؤں گی۔ تمہاری جگہ جو میری دعاؤں میں تھی وہ آج بھی تمہاری ہی دعا کا حصہ ہے۔ آج بھی میں اپنے رب سے تمہارے لیے اتنی ہی خوشیوں اتنی ہی کامیابیوں کی تمنا کرتی ہوں جیسے سات آٹھ سال پہلے کیا کرتی تھی۔ مجھے تم سے ملنے سے کسی روکنے نے، کسی شکوے نے نہیں روکا تھا، بلکہ میں سمجھتی تھی، میں جب جب تمہارے سامنے گئی تمہیں ماضی کا دکھ یاد آئے گا، تمہیں زہرہ کی تکلیف دکھ دے گی۔ بس اس لیے میں نے ماں کے دل پر پتھر رکھ لیا اور سمجھا لیا خود کو کہ میری سچی محبت اور سچی دعائیں تمہیں کسی بھی دکھ سے جو تمہیں پہنچنے نہیں دیں گی۔"

شہریار کچھ نہیں بولا تھا۔ مگر آج پہلی بار اس نے آنسوؤں سے انکار نہیں کیا تھا۔ اس نے شاکر بانو کا ہاتھ تھام کر اپنے بیڈ پر ان کے لیے جگہ بنائی تھی، پھر ماضی کی طرح ان کی گود میں سر رکھ کر آہستہ سے

کر دیا تھا۔

"وہ آپ کی دعائیں تھیں جنہیں میں نہیں سوچ رہا تھا کون ہے جس کی دعائیں مجھے یاد آ رہی ہیں؟ میں مایوسی کے سمندر میں ڈوبنے لگا تو دعاؤں کی محبت ہے جو مجھے ڈوبنے نہیں دیتی اور مجھے سمندر اچھال دیتا ہے۔"

آنسو ان کے پلو میں جذب ہو رہے تھے۔ عاطف بیگ سکتے کی کیفیت میں تھا اور عدیل عبدالرحمٰن کو لگ رہا تھا ان کا بھائی کتنا تنہا کتنا اکیلا ہے۔ ان کا سہارا کتنا بڑا سہارا ہے مگر ان کی گی...... اس بار میں ان کے حق میں جنگ لڑ کر ہی جاؤں گا۔ اب کے ناداں نے ان کے وجود میں جو کتنا بڑا خلا پیدا کر دیا ہے...... وہ سوچ رہے تھے اور وہ ان کی گود میں سر رکھے بولے جا رہا تھا۔ وہ سارے سوچ رہے تھے جب اسے ان کی ضرورت تھی اور وہ اکیلا پڑ گیا تھا۔

شاکرہ بانو اس کے سر میں انگلیاں پھیر کر اپنی ممتا کی تشنگی اس میں محسوس کرتے جا رہی تھیں۔ وہ بھی رو رہی تھیں مگر ان کے آنسوؤں میں شہریار کی طرح کی بے بسی نہیں صرف ممتا تھی احساس تھا کہ اب وہ اسے اکیلا نہیں چھوڑیں گی۔

کتنی دیر یونہی باتوں کا سلسلہ جاری رہا تھا جب کمرے میں داخل ہونے والی نرس نے اسے وارن کیا تھا۔

"اتنا تھک کر لینا آپ کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے مسٹر شہریار! اباز کی وجہ سے آپ کی کنڈیشن پرابلم ہو گئی......"

"محبت ہر پرابلم کا سلوشن ہے۔ کچھ نہیں ہوتا۔"

حالانکہ وہ محسوس کر رہا تھا ایک نئی طرح کو وہ سر رکھے اس کے سینے میں ٹیسیں اٹھنے لگی تھیں۔ مگر شاکرہ بانو کی محبت کا نشہ ایسا تھا کہ وہ اس احساس کو کھونا نہیں چاہتا تھا۔

"بس کرو بیٹا اب آرام سے لیٹ جاؤ، اگر مسز چھوڑ دیں جب۔" شاکرہ بانو کی ممتا نے اس کے چہرے کے بدلتے رنگ سے اندازہ لگایا اور اسے کندھوں سے تھام کر تکیے پر لٹانے میں مدد کی اس نے سر تکیے پر رکھ دیا تھا مگر شاکرہ بانو کا ہاتھ اس نے ابھی تک نہیں چھوڑا تھا۔

"آپ آج کہیں مت جائیے گا۔ ابھی میں نے آپ سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں۔"

"ٹھیک ہے میں کہیں نہیں جاؤں گی اپنے بچے کے پاس ہی رہوں گی۔"

AANCHAL.COM.PK

زہرہ جنید نے ابرو بلند کرتے ہوئے دیکھا پھر مسکرا کر بولیں۔ "ٹھیک ہے اس ایجر میں بھی چل چلتی ہوں۔ شام کو آتے وقت آپ کو پک کر لوں گی۔"

شہریار نے مسکرا کر ان کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ پھر وہ لمحہ وہی تھیں کہ اس نے دوسرا سوال کیا۔ پوچھا۔ "آپ کے ذاتی بینک کی بات کہاں تک پہنچی ہے ممی؟"

زہرہ جنید کھڑے ہوتے ہوئے یکدم ٹھٹک گئیں، پھر بہت حیرت سے بولیں۔ "تمہیں کیسے پتہ چلا میں ذاتی بینک کی بابت سوچ رہی ہوں؟"

وہ مسکرایا پھر آہستگی سے بولا۔ "وہ جو کہا ہوں آپ سب سے حتیٰ ماما نے یہ تو نہیں کہہ دیا کہ میں آپ سب کے بارے میں باخبر بھی نہ رہوں۔ پھر اتنی اہم تبدیلی کہاں ہے۔ اگر کوئی ہم جیسا مدبر انسان جانچنے کی ذاتی عادت نہ ہو تو۔"

زہرہ جنید ہنس کر اس کی بات ٹال دی مگر اس کا اصرار جاری رہا تو انہوں نے بتاتے ہوئے کہا۔ "سیدھی سی بات ہے شہری! بینک کے لیے لون اتنی آسانی سے کہاں ملے گا؟ اور میرے پاس ایسا کوئی چیز بھی نہیں جسے گروی رکھ کر میں لون لوں۔ مگر بہرحال میں نے بہت سی باتیں [illegible] فرینڈز کے ذریعے بینک سے معاملہ طے ہو رہا ہے۔ دیکھو کیا بات بنتی ہے؟"

"آپ نے کس بینک کو اپروچ کیا ہے ممی؟" اگلا سوال کیا۔

زہرہ جنید بینک کا نام بتانے لگیں۔ پھر درمیان میں رک کر بولیں۔ "دیکھو شہری! کوئی مہربانی کرنے کی ضرورت نہیں ہے تم جانتے ہو مجھے اپنے معاملات اپنی ہی ہینڈل کرنے کی عادت ہے۔ انحصار پسندی انسان کی شخصیت کو ختم کر دیتی ہے۔"

اس نے سر ہلا کر ان کی بات سمجھ لینے کا عندیہ دیا مگر دل ہی دل میں [illegible] سے مسائل حل کرنے کی بات ذہن میں رکھ رہا تھا۔ زہرہ جنید جا چکی تھیں اور وہ [illegible] گزرے سالوں کی یاد میں بسر کر رہا تھا۔ [illegible] تمہارے اب بھی آنے [illegible] ہیں، عارف کیا ابھی تک ان سے ناراض ہے یا اسے [illegible] کے کیس میں مدد کر چکا ہے...... کچھ باتوں کے جواب ہوتے ہیں، مسکان بکھیر رہے تھے اور کچھ باتوں نے پلکوں میں آنسو ٹھہرا دیے تھے۔ [illegible] آج پہنچ [illegible] مگر ہر صرف زندگی جی رہا تھا۔ [illegible] عبدالرحمٰن نے ان کو [illegible] لطف کو ساتھ لیے باہر آ گئے۔ کمرے میں اب صرف وہ تھا جو ان کے درمیان محبت کا سب سے اونچا جذبہ تھا۔ [illegible] بے طرح بکھرا ہوا تھا اور [illegible] ہر لمحے ہر پل کے لیے اپنی زندگی میں چاہیے تھا۔

❁❁❁

وہ مسلسل کھانسے جا رہی تھی مگر بار بار کوئی نہیں تھا جسے وہ آواز دے کر کہے پانی کا، ان کا حلق خشک۔ وہ چلائے اسے پانی کی سخت ضرورت ہے۔ اس نے تکیے پر بہت بے قراری سے سر مارا تھا۔ بدقت اپنے وجود کو گھسیٹ کر بمشکل [illegible] رکھے جگ سے پانی پینے کی اونچی سی کوشش کی تھی مگر گلاس ہاتھ سے [illegible] کے فرش پر گر کر چکنا چور ہو گیا تھا۔ وہ خوف زدہ سے انداز میں گلاس کی کرچیوں کو دیکھے جا رہی تھی۔ لگ رہا تھا وہ بھی گلاس کے بجائے زمین پر کرچیوں کی طرح بکھری پڑی تھی۔ کوئی بھی اسے جھاڑو سے سمیٹ کر ڈسٹ بن کی نذر کر سکتا تھا۔ اس کی زندگی ڈسٹ بن کے ارد گرد ہی تو گزر رہی تھی۔ وہ خالی آنکھوں سے دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی۔

کاش کوئی مجھے ایک گھونٹ پانی پلا دے...... اس نے کانٹے جیسی زبان سے خشک ہونٹ تر کرنے کی کوشش کی اور اسی دوران باہر دروازے میں چابی گھمائے جانے کی آواز سنائی دی۔

"مجھے پانی پلا دو۔ خدا کے واسطے مجھے کوئی پانی پلا دو۔" دروازہ کھلتے ہی وہ [illegible] کی طرف [illegible] محسوس ہوا۔ [illegible] کی آواز کے ساتھ دروازہ کھلا اور ایک خوب صورت چہرہ [illegible] اور ہلکا تاب [illegible] اندر داخل ہوئی۔ اس کے ہاتھ [illegible] کے [illegible] سے بھرے ہوئے تھے۔

"زرش! مجھے پانی پلا دو بیٹا۔ میری جان نکلی جا رہی ہے۔"

لڑکی تیزی سے سامان صوفے پر پھینک کر کچن سے گلاس میں پانی ڈال کر کمرے میں داخل ہوئی۔

"کیا ہو گیا بابا جانی آپ کی طبیعت اتنی خراب کیوں ہو گئی؟" اس نے سہارا دے کر پانی پلاتے ہوئے سوال کیا۔ جواب دینے کے بجائے غٹاغٹ پانی پی چکی تو ذرا سنبھل کر بولی۔ "کل رات کو اچانک بہت سخت [illegible] ہو گیا تھا۔ [illegible] سارے جسم کی [illegible] جان [illegible] کر رہ گئی ہے۔" وہ گہرے گہرے سانس لے رہی تھا۔

زرش اس کے [illegible] کے قریب [illegible] گلاس کی کرچیاں چن رہی تھی۔

"زرش! ان کو ڈسٹ بن میں ڈالتے وقت [illegible] یہ گلاس نہیں میں ہوں۔"

"بیجو! آپ بھی ناں...... ذرا سی بات کا [illegible] کیوں [illegible] ہیں؟ یہ گلاس ہے اور آپ کیسے [illegible] سکتی ہیں؟"

"پتہ نہیں مجھے لگتا ہے گھر سے نکلی ہوئی ہر چیز کی قسمت ہوتی ہے۔ ایک ہی [illegible] اسے [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] کر کے ڈسٹ بن کی راہ دکھا سکتا ہے جیسے مجھے...... جیسے مجھے ڈسٹ بن کی نذر کیا زندگی

AANCHAL.COM.PK

نے...... زرش کیا من مرضی کی زندگی جینے کی تمنا کرنا اتنا ہی قابل تعزیر جرم ہے؟"

زرش کچھ نہیں بولی تھی، کچن میں جا کر اس کے لیے سوپ بنانے لگی تھی۔ پھر واپس لوٹی تو بستر پر آنکھیں بند کیے وجود نے اس سے سوال کیا۔

"میں نے سنا ہے، بابا واپس آگئے ہیں پاکستان۔"

وہ جو سوپ کو چمچ چلا کر جلدی جلدی ٹھنڈا کرنے کی کوشش میں تھی، چونک کر بولی۔ "آپ کو کیسے پتہ کہ بابا گھر آگئے ہیں؟"

بند آنکھیں یکبارگی کھلیں، پھر آہستگی سے کہا گیا۔ "ماما کی آواز سننے کے لیے گھر فون کیا تھا۔ فون بابا نے اٹھایا تھا۔ میں کتنی دیر تک ان کی آواز کا اتار چڑھاؤ سنتی رہی۔ زرش! بابا کی آواز کا تناؤ، غرور ابھی تک ویسا ہے، مانتی ہیں میرا کوئی غم ہی نہیں ہے۔ بیٹا! ابھی افسوس نہیں ہے ان کے پیچھے جانے کا۔"

زرش کچھ نہیں بولی، اسے سوپ پلانے میں مصروف ہوگئی۔ آدھا پیالہ سوپ پیا تھا کہ ہاتھ ہٹا کر بولی۔ "بس اب اور نہیں۔ میں تم سے حمزہ عابد کے متعلق کچھ کہنا چاہتی ہوں۔"

زرش نے سوپ کا پیالہ رکھ کر اس کی طرف سے پشت کرلی، پھر آہستگی سے بولی۔ "میں جانتی ہوں بابا نے اور مجھے کبھی گھر بسانے جیسی لڑکی نہیں سمجھا۔ شاید بغیر کسی اضافی محنت کے وہ مجھے حاصل کرچکا ہے، اس لیے اب خالی خولی [illegible] کی بات کر کے اپنا وقت کیوں برباد کرے۔ اس کے لیے میں سوسائٹی گرل سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔"

"تم نے ہر بار کیوں جھکی؟ تم تو جانتی تھیں اس راہ میں کچھ نہیں رکھا۔"

بہت گہرا سانس کھینچ کر سوال کیا گیا اور زرش نے کھڑکی کا پردہ سرکاتے ہوئے بے بسی سے کہا۔

"شروع شروع میں بابا کی دولت کا بہت زعم تھا، اپنی خوب صورتی کا بے اندازہ تھا۔ میں سمجھتی تھی، میں زندگی کو اپنے طریقے سے انجوائے کرسکتی ہوں۔ پھر ریمپ واک میں آگئی تو منزل کی جستجو میں نئی سے نئی غلطی دہرائی جانے لگی۔ یہ واحد شعبہ ہے شاید جس میں مجھ جیسا لڑکا ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے ہیں۔ دولت کسی کے لیے تحفظ نہیں ہے۔ یہاں اگر واقعی ناقابل یقین کامیابی حاصل کرنی ہے تو انسان کو سمندر میں کود کر ڈوبنے سے کون بچا سکا ہے۔ تیرنے میں وقت لگتا ہے اور جب تک آپ تیرنا سیکھتے ہیں تو آپ تھک ہار کر ڈوب چکے ہوتے ہیں۔ پھر چاہ کر بھی خود کو بدلنا ممکن نہیں ہوتا۔ سو میں بھی اس لہر میں بہتی چلی گئی۔ جب غلطی کا احساس ہوا اس وقت غلطی سدھارنے کا موقع ہاتھ سے نکل چکا تھا..... حمزہ عابد انہی دنوں کی یاد ہے۔ وہ میری اصلیت جانتا تھا اور میں سمجھتی تھی، میں اسے سحر

پیچھے کر اپنا کر لوں گی۔ وہ میرے حسن سے متاثر نہ ہوا تو میری شہرت پہ مرے گا۔ میری شہرت بھی اس کا دامن نہ تھام سکی تو پاپا کی کروڑوں کی جائیداد اسے روک لے گی۔ مگر ثانی! تعلق داری میں تو وہ کسی سوسائٹی گرل سے بھی زیادہ گیا گزرا ہے۔ وہ پاپا کی جائیداد کے لیے مجھے صرف نفرت کر سکتا ہے، اور بس...... میں کبھی کبھی سوچتی ہوں، اسے چھوڑ دوں مگر دل نہیں مانتا۔ وہ میری چیک بک پہ میرے ہی سائن کروا کر خوب عیش کرتا ہے اور میں چپ چاپ اسے دیکھتی رہتی ہوں۔ میں وجاہت جان کا ایک پیکا سا زندگی کا احساس رکھتی تھی ثانی! مجھے لگتا ہے، وہ بھی اب تک بھولتی جا رہی ہوں۔ میں خود کو بھولتی جا رہی ہوں ثانی!"

"بے وقوف لڑکی! ایسا نہیں کہتے۔ کبھی نہ کبھی حمزہ کو تمہاری محبت بانٹ کرے گا، ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ محبت اتنی بے اثر ثابت ہو؟"

"ثانی! تم بھی ماں محبت کو اتنا خطرناک انجام ہوتے کبھی محبت کی اثر پذیری کی بات کرتی ہو؟ ثانی! اور پاپا کو دیکھو وہ کتنا رجسٹنٹ ہے بالکل پاپا جیسا۔" زرش نے کہا۔

"پاپا جیسا......؟" ثانیہ کے چہرے پہ کرب سمٹ آیا۔ پھر کتنی ساعتوں بعد اس نے کہا۔ "تمہارے گھر کی خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی۔ ممی کو دیکھو آج تک ان کی واپسی کے قدم گن رہی ہیں مگر ان کے آگے جاتے قدموں کی گنتی بڑھتی جا رہی ہے۔"

وہ کچھ نہیں بولی تھی، جیسے اس نے اس موضوع سے سمجھوتہ کر لیا تھا۔ وہ اب بکن کا کمر چیک کر رہی تھی کہ ثانیہ نے سوال کیا۔

"زرش! تم سے میں نے ایک کام کہا تھا جان!"

"میں نے کوشش کی تھی ثانی! مگر شہریار عبدالرحمن آج کل اپنے دفتر میں نہیں ہوتا۔ اور کوئی ایسا قابل اعتبار بندہ نظر ہی نہیں آتا جس کے متعلق میں یہ کہہ سکوں کہ وہ شہریار عبدالرحمن کے متعلق سب کچھ جانتا ہو گا۔"

بیڈ پہ لیٹی لڑکی نے کچھ نہیں کہا۔ اس نے بیڈ کی سائیڈ پہ رکھے فریم کو اٹھا کر اپنے سامنے کیا تھا اور اس کی شفتی آنکھیں تصویر پہ جم گئیں۔ تصویر میں وہ اور شہریار عبدالرحمن ایک بنچ کے ساتھ بیٹھے تھے۔ اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے۔

"شہریار! بہت برا کیا ہے ہم نے۔ ہم سب نے تمہارے ساتھ بہت برا کیا۔ کاش، وقت مجھے اپنی غلطیاں سدھارنے کا موقع دیتا۔ تم کتنے سادہ دل ہو اور ہم نے تمہاری سادہ دلی کا بہت فائدہ اٹھایا۔ محبت کرنا کوئی بات نہیں، لیکن ہم نے تمہیں اس محبت کے قدم پہ لوٹا اور تم سادگی سے لٹتے چلے گئے۔ کاش! کبھی میں تمہارے سامنے پورے قد سے کھڑی ہو کر کہہ سکوں کہ دنیا میں اگر کچھ اچھا ہے تو وہ تمہارا

بل سے شہیر! ارے وہ تم ہو شہیر! عبدالرحمن! صرف تم......" اس نے بلی میں کو بلاتے ہوئے قدرے نرمی سے دہرایا تھا۔

"کیا سوچنے لگی نانی؟" زرش نے نانی کے کندھے پر ہاتھ رکھ کے آہستگی سے پوچھا اور انہوں نے بے بسی سے کہا۔

"میں جلد سے جلد ٹھیک ہو جانا چاہتی ہوں، زرش!"

زرش نے بجلی کی تیزی سے پلٹ کر انہیں دیکھا اور وہ پھیکے سے انداز میں ہنس کر بولیں۔ "اتنے سرپرائزنگ تم سے مت دیکھو۔ میں جانتی ہوں اب میرا ٹھیک ہونا ممکن نہیں، لیکن میں اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر ایک بار شہیر عبدالرحمن سے مل کر معافی مانگنا چاہتی ہوں گی اپنے بیٹے سے۔ جو وہ جھوٹ ہمارا ہے، میں چاہتی ہوں وہ جتنی خاموشی سے اس جھوٹ کو کیا گیا تھا اسی خاموشی سے اس جھوٹ کو اپنی زندگی سے نکال باہر کرے۔ میں مرنے سے پہلے اپنی ہر غلطی سدھارنا چاہتی ہوں زرش!"

زرش نے نبض کو بالکل بے قراری سے تھام لیا تھا۔ وہ موت کے قدموں کی چاپ بھی کی طرف بڑھتے دیکھ رہی تھی، لیکن پھر بھی کسی معجزے کے ہونے کا انتظار کر رہی تھی۔ مگر کیا سارے معجزے ہماری پسند کے مطابق، ہماری زندگی کی داستان بدل سکتے ہیں؟ یہ وہ سوال تھا، جس کا جواب صرف وقت کے پاس تھا۔ پر وقت، جو اس کمرے میں ٹھہری ہوئی نانی کے پاس بہت کم رہ گیا تھا۔

سالار عبدالرحمن نے فخر سے ابھری بڑی ہی تھی کہ ان کی نظر باہر وہ خاتون پر جا کر رک گئی۔ سب انجان "گڈ مارننگ!" کا نعرہ لگاتی مادام اچھال رہے تھے، مگر موہنا سے تو اب ناک سے صرف ہٹی گئی۔ وہ بہت بعد میں جا کر پہنچی تھی۔

"گڈ مارننگ سر!" وہ سے شہیر عبدالرحمن تمہیں کا احترام سب ہی کی پوری کوشش کر رہی تھی۔ مگر سالار عبدالرحمن اسے اوپر سے نیچے تک دیکھ کر حیران رہ گئے تھے۔ پھر نظر پر ہی سے جانے کے بعد اپنے کیبن کی طرف بڑھتے چلے گئے تھے اور پھر تھوڑی دیر بعد رام پرشی اپنے کیبن سے نکلا تھا۔

موہنا کی جان لبوں پر آ گئی تھی۔ "سر بہت زیادہ غصے میں ہیں کیا؟"

"بہت زیادہ۔ لیکن یہ تم حجاب کیوں کر رہی ہو؟" اس کی بات کا جواب دے کر دوسرے لمحے، پر بھی رام پرشی نے فوراً دل میں اٹھنے والے سوال سے اپنے دماغ کو آزاد کیا۔

"بس ویسے ہی۔ مجھے حجاب کرنا اچھا لگتا ہے۔" موہنا نے آہستگی سے کہا۔

"حجاب کے مسائل وژن میں جاب کرنا ہے ضروری!" آمنہ باجی نے جیل پہ چلتے ہوئے کہیں بکھرے ہوئے خیال کو ٹٹول نہیں رہے ہوتے خیال آئی کی اور مومنہ اپنے اندر سمٹنے لگی۔ وہ شروع سے ایسی ہی تھی۔ بہت بہادر ہونے کا سوچتی تو ڈر لیتی تھی، مگر جہاں تنقید اٹھنے لگی وہیں اس کے بازو بھول جاتے۔

"مس مومنہ! آپ کو اتنی اچھی پوسٹ پہ کیسے رکھ لیا گیا، حالانکہ ابھی تو آپ کی شروعات نہیں ہوئے؟" ایک نیا سوال ابھرا۔

"مسٹر شہریار عبدالرحمٰن کی مہربانی ہے کہ میں یہ پوسٹ حاصل کر سکی۔" اس نے نرمی سے کہا۔

"کس کی مہربانی؟...... ذرا پھر سے کہنا۔" شرمیلا ذرا...... وہ منہ کا ذائقہ خراب کیے بولی۔

"مسٹر شہریار عبدالرحمٰن کی......"

"اوہ، یعنی وہ بھی تکنے لگا... تب ہی اتنے بڑے سیلون میں سے اپنی ٹیم؟" خیال آرائی پہ مسکرائی اور اس کی جان آنکھوں میں کھنچ آئی۔

"مس مومنہ! آپ کیا کہہ رہی ہیں۔" یوں نے آ کر اس کی جان کو ہلکان کر دیا۔ وہ گھبرا گئی تھی اندر ہی اندر سے لرزاتی گئی۔

"آئی نو، خوب صورت ہو، تمہیں پہ احساس ہوں تو دل کرتا ہے۔"

اس کے چہروں میں لرزش بھی آ گئی۔ شہریار کا دل اسے بہت عجیب لگ رہا تھا۔ شاید سب یہاں ایک دوسرے سے لطف اندوز ہو کر اس گفتگو سے محظوظ ہوتے ہوں گے، مگر اسے بیزاری ہو رہی تھی۔ وہ شروع سے خیالی پسند وہ تگ تعلق رہنے والی ایک خوف زدہ لڑکی تھی وجہ ایک فیصلے نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا تھا۔ وہ ڈری ہوئی اس کے کمرے کے سامنے پہنچی۔ کھلی ہوئی کھڑکی سے سالار عبدالرحمٰن کی غصیلی آواز سنائی دی۔

"مسٹر شہریار کب سے اسٹائل وژن کے اندرونی معاملات میں دخل دینے لگے؟ وہ اسٹائل وژن میں ڈیزائن مارکیٹنگ کے معاملات دیکھتے ہیں، کیسے میرے فیصلوں پہ حاوی کیوں ہونے لگے ہیں؟"

مومنہ کو یہ چلا کر وہ شہریار عبدالرحمٰن کے بھائی ہیں۔ اس نے دل میں سوچا کیا سالار عبدالرحمٰن بھی ایسی ہی سوچ کے ہیں؟ مگر اس کے خیال کی مزید وضاحت سے پہلے ہی ناصر بھٹی نے روک لیا تھا۔ وہ گھبرا گیا ہوا تھا کہ شاید وہ منع کر دیں گے۔ ہونے کے لیے چیف ورک کرنے کے لیے آنا ہے باہر کھڑا ہو کر کچھ کہنا مناسب نہیں ہو گا۔

"بس، ہمنہ آپ باہر کھڑی ہیں تو اب تک اندر کیوں نہیں آئیں؟"

"سر، وہ ان کے غصے سے خوف زدہ ہو رہی تھی۔"

رحم بخش نے تبسم سے اسے دیکھا پھر آہستگی سے بولا۔ "بابا بہت اچھے ہیں۔ صرف کبھی کبھی غصے کا اظہار کرتے ہیں، اس لیے کوشش کیجیے گا آپ ان کی مرضی کے خلاف کوئی جواب مت دیجیے گا۔ آپ کیا کام ختم ہو گیا، ان کی ہاں میں ہاں کیسے ملائی جا سکتی ہے۔ اور ہاں ایک خاص بات، ان کے سامنے کسی بھی لحاظ سے شہریار عبدالرحمٰن کا ذکر کسی بھی پہلو سے مت کیجیے گا۔ بابا اس بات سے چڑ جاتے ہیں۔"

رحم بخش بہت ساری باتیں بہت ہی دھیمے انداز میں کر رہا تھا۔ سرپنچ کی آواز سن کر اس نے فوراً دستک دی تھی اور ہمنہ کے ساتھ اندر داخل ہوا تھا۔

سالار عبدالرحمٰن ریوالونگ چیئر پر آنکھیں بند کیے جھول رہے تھے۔ ہمنہ دستک کے بعد اندر داخل ہوا تو چونک کر وہ سیدھے ہو کے بیٹھ گئے۔ ہمنہ رفیق نے نظر بھر کر دیکھا اور سوچا، اگر صورت کے ساتھ ساتھ مزاج بھی اچھا ہوتا تو کتنا اچھا ہوتا۔ سالار عبدالرحمٰن شاید اس کے خیالات سے بے خبر اس سے اس کے کام کے بارے میں سوالات کر رہے تھے۔ ایک طرح سے یہ اس کا انٹرویو تھا۔ وہ ان کے جوابات سے اچھا خاصا متوازن تھا، مگر سمجھے لیے جانے کے باوجود بہت بہتر پر انحصار کر رہی تھی۔ ہمنہ اور عبدالرحمٰن اس معاملے میں کوئی خاص بات نہ کہہ سکے۔ یکدم انہوں نے اس کے پردے پر سوال اٹھایا۔

"آپ جانتی ہیں اسلامی ورثہ ایک بڑا روایتی زمانہ ہے۔ یہاں پردے پر سوال بھی اٹھ سکتے ہیں۔ ہمارے لوگ اس کے قائل ہیں جو ہماری زندگی پر بوجھ پر سوال اٹھا سکتے ہیں۔ ہمیں زیادہ پڑھی کے ساتھ سختی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پردہ......"

ہمنہ نے اپنے وجود کی پوری سے اٹھنے پر آمادہ کیا۔ "سر میں مرا یہ جواب نہیں چھوڑ سکتی۔"

"کیا آپ کا حتمی فیصلہ ہے؟" سالار عبدالرحمٰن نے اسے دیکھ کر سوال کیا۔ اس نے اثبات میں سر ہلایا اور جانے کی اجازت چاہی۔

"آپ جا سکتی ہیں۔ جا کر اپنی سیٹ پر بیٹھیے۔ میں آپ کے بارے میں فیصلہ کچھ دنوں بعد کروں گا۔"

جانے کیا بات تھی کہ اپنی مرضی کے خلاف جواب کے باوجود ان کے اندر اچھے وجود کو ہمنہ نے کی تمنا نے سر نہیں اٹھایا تھا۔ شہریار عبدالرحمٰن سے ان کی جتنی زیادہ جنگ تھی اتنا ہی ان کے لہجہ ان کا موڈ

خراب ہو رہا تھا۔ ہر لمحے ابھر آنے والے سامنے رکھ کر اسے نظر انداز کرنے میں جو مزہ تھا وہ اس کے منظر عام سے ہٹ جانے میں نہیں تھا۔ آخر ایسی کیا پرابلم ہو گئی ہے کہ ہسپتال سے محترمہ کا آنے کا دل ہی نہیں کر رہا...... ہمیشہ تو اسٹرونگ مین بنا رہتا تھا پھر؟...... سوالیہ نشان اٹھا تو بے سبب سوچا آخر کون ہے جس سے اس کے بارے میں معلومات لی جا سکیں اور دلی اطمینان کو بھی وجہ تک پہنچے۔ وہ مسلسل ریوالونگ چیئر پر جھولے جا رہے تھے۔

ڈرائیور تو نہیں تھا!؟ انہوں نے سوچتے ہوئے گھر فون کرنے کے بارے میں فیصلہ کیا۔ ان کا خیال تھا عائشہ سے گھر لہجے میں کچھ بھی پوچھ سکتے ہیں اور شرطیہ یہ نشان پر ان کی شخصیت کے رعب کی وجہ سے کسی بھی لمحاتی کمزوری کو دوبارہ دہرانے کی کوشش بھی نہیں کریں گی۔ انہوں نے سیکرٹری کو گھر کا نمبر ملانے کی ہدایت کی۔

ایک منٹ بعد ان کے روم میں بیل بجنے کی آواز سنائی دی۔ مسز عبدالرحمٰن کے گھر میں ہر بچے کا فون نمبر الگ تھا۔ یہی وجہ تھی انہوں نے عائشہ کے لئے نمبر ملوایا تھا۔ مگر فون کافی دیر تک نہ اٹھایا گیا تو انہوں نے ڈرائنگ روم کے کامن نمبر پر کال کرنے کا حکم دیا۔ پانچویں چھٹی بیل پر فون اٹھا لیا گیا اور دوسری جانب عائشہ کی آواز تھی۔ مگر اس آواز میں گھبراہٹ اور خوف کا عنصر بہت واضح تھا۔

"ہیلو عائشہ! میں سالار بول رہا ہوں۔"

"سالار...... اچھا ہوا آپ نے فون کیا۔ پلیز سالار! جلدی سے گھر آ جائیں۔ بڑی ماما کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی ہے۔ گھر کی گاڑی بھی نہیں ہے اور اس وقت ایمبولینس کو فون کئے ہوئے بھی پندرہ منٹ ہو چکے ہیں۔"

سالار عبدالرحمٰن نے ریسیور تیزی سے پٹخا تھا اور بھاگم بھاگ دفتر کی سیڑھیاں اترتے چلے گئے تھے۔ پھر تیز رفتاری کے سارے ریکارڈ توڑتے ہوئے جب وہ گھر پہنچے تو معلوم ہوا ان کی بڑی ماما کو ایمبولینس میں قریبی پرائیویٹ ہاسپٹل لے جایا گیا ہے۔ انہوں نے کار کو گیٹ سے واپس کے بغیر موڑ دیا اور پندرہ منٹ بعد مطلوبہ ہاسپٹل کے سامنے کھڑے تھے۔ ان کا دل بے حد تیز دھڑک رہا تھا۔ یوں لگتا تھا جیسے سینہ توڑ کر باہر آ جائے۔ چہرہ پسینے سے تر ہو گیا تھا۔ گھر بھر میں وہ سب سے زیادہ جذباتی اور سب سے زیادہ چھوٹے دل کے تھے۔ معمولی سی تکلیف بھی انہیں بہت زیادہ محسوس ہوتی تھی۔ پھر یہ پریشانی تو ان کی سب سے پسندیدہ ہستی سے متعلق تھی۔ ان کا دل ہی ہولا جا رہا تھا۔ وہ کاؤنٹر سے معلومات لیتے ہوئے اوپر پہنچے۔ ماما اور عائشہ کو حسب توقع پریشان پایا۔ سوائے چہرے کے تاثرات انہیں چھپانے پڑے۔ کیونکہ یہاں ان دونوں کو دلاسہ دینے کے لئے یہ ضروری تھا۔

"کیا ہوا تھا ڈیڈی؟" انہوں نے متوازن لہجے میں پوچھا۔

مما بس رونے لگی تھیں اور عائشہ نے کہنا شروع کیا۔ بابا تھا اچانک ہی بابا کو دمہ کا اٹیک (Asthma Attack) آگیا تھا۔ ان کا انہیلر (Inhaler) ختم ہو گیا تھا۔ نیا منگوانا بھول گئی تھیں، بس اس لئے ان کی طبیعت بگڑ گئی تھی۔

سالار عبدالرحمن صبر [illegible] دو بجنے لگے تھے۔ پھر تین گھنٹے کی مسلسل کوشش کے بعد ڈاکٹر نے ان کی کنڈیشن بہتر بتائی تھی۔ مما شام تک ان سے ملی تھیں مگر حشمت خانم کچھ بولنے کی کنڈیشن میں نہیں تھیں۔ پاپا اور عدیل بھائی بھی ابھی [illegible] میں ہاسپٹل پہنچ گئے تھے۔ [illegible] ان کی طبیعت معمول پر آگئی تو رات گئے مما نے شکوہ کناں لہجے میں پوچھا تھا۔

"امی جی! آخر کیا آپ کی ذرا سی بے احتیاطی سے ہمارا کوئی نقصان ہو جاتا تو؟"

حشمت خانم بیٹی کے اس اظہار پر نہال ہو گئیں مگر کچھ ساعت بعد [illegible] کیا یہ میری غلطی ہے یا تمہاری؟...... تم نے تو مجھے اپاہج بنا دیا ہے کہ میں اپنے سے کوئی فیصلہ ہی نہیں لے پاتی۔ دوا میری دوائیاں اور انہیلر بھی تو تم ہی جہان منگواتی ہو۔"

"میں جہان منگواتی ہوں؟" مما نے اچنبھے سے پوچھا۔

حشمت خانم نے خفگی سے کہا۔ "ہاں تم...... میرے پاس میں ہو کر [illegible] ہر جگہ مجھے [illegible] جاتا ہے۔ تمہیں پتہ ہے مجھے [illegible] رکھ رکھ کے [illegible] عادت ہے، اس لئے تو تم میری [illegible] کے مطابق میری زندگی کا سامان مہیا کرتی ہو۔"

مما خاموشی سے حشمت خانم کو دیکھتی رہیں، پھر آہستگی سے بہت [illegible] بولیں۔ "آپ جو میرے بارے میں رائے رکھتی ہیں، میں وہی رائے آپ کے بارے میں سمجھ رہی تھی۔ مجھے لگتا تھا آپ میری [illegible] عادت سے تنگ آگئی ہیں [illegible] دراصل [illegible] اندر ہی اندر [illegible] کوشش کی تھی کہ [illegible] آپ کو رکھ [illegible] جیسا ایک بچی کو رکھنا چاہئے، مگر آپ کے [illegible] کی۔ تب میں مجھے ایسا سوچنا ہی نہیں ملا۔"

حشمت خانم [illegible] دیکھتی رہیں۔ پھر پہلے [illegible] مما کے فون [illegible] بجنے لگا۔ انہوں نے بیگ سے موبائل نکالا، نمبر دیکھا اور کال ڈسکنیکٹ کر دی۔

"کس کا فون تھا؟" حشمت خانم نے سوال کیا۔

نما نے تلخ لہجے میں کہا۔ "کس کا ہو سکتا ہے؟..... ایک ہی تو ہے، جس سے میری جان نہیں چھوٹتی۔"

"کون شہریار تھا؟" حشمت خانم نے نا سمجھی سے پوچھا؟ نما نے جواب نہیں دیا اور حشمت خانم نے پھر پوچھا۔ "تم نے عبدالرحمٰن سے پوچھا ہے شہریار کس وجہ سے ہاسپٹل میں ایڈمٹ ہے؟"

"وہی کوئی اعتقادی وجہ۔ آپ نے کس سے ہاسپٹل کے بل پے کرتے ہیں جو وہ اس بارے میں سوچے۔ میں نے ان سے پوچھا تھا مگر انہوں نے کوئی خاطر خواہ جواب نہیں دیا۔ میرا خیال ہے کام کرنے کی وجہ نہیں کر رہا ہوگا، سوشل اداکاروں کی طرح ہاسپٹل میں داخلے کے لئے مجبور ہو گئے ہوں گے۔ آپ کو تو معلوم ہے ان کی کتنی خوب صورت اور گرم گرم جانے لگی ہیں۔"

حشمت خانم نے کچھ نہیں کہا۔ نما کچھ دیر چپ ہو گئیں۔ پھر وہ بھی باہر جانے کے لیے سوچ ہی رہی تھیں کہ ملازمہ اندر داخل ہوئی۔

"بی بی! شہریار کا فون ہے۔ وہ آپ سے بات کرنا چاہتا ہے۔"

حشمت خانم نے آج پہلی بار خوشی سے اس کی آواز سننے سے انکار نہیں کیا تھا۔

فائزہ سیل فون پکڑا کر باہر چلی گئی تھیں اور نما جان کر بیٹھی رہی تھیں۔ تا کہ جان سکیں اس نے انہیں فون کر کے کیا خبر دینی چاہی، جس سے وہ بے خبر رکھا گیا ہے۔

"ہیلو، بیٹا! آپ کی طبیعت کیسی ہے؟" حشمت خانم کو اس کی آواز کی کمزوری سے عجیب سا احساس ہوا۔

"میں ٹھیک ہوں، تم بتاؤ تمہاری طبیعت کیسی ہے؟"

"ایک دو دن اور، تین دن بعد چھٹی مل جائے گی۔ آپ بتائیے، آپ کا ڈاکٹر نے کیا کہا؟" وہ یوں گفتگو کر رہا تھا جیسے ہمیشہ سے اسی بے تکلف لہجے میں مخاطب رہتا تھا اور ماں ان کے اندر سے بھی اس سے جھگڑا کرنے کی ہمک نہیں ابھر رہی تھی۔

"ایک دو دن رکیں گے ابھی۔ ویسے اصل وجہ تو سمجھنے سے کچھ معاملہ سمجھانے میں دقت ہو رہی ہے۔"

"اُف! ام سمیر! مانو! مجھے بیمار نہیں ہونا چاہیے تھا۔"

AANCHAL.COM.PK

حشمت خانم کچھ نہیں بولیں۔ ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے تھے۔ وہ جانتی تھیں شہریار کی اس دوری کی کیا وجہ تھی۔ ممّا نہیں جانتی تھیں، اس لیے بھلا کہا انہوں نے حشمت خانم سے سوال کر لیا تھا۔ پھر بہت اچھی طرح اس کی طبیعت صاف کر کے ہی انہوں نے لائن ڈس کنکٹ کی تھی۔

حشمت خانم بیٹی کو پُرسوچ نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔ پھر بہت آہستگی سے بولی تھیں۔ "تم نے اسے بے بھاؤ کی سنائیں، دل بھر کر برا بھلا کہا، مگر اس نے جواب میں تم سے کچھ کہا؟"

"کیا کہے گا؟ ایسا منہ رکھتا ہے کہ میری کسی بات سے اختلاف کر سکے؟"

حشمت خانم نے آنکھیں بند کر کے بیٹی کے اس جملے کو سنا، پھر آہستگی سے بولی تھیں۔ "تمہیں یہ معلوم ہی نہیں ہو سکے گا کہ نہیں، لیکن عالیہ! اس نے تمہاری کسی بات سے صرف اس لیے اختلاف یا اعتراض نہیں کیا کیونکہ وہ صرف تمہاری آواز سننے کا منتظر تھا۔ بھلے وہ آواز ذلت کی صورت ہی میں کیوں نہ ہو۔ ورنہ اگر وہ بدتہذیب ہے تو بھی اتنا اونچا لہجہ ہرگز برداشت نہیں کر سکتے، تم جانتی ہو یہ بات۔"

ممّا حشمت خانم کو حیرت سے دیکھتی رہیں۔ اس لیے نہیں کہ وہ ان کے بیان سے شدید اختلاف کے باوجود فی الحال اپنا ردعمل نہیں دے سکی تھیں، بلکہ انہیں صرف اس لیے حیرت نے آلیا تھا کہ شہریار عبدالرحمٰن کے لیے انہوں نے ہمدردی کا مظاہرہ کیوں کیا تھا۔ مگر حشمت خانم نے خود سے اس سلسلے میں کچھ نہیں کہا تھا۔

پھر یہ ان کے ہاسپٹل میں تیسرا دن تھا جب ڈاکٹرز نے ان کی ریکوری دیکھ کر انہیں ڈسچارج کر دیا تھا۔ چونکہ ان کی رپورٹ کے پیش نظر یہ فیصلہ لیا گیا تھا، اس لیے وہ منتظر تھیں کہ کون انہیں لینے آئے گا۔ بابا نے کالج جانا تھا، مگر غیر متوقع وہ ناشتے کے ساتھ ہاسپٹل میں داخل ہوئی تھی اور غیر متوقع دوسری گاڑی سے عدیل بھائی کی ہمراہی میں شہریار کو آتے دیکھ کر ان کی جذباتی کیفیت اپ اینڈ ڈاؤن ہو گئی تھی۔ تین دن سے وہ شہریار سے نہیں ملی تھی۔ یقیناً وہ اس سے خفا ہوگا۔ مگر جب وہ نارمل طریقے سے اس سے ان کی کسی بھی ضروریات کے بارے میں جاننے لگا تو اسے لگا وہ ابھی کہ ابھی رو دے گی۔ اس کی صورت سے ہی پتہ چل رہا ہے، وہ کتنے دنوں سے کس کرب سے گزر رہا تھا۔ تھکا ہوا اور کمزوری بہت نمایاں تھی اس کی شخصیت میں۔ مگر وہ پھر بھی ان سے ملنے چلا آیا تھا۔ عدیل بھائی نے بہت انکار کیا تھا، مگر پھر انہیں ماننا ہی پڑا تھا۔ وہ وقت کے ذریعے ان کے روم تک گئے تھے۔ نوشو نے یہ سامان کا بیگ لے چکی تھیں جیسے زندگی کے اسٹیشن پر کوئی آخری پڑاؤ کے لیے ذرا کی ذرا ٹھہرا ہو۔

"اب آپ کی طبیعت کیسی ہے ماما؟" شہریار نے عدیل بھائی کے لاکھ ہاتھ تھامنے کی ضد کے باوجود ان سے ہاتھ چھڑا لیا تھا اور اب وہ نرمی سے ان کا ہاتھ تھامے ان کی خیریت کی رپورٹ لے رہا تھا۔

عدیل بھائی نے خوف سے آنکھیں بند کر لی تھیں۔ کیونکہ وہ جانتے تھے، اس سوال کا جواب دینا تو جیسے مزاج کی خاتون کے لیے آسان نہیں ہوگا۔ کیونکہ ان کی بھی کئی گنا سے زیادہ محسوس کرنے کے

لئے زیادہ سے زیادہ کم نہیں ہوئی تھیں مگر پھر بھی...... ان کا ردعمل بہت مختلف تھا۔ انہوں نے شہریار کا بازو تھام کر ان کی خیریت پوچھی تھی۔

"بالکل فٹ ہوں، ہاتو! بس معمولی سا اسکول ریجن تھا۔" ڈاکٹر شبیر سے فارغ ہو کر رشید بھٹی جہاز نے کے لئے اسٹینڈ تک کا ریسٹ بتایا۔ کہنے لگے "مسٹر شہریار! آپ کے اعصاب بہت تھک گئے ہیں، اس لئے کچھ دن تو آرام کرنا لازمی ہے۔ ان دنوں میں بھی فارغ تھا اس لئے ڈاکٹروں کی نصیحت کی طرح سے عادی ہو رہا ہوں......"

حشمت بیگم نے ان کا چہرہ دیکھا پھر مدھم سا بولیں۔ "تم مجھے بہادر نظر نہیں آرہے ہو شہری! تم ٹھیک ہو ناں؟...... بالکل ٹھیک؟"

"جی! تو میں ٹھیک ہوں...... بالکل ٹھیک۔ اب میں آگیا ہوں ماں تو آپ کو دوبارہ بیمار ہونے کا موقع نہیں لینے دوں گا۔" ان کے ہاتھ کی پشت اپنے ہاتھ میں لے کر محبت سے کہا۔ عدیل بھائی اور ہادیہ دونوں اس نئے رشتہ محبت پر حیران و پریشان تھے۔ مگر وہ دونوں مگن تھے۔

"مجھے معلوم ہے ہمارے بچوں میں تم مجھ سے زیادہ محبت کرتے ہو۔"

ہاتو کلیاں...... عدیل بھائی چکرانے لگے تھے۔

"خیریت تو ہے ہاتو! آج سورج مغرب سے ہی نکلا تھا ناں؟" ان سے برداشت نہ ہو سکا تو بول پڑے۔

ہاتو نے کر تیکھیں اور شہریار شوخی سے بولا۔ "بس جل گئے ناں؟ ہاتو مجھ سے پیار کریں تو آپ کو کیسے ہضم ہو سکتا ہے؟"

AANCHAL.COM.PK

عدیل بھائی نے بیگ کندھے پر ڈالا پھر ہولے سے بولے۔ "تم جیسے احمق نہیں پڑتے۔ میں محبت سب کے لئے ہوتا ہے تحمل کرتا ہوں۔ ورنہ آگے تم صرف سالار ہی اچھا لگا سکتے ہیں۔"

"بلکہ رہتی بھائی کے خلاف کوئی کہیں ہو رہے گا۔" دانیال نے تب کر کہا تو عدیل بھائی شہریار کے کان میں گنگنائے۔

"لیجئے رہی کا ایک اور کردار میدان سے ہٹا! شہریار ادیب جینگ تو مجھے لگتا ہے خالی ہاتھ ہی رہ جائے گا ویسے تم خود بھی اپنے آپ کو ووٹ دینا چاہو گے یا......؟"

شہریار نے بازو پھیر کر ان کو اور دانیال کو پیٹنے لگ گئے۔

"تمہیں اتنا غصہ کیوں آرہا ہے گڑیا؟" عدیل بھائی نے ہادیہ کو تنگ کیا۔ جیسے میں مصروف ہو کر ہادیہ کو غصے سے گھورا مگر اس نے جواب دینا ضروری خیال نہیں کیا۔ عدیل بھائی نے کندھے

اچکائے اور لفٹ کے واپس آنے کا انتظار کرنے لگے۔

شہریار رومانیہ کے برابر میں کھڑا تھا مگر رومانیہ اُسے مخاطب کرنا تو کجا اُسے دیکھنے تک سے احتراز کر رہی تھی۔

"کیا تمہیں لگتا ہے، واقعی تم مجھ سے نفرت کرنے لگی ہو؟" شہریار نے جھک کر سوال کیا اور رومانیہ کی جلتی آنکھیں اس پر آ کر ٹک گئیں۔

"میں اب غیر ضروری معاملات پر انرجی ویسٹ کرنے کی حماقت نہیں کرتی ہوں شہری بھائی!"

"شکر ہے شہری بھائی کا صیغہ برقرار رکھا، اگر اس رشتے سے ترقی کر جاتیں تو میں کیا کر لیتا؟"

"ہونہہ، خوامخواہ کی بلیک میلنگ۔" اس نے بظاہر برا منانے کے سے انداز میں کہا، مگر کہنے میں پہلو یہی تھا کہ شہریار عبدالرحمن آسانی سے بن لے۔ تو اس نے یہ تلخ گھونٹ بہت آرام سے پی لیا تھا۔
عدیل بھائی دونوں کے درمیان بیچ بچاؤ کروانا چاہتے تھے مگر رومانیہ نے انہیں یہ موقع نہیں دیا اور لفٹ دو منٹ بعد آ گئی تھی، سو تینوں اس کے ساتھ نیچے جانے کے سفر پر گامزن ہو گئے تھے۔ عدیل بھائی نے وہیل چیئر کار کے پاس لے جا کر روک دی تھی اور شہریار نے حشمت بیگم کو سہارا دے کر پچھلی سیٹ پر بیٹھنے میں مدد دی تھی۔ ناصف بیگ ہاسپٹل سے ہی اپنی بزنس میٹنگ میں چلا گیا تھا جسے وہ اتنے دنوں سے پوسٹ پون کرتا آ رہا تھا، سو وہیل چیئر وارڈ بوائے کے حوالے کر کے وہ گھر کے لیے روانہ ہوئے تھے۔

گھر...... جہاں ماما اپنی ماں کی صحت یابی کے لیے جشن منانے کی تیاری کر رہی تھیں۔ آج غیر متوقع پاپا بھی گھر میں موجود تھے۔ ہاں، یہ ضرور تھا ان کے گھر میں رکنا حشمت خانم سے زیادہ شہریار عبدالرحمن کی محبت کا پیش خیمہ ضرور تھا۔ پاپا نے گیٹ ہی پر شہریار کو سینے سے لگا لیا تھا۔ ماما نے اُس کی طرف متوجہ ہو کر بھی توجہ دینا ضروری نہیں سمجھی تھی۔ وہ حشمت خانم کو عادل بھائی کے ساتھ سہارا دے کر اُن کے کمرے تک لے جانے میں ساری توجہ صرف کر رہی تھیں۔ شہریار نے آگے بڑھ کر ماما کی مدد کرنی چاہی مگر ماما نے اس کے ہاتھ جھٹک دیے تھے۔ غیر متوقع اُس نے اسٹریس نہیں لیا تھا۔ وہ پاپا اور عدیل بھائی کے ساتھ ڈرائنگ روم کی سمت بڑھتا چلا گیا تھا۔ پھر باتیں کرتے ہوئے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ عدیل بھائی نے اس کی رہائش کا مسئلہ اٹھا دیا تھا۔

"پاپا! شہری کو میرا اور رابعہ کا گھر دے دیجئے نا۔ بمشکل سال سال بعد آتے ہیں شہریار، کئی بار ہمیں بھی ٹھہر سکتے ہیں۔"

شہریار نے ابرو چڑھا کر انہیں دیکھا پھر سنجیدگی سے بولا۔ "کیوں جناب! یہ مہربانی کیوں؟ میں آؤٹ ہاؤس ہی میں بہت پرسکون رہ سکوں گا۔ آپ جانتے ہیں، بھیڑ بھاڑ سے مجھے کوفت ہوتی ہے۔"

طبیعت کی بحالی کے ساتھ ہی جیسے اس کا روڈ رویہ بھی عود کر آیا تھا۔

تبھی عدیل بھائی نے اس کا کان مروڑ کے تنبیہ کرتے ہوئے کہا تھا۔ "بس، بس صاحب۔ یہ ڈرامہ، رویہ اپنے پاس ہی رکھنا۔ سارے گھر والوں کو ڈرا دھمکا کے خود سے دور کر رکھا ہے۔ کم آن یار انسانوں میں اٹھو بیٹھو۔ کچھ چینج آئے زندگی میں۔ حالانکہ اب کوئی تمہاری روڈ تبدیلی ہونا تو ناممکن ہے مگر امید پر دنیا قائم ہے جگر.......!"

شہریار مسکرانے لگا۔ وہ پھر بھی راضی نہیں ہوا تھا ان کے فیصلے پر۔ جبھی پاپا نے زیادہ زور دیا تو کسمسا کر بولا۔ "آؤٹ ہاؤس میں ایسا کیا کام ہے ماں پاپا! اگر کوئی ایمرجنسی ہوئی مجھے کوئی پرابلم ہوئی تو میں فوراً آپ کو انفارم کروں گا ناں۔ لیکن پلیز مجھے شفٹ کرنے کے لیے زور نہ دیں۔ مجھے اپنے کمرے سے بہت انس ہے۔"

"کمرے سے انس چھوڑو انسانوں سے انس کرو میاں! کیوں جان کے دشمن بنے ہوئے ہو؟"

شہریار نے کوئی جواب نہیں دیا تھا بلکہ اپنے ارد گرد بے قرار سا محسوس کرتے ہوئے دانیا کو دیکھ کے ہانک لگائی تھی۔ "ایک کپ چائے پلا دو دانی! بہت تھکن ہو رہی ہے۔"

دانیا عبدالرحمٰن نے ہاں کہا۔ عباس اور ملازم کو آواز دینے لگی۔ ملازم کی شکل دکھائی دی تو شہریار کا چہرہ ٹیڑھا ہو گیا۔ شہریار نے دیکھا تو منہ بگاڑ کر بولا۔ "رہنے دو عباس! مجھے چائے نہیں پینی۔ تم جا سکتے ہو۔"

عباس اپنا سا منہ لے کر چلا گیا۔ تحریم دانیا نے قطعاً اس کے مزاج کے برہم ہونے کا اثر نہیں لیا اور فون پر گپ بازی میں مصروف رہی۔ عدیل بھائی نے شہریار کے چہرے کے تاثرات خطرناک دیکھے تو بولے۔

"خان! تمہارے لیے کیا میں چائے بنانے کی جسارت کر سکتا ہوں؟ دیکھو دانیا جیسی تو نہیں ہوگی لیکن پھر بھی پینے کے لائق ہی سمجھو۔"

شہریار نے کچھ کہنے کے بجائے آنکھیں بند کر لیں۔ عدیل بھائی نے اسے چھیڑنا مناسب نہیں سمجھا اور اٹھ کر کچن کی سمت بڑھتے چلے گئے۔ عدیل بھائی کو کچن کے لیے سیڑھیاں چڑھتے دیکھ کر دانیا نے فون یکدم بند کر دیا اور ان کے پیچھے تیزی سے بھاگی تھی۔

"آپ رہنے دیں بھیا! چائے میں بنا دوں گی۔"

عدیل بھائی نے مڑ کر اسے دیکھا، پھر خفگی سے بولے۔ "اگر یہی بات تم شہریار کی مان لیتیں تو کیا جاتا؟" لمحہ بھر رک کے پھر مدھم ہو کر بولے۔ "وہ تمہارے ہاتھ کی چائے کا ذائقہ جانتا ہے اسی لیے تمہارے ہاتھ کی چائے مانگتا ہے اس لیے وہ تکلفات نہیں کرے گا۔ تمہیں پتہ ہے ناں وہ کتنا ٹچی ہے۔ اگر کوئی اسے ایک بار کام کا منع کر دے تو ہاں پھر مت کا جت کر کے کام کرنے کی بات پھر سے ذرا اس

کا انکار، اقرار میں نہیں بدل سکتا۔ ویسے آپ نے شہریار کے سامنے اپنے بہترین تعلقات کی نفی کیا بات کی ہے؟"

واضح اشارہ اس کی بدمزاجی کی طرف تھا، جو پچھلے چار دن سے وہ شہریار کے ساتھ روا رکھے ہوئے تھی۔ مگر وہ کیا بتاتی کہ بہت ساری چھوٹی موٹی باتوں نے اس کے اندر توڑ پھوڑ برپا کر دی تھیں اور یہ ان کا خیال تھا۔ وہ چونکہ ہر حالت میں شہریار کی سائیڈ لینے کے عادی تھے اس لئے وہ کوشش کے باوجود ان کے دل میں پنپتا ملال نکال کر انہیں اس کی کسی خامی پر ردعمل ظاہر کرنے پر نہیں اکسا سکتی تھی۔ سو اس نے خاموشی اختیار کئے رکھی تھی۔

عدیل بھائی اسے چھوڑ کر کچن میں داخل ہو گئے تھے۔ ملازمین میں انہیں دیکھ کر کھلبلی مچ گئی تھی۔ پھر ان کی آمد کی جب معلوم ہوئی تو ہر شخص اپنی خدمات دینے پر راضی دکھائی دیا۔ مگر عدیل عبدالرحمن سب کو منع کرنے سے پہلے خود ان کے لئے چائے بنانے لگے تھے۔

پھر چائے کپ لے کر وہ پہنچے تو وہ ڈرائنگ روم میں دیوان پر بیٹھا بیٹھا سوچ چکا تھا۔ پاپا ان کے سامنے کے صوفے پر بیٹھے اسے ایسی نظروں سے دیکھ رہے تھے کہ اگر سالار عبدالرحمن ہوتے تو ضرور تلملا کے تخت بیٹھ کر کھڑا کر دیتے۔ مگر وہ عدیل عبدالرحمن تھے، وہ مسکراتے ہوئے پاپا کے سامنے بیٹھتے ہوئے بہت مدھم بولے۔

"آپ بہت محبت کرتے ہیں نا اس سے؟"

پاپا نے اثبات میں سر ہلایا، پھر بہت آہستگی سے بولے۔ "ہاں، مجھے اپنی ساری اولادوں میں یہ سب سے پیاری ہے۔ میری بس یہی تمنا ہے کہ اس کی راہ کے سارے کانٹے اپنی پلکوں سے چن لوں اور اسے صرف خوشی اور محبت کی بارش میں بھیگتا دیکھتا رہوں۔ وہ ہنستی رہے یہاں تک کہ زندگی کی شام ہو جائے۔"

"بالکل ٹھیک...... مگر پاپا یہ بتائیں شہریار سے مطمئن ہیں نا آپ؟"

پاپا نے ہنستے ہوئے ان کی کشتی کھینچی، "خبیث ہو عدیل، تم بھی، کہاں کی بات کہاں لے جاتے ہو؟" عدیل بھائی کے ہنسنے سے قہقہہ پڑا۔ پاپا ان کے ... پیش ہی ایسے ہو گئے تھے۔ شہریار کی آنکھ ان کے قہقہے سے کھل گئی تھی۔ پھر وہ دونوں کو اپنی طرف متوجہ دیکھ کر متعجب ہو گیا۔

"میرے بارے میں کیا ڈسکشن چل رہی تھی؟"

"انہیں تو ہم چائے پر بحث کر رہے تھے۔ کھانے کی طرح مردوں کے ہاتھ میں چائے بنانے کے لئے ایک خاص اور الگ ذائقہ ہوتا ہے جناب۔" ممّا نے عمر کو ٹوک کر اپنا کپ چینی کی تھیلی پر رکھ کر اس کا کپ اس کی طرف بڑھا کر بولے۔ "یہ تو ہم بھی کیا کریں گے، کس عظیم باورچی سے پالا پڑا تھا۔"

"خدا نہ کرے کہ آپ کی زندگی میں یہ "مختصر" والا وقت آئے۔"

"کیوں بیٹا! میں نے عمر مختصر کا پیالہ پیا ہے؟" انہوں نے خفگی سے اور چائے کا کپ لیتے ہوئے کہا۔

"عمر مختصر کا پیالہ نہ پیا ہو تب بھی میری دعا نہیں! ابھی بھی رونقیں نہیں۔ اللہ تعالیٰ سے خصوصی بخشش مانگی ہے آپ کے لئے۔ یہ چائے پینی کھانے کے بغیر نہیں جانے دوں گا آپ کو۔"

"دونی گئی بی اسپرٹ چاہئے مجھے۔" "سپورٹ؟" "کوئی ایک جملہ ہے جسے زندگی میں شامل کر لو پھر کچھ بھی ناممکن نہیں لگے گا۔"

"ہاں مگر اس کے لئے بندے کا بے حس ہونا ضروری ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں....."

اس نے جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔ عدیل شہید الرحمن نے اس جملے ادھورے کو پورا کرنے کی کوشش نہیں کی کیونکہ وہ واقعی اسے بے حس نہیں دیکھنا چاہتے تھے سو بہت خاموشی میں چائے پی جا رہی تھی۔ لیکن چائے پینے کے بعد شہریار کی حالت...... چہرہ پسینے سے بھیگ گیا تھا۔ وہ جیسے یکدم لٹ گیا تھا۔

"تم ٹھیک ہو شہری؟" پاپا اور عدیل بھائی یک دم ان کی طرف بڑھے تھے۔ اس نے جواب دینے کے بجائے آنکھیں بند کر لی تھیں۔

"تمہیں طبیعت ٹھیک نہیں تھی تو چائے کافی سے پرہیز کرنا چاہئے شہری!" پاپا نے اس کا ہاتھ تھام کر اس کے صوفے پر بیٹھنے کی جگہ بنائی۔ عدیل بھائی گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اس کے چہرے سے پسینہ صاف کر رہے تھے۔ پریشانی ان کے چہرے سے عیاں تھی۔ تھوڑی دیر پہلے کی ساری شوخی ہوا ہو گئی تھی۔

"شہریار! آنکھیں کھولو۔ مجھے بہت ٹینشن ہو رہی ہے۔"

شہریار نے مسکرانے کی ناکام کوشش کی۔ بمشکل آنکھیں کھولیں، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ "شاید تھکن کی وجہ سے ایسا ہو گیا ہے۔ آپ پریشان مت ہوں۔ گھبرانے جیسی کوئی بات نہیں ہے۔"

بابا جی اور ملازم نے شہریار کو سہارا دیا تھا۔ اس کے چہرے کی رنگت پھیکی پڑ گئی تھی، کچھ دیر بعد وہ پاپا کی طرف بڑھ گئی تھی۔ شہروز بعد میں لوٹا تو اس کے ہاتھ

میں جانے کا کہہ رہا تھا۔ وہ ایک ایک کر کے سیڑھیاں اترتی چلی گئی اور تب ہی اسی وقت شہریار نے اٹھنے کی کوشش کی تھی۔ ماما کے چہرے پر بے چارگی تھی مگر اس نے بغور ظرف سے اس کا جائزہ لے لیا تھا اسے تسلی ہو گئی تھی وہ ٹھیک ہے۔ سو اس نے ماما کے کمرے کی طرف قدم بڑھا دیے تھے۔ شہریار نے مدد سے کچھ نہیں کہا تھا مگر اس کے چہرے کا پھیکا پن جبریل بھائی اور پاپا دونوں نے محسوس کیا تھا۔

"تم اپنے کمرے میں آرام کرو چاہو تو پاپا!" وہ بے وقت تھا، جبریل بھائی اور پاپا اسے روک کر رہ گئے تھے وہ کہیں بھی تھا۔ جبریل بھائی اسے سہارا دیتے ہوئے آؤٹ ہاؤس کی طرف لے کر چل پڑے تھے۔

"جب تک میں یہاں ہوں، میں شہری کے ساتھ ہوں پاپا!"

پاپا نے کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔ شہری نے بھی کچھ کہنا ضروری نہیں خیال کیا تھا۔
یوں شاید زندگی ان کے ہمراہ اپنی تنہائی کی ذات میں سمٹتی چلی گئی۔

❁❁❁

حافظ سہیل نے اپنی ڈیوٹی کے آف ہوتے ہی مسٹر رفیقی کے دفتر کا قصد کیا تھا۔ مسٹر رفیقی اسے آدھے گھنٹے بعد فری ملے تھے۔ سو اس نے ان سے اپنی [illegible] کی تھیں۔ مسٹر رفیقی کافی دیر تک سوچتے رہے تھے پھر آہستگی سے انہوں نے اپنے سامنے رکھے رجسٹر کے اوراق دو تین صفحے پلٹ کر دیکھے تھے۔

"یہ کس [illegible] بہت آپ کی [illegible] مگر اس کام کا اچھا معاوضہ بھی دیں گے۔"

"مجھے منظور ہے، [illegible] آپ [illegible] سے میری بات کر لیجئے۔ میں شام چھ بجے ان کی رہائش کا [illegible] کرنے کے لیے تیار ہوں گی۔ رہی ڈیوٹی کی بات تو یہ بات آپ ان سے پہلے ہی طے کر لیجئے گا کہ یہ میری مجبوری ہے، میں اپنی گورنمنٹ ملازمت چھوڑنا نہیں چاہوں گی۔"

مسٹر رفیقی نے سر ہلایا تھا اور وہ دفتر سے باہر نکل چکی تھی۔ پیدل ہی اس کا رخ سڑک کی طرف تھا کہ ایک کار اس کے بالکل سامنے آکر رک گئی تھی۔ وہ گھبرا گئی تھی لیکن پھر کسی طرح سنبھل گئی تھی۔ اس نے جلدی قدموں سے چلنا شروع کیا تھا کہ یکدم کسی نے اسے نام لے کر پکارا تھا۔ کار کا شیشہ نیچے ہوا تھا اور اس کے ہراساں چہرے پر [illegible] مسکراہٹ دوڑ گئی تھی۔

"اُف۔۔۔ آپ۔۔۔۔۔۔ آپ نے تو میری جان ہی نکال دی تھی۔"

اس نے واپسی کے قدم موڑے تو فرنٹ ڈور کھول دیا گیا تھا اور وہ آرام سے اب کار میں بیٹھی ہوئی تھی۔

"آپ تو اچانک ہی فون پر آپ کہہ رہے تھے، آئندہ ویک اینڈ آپ کا پاکستان آنے کا پروگرام نہیں بن سکتا۔"

اس نے چادر کے کونے سے پسینہ صاف کیا اور ساتھ بیٹھے ہوئے مرد نے اُسے پوری گہری نظروں سے دیکھا۔ اس نظر میں لمس محسوس کرنے کی تڑپ صاف تھی مگر وہ اپنے اوپر چیک رکھنے کی اتنی عادی تھی کہ آسانی سے اس نے اس پیغام کو رد کر دیا تھا۔ سامنے بیٹھے مرد نے اس کی اس جسارت کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا۔ آنکھوں میں واضح طور پر خفگی کا تاثر موجود تھا۔ تبھی اس نے ہولے سے اس کے ہاتھ کو چھو کر نرمی سے کہا تھا۔

"آپ جانتے ہیں، میں زندگی کا ایک واضح اصول رکھتی ہوں۔"

"مگر محبت میں کوئی اصول نہیں ہوتا صرف محبت ہوتی ہے۔" وہ ایک دم بہت جھنجھلائی گئی۔ شافیہ کے چہرے پہ مسکان ابھری تو دب گئی۔ اس نے مدھم کہا۔

"ہاں محبت صرف محبت ہوتی ہے۔ لیکن محبت کرنے والے ذی ہوش ہوتے ہیں، اس لیے ان پر اضافی ذمے داری آپڑتی ہے کہ وہ اپنی محبت کو باہوش رکھیں۔"

"مگر محبت مدہوشی کا دوسرا نام ہے۔ تم وقت کے فاصلے مٹا دیتے کہ محبت کہتے ہیں۔ کیا تمہارا دل نہیں چاہتا تم مجھے محسوس کرو، مجھے چھو کر دیکھو کہ میں تمہارا کتنا ہوں، کتنا نہیں... کیا تمہارا دل نہیں چاہتا تم میرے ساتھ گھومو پھرو، خواہ کچھ پلوں کے لیے ہی سہی دنیا کو اپنے اور میرے بیچ نہیں آنے دو۔"

شافیہ جمیل نے سنجیدگی سے اس کے جذبات سے چھلکتے لہجے کو سنا۔ آنچ دل میں قدم قدم اترتے دیکھی مگر پھر بھی خود کو سنبھالا دے کر بولی۔ "میرا یہ سب دل چاہتا ہے کہ میں تمہیں محسوس کروں۔ میرا دل چاہتا ہے، میں تمہارے ساتھ خوب گھوموں پھروں۔ مگر عارف! یہ سب ابھی ممکن نہیں۔ میں منگنی کو ایک کچا بندھن سمجھتی ہوں۔ جس دن تم نے میری محبت کو اپنے گھر کی دہلیز کا راستہ دیا اس دن تمہاری ہر تمنا، ہر آرزو پوری کرنا ضروری ہوگی مجھ پہ۔ تم میری زندگی کی پہلی تمنا ہو عارف! اور تم سے ہٹ کر مجھے کچھ دکھائی کب دے گا؟"

عارف اس جواب پر شرارت سے مسکرائے بنا نہ رہ سکا۔ "ایک معصوم جسارت کی اجازت تو دو گی نا؟ کتنے ماہ ٹل رہے ہیں، ہم میری محبت تمہارا احساس چاہتی ہے۔"

شافیہ بلش ہو گئی۔ عارف اس کے چہرے کے رنگوں سے محظوظ ہو رہا۔ اس نے جس معصوم جسارت کی اجازت چاہی تھی، اس کا اس پہ ردعمل دیا تھا۔ گاڑی سبک رفتاری سے سڑک پہ رواں دواں تھی۔

"بھی اگر عارف بھائی اتنے دولت مند نہ ہوتے تو بھی آپ کا کیا یہی فیصلہ ہوتا؟" عارف جواد نے سونیا کو سرزنش سے دیکھا مگر شافعہ کے چہرے پر خفگی نہیں ابھری تھی اس نے مدھم سا کہا تھا۔

"عارف میرے لیے صرف عارف ہیں۔ دولت، شہرت، عزت یہ سب مجھے اس لیے اچھی لگتی ہے کیونکہ یہ ان کے وجود کا حصہ ہے ان ہی پہ جچتی ہے۔ لیکن اگر یہ سب کچھ وقت ان سے چھین لے تب بھی میں ان کی پشت پر رہوں گی۔ مصیبتوں میں دوست تو نہیں چھوڑ کے جاتے۔ دوست تو کنول کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔ تالاب سوکھ جائے تو وہ بھی سوکھ کر وہیں مرجھا جاتے ہیں۔ مرغابی کی طرح نیا تالاب نہیں ڈھونڈنے نکل پڑتے۔"

"واہ واہ...... بھئی باتیں تو مجھے تمہاری پسند آتی ہیں۔ تمہارے علاوہ کسی اور لڑکی سے ہی نہیں دیتیں۔" وہ بات ختم کر کے سونیا کی طرف مڑا پھر آہستگی سے بولا۔ "تم نے اپنی بہن سے سوال کیا ہے تو چلو اس سوال کا محور تم ہوتیں تو تمہارا کیا جواب ہوتا؟"

سونیا مسکرا کر بولی۔ "سیدھی سی بات ہے، میں ذرا جو کے مقابلے میں کچھ زیادہ ہی پریکٹیکل ہوں۔ سو اگر ایسا موقع میری زندگی میں آیا تو میں مرغابی کی طرح نیا تالاب ڈھونڈنا چاہوں گی۔ آپ تو جانتے ہیں غربت چاٹتے چاٹتے کوئی ولی ہی ہوگا جو اف نہیں کرے گا۔ میں تو انسان ہوں، مجسمہ شرافت کب یہ یقین کر سکتی ہوں۔"

شافعہ نے اُسے سرزنش سے دیکھا اور عارف جواد نے بے یقینی سے اسے دیکھا۔

"میں ذاتی طور پر تم سے پہلی بار مل رہا ہوں مگر تمہاری صورت سے میں نے تمہارے بارے میں جو اندازہ لگایا تھا وہ غلط نکلا...... ویسے تم ہماری منگنی میں کیوں نہیں آئی تھیں؟"

شافعہ کا خیال کر کے وہ بحث کو سمیٹ دیتے ہوئے یکدم بات کا رخ موڑ بیٹھا اور ادھر سونیا تو اس نے اس کے لیے کافی دلچسپی لیا اور اپنی دو ماہ بعد آنے والی وجہ بتانے لگی جس کی وجہ سے اس کی منگنی مس ہو گئی تھی۔ عارف جواد نے مزید کچھ نہیں کہا تھا اور ہمیشہ کی طرح وہ البم مانگنے لگا تھا جو شافعہ کے ساتھ اس نے ہوٹل کے وزٹ میں بنوائی تھی۔ یہ ہر تصویر میں وحشت پانی کے مختلف پوز پر بکھرے گزر رہا تھا۔ کندھے پر ہاتھ رکھے چلنے والی تصویر پر ایک لمحے کو وہ ٹھہر گیا تھا پھر محبت سے بولا تھا۔

"یہ دیکھو شافی! جب مجھے لگا تھا میری زندگی گزاری ہے تو صرف تمہارے ساتھ۔ تمہارے علاوہ مجھے کوئی اور سنبھال ہی نہیں سکتا۔ تم جانتی تھیں میری کار کا ایکسیڈنٹ ورک کی وجہ سے ہوا تھا لیکن پھر بھی تم نے ذرا سی بھی نفرت کا اظہار کیا نہ خوف زدہ ہوئیں۔ ان تین مشکل دنوں میں بھی میری دیکھ بھال میں تم جس طرح جڑی رہی تھیں، اس پر میرے دل نے کہا تھا بس یہی لڑکی ہے جو مجھ جیسے بگڑے

ہوئے انسان کو سدھار سکتی ہے۔"

شافعہ کچھ نہ بولی تھی۔ وہ دونوں کی باتیں سن کر باہر آ گئی تھی۔ ان کا رخ بابا کے کمرے کی طرف تھا۔ وہ بے قدموں بابا کے پیچھے جا کھڑی ہوگئی۔ بابا اپنے اندر کا غبار نکالنے کے لئے ابھی لکیریں کھینچ رہے تھے۔ ان کے کینوس پر دو بہت گہری آنکھیں نیلی بھری بھری تھیں۔ ان آنکھوں میں محبت کا بے نام سا دکھ بھی اُمڈ رہا تھا۔ سونیا کو محبت سے کوئی علاقہ نہیں تھا مگر آنکھوں کی خوب صورتی وہ بابا کو سراہے بنا نہیں رہ سکی تھی۔

"واؤ بابا! کیا آنکھیں ہیں۔ یہ کس کی آنکھیں ہیں بابا؟ اس کینوس پر...... اس کو زندگی دینا ہے بابا!"

ارسلان راشدی چونک کر مڑے۔ "کچھ نہیں...... ان آنکھوں میں کوئی آنسو بھر سے ٹھہر گیا ہے لیکن بے خبر ہیں یہ آنکھیں ابھی تک جانتی ہیں کہ جیسے ان پر میرا اختیار آج بھی ہے...... مگر بچھڑ چکا ہوں دل ہی جو ایک وابستہ ہے یہ کبھی ٹوٹ نہ جائے۔"

سونیا ارسلان راشدی کو بہت خاموشی سے دیکھے گئی۔

"بابا! آپ کی شادی اماں سے مجبوری کی شادی تھی ناں؟ آپ پہلے سے کسی کو پسند کرتے تھے ناں؟"

ارسلان راشدی کچھ نہیں بولے اور سونیا نے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "بابا! میں محبت کو شغل سے زیادہ اہمیت نہیں دیتی۔ لیکن جب میں آپ کو محبت میں آپ کو جلتے دیکھتی ہوں تو مجھے محبت سے چڑ سی ہونے لگی ہے اور اس محبت پر رشک بھی آتا ہے۔ جو آپ جیسے کسی شخص کو اپنے اندر باندھ کر ہمیشہ کے لئے بازی سے ہار کر اس کا نام لیتے ہوئے بھی اپنی محبت ہونے کے زعم سے باہر نہیں نکلتی۔ اور ہمیشہ ہی آپ اس محبت کے بارے سے دور ہی نکلنا چاہتے ہیں۔"

ارسلان راشدی نے تھکے تھکے انداز میں بات مسکرا کر بہت سی رکھ کر ختم کرنے کی کوشش کی اور سونیا ان کے پاس بیٹھ گئی۔

"آپ وہی نظم سنائیے بابا! جو آپ اکثر گنگنایا کرتے ہیں۔ "محبت کر کے دیکھو" عارف بھائی بھی آئے ہوئے ہیں بابا! میں انہیں بھی بلا کر لاتی۔ آج مل کر آپ شاعری کھیلتے ہیں۔" وہ تیزی سے باہر نکل گئی۔ پانچ منٹ بعد واپس لوٹی تو عارف اور شافعہ ساتھ تھے۔

ارسلان رانفدی کرسی پر بیٹھے تھے اور وہ دونوں سونیا کے روم میں آن بیٹھے تھے۔ سونیا نے ایک دوبار ضد کی تھی تب ارسلان رانفدی نے اپنی پسندیدہ نظم سنائی تھی۔

"لاکھ ضبط کی خواہش کے
بے شمار دعوے ہوں
اس کو بھول جانے کے
بے پناہ ارادے ہوں
اور اس محبت کو ترک کر کے جینے کا
فیصلہ سنانے کو
کتنے لفظ سوچے ہوں
دل کو اس کی آہٹ پر
بار بار جھڑکنے سے کون روک سکتا ہے
ہجر کے صحرا میں
اس کے نرم لہجے اور سوگوار آنکھوں کی
خوشبوؤں کو چھونے کی
جستجو میں رہنے سے
روح تک چٹخنے سے

AANCHAL.COM.PK

تجھے پاؤں چلنے سے
کون روک سکتا ہے
آنسوؤں کی بارش میں
چاہے دل کے ہاتھوں میں
ہجر کے مسافر کے
پاؤں تک بھی چھو آؤ؟
جس کا لوٹ جانا ہو
اس کو دور جانے سے
راستہ بدلنے سے
دور جانے سے
کون روک سکتا ہے
کون روک سکتا ہے......"

یکدم ارسلان راشدی کو لگا وہ اس کمرے سے کہیں اور جا نکلے ہیں اور کوئی ہاتھ ہے جو ان کے ہاتھ سے ابھی کے ابھی چھڑا کر ان کے حصے میں محبت کی بے وفائی کو دوبارہ چھوڑ کے جا رہا ہو۔

"مت جاؤ چھوڑ کر، میں نے تمہارے بغیر چلنے کی عادت ہی نہیں ڈالی ہے قدموں کو۔ میں تمہارے بغیر چلا تو مجھے گرنے سے کوئی نہیں روک سکتا......"

وہ تیزی سے دوڑے مگر ہاتھ ہاتھ سے نکل جائے تو راستوں کی مرضی ہے دوبارہ کبھی ان ہاتھوں کو پھر سے ملا دیں یا نہیں؟

"بابا! آپ نے سنا، عارف بھائی نے کیا شعر پڑھا ہے؟" سونیا نے انہیں واپس اندر کے سفر سے کھینچ لیا تھا۔ وہ چونک کر عارف کو دیکھنے لگے اور ساقہ، تنزیل، عارف کے بعد محبت پڑھ رہی تھیں۔

کب یاد میں تیرا ساتھ نہیں ، کب ہات میں تیرا ہات نہیں
صد شکر کہ اپنی راتوں میں ، اب ہجر کی کوئی رات نہیں
میدانِ وفا دربار نہیں ، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں
عاشق تو کسی کا نام نہیں ، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں
گر بازی عشق کی بازی ہے ، جو چاہو لگا دو ، ڈر کیسا؟
گر جیت گئے تو کیا کہنا ، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

"واہ واہ۔" عارف اور سونیا نے خوشی سے ساقہ کو داد دی اور ارسلان راشدی ان تینوں کے کھلکھلاتے چہروں کو دیکھنے لگے۔ یہ چہرے انہیں محبت نے ابھی چھوا تھا۔ محبت نے ابھی ان کی طرف اپنے ہاتھ کوئی دیکھیں منظر نہیں کیا تھا۔ اس لئے یہ ہنس سکتے تھے، پورے دل سے کھلکھلا سکتے تھے۔

کاش محبت کی ساری عمر ان کی خوشی کو لگ جائے اور محبت نام کے روگ سے میری قسمت میں نہ ڈال دے۔ رب سے انہوں نے دل ہی دل میں مناجات کی۔

مومنہ بھی بہت سہولت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی تھی۔ اُسے آئے ہوئے ساڑھے تین مہینے ہو چکے تھے۔ ایڈوانس میں اسے تنخواہ کا صرف پانچ فیصد ملا تھا، جو خرچ ہو گیا تھا۔ شافعہ کی دی گئی رقم بھی خرچ ہو چکی تھی اور آج پھر وہ پریشان تھی کہ وہ بھوکی تھی۔ حالت ایسی تھی کہ دل چاہ رہا تھا کوئی جھوٹے منہ ہی کچھ کھانے کے لئے پوچھ لے تو وہ ایک سیکنڈ بیٹھنے میں دیر نہیں لگائے گی۔ مگر دفتر کے باقی لوگوں کے لئے وہ ابھی تک اجنبی ہی تھی۔ کچھ وہ خود بھی لئے دیئے رہنے والی لڑکی تھی اور کچھ دفتر کے لوگ بھی شاید اُسے میرٹ سے ہٹ کر سفارش پانے کی وجہ سے اُس سے دور دور تھے۔ شافعہ سے وہ قرض مانگنا نہیں چاہتی تھی اور نہ کام کے ایڈوانس دیئے جانے پر بھی دفتر میں چہ میگوئیاں اُبھر رہی تھیں اس لئے وہ اس بات سے بھی بچنا چاہتی تھی۔ بار بار اُس کے ذہن میں اندھیرا چھا جاتا۔ مگر وہ مصروف تھی جب بہت اچانک چپراسی نے اُسے شہریار کے کمرے میں پہنچنے کی اطلاع دی۔ وہ سنبھلتی ہوئی دفتر میں داخل ہوئی۔ شہریار ریوالونگ چیئر پہ جھول رہا تھا۔

"مس مومنہ! وی مارکیٹنگ کمپنی کے Logo کا کیا بنا؟"

"تیار ہے۔" اس نے پرنٹ آؤٹ کی فائل اس کے سامنے لا رکھی۔

وی مارکیٹنگ کمپنی ایمپلائز مہیا کرنے کے سلسلے میں رجسٹریشن کا ایک پرائیویٹ ادارہ تھا۔ جہاں ملازمین کی درخواستیں کمپیوٹرائزڈ طریقے سے محفوظ کر لی جاتی تھیں اور پھر سرچنگ کے ذریعے قابل افراد کو جاب کے لئے پیغام بھیج دیا جاتا تھا۔ کمپنی بھی چونکہ نئی تھی اس لئے Logo کی تیاری اور پبلسٹی کا کام شہریار کی ایڈورٹائزنگ کمپنی کے سپرد کیا گیا تھا۔ شہریار پرنٹ آؤٹ کو بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔ مومنہ

رنگوں نے بہت مہارت سے Logo بنایا تھا۔ سورج کی کرنیں اور درمیان میں ایک ننھی سی پھوٹتی ہوئی کونپل دکھائی گئی تھی۔ سبز پتہ، زندگی کی علامت گل کو واضح کر رہا تھا، مگر شہریار کو اس Logo سے یہ اعتراض ہوا تھا۔

"مس مومنہ! یوں نہیں لگتا اس Logo سے ہم نے زندگی کی کھلنے والی امید کو محدود کر دیا ہے؟ زندگی میں امید محدود نہیں ہوتی۔ جیسا کہ آپ جانتی ہیں، زندگی ہمیشہ باقی رہنے والی چیز ہے، صرف لوگ مر جاتے ہیں۔ پلیز! اسے آپ اس پوائنٹ آف ویو سے دیکھئے۔"

"اوکے سر! میں پھر سے کوشش کرتی ہوں۔" اس نے فائل اٹھانے کے لئے ہاتھ بڑھایا مگر رک گئی۔

شہریار تیزی سے اٹھا تھا۔ "مس مومنہ! آپ ٹھیک ہیں؟"

"جی سر! میں بالکل ٹھیک...... مجھے...... ٹھیک......"

وہ مزید کچھ نہیں کہہ پائی۔ شہریار نے بیگانگی کی حالت میں اسے بازوؤں میں سنبھالا مگر وہ تب تک بے ہوش ہو چکی تھی۔ اس نے اسے بازوؤں میں اٹھا کر اپنے روم میں رکھے صوفے پر لٹا دیا تھا۔ پہلی بار وہ بے حجاب اس کی نظروں میں آئی تھی۔ شہریار پہلی مرتبہ اسے دیکھ رہا تھا۔ وہ واقعی بہت حسین لڑکی تھی مگر اس کی سادگی اس کی خوب صورتی سے کہیں زیادہ اس کی آنکھوں پر جھک گئی تھی۔

یا شاید...... آخر اس نے کہیں دیکھا تھا مگر کہاں؟ یہ الجھن اسے الجھا رہا تھا...... وہ سوچتے ہوئے تیزی سے باہر نکلا تھا، پھر اپنی سیکرٹری کو تیز لہجے میں مخاطب کر کے بولا۔

"مس انیلا! پلیز میرے روم میں جا کر مس مومنہ کو دیکھئے۔ آئی تھنک وہ بے ہوش ہو چکی ہیں۔ ڈاکٹر کو فون کریں۔ ڈرائیور سے کہیں انہیں کسی کلینک لے جائے۔"

انیلا نے غور سے دیکھتے ہوئے تیزی سے اس کے روم کی طرف مڑی۔ شہریار نے پشت موڑی تو ایک لمبا اور گہرا سانس اس کے سینے سے نکلا۔ جازی عبدالرحمن اس کے سامنے کھڑا تھا۔ اس کی آنکھوں میں خاص طرح کا طنز نمایاں تھا۔

"اب فکر نہ کرو، یہاں بھی آپ سے محفوظ نہیں ہیں۔"

"جازی! بکواس مت کرو۔ تمہیں کیا حق پہنچتا ہے کہ تم اس طرح مجھ سے بات کرو، میرے کردار پر کیچڑ اچھالو۔"

"کردار......" وہ استہزائیہ ہنسا۔ "آپ کا کردار...... جیسے سب کچھ روشن ہے مجھ پر، آپ کتنے پاکباز ہیں۔"

"ٹھیک ہے، میں بہت برا انسان ہوں۔ پھر تمہیں کیا اعتراض ہے؟ میں اپنی زندگی میں بہت خوش ہوں۔"

وہ بحث کے بجائے اپنے روم کی طرف بڑھ گیا۔ پھر جیسے ہی کھولا، دروازہ دوبارہ کھلا تھا کہ اس نے سنا، صوفیہ شرمندگی سے کہہ رہی تھی۔

"میری کوئی غلطی نہیں ہے۔ میں بے ہوش ہو گئی تھی۔ وہ ابھی وہاں سے گیا نہیں تھا، انہوں نے... میرے پاس پیسے ختم ہو گئے تھے اس لیے۔"

"پاگل لڑکی اتنا نہیں سمجھتی تھی؟ ہم کتنا ایک دوسرے کو نہیں جانتے، لیکن انسانیت بھی کوئی چیز ہوتی ہے۔ انسانیت کا رشتہ سب سے بڑا رشتہ ہوتا ہے۔"

شہریار نے باہر گزارا رات صرف روز نہیں۔ سمیع اور خیر بی سے کمرے میں آ گیا۔ سیدھا بیڈ پر لگانے کے لیے مڑ کر وہاں ہوتی مگر شہریار ان کی طرف سے پشت کر کے کھڑا تھا۔

"مس اینجلا! میں لنچ کا آرڈر کر رہا ہوں، آپ دونوں بیٹھ کر ریلیکس ہو کر بیٹھیے۔ مجھے باہر کچھ کام ہے، اس لیے آپ کو کسی قسم کی دقت نہیں ہو گی۔"

نظریں نیچی کیے اس نے چابیاں اٹھائی تھیں اور کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔ صوفیہ نے اس کی پشت کو دیکھا تھا۔

"بہت اچھے انسان ہیں مسٹر شہریار۔ پہلی گفتگو سے مجھے لگا تھا بالکل غلط ہوں گے مگر یہ تو بہت رحم دل انسان ہیں۔"

اینجلا ان کی ہاں میں ہاں ملا رہی تھی۔ پھر تھوڑی دیر بعد ڈنر میں بہت مختلف لنچ پہنچا ہوا تھا۔

"تم اتنا سارا کھانا...... اینجلا یہ بہت زیادہ ہے۔" صوفیہ نے گھبرا کر کہا۔

اینجلا مسکرا کر بولی۔ "جو دل چاہ رہا ہے وہ کھالو۔ ترکی میں اسٹاف کی وجہ سے فرحت وغیرہ کہیں کبھی لے کر آتی ہوں۔"

صوفیہ نے سر ہلا کر اس کے خیال کی تائید کی۔

پھر وہ لنچ سے فارغ ہو کر کمرے کی بیلکنی پر گئی، اینجلا نے فون اٹھایا تھا۔ "ہیلو، سلطان کلر ڈیزائن۔ آپ کون؟"

"مس اینجلا! میں شہریار بول رہا ہوں، آپ بتائیے آپ فارغ ہو گئیں؟"

"اوکے سر...... جی سر! ہم لنچ کر چکے ہیں۔"

AANCHAL.COM.PK

"ابے کے لیں بھی پوچھنا تھا اچھا اچھا چلتا ہوں!"

انیلہ جا چکی تھی۔ "بٹن کیوں کیا گیا ہے؟" سوال نے موحد سمیت پانی کو کہوں سے فوراً کہا۔ "مرضیز میں واپس آنا چاہتے ہیں اس لئے اپنی اپنی سیٹ پر چلو۔"

موحد انیلہ کے ساتھ چلتے ہوئے بولی تھی۔ "اس کا مطلب ہے انیلہ! مرزا جی بھی [illegible] نہیں تھا، وہ صرف ہماری [illegible] کے لئے اتنی [illegible] کرتے رہے۔"

"تم ٹھیک کہتی ہو، مرزا صاحب بہت اچھے انسان ہیں۔ بظاہر سخت دکھائی دیتے ہیں، سخت رویہ رکھتے ہیں مگر مجھے بھی [illegible] لگتا ہے، وہ ہمارے ابا جیسے ہیں۔" انیلہ نے تبصرہ کیا۔

موحد اس سے اتفاق کرتے ہوئے بیٹھنے لگی، انیلہ بھی سنجیدہ ہو رہی تھی۔

کام ایک بار پھر سے شروع ہو گیا تھا۔ جازی عبدالرحمٰن، موحد رفیق کے [illegible] سے بہت غصیلی نظروں سے دیکھا جا رہا تھا۔ موحد رفیق نے تعارف چاہا تھا۔ انیلہ نے اس کے کان میں کھسر پھسر کی تھی۔

"شہریار صاحب کے سب سے چھوٹے بھائی ہیں۔ پہلے کافی [illegible] ہوا کرتے تھے، اسٹاف سے کافی بے تکلف بھی تھے۔ لیکن پچھلے کچھ عرصے سے ان میں بہت چینج آ گیا ہے، اب یہ خود کو بھی مالک سمجھنے لگے ہیں۔"

"بڑی بات ہے مس انیلہ! کسی کی برائی نہیں کرتے۔"

انیلہ کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا۔ موحد کی بھی [illegible] چلتی گئی، کیونکہ شہریار ان کے بالکل پیچھے آ کر جانے کب کھڑا ہو گیا تھا۔

"وہ سر! ہم تو بس ایسے ہی..." انیلہ نے ہکلانا شروع کر دیا۔ شہریار کے ہونٹوں پر مسکراہٹ نے چھوا پھر وہ [illegible] سے بولا۔ "اس لئے کہ آپ لوگ بہت گھبرا رہی ہیں، جیسے حضرت عزرائیل کو دیکھ لیا ہو۔ مس انیلہ! [illegible] بہت [illegible] ہوں مگر [illegible] نہیں۔ ویسے ہم خود فیصلے سے بھی [illegible] کوئی تعلق نہیں۔"

"ایسی بات نہیں سر! ہم آپ کے بارے میں ایسی [illegible] رائے نہیں رکھتے۔" موحد نے [illegible] کہا اور وہ ہنس پڑا۔

"[illegible] ہے، [illegible] رکھتے ضرور ہیں [illegible] نہیں ہے، یہ اچھی بات ہے۔"

ANCHAL.COM.PK

مومنہ اوپا بلا کی زبان کی ادائیگی پر دنگ رہ گیا اور وہ مخاطب ہوا وہ کام کرنے لگا جس کام کے لئے آیا تھا۔ اس نے کوٹ کی جیب سے سفید لفافہ نکال کر اس کی طرف بڑھایا تھا۔

"اس میں مومنہ! اس میں کچھ رقم ہے۔ میرے خیال میں آپ کے کچھ نہ کچھ کام آ ہی جائے گی۔"

مومنہ نے کسمسا کر اسے گومگو کیفیت میں دیکھا اور پھر بولی۔

"بے فکر رہئے میرا آپ کی مدد کا ارادہ نہیں ہے۔ آپ کے سوالات صرف حل کرنے کے لئے میری ذات کا کنٹری بیوشن ہے۔"

"صرف میں خیرات نہیں لیا کرتی۔" اس نے استقامت سے منع کر دیا حالانکہ یا تو لفافے کی طرف بڑھنا چاہتا تھا۔ شہریار نے اس کی طرف دیکھا اور اس کے کھردرے لہجے میں جواب دینے جانے پر اس کی پچھاڑ دی۔

"یہ خیرات نہیں ہے مومنہ صاحبہ! آپ اسے ایک انسان کا دوسرے انسان پر احسان بھی مت سمجھئے، آپ میری بہن جیسی ہیں اور آپ کی بہن زیبا کا روپ ہونے کے لئے مجھ پر لازم ہے کہ میں آپ کی معاشی تنگی سے بارے میں بے فکر رہوں۔ آپ معاشی طور پر مستحکم ہوں گی تبھی میری بہن کی کرنے کے لئے بہت وقت دیں گی نا۔ سو یہ احسان نہ سمجھیں اسے آپ Give and take سمجھ سکتی ہیں۔"

مومنہ نے لفافہ لے کر پرس میں ڈال لیا تھا۔ شہریار بات ختم کر کے کاؤنٹر کی طرف بڑھ گیا تھا۔ ادھر ایک بچے نے ... کے سر پر شیشے پر نگاہیں جمائی تھیں۔

"بی بی! مومنہ اول میں کچھ ملا ہے۔ شہریار صاحب جیسے ایسے فیصلے لیتے رہتے ہیں مگر کسی نے بھی آپ کی ضمانت نہیں دی ... کے لئے بولے ہیں۔"

مومنہ کچھ نہیں بولی اور نئے سرے سے اپنے کام میں لگ گئی۔

پھر شام کی بات تھی جب عاطف بیگ جنرل چلا آیا تھا۔ شہریار اس وقت فیشن اینڈ اسٹائل کے موسم گرما کے ملبوسات کی نمائش کے لئے پروگرام ترتیب دے رہا تھا۔ جو ماڈلز آئے روز ... تھیں ان سے ایک ڈیڑھ ماہ پہلے ڈیٹ لینا پڑتی تھی۔ وہ ہال کی بکنگ اور ماڈلز کے معاملات طے کرنے کے سلسلے میں پوائنٹ لکھ رہا تھا۔ کس لباس کے ساتھ کس ماڈل کو پیش کیا جائے تو کوسٹ کم لگے۔۔۔۔ کون سا ہال بہترین لوکیشن دے سکے گا۔۔۔۔ یہی سوالات تھے کہ ان کے غور و فکر کے درمیان عاطف بیگ کی آواز سنائی دی۔

"ہیلو! رفعت شہباز جی! کیسے ہو؟"

شہریار نے سر اٹھا کر دیکھا اور مسکرانے لگا۔ "تم ابھی تک یہاں ہو؟ میرے خیال میں تو تم یہاں صرف چند روز کے پروگرام پر آئے تھے۔ میں تو سمجھ رہا تھا میری کہی ہوئی بات پر تم اتنے خفا ہو گئے تھے کہ ملے بغیر ہی چلے گئے ہو۔"

"ارے ہاں ایسا ہو سکتا ہے؟ تجھ سے اتنی ناراضگی میں خود نہیں کر سکتا۔ ویسے کام سے زیادہ تیری طبیعت کی وجہ سے میرا قیام بڑھتا جا رہا ہے۔"

"نہیں ایسی بات نہیں۔ تم بے فکر ہو کر چلے جاؤ۔ وہاں ذکریا بھائی پر سارا لوڈ آ رہا ہوگا۔ میری فکر مت کرو میں بالکل ٹھیک ہوں اب۔ تمہیں تو پتا ہے حال دیا کی وغیرہ سب وقت سے پہلے ہی ہیں۔"

ناصف بیگ چلتے چلتے اس کے قریب آ گیا۔ شہریار کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "مجھے معلوم ہے تو اپنا بہت خیال رکھ رہا ہے۔ لیکن پتا نہیں کیوں میرا دل نہیں مان رہا کہ تجھے چھوڑ کر جاؤں۔ پانچ چھ سال پہلے گیا تھا تو ٹھیک تھی۔ [illegible] حالت میں تجھے پایا ہے اب سوچ رہا ہوں کہ اب چھوڑ کے گیا تو......"

شہریار اسے دیکھنے لگا۔ وہ اس کا ادھورا جملہ جانتا تھا وہ کیا کہنا چاہتا ہے۔ سو اس نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے جذب سے کہا تھا۔

"دل میں وہم مت ڈال کر جا۔ کچھ نہیں ہو گا مجھے...... اور اگر کچھ ہوا لکھا بھی ہے تو بے فکر رہ۔ بہت سی دعاؤں میں ایک دعا بھی مانگی تھی میں نے کہ آخری لمحے تیرا چہرہ ضرور دیکھ کے جاؤں۔ اور اللہ بہت مہربان ہے وہ میرے وقت بھی تجھ جیسے خبیث کو [illegible] تو بھاگا آئے گا......"

ناصف بیگ نے اس کے بال مٹھی میں بھر لیے تھے اور درد بھی دیا تھا۔

"احمق! ذرا بھی عزت کر۔ میرے دور کرو یہ کہنا [illegible] پڑے گا مجھے اس حالت میں دیکھ کر۔"

"کوئی خاص [illegible] نہیں پڑے گا۔ بلکہ وہ تو خوش ہوں گے کہ کوئی تو ہے جو ان کے کاکل کھرے باس کے بھی کان کھینچ سکتا ہے۔" [illegible] اپنے [illegible] چلنے لگا۔ بہت [illegible] ہوئے مزے کی کافی [illegible] میں تیری ساری فرمائش بھی سنوں گا۔"

"ارے واہ جانِ من [illegible] تیری ساری فرمائش [illegible] پاگل سمجھ رکھا ہے کیا؟"

"بکواس نہیں بس جلدی سے اٹھ [illegible] تیری ایک نہیں سنوں گا۔" اس نے بازو پکڑ کر اسے اٹھایا۔

شہریار نے کار کی چابیاں، فون اور موبائل جیب میں ڈال کر فائل کے ساتھ باہر نکلا اور بدقسمتی سے اسی وقت سالار عبدالرحمن بھی اپنے کمرے سے نکلے تھے۔ ہو سکے باہر جاتا دیکھ کر ملازم پر کچھ کرنے کے
بتانے کو رک گئے۔

"رشید! فارغ بیٹھنے سے بہتر ہے کچھ کام ہی کر لیا کرو۔ ہر وقت اپنے ہی مشاغل میں لگے رہتے ہو۔ کبھی تمہیں تو اور وقت ضائع کرنے کے لیے نہیں دیتا۔"

شہریار کے اٹھتے قدم رک گئے۔ عاطف بیگ نے آگے بڑھ کر کچھ کہنا چاہا مگر شہریار نے ان کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ کر انہیں کچھ بھی کہنے سے باز رکھا تھا۔ پھر سالار عبدالرحمن اور وہ ایک ساتھ ہی نکلے تھے۔
کار شہریار ڈرائیو کر رہا تھا جبکہ عبدالرحمن تو کب کا ہی جا چکے تھے ان کے لیے الگ جواب سے بغیر سے دراصل کا دور چل رہا تھا۔

"میں سوچتا ہوں تمہارے جانے کے بعد زندگی کتنی خاموش ہو جائے گی۔"

"ایسے ہی خاموش ہو جائے گی؟ میری زندگی بے کیف...... جیا لیا جانے کا مطلب خود کو اپنے ہاتھ سے جاتا ہوں اب بیوی سارہ رابطہ بھی کے باوجود رابطہ بھی منقطع کرنے کا۔" عاطف نے سر ہلا کر
کہا۔ شہریار کو کچھ یاد آیا تھا۔

"اب کیا سوچا جا رہا ہے؟"

"تایا ابو میرے کہنے میں نہیں آ رہے۔" شہریار نے عاطف کے کہنے پر کہا۔

"بہت ذہنی بے ناچاقی کر رہی ہے۔ تو دراصل کے دوران نہیں تھا لیکن پھر بھی نہیں چاہتا تھا کہ وہ کوئی اسٹریس لے۔ تو ابھی تک سوچ رہا تھا۔ مگر اب کیا کیا جائے کیونکہ عاطف اس کے ذہن سے
نکل ہی نہیں رہا تھا۔ نوید علی بھائی بھی اس سلسلے میں ناکام ہو چکے تھے۔ بس ماما اور نو عبدالرحمن اور سالار بھائی اس سلسلے میں ٹوٹ گئے تھے۔ مگر یہ صرف وہ جانتا تھا کہ اس کا نہ کہنا وہ رسک سے
مکمل رہی تھی۔ اس سلسلے میں ان کی ماموں عبدالکریم سے بھی بات ہوئی تھی مگر ان کا بھی خیال تھا۔ "ابھی فوری جلدی نہ کرو، جتنا تم اسے روکو گے وہ اتنی ہی ضدی ہو جائے گی۔ سے اس راستے پر وہ مصنف
بازک کی ہر کل سیدھی نہیں ہوئی۔ جب کام سے روکا تو پتنگ میں بتا ہو جاتی ہیں کہ شاید اس بات سے انہیں تاکید دور ہوگا اور یہ مصنف کرنا انہیں کہانی سے روکنا چاہتی ہے۔ سو بہرحال لیے
فکر وہ تایا ابو کی طرح میری ذمے داری ہے۔ ایک لمحے کے لیے بھی نظر سے اوجھل نہیں ہے وہ جو ہو یہ بہت کڑی نظر ہے بہرحال۔"

بظاہر ماموں کی اس بات پر اسے بھرپور یقین تھا مگر اس کا ضمیر اپنی بدعہدی بھلانے میں کیا ہی سخت کچوکے دیتا رہتا تھا۔ بھی بھی وہ بظاہر پرسکون رہتا تھا مگر اندر ہر وقت ایک ہلچل مچی رہتی تھی۔

"کچھ دیر کے لیے سب بھول جا۔ ہم آج صرف یونیورسٹی کے دن جینا چاہتے ہیں۔" اس نے اس کے اسٹیئرنگ وہیل پر مشاقی سے چلتے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دلداری سے کہا۔

شہریار سر ہلا کر گاڑی دوڑانے لگا۔ "کیا یاد کرے گا تو بھی کی زبردست کافی میری طرف سے۔"

عاطف نے آسودگی سے مسکرا کر اسے دیکھا۔ پھر دس منٹ بعد وہ کافی ہاؤس میں بیٹھے تھے۔ ان کی مخصوص میز ریزرو تھی، سو وہ ایک کونے کی خالی ٹیبل پر جا کر بیٹھ گئے۔ کافی ہاؤس کی خنک اور مہکتی فضا نے شہریار پر اچھا اثر ڈالا تھا۔ وہ مسکرا کر بولا تھا۔

"تجھے یاد ہے، ایک زمانے میں ہم یہاں بے وقوف بننے کے لیے کتنی دلچسپی سے آیا کرتے تھے۔"

عاطف بیگ ہنسنے لگا، پھر ایک آنکھ دبا کر بولا۔ "ہاں، بہت شوق تھا ان حسین دیویوں کا ساتھ دینے کا، لڑکیاں بھی تھیں، وہ ہمیں بے وقوف بناتی ہیں اور ہم انہیں بنا کر نکل جاتے تھے۔ سلامہ کتنا زچ ہوتا تھا ہماری اس شرارت سے۔"

"سلامہ...... ہاں آں......" شہریار کے ہنستے لب یکدم خاموش ہو گئے۔

عاطف بیگ نے دانتوں تلے زبان دبائی۔ مسکراہٹ کی بات وہ غلطی سے دوسری طرف لے گیا تھا مگر بہت جلد وہاں سے نکل آیا۔ پھر اسی موڈ میں ہنستے ہوئے بولا۔

"مجھے یاد ہے، وہ پگلی کیا کا قصہ...... وہ جو اپنی فرضی ذہانت سے لڑکوں کو بے وقوف بنایا کرتی تھی۔ جب ہم نے اسے سلامہ کا نام بتایا ہے تو وہ کتنا ہنس کر گئی تھی۔ پھر پورے کیمپس میں پیچھے پیچھے وہ بھوتنی اور آگے آگے ہمارا شیر جوان...... کتنی قسمیں کھاتا تھا مجھے بچا لو، وہ شکر ہے اس وقت آغا نادالدین نے انٹری دی اسے پروپوز کیا اور اب سلامہ صاحب گھر کو لوٹے۔ تجھے یاد ہے ہم دانیال کو بھی کتنا لیٹ کیا کرتے تھے۔"

شہریار ماضی یاد کر کے قہقہہ لگا کر ہنسنے لگا۔ اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئی تھیں۔ وہ شروع سے ایسے ہی ہنستا تھا۔ عاطف نے اسے دیکھا تو کہا۔

"تجھے یاد ہے، وہ پری وش تیری ہر وقت آنسوؤں میں ڈوبی آنکھوں سے وہ کتنا امپریس ہوتی تھی۔ کہتی تھی ہائے اللہ! شہریار وار جائے، بے چارے کو کیا غم ہے؟ ہم کہتے، اس کی آنکھوں میں آنسو ہمیشہ تیرتے

لگا کر ہنستے ہوئے آتے ہیں تو کہتی تھی، تمہیں کیا پتہ اس بے چارے کو کیا غم ہے۔ کتنے عرصے تک وہ تیرے فرضی غم میں پاگل رہی تھی۔"

شہریار ہنستے جا رہا تھا۔ پھر وہ تھم کے بولا۔ "پری وش بھی خوب تھی۔ اُسے یتیم اور مسکین نظر آنے والے ہر چہرے پہ پیار آجاتا تھا۔ ہم سب اُسے مدر انڈیا کہتے تھے ناں۔"

"آں ہاں، مدر انڈیا...... اُس کی چال ڈھال ساڑھی کے پلو، سب ہمارے لئے عجیب نہیں تھے۔ واقعی وہ بھی اپنے مزاج کی ایک ہی لڑکی تھی۔"

شہریار مزید کافی اور سینڈوچ کا آرڈر دے چکا تھا۔ ان کی باتیں ابھی تک جاری تھیں کہ عاطف نے اُسے محبت کے فرضی قصوں سے یکدم شاعری کی طرف کھینچ لیا۔

"تو نے وقتی فقرے کے لیے کتنی غزلیں لکھ ماری تھی ناں، سلامہ کہتا تھا لڑکیاں شاعروں پہ بہت مرتی ہیں اور تو نے کہا تھا شکر ہے خوبیوں پہ مرنے کا دور گزر گیا۔ ورنہ پھولوں سے ڈھکی قبر سے کون محبت کر رہا ہے، کون نہیں، صاحب قبر کو کیا معلوم...... سلامہ نے ہم دونوں کو کتنی ملامت کی تھی، وہ بیچارا بھی اس کے ساتھ مل گئی تھی اور تب ہم نے کہا تھا۔ "ہم شریف، پاکباز لڑکیوں سے چھیڑ نہیں کرتے۔ جو لڑکیاں بے وقوف بنانے میں خود کو باکمال سمجھتی تھیں، ہم صرف ان سے اپنی ذہانت کا خراج لیتے ہیں۔ سلامہ ساتھ بھی نہیں تھا یا لاجک، جب تک واقعی اسے ہماری شرافت پہ یقین نہیں آگیا کہ ہم فلرٹیشن میں بھی عزتوں کا پاس رکھتے ہیں، تب تک وہ ہم سے ٹھیک طرح سے بولا بھی نہیں تھا۔"

"ہاں، وہ وقت بھی کیا وقت تھا۔ ساری شرارتیں شروع کے دو سال میں ہی کر لی تھیں۔ پھر ایسا لگا تھا زندگی بے مقصد ہے، سب جیسے غائب ہو گئے تھے۔"

"ہاں، شاید۔ شروع کے ساڑھے تین سال ہم نے کتنی فلرٹیشن کی، سیاست کی، گٹ بندی کی، مقابلے جیتے، ڈیبیٹس جیتے، سلامہ نے اتھلیٹ میں نام کمایا...... ہم سب نے جو کچھ کیا شروع کے تین ساڑھے تین سالوں میں کر لیا تھا۔ پھر تیرا ابا جان کا مسئلہ آگیا، زکریا بھائی بارِ ہشت بن گئے، سلامہ پہ گھر کی ذمہ داریاں آگئیں تو سب کچھ ختم ہو گیا۔"

شہریار اسی کیفیت میں دور میں چلا گیا۔ اس کی آنکھیں اس لمحے بھی آنسوؤں سے بھیگی ہوئی تھیں۔ مگر قریب کہیں بھی پری وش تھی وہ جیسے لڑکی نہیں تھی۔ تب ہی اس کی شاعری سے زیادہ اس کی پرسنالٹی پہ مرنے والی ماہی تھی۔

"آج سنا نا کچھ سنجیدہ سا۔ جو واقعی قلبی واردات کے تحت لکھا ہو۔"

شہریار نے مسکرا کر اسے دیکھا، مگر عاطف کی آنکھوں میں ایسا تحکم تھا کہ اسے شاعری کے سمندر میں غوطہ لگانا ہی پڑا تھا۔

"ایک نظم ہے۔ پتہ نہیں، تمہیں پسند آئے گی بھی یا نہیں؟"

"بے فکر رہو۔ تمہاری ہر چیز مجھے پسند آجاتی ہے۔ بس جی کڑا کرکے سنا ڈالو۔"

اس نے سر جھکایا، پھر اپنے مخصوص لہجے میں سنانے لگا۔

"آج کے دن وہ تمہاری محفل تھا
آج کا دن نہ یوں منا کہ
پھر کے فرصت ہے کہ یوں
وقت سے مہلت لے کر
تمہیں پانے، تمہیں چھونے کو سفر اختیار کرے
بچھڑنے کے لمحات کو یوں بے ثمر گزرنے دو
کہ
بعد میرے تمہیں اک تشنگی کا احساس رہے
اور ان وہ میرے جیسا کہیں سے میرا کم ہی ہو
تمہاری آنکھوں کی طرح ناشاد رہے"

عاطف بیگ گم انداز میں اسے دیکھنے لگا تھا۔ شہریار نے چٹکی بجا کر اسے متوجہ کیا تھا۔

"کہاں کھو گئے حضرت! کافی اور سینڈوچ باسی ہورہے ہیں...... بقول مولانا کے کافی اور سینڈوچ دونوں گرما گرم ہی لطف دیتے ہیں۔"

AANCHAL.COM.PK

عاطف بیگ مسکرایا، کافی پینے لگا اور شہریار یک ٹک سامنے دیکھنے لگا تھا۔
"تمہیں پتہ ہے ہماری مخصوص ٹیبل پر کون بیٹھا ہے؟"
"کون......؟"
"ساحر......!"
شہریار نے جواب دیا اور عاطف بیگ نے مڑ کر دیکھا پھر آہستگی سے بولا "ظاہر ہے ساتھ میں رکھنا چاہتا ہے۔ ہماری یادیں سنبھال کر رکھتا ہے امیر جنگ۔"
"امیر جنگ نہیں ہے۔
بس کچھ لوگوں کو زندہ انسانوں سے زیادہ مردہ انسانوں کو یاد کرنے میں خاص مزہ ملتا ہے۔" شہریار کا موڈ خراب ہوگیا تھا۔ کیونکہ وہ یہاں بخشی صاحب کے ساتھ بیٹھا تھا۔ "مجھے دوستی نہیں رکھنا مگر یوں دغاباز لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر دوستی کی یادگار منانا پسند نہیں کرتا۔ آئی ہیٹ بخشی صاحب......!"
عاطف بیگ کچھ نہیں بولا۔ کیونکہ وہ اس کیفیت سے سو فیصد متفق تھا۔ اسے پتہ تھا کہ وہ دن کتنی مشکل سے گزرے تھے جب ہر طرف سے مایوسی نے گھیر لیا تھا کہ ساحر نے روشنی کی کرن بن کر انہیں اس پریشان کن صورت حال سے نکال لیا تھا۔
"تجھے یاد ہے ساحر وہ پہلی بار؟" عاطف بیگ نے اس کا موڈ ٹھیک کرنے کے لئے پوچھا اور شہریار ہنسنے لگا۔
"ہاں وہ بھی کیا دن تھے۔ مجھے یاد ہے ہم نے ساحر مرحوم پر جا کر ایک نظم پڑھی تھی۔ کیا تھی وہ نظم......"
"تو اب مرتے نہیں
تو اب دل توڑ دینا کبھی زندہ نہیں کرتے......"
عاطف بیگ نے پہلا مصرعہ پڑھا اور شہریار نے اسے اشارے سے روک دیا۔

AANCHAL.COM.PK

"یہ نظم میں پڑھوں گا۔"

عاطف بیگ نے ہاتھ کے اشارے سے اسے مائیک کی طرف اشارہ دیا اور شہریار پڑھنے لگا۔

"خواب مرتے نہیں
خواب دل ہیں نہ آنکھیں نہ سانسیں کہ جو
ریزہ ریزہ ہوئے تو بکھر جائیں گے
جسم کی موت سے یہ بھی مر جائیں گے
خواب مرتے نہیں
خواب تو روشنی ہیں نوا ہیں ہوا ہیں
جو کالے پہاڑوں سے رکتے نہیں
ظلم کے دوزخوں سے بھی پھنکتے نہیں
روشنی اور نوا اور ہوا کے علم
مقتلوں میں پہنچ کر بھی جھکتے نہیں
خواب تو نور ہیں
خواب سقراط ہیں
خواب منصور ہیں"

AANCHAL.COM.PK

شہریار چپ ہو گیا تو عاطف نے ہنس کر کہا۔ "تجھے یاد ہے، جب ہم ہاسٹل میں تھے؟ مجھے تحفہ دادا کے ساتھ انعام ملا تھا...... تم لیل بھائی کی جب رخصتی اور تو نے میری طرف دیکھا تھا۔ میں تیرے ساتھ نہیں ہوں۔"

شہریار پھر سے ہنسنے لگا تھا، پھر گویا ہوا۔ "تو شروع سے طوطا چشم ہے۔" کہتے کہتے تھما، پھر عاطف کی طرف دیکھ کر سنجیدگی سے بولا۔ "اب ہم پانی پانی کیوں ہو رہے ہیں؟...... عاطف! کہیں یہ کسی حساب کی کلیئرنگ کا اشارہ تو نہیں؟"

"بک مت۔ تجھے تو وہم مجھ سے بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ بل اپ اٹھ، وہ بہت عجیب نظروں سے دیکھ رہا ہے۔"

شہریار نے جانا، اور موبائل اٹھایا تھا، تب ہی اسی وقت اس کے موبائل پر میسج آیا تھا۔

"پلیز ہیلپ می!"

انجان نمبر...... شہریار یاد کرنے لگا اس نے یہ نمبر پہلے بھی کہیں دیکھا تھا۔ یکدم یادداشت میں ایک منظر گھوم گیا۔

"کیا ہوا، کس کا میسج تھا؟" عاطف بیگ نے بل پے کرتے ہوئے سوال کیا اور وہ کچھ کہے بغیر اس کے ساتھ چلنے لگا۔ پھر کار میں بیٹھتے ہوئے اس نے میسج کی بابت اس سے ذکر کیا تھا۔ عاطف بیگ بھی اس کی طرح سوچ میں پڑ گیا تھا۔

"کون ہو سکتی ہے؟ تجھے اس فون کے ذریعے کال لوکیٹ کروانے کی کوشش تو کرنی چاہیے تھی۔"

"ہاں، یہ تو میرے ذہن میں ہی نہیں آیا، ٹھیک ہے میں اب بھی کر لوں گا۔" شہریار نے ہنس کے کہا اور عاطف بیگ ہم نیلی کی کب چھوٹی بچی کے متعلق پوچھنے لگا۔

شہریار نے مسکرا کر اسے دیکھا، پھر بولا۔ "ٹینی بالکل ٹھیک ہے۔ ان دنوں فیورٹ پڑھتی ہے۔ کسی کو خاطر میں نہیں لاتی، سب سے اس کی نہیں بنتی، ماں کو وہ اپنا دشمن سمجھتی ہے، جیسے بہن بھائیوں کو وہ زار سمجھتی ہے اور وہ اور وہ اس رات والے واقعے تک سے وہ بے خبر ہے۔ تجھے پتہ ہے، عارف نے تو اس سے اس رات کا واقعہ پوچھا اور وہ گم گم۔ عارف نے اس کے ذہن میں یہ ڈال دیا تھا کہ وہ اس سے ڈر کر بھاگ آئے، اکیلی چھوڑ کر اکیلی ہی ساتھ چلی گئی تھی، جہاں کسی اور نے اس کے ساتھ بدتمیزی کی کوشش کی اور اس لڑکی نے بیان دیا۔ کیونکہ وہ بہت زبردست ڈرگ ایڈکٹ ہے۔ نشے میں اسے اپنے

وجہ وہی ٹریفک شروع ہو جاتی ہے۔ سوائے اس کے یہ بات تک ہی گئی ہوگی۔ پھر تو نے بھی تو عارف کو اپائنٹ آؤٹ نہیں کیا تھا۔"

"وہ تو میں نے ضروری نہیں سمجھا۔ میں کسی کی ذاتی زندگی میں کیوں گھسوں؟ پھر جب وہ مسٹر عابد جیسے کی بہت آدمی کی چالبازیوں کا ابھی تک نہیں سمجھ سکے تو میرے کہنے پر وہ عارف پر شک کرنے۔ میں نے عارف کی اس گھر میں بیوی تو ذہنگٹ ہوتے دیکھی تھی اس لئے میاں اپنی عزت پر ہاتھ کے فیصلے پر عمل کیا تھا۔ مگر...... بیٹا، یہ تو بتاؤ، تم تک میری باجی کی عادات و اطوار کے قصے کون پہنچا رہا ہے، مجھے بہت دکھ ہے؟"

شہریار نے تو بھی نظر سے دیکھا پھر مسکرا کر بولا۔ "غلط مت سمجھئے، میرے لئے تو بیٹی جیسی ہی ہیں۔ دراصل کام کے سلسلے میں کافی آنا جانا ان کا ہے نہیں۔ وہیں ملاقات رہی تھی، پھر خاموش لوگ تو مجھے پتہ ہے ان سے کتنے بات کرتے ہیں۔ سو بات چیت وہی پھر وہ شام کو کھل کر جاتی ہیں۔ تمہیں تو پتہ ہے ان بگڑی اداؤں کے پر نکلے۔ سو میں وقتاً فوقتاً بے تکلفی وہیں تو بیگم عاقب نے خاص طور مجھے یہ کام سونپا ہے کہ میں کسی طرح ان کی بیٹی کا دل ان کی طرف سے صاف کروا دوں۔ پھر لگ لینے کی عادت بھی ہو سکے تو چیز ہانے کی کوشش کروں۔ اور ہاں ایک بات اور ان کے گھر میں بیگم عاقب عارف کی طرف سے کافی بدل ہیں۔ نفرت کی وجہ سے خاموش ہیں۔"

"ارے واہ تم تو مستقبل انسری تجلی کے کا سپیشلسٹ ہو گئے ہو۔ تجھے تو آ بار اچھے نہیں لگ رہے۔"

"عاطف کے بچے اپنے کام سے باز آ جا۔" اس نے دائیں ہاتھ سے ڈرائیو کرتے ہوئے بائیں ہاتھ مارنے کے لئے ہاتھ بڑھایا اور عاطف نے قہقہہ لگا کر کہا۔

"ارے گاڑی سنبھال۔ کیوں جلدی میری میت بھیجنے کا چانس لے رہا ہے؟"

شہریار نے تیزی سے گاڑی سنبھالی ورنہ شدید ٹکر کا ایکسیڈنٹ ہونا تھا۔

"کہاں اتاروں؟" اس نے اس کے پہلے پوچھا اور دروازے ... شہریار نے اسے اس کی منزل پر اتار دیا پھر وہ گاڑی موڑ کر واپس جا رہا تھا کہ اسے سڑک پر تنہا کھڑی شائقہ بتول دکھائی دے گئی۔ موسم سے بات چیت کے باعث شائقہ بتول ... اس نے گاڑی اس کے قریب جا کر روک دی تھی۔

"آ بھی مس شائقہ! کہاں جانا ہے آپ کو؟"

AANCHAL . COM.PK

شافعہ جمیل نے اُسے شرمگیں مسکراہٹ سے دیکھا اور آہستگی سے فرنٹ ڈور کھول کر بیٹھ گئی۔ پھر آہستگی سے بولی۔ "گھر ہی جاؤں گی۔ لیکن آپ مجھے چھوڑ دیں یہاں......"

شہریار کو لگا فضا میں نہیں اُس کے دل میں جلترنگ بجانے چلے گئے ہوں۔ اس لڑکی سے ہمیشہ ہی اس کے اندر کوئی پرانی یاد سلگنے لگتی تھی۔ اس نے کبھی محبت نہیں کی تھی مگر شافعہ سے وہ جب بھی ملتا، اُسے لگنے لگا تھا جیسے محبت کا یہ احساس نیا نہیں ہے، وہ اُسے صدیوں سے جانتا ہے اور جو نہیں جانتا شاید وہ جاننے کی کوشش میں ہی وہ ڈھونڈ کر جان سکتا تھا۔ پہلی جتنی دور تھی اُسے لگتا وہ اس کے اتنے ہی قریب ہے۔ قربت چھونے میں بھی نہیں تھی اس کے لئے قربت محسوس کرنے میں تھی۔ وہ اسے دھیرے دھیرے اپنا مان رہا تھا اسے لگ رہا تھا محبت بھی اسے دھیرے دھیرے اپنا مان رہی تھی۔

"آپ شروع سے بہت کم گو لگتے ہیں مسٹر شہریار؟"

شہریار نے چونک کر اُسے دیکھا اُس کا دل چاہ رہا تھا وہ مسلسل بولتی رہے اور وہ اس کی شیریں آواز سے اپنا دل یونہی سے بھرتا چلا جائے۔

"نہیں بہت زیادہ گم صم نہیں رہتا۔ بس ہر بات کی وضاحت کرنے کی عادت نہیں ہے مجھے۔ پھر یہ ایک سوچ ہے، آپ جاننا چاہتی ہیں تو آنکھیں پڑھ کر جان لیں اگر نہیں تو لفظوں کا ہیر پھیر لگانا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔"

شافعہ جمیل نے اُسے دیکھا اور دیکھتی رہ گئی۔ یکبارگی اُسے لگا، اس کا دل اس لمحے اگر تھم بھی گیا تو زندگی کا سب سے مرجانے کا سودا مہنگا نہیں ہوگا......

"آپ بہت گہری ہیں۔" اس نے اس کی نظروں سے بچنے کے لئے لفظوں کا سہارا لیا اور اس نے بھی دھیرے سے نظروں کا زاویہ بدل دیا۔

"میں گہری نہیں مسٹر شہریار آپ کی اس سوچ کے معیار پر پورا اترتی ہے، مگر ضروری نہیں۔ ہر انسان اپنی گہرائی سے بات کرتا ہے۔ لوگ لفظوں کے سحر میں رہتے ہیں۔ آپ خود بھی لفظوں سے کھیلتے ہیں، لفظوں کے سحر میں جکڑ سکتے ہیں جب چاہتے ہیں، آپ کو ذرا بے نیاز بنا رہنا چاہئے۔"

شہریار ہنس کر چپ ہو گیا۔ وہ بات غلط نہیں کہہ رہی تھی مگر شروع سے جو اس کی فطرت تھی وہ اسے بدل نہیں سکتا تھا۔

"آپ کو میوزک سے کوئی دلچسپی ہے؟"

"جی ہاں، لائٹ میوزک اور غزلیں پسند ہیں۔"

"ارے یہ تو بالکل میرا فیورٹ ہے۔ ویسے آپ کو گلوکاروں میں کون پسند ہے؟" شہریار نے فوراً ہی اگلا سوال کیا۔ شاید وہ اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننا چاہ رہا تھا۔

اس نے بالوں کو کیچر میں قید کرتے ہوئے آہستگی سے کہا۔ "جنید جمشید اور عاطف اسلم اچھا گا رہے ہیں۔"

"لیکن جنید تو آج کل میوزک سے آؤٹ ہیں۔"

"ہاں نعت خوانی کا پیارا کیا گیا کام ابھی تک زندہ ہے۔ آپ کو تو معلوم ہے، اگر انسان کا کوئی کام اس کے بعد بھی رہے تو وہ فائدہ مند ہے، کبھی آؤٹ نہیں ہوتا اور ان کا فائدہ وہ بھی کچھ کم نہیں۔ میری نظر میں تو وہ اب پہلے سے زیادہ بیسٹ ہیں۔"

"آپ کو مذہب سے کتنا لگاؤ ہے؟" شہریار کا اگلا سوال تھا۔

شافعہ نے سر جھکا کر کہا۔ "سیدھی سی بات ہے، میرے لئے مذہب میری زندگی ہے۔ زندگی سے الگ کوئی شے نہیں ہے۔ نماز، روزہ سب میری پہلی ترجیحات ہیں۔" وہ جواب دے کر رکی، پھر آہستگی سے بولی۔ "آپ کو مذہب سے کتنا لگاؤ ہے؟"

شہریار نے سوچ میں ڈوب کر دیکھا، پھر آہستگی سے بولا۔ "مذہب میرے لئے بھی زندگی جیسا ہے۔ مگر میں آپ کی طرح اس پر عمل نہیں کر پایا۔ روزے بھی رکھتا ہوں، نماز بھی پڑھتا ہوں مگر روزہ کے علاوہ کوئی کام مستقل مزاجی سے نہیں کر پاتا اور اس سلسلے میں ہمیشہ شرمندہ رہتا ہوں۔ مگر سونے سے پہلے اللہ سے دعا کر کے سوتا ہوں، زندہ رکھ تو مسلمان، موت دے تو مسلمان کی موت دے۔ شافعہ صاحبہ! میں بہت بڑے بڑے کام نہیں کرتا اور نہ ہی بڑی نیکیاں کماتا ہوں، لیکن اللہ کے بندوں سے محبت کرتا ہوں۔ لوگ مجھے روتے دیکھتے رہیں، میں اپنی استطاعت کے مطابق چھوٹی چھوٹی نیکیاں کماتا رہتا ہوں۔ بس مجھے یوں لگتا ہے میں پہلے جن باتوں کو بہت اہمیت دیتا تھا اب ان باتوں پہ جان قربان نہیں کرتا۔ میرے لئے مذہب یہی عبادت ہے، یہی چھوٹی چھوٹی نیکیاں ہیں۔"

شافعہ اسے پھر سے غور سے دیکھنے لگی۔ پہلا تجربہ ان کا بھی کچھ اچھا نہیں تھا۔ اس کے دل نے اسے ایک قلم سے سراہا تھا۔ مگر جیسے جیسے بات بڑھی تھی اسے وہ آج کے زمانے میں ذرا ہٹ کے رہنے والا انسان محسوس ہوا تھا۔ شہریار کیسٹ پلیئر میں کیسٹ لگا رہا تھا۔ اب صورت آواز کار میں ابھرتی چلی گئی تھی۔

اُداس لوگوں سے پیار کرنا، کوئی تو سیکھے
سفید لمحوں میں زندگی بھرنا، کوئی تو سیکھے
کوئی تو آئے خزاں میں پتے اگانے والا
گلوں کی خوشبو کو قید کرنا، کوئی تو سیکھے
کوئی اٹھائے محبتوں کے سراب مجھ کو
مری نگاہوں سے بات کرنا، کوئی تو سیکھے
کوئی تو آئے نئی رتوں کا پیام لے کر
اندھیری راتوں میں چاند بننا، کوئی تو سیکھے

AANCHAL.COM.PK

غزل دوسری مرتبہ چل رہی تھی، جب شافعہ جمیل نے تعجب سے اُسے دیکھا تھا۔ "صرف یہی غزل......؟"
شہریار کے چہرے پر مسکان اُبھری۔ "یہ غزل مجھے بے حد پسند تھی۔ سمانہ نے میری دعوت پر پورے کیسٹ میں یہی غزل ٹیپ کروا دی تھی اس دن پہ سب سے خوب صورت تحفہ تھا میرے لئے۔"
"سمانہ آپ کی......؟" جانے اس نے کیوں جاننا چاہا تھا۔
شہریار نے کھوجتی نظروں سے اُسے دیکھا مگر اس کے چہرے سے دل کا حال جان لینا ممکن نہیں تو مشکل ضرور تھا۔ سو بہت مدھم لہجے میں بولا۔
"سمانہ میری کزن، میری منگیتر، دوست بھی اور میری پیاری ڈول بھی۔ مجھے لگتا ہے سمانہ میری شخصیت کی اساس ہے۔ وہ میرے قریب ہو تو مجھے لگتا ہے میں کچھ نہیں ہار سکتا۔"
شافعہ جمیل کے چہرے پر الوہی مسکراہٹ بکھر گئی۔ پھر اس نے ملائمت سے کہا۔ "میرا کوئی بھائی نہیں ہے اس لئے مجھے معلوم نہیں ہے بھائی کس طرح اظہار کرتے ہیں اور اس کی خوشی کس طرح محسوس ہوتی ہے۔ لیکن شہریار صاحب! ایک بات کہنے دیں آپ کی سمانہ بہت خوش قسمت ہے کہ اسے آپ جیسا بھائی ملا!"

شہریار کو کچھ نہیں ہوا۔ ان لفظوں نے جیسے اس کے اندر خاموشی اتار دی تھی۔ کیونکہ وہ جان گیا تھا کہ اپنا کی زندگی میں اب وہ دور دور تک نہیں رہا تھا۔ جن بہت سی باتوں پر بھی وہ کہیں مانے یا نہ مانے بابا نے
تھا اُسے۔ وہ ابھی تک دل سے اس کے لیے اپنی ہی ذہنی حالت اور بے دلانہ خفگی سے سوچ رہا تھا۔ خسارہ تو اُس نے لیا تھا مگر بہت کی بات تھی خسارہ اس نے لیا تھا مگر نقصان میں اُن کی اپنی ذات کا
اہمیت بڑھتا جا رہا تھا۔

"آپ چپ کیوں ہو گئے؟ کوئی بات بری لگ گئی کیا؟"

"ارے نہیں مس شافعہ! ایسی کوئی بات نہیں۔ بس مجھے حاضر غائب رہنے کی عادت ہے۔"

"چلیے، جس حالت میں آپ خوش ہیں۔ آں ہاں، بس لیفٹ لے لیجیے۔ یہی سفید رنگ کا گھر ہمارا ہے۔"

سفید ماربل اور جامنی اینٹوں سے سفید رنگ سے پینٹ شدہ گھر۔ دونوں میں کوئی فرق نہیں تھا۔ اسے لگ رہا تھا جیسے آدھا سفید ماربل میں کہیں رہ گیا تھا۔ ویسے ہی اس سفید جام سے گھر میں کہیں بٹ گیا تھا۔ پتہ نہیں وہ گھر اسے اتنا اپنا سا کیوں لگ رہا تھا۔ اسے لگنے لگا تھا جیسے اس گھر نے بانہیں کھول کر اس کا استقبال کیا تھا۔ مگر اس گھر سے اس کا کیا تعلق تھا......

وہ کار روک چکا تھا۔ شافعہ اُسے چائے کی دعوت دے رہی تھی۔ ایک دل آیا انکار کر دے مگر دوسرے ہی لمحے اس گھر نے پکارا۔ میرے اندر مت آؤ۔ میں تمہیں بتانا چاہتا ہوں، تمہیں اپنے اندر سمیٹ لینا چاہتا ہوں۔ پلیز مجھ سے ملے بغیر مت جاؤ......

اسے لگا تھا جیسے اس گھر نے مسکرا کر دیکھا تھا۔ وہ جانے کی خواہش کے باوجود نہیں جا سکا تھا اور کار سے اتر کے پاؤں اپنے قدموں کو بھیجا رہا تھا۔

"آپ کے پاپا کہیں وہ تو نہیں منائیں گے؟" اُس نے تدل کلاس پر انگلیاں پھیریں اور شافعہ ہلکی سی مسکرائی تھی۔

"آپ غلط سمجھ رہے ہیں۔ میرے بابا جان بہت کھلے مزاج کے ہیں جیسے ہم دونوں بہنوں کو پڑھنے دیا ہے۔ میری بہن دوسرے شہر میں ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کر رہی ہے اور میں اس شعبے سے منسلک ہوں۔ وجہ معاشرے میں قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ حالانکہ ہم ان کے ذہنوں پر چھاپے رکھتے ہیں، ان کے ذہنوں کو پڑھتے ہیں لیکن پھر بھی لوگ ہمیں عزت کی نظر سے نہیں دیکھتے۔"

"ارے آپ دل چھوٹا مت کیجیے۔ یہ لوگوں کا مزاج بن گیا ہے۔ پھر یہ بھی تو طے ہے دوسروں کی سوچ کی غلطی کو کیا اچھے آپ کو ان سب سے کیا نقصان ہے۔"

"ارے آئیے اندر چلیے۔ آج ہی آپ کا پتہ پاپا سے ملا تھا... کسی زمانے میں ان کی تصویروں کا مجموعی کا دستہ تھا۔ وہاں شہر کے بہت جانے مانے آرٹسٹ تھے، ڈیکن آرٹ ان کا شوق تھا۔ آپ کو پتہ ہے، میرے پاپا بھی ایس ایس نیچر... کے قدرتی مناظر کی ویڈیو بنا چکے ہیں۔"

"ارے واہ۔ وہ تو بہت قابل انسان ہیں۔ میں ان سے ضرور ملنا چاہوں گا۔"

شافعہ نے بیل دی۔ دروازہ سردار راشدی نے کھولا تھا۔

شہریار کو لگا یہ چہرہ وہ پہلے بھی کہیں دیکھ چکا ہے۔ کہاں دیکھا تھا یہ چہرہ؟ یادداشت کو ایک جھٹکا سا لگا اور جیسے سب سمجھ آ گئی۔ وہ ہیجانی کیفیت میں ان سے ملے بغیر ہی تیزی سے واپس مڑ گیا۔

"سوری شافعہ ابھی مجھے کہیں اور جانا ہے۔ پھر کبھی آپ کے پاپا سے ملوں گا، ان سے مل کر مجھے بہت اچھا لگے گا۔"

شافعہ حیرت سے اسے دیکھتی رہ گئی اور وہ گاڑی ڈرائیو کرتا ہوا... پاپا کے گھر کی طرف جا رہا تھا۔ سردار راشدی اور پاپا کی تصویر اس نے ان کے گھر میں دیکھی تھی۔ بے شمار سوال تھے اور وہ تھا......

گاڑی تیز رفتاری سے اڑی جا رہی تھی... وہ جیسے جیسے پاپا کے گھر سے قریب ہو رہا تھا اس کے اندر اٹھتے سوالوں کے جوابوں سے قریب ہو رہا تھا۔

❀❀❀

ماما اور ماہان نے اپنے سے... شہریار اور عاطف کو بیٹھے دیکھا تو... کی آوازیں ان کے کانوں میں پڑ رہی تھیں۔ ... ساری توجہ اپنے پاس بیٹھے... صاحب کی طرف لگا رکھی تھی۔ ... سیاست کو... سیاستدانوں کی... رکھے ہوئے اب بہت سے... اخبار چلا رہے تھے... ماما اور ماہان تھا... کرتے ہوئے... بات کر رہے تھے۔

"تمہیں پتہ ہے ماما ایڈورٹائزنگ کا کاروبار کرنے میں سب سے زیادہ کون ملوث ہے؟"

"نہیں جانتا ہوں سر! آپ حسن ابراہیم شاہ وہ ہم ہے کہ کبھی اس سلسلے میں پوائنٹ آؤٹ نہیں کیے جا سکتے۔ آپ جانتے ہیں ماں، اور حکومت میں حزب سے اپنی جگہ مستحکم کر لیتے ہیں اور پچھلے چھ سال سے تو وہ سیاست میں صرف پیسہ لگانے کی پالیسی ترک کر کے خود بھی سیاسی لیڈر بن چکے ہیں اور ان کی پارٹی آج کل پاور میں ہے۔ آپ ہی بتائیے ایسے میں آپ اپنے اخبار کے ذریعے کیا رزلٹ لینا چاہتے ہیں؟"

مسٹر یوسفی نے مسکرا کر اسے دیکھا، پھر آہستگی سے بولے۔ "تمہیں معلوم ہے میرے نزدیک رائے دہندوں سے رزلٹ کی ضمن میں کیا مانگ ہوتی ہے۔ تمہیں وہ شہریار کا واقعہ یاد ہے، جسے ہمارے اخبار نے بہت ہائی لائٹ کر کے چھاپا تھا؟"

علامہ ارسلان نے ایک سیکنڈ سوچا اور بولا۔ "جی ہاں۔ وہ کسی ڈرگ سے متعلق ایک خبر تھی۔ دوسرے شہر سے آتے ہوئے ہائی وے پر اسے ڈرگ کے سلسلے میں روک لیا گیا تھا۔ گو ڈرگ کی مقدار اتنی کم تھی کہ اس وقت کے ہائی وے پولیس کے انسپکٹر مامون نے سخت تادیبی کارروائی سے صرف نظر کیا تھا، بات ذرا نیوز پر دکھائی گئی تھی اور شہریار بند عدالت تارش ہو گیا تھا۔"

یوسفی صاحب نے نفی میں سر ہلایا تھا، پھر بولے تھے۔ "تم اس وقت میرے اخبار میں نہیں تھے، اس لیے درمیان کی بات سے آگاہ نہیں ہو۔"

"یعنی سر؟" علامہ نے سوالیہ دیکھا اور وہ مسکرا کر بولے۔

"یعنی یہ کہ علامہ ارسلان! کہ وہ ڈرگ جان بوجھ کے اس کی گاڑی میں رکھی گئی تھی۔ مقصد صرف یہ تھا کہ شہریار کو ہر وقت ہائی لائٹ کرتے رہنا چاہتی تھی۔ وہ چاہتی تھی ابراہیم کی کوئی صورت باقی نہ بچے اور یہ کام اس وقت کے حسن ابراہیم نے کروایا تھا۔ اس طرح سے مخبروں نے جا کر ڈول بھی جیت لیا تھا اور دوسری طرف اپنا مطلب بھی حل کر لیا تھا۔"

"مطلب حل کر لیا تھا، میں سمجھا نہیں؟" آج اس پر راز کھل رہے تھے۔ وہ مبہوت ہو گیا تھا اور یوسف صاحب تو گم سم بیٹھے تھے۔

"مطلب حل کر لینا سے مراد یہ تھی کہ جن دنوں یہ کام ہوا انہی دنوں مسٹر حسن ابراہیم کی ڈرگ کی ایک بڑی کھیپ آ رہی تھی، ساتھ ہی صرف ڈرگ کی تھی، مقدار کا تعین نہیں تھا۔ ماتحتوں نے آدھا کلو ڈرگ شہریار کی گاڑی میں منتقل کروا دی، پھر ہائی وے پولیس انسپکٹر مامون نے شہریار کی گاڑی سائیڈ کروا کر باقی گاڑیوں سے توجہ ہٹا لی تھی، یوں وہ بہت آسانی سے کروڑوں کمانے میں کامیاب ہو گئے تھے۔"

"پھر سر! ان پرانی باتوں کا مقصد؟"

"مقصد یہی ہے کہ میں آج کل ٹی وی چینل کھولنے کے لیے این او سی لینا چاہتا ہوں۔ سو وہ پرانا کیس پھر سے ری اوپن کر کے اپنے مطلب کا فائدہ نکالوں گا۔"

”آپ کو لگتا ہے وہ یہ بات مان لیں گے؟“ سلامہ نے حیرت سے پوچھا۔

یوسف اختر بولے۔ ”ہاں، مجھے معلوم ہے، وہ یہ بات مان لیں گے۔ کیونکہ انہی دنوں میں نے بہت خاموشی سے مسٹر ابراہیم کو فالو کیا تھا۔ کرائم رپورٹنگ میں ایک نام جانا جاتا تھا کا قمام وہ میرا ہی اسسٹنٹ تھا۔ ان دنوں میں نے بہت سے معاملات میں ٹیلی پیتھی۔ جو کام تم آج کر رہے ہو وہ کام میں ان دنوں کیا کرتا تھا۔ سو انہی دنوں کی کچھ یادیں فوٹوگرافس کی صورت میں محفوظ ہیں۔ اس لیے حسن ابراہیم کو میری خاموشی کی کچھ تو قیمت دینی ہوگی۔ میں نے یہ ترپ کا پتا اسی لیے سنبھال کر رکھا تھا۔ پھر اگر یہ معاملہ بھی ڈھیلا رہا جو کہ ناممکن ہے تو بھی میرے ہاتھ خالی نہیں ہیں۔ تم نے جو بیک ڈور ڈپلومیسی کی اپنائی ہے وہ میری ہی شخصیت کا تو پرتو ہے تم بالکل میری طرح تو سوچنے لگے ہو یوسف بتانے میں حرج نہیں۔ لائف کیئر ہاسپٹل کی پرائیویٹ روم کی رنگینیاں ہوں یا حلوائی گیسٹ ہاؤس کی کہانیاں، سب کی تصویریں مع ثبوت میرے پاس محفوظ ہیں۔ کچھ ہاسپٹل کی چیئرمین کے قصے ہیں، جہاں سے ہمارے سیاسی لیڈروں، بزنس کمیونٹی کی راتیں مہکتی ہیں۔ اگر وہ سب اخبار کی زینت بن جائیں تو سیاسی میدان بالکل خالی رہ جائے گا۔“

”آپ کو کبھی سخت تادیبی کارروائی سے خوف نہیں محسوس ہوا؟“ سلامہ سلمان نے اختتامی سوال پوچھا اور یوسف اختر ہنسنے لگے۔ پھر مسکرا کر بولے۔

”تم بھی تو اداکارانہ نبریا کا حصہ ہو۔ تمہیں کبھی سخت تادیبی کارروائی کا خوف ہوا؟“

سلامہ سلمان نے شوخ نظری سے انہیں دیکھا اور کہا۔ ”میں ہر رپورٹ پر مکمل ہوم ورک کر کے ہی ہاتھ ڈالتی ہوں۔ یہ تھی کی تاریں ملانا ہی سب سے بڑی مہارت کا کام ہے سر اور یہ کام مجھے بہترین بنیادوں پر آتا ہے۔ کمزوریوں کو کس طرح ٹریٹ کیا جاتا ہے، یہ میں نے آپ سے ہی سیکھا ہے سر!“

”بس پھر اپنا سوال واپس لے لو۔ کیونکہ شیر کا باپ شیر ہی ہوتا ہے۔“

سلامہ سلمان ہنسنے لگی۔ پھر بہت اچھی باتوں پر ملاقات ختم ہو گئی۔ سلامہ سلمان کافی ان سے نکلا تو اس کا رخ زہرہ جنید کے سائٹ پر ہونے والے کلینک کی طرف تھا۔ یہ زمین بھی اس نے زہرہ جنید کے لیے اپنی سیاسی بازی گری سے تیس سال کی انتہائی لوٹ مار سے پڑی تھی۔ لون کے لیے دو تین بزنس پارٹنرز کو بلیک میل کرنے کا کام جاری تھا مگر ابھی فی الحال جنید کی جمع پونجی اور خود زہرہ کی کمائی گئی رقم استعمال میں تھی اور پھر زہرہ خود اس بات سے آگاہ تھیں کہ اچھے کلینک کے لیے لون لیے بغیر کام جاری رکھنا ناممکن ہے، سو وہ خود بھی انہی کوششوں میں تھیں۔ جنید نے اس سلسلے میں اس گھر کے کاغذات زہرہ کے حوالے کر

AANCHAL.COM.PK

بنے تھے، جہاں وہ فیملی کی بہترین رہائش کے لیے منتقل ہونے والے تھے۔ مگر ماں کی گمشدگی کا حادثہ آ گیا تھا، سالوں کے بعد سے یہ گھر یونہی بغیر استعمال کے پڑا تھا۔ زہرہ نے کئی بار جنید کو صلاح بھی دی تھی کہ جب تک استعمال میں نہیں آتا گھر کو رینٹ پر دے دو۔ مگر جنید کی ضد تھی اس گھر میں پہلا قدم زہرہ جنید ہی رکھیں گی، ورنہ یہ گھر ایسے ہی پڑے پڑے ختم ہو جائے گا۔ "بہت سے خواب دیکھے ہیں ہم نے۔ اور یہ خواب ہم مل کر ہی جئیں گے۔"

سوزہرہ اس گھر کے کاغذات پر اون کی بابت پیش رفت کر رہی تھیں۔ سلامہ نے حالانکہ منع بھی کیا تھا اگر وہ کلینک کے سلسلے میں کوئی ڈیل نہیں چاہتی تھیں۔ زمین کے لیے بھی سلامہ نے کافی ہوم ورک کر کے کاغذات ان کے حوالے کیے تھے۔ جس وزیر کے ذریعے یہ زمین دی گئی تھی سلامہ۔ وہ پردہ اسے بلیک میل کرنے کا مرتکب ہوا تھا اور اس وزیر نے باقاعدہ میڈیا پر پریس کانفرنس کر کے کلینک کے لیے زمین دیے جانے کو حکومت کے بہبود عوام پروگرام کا حصہ قرار دیا تھا۔ یہ ٹیک کا ذاتی اس لیے میڈیا پر حکومت کی اس سلسلے میں کافی تعریف و توصیف ہوئی تھی۔ سوزہرہ جنید کو اس کام کے Fake ہونے پر ہلکا سا شبہ بھی نہیں ہو سکا تھا اور سلامہ چاہتا تھا وہ ان بھی اسی طرح پاس کروا دے کہ زہرہ کو یاد ہو جائے کہ ہے۔ مگر جس بزنس مین پر وہ ہاتھ ڈال رہا تھا وہ حقیقی بزنس کے کینے انسانوں میں شمار ہوتے تھے اس لیے امکان غالب تھا کہ وہ اس کام میں چوک جاتا۔

"ہیلو بیو!" سلامہ نے گاڑی پارک کی اور عارضی طور پر بنائے دفتر میں بیٹھی زہرہ کے قریب آ کر مسکراتے ہوئے انٹری دی۔

"ہیلو سلامہ! اچھا ہوا تم آ گئے، سچ! مجھے اس وقت تم سے ہی کام تھا۔ ذرا یہ چیک تو کیش کرا لاؤ۔ رقم کی کمی کی وجہ سے کام میں رکاوٹ آ رہی ہے۔"

"مگر آپ تو کہہ رہی تھیں، کلینک کے سلسلے میں آپ کی ڈاکٹرز میٹنگ ہو رہی ہے۔"

"ہاں، وہ ڈاکٹرز میٹنگ ہوئی تھی اور ڈاکٹرز اسٹاف جس طرح میرا ہاتھ بٹا سکتے تھے، انہوں نے بتایا ہے۔ میرے کلینک میں ڈاکٹرز کی ایک بڑی تعداد رضا کارانہ طور پر کام کرنے پر راضی ہے۔ میڈیکل ریپریزنٹیٹو بھی وزٹ کر رہے ہیں، دوائیوں کے سلسلے میں بھی کافی مدد کا امکان ہے۔ کلینک کے لیے مشینری بھی بہت حد تک ملنے کا گرانٹ بن چکا ہے، مگر یہ سب اس وقت ممکن ہے جب کلینک بن کر تیار ہو جائے۔ سو میرے بھائی! جلدی سے جاؤ میرا یہ کام کر دو۔"

سلامہ اور سلمان نے چیک لے کر جیب میں ڈالے اور الٹے پیروں واپس بینک کی طرف ہو لیا۔ بینک بند ہونے میں صرف ایک گھنٹہ رہ گیا تھا اس لیے اس کی گاڑی بہت تیز رفتاری سے سفر طے کر رہی

تھی۔ وہ بیٹے مرے سے اولاد کے لئے اسٹرگل کر رہا تھا مگر اس بار جیتنے کا امکان کم تھا۔

آج بیگم عافیہ خود کو رکھ کر انوشے کے ساتھ سفر کر رہی تھیں حالانکہ انوشے ان کے وجود سے نفرت کرتی تھی۔ لیکن بیگم عافیہ کو لگتا تھا وہ اسی طرح ان کے وجود کا حصہ ہے۔ محبت کو سمجھنے میں وہ بچی ہو سکتی ہے اور وقت بھی۔ لیکن ان کی پرورش میں پیار کے بنا ممکن ہے کہ وہ محبت کو بالکل ہی تسلیم کرنے سے انکار کر دے۔

"آپ جانتی ہیں، میں کتنی ریش ڈرائیو کرتی ہوں۔"

"ہاں، میں جانتی ہوں۔ مگر تمہارے ساتھ بیٹھ کر مجھے کوئی ڈر نہیں لگے گا۔"

انوشے نے ایک جھٹکے سے کار اسٹارٹ کی۔ پھر سڑک پر وہ عام حالات سے زیادہ ریش ڈرائیونگ کر رہی تھی۔ عافیہ بیگم خاموشی سے ان کے برابر میں بیٹھی ہوئی تھیں۔

"تم میرے وجود کا حصہ اپنے اندر سے کیوں نکالنا چاہتی ہو؟"

"میں کیا کروں گی، آپ جانتی ہیں ناں، مجھے آپ سے کتنی نفرت ہے۔"

عافیہ بیگم نے مسکرا کے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا، پھر نرمی سے بولیں۔ "مجھے مارنے کے لئے تم اپنی جان پر مت کھیلو۔ تم چاہتی ہو میں مر جاؤں تو میں خود اپنی گاڑی کرا سکتی ہوں۔ مگر شرط ہے تم میرے ساتھ گاڑی میں موجود نہیں ہوگی۔ کیونکہ تمہیں ذرا سی بھی خراش آئے، میرا دل یہ برداشت نہیں کر سکتا۔"

انوشے نے گاڑی ایک جھٹکے سے روک دی تھی۔ "مجھے آپ کے ساتھ کہیں نہیں جانا۔"

بیگم عافیہ مسکرا دیں پھر ملائمت سے بولیں۔ "آپ کیوں نہیں کہتی ہو تمہیں میری موت برداشت نہیں ہوگی اسی لئے اس ڈیل سے بچنا چاہتی ہو۔"

انوشے نے کچھ نہیں کہا منہ دوسری طرف پھیر لیا۔ عافیہ بانو نے مزاج کے عین مطابق دیکھا اپنی سائیڈ کا دروازہ کھول کے بولیں۔ "تم اپنی مرضی سے جہاں جانا چاہتی ہو جا سکتی ہو۔ میں ٹیکسی لے کر خود چلی جاؤں گی۔"

انوشے نے انہیں نہیں روکا تھا۔ وہ باہر نکل کر کسی ٹیکسی کا انتظار کرنے لگیں۔ انوشے ان کے اترنے کے بعد بھی اپنی کار آگے نہیں بڑھا سکی تھی۔ یہاں تک کہ وہ ٹیکسی میں بیٹھ گئیں۔ انوشے نے انہیں ٹیکسی

AANCHAL.COM.PK

میں جتنے بچے کر اپنی کارگزاریوں کے عوض وہاں میں بانٹی تھی۔ بیگم عاقبہ نے انداز دکھانے میں ہی دل میں ٹھان لی تھیں۔

شہریار ٹھیک کہتا ہے۔ انوشے جتنی بھی میری طرف سے زور دے، اس کی طبیعت ہے وہ عادت کی طرح ہی مجھ سے پیار کرتی ہے۔ بس اس کے پیار کا طریقہ ذرا مختلف ہے۔ اس کا انکار وہ قرار کی ہی ضمانت ہے...... شہریار انوشے سے یکدم ان کی دماغ وہ شہریار کی طرف مڑ گیا۔ پتہ نہیں شہریار سے وہ جتنی بھی بار ملی تھیں، انہیں اس سے اپنا پن کیوں محسوس ہوتا تھا۔ شاید اس بچے کو ہر ایک سے اسی طرح گھل مل جانے کی عادت تھی۔

وہ آج کل پارٹیشن اینڈ اسٹائل کے وہاں کمشنر کی میٹنگ میں تحریک ہو رہی تھی۔ مگر ابھی تک جتنی بات چیت یا ملاقات طے ہوئے تھے وہ شہریار، عبدالرحمن اور علامہ عبدالرحمن کے ساتھ میٹنگ میں طے ہوئے تھے۔ مگر کل ہی شہریار نے انہیں ہر فنکشن کی لانچنگ میں ان کے کلام کے جواب سے منسلک کرنے کی بابت فون کیا تھا اور وہ آج اسی سلسلے میں فیشن اینڈ اسٹائل آئی تھی۔ لیکن کاتبوں نے کوئی وہ روک دیا تھا، انہیں یہ سب کچھ کر کے لگ رہا تھا جیسے ہمت کا ہاتھ بدل چکا ہو، ان کے سامنے سماں بدل گیا تھا۔ شروع میں سخت حالات سے...... مگر اتنے سالوں سے وہ جو زندگی جی رہی تھی اس میں اب ایکسٹرا اوورڈ سنت کی گنجائش کم ہی تھی۔ وہ مطلب نظروں سے ادھر ادھر دیکھ رہی تھی کہ اچانک ان کے قریب اداکار کی طرح کام کرنے لگی۔

"اوہ میم! آپ یہاں خیریت؟"

بیگم عاقبہ نے تنگ کر گہرا سانس لیا اور مسکرا کر شہریار کو دیکھنے لگیں اور صرف دیکھا ہی نہیں، جواب دینا بھی ضروری تھا ورنہ وہ بیچ ہی سمجھتے کہ بہانے سے اس وقت کی اس شرمندگی کو چھپانے لگیں جس کا سبب وہ خود بنی تھی۔ مگر اپنی بیٹا کا احساس کر اور وہ بھی کسی قسم کی غلطی کے ضمن میں انہیں اچھا نہیں لگتا تھا۔ شہریار ان کے لیے عزت دور کھول چکا تھا۔

"آئیے میم! میں بھی میٹنگ کے لیے ہی آیا ہوں۔" اس نے انہیں تعظیم دی اور ان کی احسان مندی کے احساس کو زائل کرنے کی کوشش کی۔ وہ جانتا تھا اس نے جتنی محبت سے سوال کیا تھا، وہ بیگم عاقبہ کو سمجھانے کے لیے کافی تھا کہ اسے اس میٹنگ کا خیال خود ہو چکا تھا۔ ورنہ حقیقت میں وہ اس میٹنگ میں سالار عبدالرحمن کی تنگی سے بچنے کے لیے شرکت سے جان چھڑا گیا تھا۔ یہ بات کہ اندر چلنے والے سوالات کی وجہ سے وہ بیگم عاقبہ کو مدعو کیے جانے کا بہانہ تک بھول گیا تھا۔

"آپ کچھ پریشان سے لگ رہے ہیں شہریار؟"

شہریار وہ جانتے ہیں اسی حیرانی میں تھا، ان کی موجودگی آتشیں فراموش کر چکا تھا۔ یکدم چونک کر ان کی طرف متوجہ ہوا۔ "آپ نے مجھ سے کچھ کہا ہے؟"

"ہاں...... میں کہہ رہی تھی کہ آپ کچھ پریشان لگ رہے ہیں۔ وجہ جان سکتی ہوں؟"

اس قدر پر خلوص احساس شہریار کی آنکھوں میں کیفیت... اس نے اپنی آنکھیں بند کر کے ... بارک کر رہی تھی ... ہوئے بہت مدھم لہجے میں کہا۔

"کوئی ایسی بات نہیں ہے میم! بس جب تک یہ فنکشن وقت پر اور میرے سوچے ہوئے آئیڈیاز کے مطابق لانچ نہیں ہوجاتا، مجھے پریشانی تو رہے گی ہی۔"

نجم عاقب مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگیں۔ پھر اس کا گال تھپتھپا کر بولیں۔ "تم بہت زیادہ حساس ہو اپنے کام سے اور جو لوگ کام کو اپنی طرح لیتے ہیں انہیں کامیاب ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا۔"

"یہ آپ کی ذرہ نوازی ہے میم! ورنہ مجھے ابھی اس فیلڈ میں بہت کچھ سیکھنا ہے۔"

نجم عاقب اس کے ساتھ ساتھ چل رہی تھیں، مسکرا کر بولیں۔ "جو انسان یہ سمجھنے لگے کہ وہ سب کچھ جانتا ہے، وہ سیکھنے کے عمل کو کبھی مکمل نہیں سمجھتا وہی انسان...... صرف وہی انسان کامیابی کی نئی جہت دریافت کرتا ہے۔ اسے ایسے ہی بیٹھوں کے راستے پر چلنا ضروری ہے۔ جب منزل پا جاتا ہے تو کامیابی کی طرف آنے والے کئی نئے راستوں کی نشاندہی کرتا ہے اور تم...... میرے بچے! تم ایسے ہی انسان ہو۔"

شہریار مسکرانے لگا۔ وہ مزید کچھ کہہ نہ سکا۔ نجم عاقب کی بات کا حسن اور ان کی محبت کچھ کہنے نہیں دے رہا تھا۔ اس نے انہیں میٹنگ روم کے سامنے لے جا کر کھڑا کرنے کے بعد وہ رکا نہیں تھا۔ نجم عاقب نے پھر بھی پوچھ ہی ڈالا۔

"یہاں سے میری اختیاری حدود کا اختتام ہوتا ہے میم! آپ سے باقی معاملات ملک عبدالرحمٰن طے کریں گے۔ میرا کام صرف فنکشن کی لانچنگ کا سینٹر بنانے اور ... کرنے اور یہاں کی جگہ تک تھا۔ باقی سب کچھ مسٹر عبدالرحمٰن دیکھیں گے آپ۔"

نجم عاقب نے اسے دیکھ کر کہا۔ "باقی کام؟...... اب کوئی کام کرنے کو بچا بھی ہے؟ سارے کام تو تم نے سہولت سے نمٹا لئے ہیں۔ شکر کرو یہ کسی اور کو جتانا چاہتے ہو۔"

وہ ہنس کر چپ ہو گیا۔ نجم عاقب میٹنگ روم میں داخل ہو چکی تھیں۔ وہ مسٹر عبدالرحمٰن کے کمرے میں بیٹھ کر ان کا انتظار کرنے کے خیال سے داخل ہوا تھا، مگر کہا...... بابا بہت خاموشی سے رہا لوگ

AANCHAL.COM.PK

جبڑے پر آنکھیں بند کر کے جھولے جا رہے تھے۔ ان کے چہرے پر سوچوں نے ایسے جال تن رکھے تھے کہ ایک لمحے کو اسے دھڑکا سا لگا کہیں ڈاکٹر صدیقی نے تو اس کی بابت کوئی سیریس بات تو نہیں کر دی۔ وہ بہت خاموشی سے ان کا جائزہ لے رہا تھا اور سوچ رہا تھا وہ سوچ کا کون سا سرا پکڑے کہ یہ جال بلکہ جالے ایک دم سے صاف ہو جائیں۔ ایک...... مگر تیسرے منٹ تک اس نے ہر خیال کو چھوڑ کر باقاعدہ انہیں پکارنا ضروری سمجھا تھا۔

"بابا!..... خیریت ہے؟"

مسٹر عبدالرحمٰن نے چونک کر حیرت سے اسے دیکھا۔ حیرت تو خود شہریار کو بھی کم نہیں تھی کیونکہ بابا ہمیشہ اس کے قدموں کی آہٹ سے اسے پہچان لیا کرتے تھے۔ مگر آج وہ جانے خیالوں میں کہاں غرق تھے کہ وہ اس کی آمد تک سے بے خبر رہے تھے۔

"سب ٹھیک ہے، تم جاؤ، آج خیر سے تو ہے..... کل تو میرے سارے اصرار پر بھی تم نے سر پھیر لیا تھا۔ انکار کے سوا اور بات ہی نہیں، فیصلہ لینے کی ذمہ داری ڈال دی تھی مجھ پر کہ تم یہاں؟"

"کیا آپ چاہتے ہیں، میں یہاں سے چلا جاؤں؟"

مسٹر عبدالرحمٰن نے اس بار ناپسندیدگی سے اسے دیکھا، پھر گھمبیر لہجے میں بولے۔ "تو تمہیں تو منتخب بات کی کب آئے گی بار؟"

"شاید کبھی نہیں۔ آپ جانتے ہیں اس بات پر بار بار مجھ سے غلط امیدیں کیوں لگاتے ہیں؟"

مسٹر عبدالرحمٰن اس بار کچھ نہیں بولے۔ انہوں نے اپنے سامنے رکھی ڈائری کھول لی تھی۔ اس ڈائری میں وہ دوائیں تھے جو شہر بھر میں بماری اکثر بہت سے منتخب کر لیے گئے تھے۔ شہریار جانتا تھا یہ فائل کھولنا اور اس کی طرف سے بے پروا ہو جانا مسٹر عبدالرحمٰن کا صرف نفرت سے زیادہ ناراضگی کا ثبوت دینے کی معصوم سی کوشش تھی۔ اسے بابا پر ہنسی آنے لگی تھی مگر وہ پھر بھی ہم سارے سے کھڑا تھا۔

مسٹر عبدالرحمٰن نے کچھ سیکنڈ بعد ہی سر اٹھا کر اسے اپنے سامنے کرسی پر بیٹھا دیکھا، وہ جل بلا اٹھے۔ "کیوں اتنا وقت برباد کرنا چاہتے ہو؟ ایک بوڑھے آدمی کے پاس بیٹھنے سے تمہیں کیا ملے گا؟"

اس نے پوری آنکھیں کھول کر مسٹر عبدالرحمٰن کو دیکھا، پھر کرسی چھوڑ کر کھڑا ہو گیا۔

"کہاں جا رہے ہو؟" وہ سمجھے وہ خفا ہو کر جا رہا ہے۔ مسکرا کر اس کی بلندی سے اس کے قدموں میں زنجیر ڈالی اور غیر شکراہٹ وہ کہنے لگی۔

"میں کہیں جا نہیں رہا تھا۔ شان! دولت پیسے کا سودا تو کبھی بھی، کہیں بھی بنایا جا سکتا ہے۔ چاہے وہ اراضی دوست ہی کیوں نہ ہوں۔"

مسز عبید الرحمٰن نے اس کی طرف دیکھا پھر مدھم ہو کر بولے۔ "ابھی تک ناراض ہو مجھ سے شان؟ وہ بات گزرے آٹھ سال ہو گئے ہیں۔"

"اس بات کا ذکر مت کیجئے تو شاید اب وہ بات بھی نہ ہو۔"

"کیا تھی تمہیں دنیا میں ایسی آ گئی، جو ہم سب ہی نے تمہارے لئے کسی مہرے کی طرح نچوڑ لی تھیں؟"

اس نے نظریں چرا لی تھیں، کچھ بولا نہیں تھا اور مسز عبید الرحمٰن اٹھ کر اس کے پاس بیٹھ گئے تھے پھر اس کے کندھوں پہ ہاتھ رکھ کر بولے تھے۔

"کیا کبھی ایسا ہوگا کہ میں تمہارے لئے پہلے جیسا دوست بن جاؤں؟"

شہریار نے نظر اٹھا کر دیکھا پھر سر ہلا کر لہجے میں بولا۔ "کچھ اچھے وقت کبھی کانٹا چبھ جاتے ہیں تو پھر بھی نکال لیا جاتا ہے۔ بظاہر وہ چبھنے والی نظر کا غلطی کا کانٹا ہی لگتا ہے مگر پاپا! آپ کو معلوم ہے ناں وہ کانٹا پھر بھی اندر رہتا ہے، چبھتی ہے اور ایک دن ڈھل ڈھل کر وہ کچھ اوپر سے بیٹھ جاتا ہے۔ تو پھر برداشت کی حد بھی ایسی ہی ہے اور اس دن وہ مقام ہو گئی تھی۔"

"کیا بڑی بچپن کی محبت کے بدلے میں ایک غلطی معاف نہیں کر سکتے تم؟ حالانکہ میں نے تمہاری ہزاروں غلطیاں درگزر کی تھیں۔" پاپا نے تھکے ہارے سے لہجے میں کہا اور وہ سر جھکا کر بہت بے بسی سے بولا۔

"میں آپ سے نفرت تو نہیں کرتا پاپا! مگر......"

"مگر یہ کہ تم مجھ سے محبت بھی تو نہیں کرتے، پہلے جیسی۔"

اس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا اس کی کہیں ٹوٹی ہوئی تھی۔

"کیا ایسا نہیں ہو سکتا تم پہلے کی طرح کوئی غلطی کرو اور سب سے پہلے تم میری گود میں آ کر چھپ جاؤ اور میں پہلے کی طرح تمہیں ساری دنیا سے چھپا لوں، تمہیں دنیا کے لئے کہیں باہر کچھ ڈھونڈنا پڑے۔"

"میں نے دنیا کا حساب اپنی زندگی سے نکال دیا ہے پاپا! آپ جانتے ہیں۔" اس نے پھر جان بچانی اور پاپا نے ایک نئے طرح سے اس کو دیکھ کر کہا۔

"اگر میں مر جاؤں تو کیا تب تم مجھے معاف کر دو گے؟"

"پاپا......" اس نے بے قراری سے اُن کا ہاتھ تھام لیا تھا۔ "میں اپنی زندگی میں یہ دکھ کبھی دیکھنا نہیں چاہتا۔" اس نے عجیب سی ضد کی اور مسٹر عبدالرحمٰن نے اس کو خود سے قریب کر کے کہا۔

"وقت بہت کم رہ گیا ہے شہری! تم جانتے ہو میں جو گزار رہا ہوں وہ صرف زندگی ہے۔ مگر کیوں تھک رہے ہو یار؟ دکھ اور خوشی کی کوئی حد نہیں، محبت کی بھی کوئی حد نہیں، لیکن زندگی کی حد ہے۔ زندگی کبھی نہ کبھی ختم ہو جاتی ہے۔ مگر وہ لمحے، جو ہم ایک دوسرے کے ساتھ بانٹ کر گزار سکتے ہیں، جو ایک دوسرے کی محبت میں جی سکتے ہیں، اسے ہم دائمی جدائی سے پہلے عارضی جدائی سے برباد کیوں کیے چلے جاتے ہیں؟ زندگی مختصر، محبت مختصر، لیکن موت ایک طویل زندگی کا نام ہے شہریار! اس زندگی کے بغیر کسی محبت، کسی پیار، کسی یاد کے جانے والے دل کی خلش کے بغیر جینا بہت اذیت ناک ہوتا ہے تم جانتے ہو۔"

شہریار نے کچھ نہیں کہا تھا، بلکہ مسٹر عبدالرحمٰن کے کھلے بازوؤں میں سما گیا تھا۔ آخر کب تک تہی در بدری کا ڈھونگ کرتا رہتا؟ محبت اتنی دیر تک اس کے دروازے پہ کھڑی رہی تھی، یہ کیا کم تھا؟ سو اس نے مسٹر عبدالرحمٰن کی بہت ماضی میں کی گئی غلطی کو اپنی طرح بشری کمزوری کو وجہ دے کر معاف کر دیا تھا۔ وجہ یہی تھی کہ وہ اب ساری کی ساری لے کر جینے سے اکتا گیا تھا۔ سو دوستی اور محبت کے کھلے بازوؤں کو اس نے زندگی سے مانگ لیا تھا۔ مسٹر عبدالرحمٰن نے اُسے سینے سے لگائے بھینچ رکھا تھا جیسے وہ برسوں بعد انہیں کھوئے ہوئے ملا تھا اور وہ خود ان کے کندھوں سے آنکھیں رگڑ رہا تھا۔ یہاں تک کہ جون کے کافی لانے پر وہ دونوں ایک جھٹکے سے الگ ہوئے تھے۔ شہریار نے جون کی طرف سے پشت کر کے اپنی آنکھوں کے آنسو صاف کیے تھے اور مسٹر عبدالرحمٰن نے بمشکل سنجیدگی سے اس کا شکریہ ادا کیا تھا۔ جون کافی رکھ کر چلا گیا تھا اور مسٹر عبدالرحمٰن نے کافی بناتے ہوئے خوش دلی سے کہا تھا۔

"آج پورے چھ سال بعد کافی پی رہا ہوں شہری! تمہاری دوستی کے بعد میں نے کافی کو بھی زندگی سے نکال دیا تھا۔ یقین کرو بیٹا! پاپا کے ساتھ تمہاری محبت مجھے بات کرتی تھی، جو تم مجھ سے اُدھار کی طرح چھین چکے تھے۔"

"پاپا!......آئی ایم ساری......" وہ ان کے ہاتھ کو چوم کر مدھم ہو کر بولا۔ پھر کافی کا کپ تھام کر اس نے آخری گھونٹ حلق سے اتارا اور حیرت سے وہ سوال کیا، جو وہ کمرے میں آتے ہی کرنے کا خواہاں تھا۔ مگر ان کی باتوں سے ڈسٹرب ہو کر کہنا بھول گیا تھا۔ اس نے گلا کھنکھارا، پھر آہستگی سے بولا۔

"پاپا! آج کی میٹنگ کو آپ پرواہ کرنے والے تھے ناں، پھر آپ میٹنگ میں گئے کیوں نہیں؟"

"بس ویسے ہی۔ میرا دل کہہ رہا تھا تم آنے والے ہو اس لیے۔"

"پلیز پاپا! اب بتائیے مت۔ سچ بتائیے آپ میٹنگ میں کیوں نہیں گئے؟"

مسٹر عبدالرحمٰن نے اس کی طرف سنجیدگی سے دیکھا پھر آہستگی سے بولے۔ "کیا تم نے بتایا ہے مجھے کہ تم جو کل مسز نفیسہ کا رشتہ دیکھ کر اس میٹنگ میں شریک ہونے سے جان بچا رہے تھے تو اتنا چپ تم دفتر میں کیوں نظر آ رہے ہو؟"

شہریار عبدالرحمٰن نے ان کی طرف دیکھا پھر یکدم ایک خیال تیزی سے ذہن کے پردے میں در آیا۔ اس نے سوال کو بدلنے کی غرض سے کرنے کے لئے اپنے پیچھے مڑ کر دیکھا مگر اس کی آنکھیں سیڑھیوں سے ناکام لوٹ آئیں۔

"پاپا! یہاں دیوار کے ساتھ ایک تصویر ہوتی تھی۔ وہ کہاں گئی؟"

مسٹر عبدالرحمٰن کے جسم میں تناؤ ابھرا مگر انہوں نے چہرے کے تاثرات بدلے بغیر مسکراتے ہوئے کہا۔ "بہت پرانی ہو گئی تھی وہ تصویر اس لئے کرنی ایڈجسٹ پارٹمنٹ سے کہا اس تصویر کی جگہ کچھ اور لگنا چاہئے تاکہ آنے والے مہمانوں پر اچھا اثر پڑے۔"

"مگر پاپا! آپ تو کہتے تھے وہ دوستی کا ایک لمحہ ہے اور دوستی کبھی پرانی نہیں ہوتی۔"

مسٹر عبدالرحمٰن گڑبڑا گئے۔ انہیں کیا معلوم تھا وہ ان کی باتیں اتنے غور سے سنتا ہے۔ نہ صرف سنتا ہے بلکہ یاد بھی رکھتا ہے۔ وہ کچھ دیر خاموشی سے دیکھتے رہے پھر آہستگی سے بولے۔ "شہریار تم بھی ہاں کیا پرانی باتیں لے بیٹھے ہو۔ بیٹا! انسان کو وقت کے ساتھ ساتھ چلنا چاہئے۔ زندگی میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں ہوتی رہیں تو زندگی کا احساس زندہ رہتا ہے۔ ورنہ موت اور زندگی میں فرق ہی کیا رہ جائے گا۔"

شہریار اس بار کچھ نہیں بولا تھا بس انہیں دیکھے جا رہا تھا۔ پاپا اس کے خاموش سوال سے گھبرانے جا رہے تھے کہ جانے اب وہ اس خاموشی سے کیا مطلب لے کہ اچانک اس نے اپنی بات پھر سے عبدالرحمٰن صاحب کی طرف موڑ دی۔ "جہاں تک میرا خیال ہے آپ نے نجم ثاقب سے ابھی تک کوئی ملاقات نہیں کی ہے۔"

مسٹر عبدالرحمٰن نے فوراً بے صرف ظاہر کرنے کی کوشش کی اور وہ ان کی فائل پر نظر رکھ کر جھکا ہوا ان سے پوچھ رہا تھا۔ "آپ نجم ثاقب سے جان کر ملنا نہیں چاہتے۔ کیا وہ بھی آپ کو جانتے ہیں یا پہچان کا

ہوا آپ کے ماضی میں ہے؟" مسٹر عبدالرحمٰن کے چہرے پر ایک رنگ سا آ کر گزر گیا اور شہریار سے یہ چھپ نہ سکا تھا۔

"پاپا! بتائیے آپ انجم حائر کو جانتے ہیں؟"

”تم ابھی اور اسی وقت مجھے پک کرنے آؤ۔“ اس نے بیزاری سے کہا۔ دوسری طرف سے رابطہ منقطع ہو گیا۔

پندرہ منٹ بعد وہ اس کے سامنے تھا۔ ”کیا ہے یار! تم اتنے بلاتی ہو۔ میں کہیں مصروف تھا اس وقت؟“

انوشے نے اس کی طرف گھورتی نظروں سے دیکھا پھر غصے سے چیخ کر بولی۔ ”کون ہے وہ لڑکی جو تمہاری زندگی میں میری جگہ لے رہی ہے؟“

”ارے، وہ لڑکی...... اس دنیا میں...... انوشے! کوئی لڑکی اس پوری کائنات میں تمہارے جیسی نہیں ہے۔ یقین کرو میری بات پر۔“ اس نے گڑبڑا کر بات سنبھالی۔

”تمہیں میری خامیوں سے الجھن ہوتی ہے؟“ اس نے سوال کیا۔

”نہیں یار! بھلا مجھے الجھن کیوں ہوگی؟ یہ تو حسن والوں کی عادتیں ہیں جن کا احترام کرنا دل والوں پر واجب ہے۔“

”تمہیں میرے ڈرگ ایڈکٹ ہونے پر کوئی سوال ہے؟“

"بالکل نہیں.....یہ تو امیر بچوں کی ادائیں ہیں۔ اور پھر میں خود بھی تو کبھی کبھی مارفین لیتا ہی ہوں۔"

انوشے نے اُسے تولنے والی نظروں سے دیکھا اور پھر اس کا ہاتھ تھام کے بولی۔ "تم ابھی اور اسی وقت میرے ساتھ گھر چلو۔ میں نے ایک فیصلہ کیا ہے۔"

"مگر تمہاری گاڑی.....اسے کون لائے گا؟"

"بائی دی وے، یہ گاڑی کتنے لاکھ کی ہوگی۔ بہر حال اتنی قیمتی نہیں ہے جتنا میرا زندگی گزارنے کا نیا فیصلہ۔"

عارف کی زندگی میں بھی نے کچھ نیا انداز لے لیا تھا۔ سو ناچوں چرا کیے وہ اُسے اپنی گاڑی میں بٹھا کر واپسی کے سفر پر روانہ ہو گیا تھا۔ مگر موبائل سے اس نے شوفر کو گاڑی کی لوکیشن بتا کر گاڑی کسی مکینک کے پاس لے جانے کا حکم ضرور دے دیا تھا۔

گاڑی رواں دواں تھی کہ اس کا موبائل بجا تھا۔ عارف نے گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے موبائل اٹھانے کی کوشش کی تھی مگر انوشے نے اس کی یہ کوشش کامیاب نہیں ہونے دی۔ موبائل اس کے ہاتھ میں تھا۔ اس نے نمبر دیکھا، شافعہ نام پڑھ کر اس کو پتنگے لگ گئے۔ عارف سمجھ بھی نہیں پایا تھا کہ وہ کیا کرنے جا رہی تھی کہ اس نے موبائل آن کر کے تیزی سے کہا تھا۔

"تم جو کوئی بھی ہو، یہ جان لو میں نے اور عارف نے ابھی اور اسی وقت شادی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اگر تم اس کی کوئی گرل فرینڈ تھیں تو تمہیں اپنی کوشش ترک کر کے کہیں اور ٹرائی مارنی چاہیے۔ اور اگر کسی والدِ محترم کی لڑکی ہو تو تمہیں معلوم ہوگا ایسے دولت مند مردوں کی اس شہر میں کمی نہیں۔ جو تمہیں ٹھیک طرح سے بیچ سکیں۔" رابطہ منقطع کر کے اس نے فون گھور کے رکھا تھا۔

کون تھی.....اُسے معلوم تھا۔ شاید شافعہ ہی ہوگی۔ کیونکہ اس نے اپنے کسی دوست کی اچانک بیماری کی اطلاع دیتے ہوئے اس کی مدد سے پارٹی سے معذرت چاہی تھی۔ لیکن اگر یہ شافعہ ہی تھی تو.....اس نے سوچا۔ وہ دوبارہ شافعہ سے ملنا چاہے گا۔ دل میں ہلکی سی رمق اٹھی۔ شاید وہ اس سے ملنا چاہے گا۔ مگر ساتھ بیٹھی کروڑوں کی لڑکی دیکھ کر اس نے کندھے پیچھے ڈال دیے تھے۔

"تم اس سے محبت کرتے تھے؟"

"نہیں.....میں نے تمہارے علاوہ کبھی کسی سے محبت نہیں کی۔" اُسے اپنی آواز کہیں دور سے آتی محسوس ہوئی۔ کیا وہ تا حیات اچھا تھا؟ دل نے کہا تم پہلے ہی نہیں تھے، محبت نے شاید تمہیں جذب ہی نہیں کیا تھا۔ ورنہ تمہاری خامیاں لے کر تمہیں اپنی ساری اچھائیاں سوغات نہ کر دیتی۔ تم ایک لڑکی کو دھوکا دیتے رہے۔ ایک ایسی لڑکی کو جو تم سے واقعی سچا عشق کرتی تھی۔ وہ جو تمہاری ایک ایک خوشی کو

اپنے دل سے محسوس کرتا تھی۔ جس کی بعد اس میں ہمیشہ تم رہتے تھے۔ وہ جو تکلیف اپنے حصے میں لے کر تمہارے حصے میں صرف شکوہ باقی رکھتی تھی۔ تمہاری تنہائی کا اس نے اپنے لفظوں اور اپنے جذبوں سے رنگ میں بدل دیا تھا۔ جس نے کبھی مذاق میں بھی تمہارا دل نہیں توڑا۔ لیکن تم نے اس کا دل توڑنے میں ایک سیکنڈ نہیں لگایا۔ تم کہتے تھے، بہت سے دکھوں نے تمہیں تم سے چھین لیا ہے۔ وہ ان بہت سے دکھوں سے بڑا تمہارے اندر اعتبار اعتماد کی کونپلیں اگا کر ان کی دن رات آبیاری کرتی تھی۔ تمہاری مسکراہٹ جس کے لئے دنیا کی سب سے قیمتی شے تھی۔ مگر تم نے کیا اس کی محبت کا دل توڑ دیا تھا؟ کیا وہ چاہتی اس رویے کی متقاضی تھی؟

"تم کہاں گم ہو عارف؟ میں تم سے کچھ کہہ رہی ہوں ناں۔"

"میں سن رہا ہوں۔ تم کہتی رہو۔"

دل نے کیا کہا؟ آج کے بعد تم کچھ محسوس نہ کر سکو گے......

آنکھ نے کیا کہا، آج کے بعد تمہیں محبت اپنا دیدار دے گی نہ......

زندگی نے کیا کہا، انسان جینے کے لئے دولت ہی سب کچھ ہے......

اس نے کسی بات کا جواب نہیں دیا تھا۔ کیونکہ غلطی ساری اس کے حساب میں لکھی رہی تھی۔ وہ شاہد سے محبت کرتی تھی یا شاید محبت کرنے کے دھوکے میں تھا۔ لیکن اس کے باوجود وہ نوشین کو نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔ اسے لگتا تھا وہ اپنے مطلب کا مجبور نکال کر شاہد کو جب کبھی بھی چاہے پا سکتا ہے۔ مگر وہ شاہد جیسی لڑکی کو پہچان ہی نہیں سکا تھا۔ اس نے [illegible] ٹھکرا کر اپنی عزت اور اپنی محبت کی حفاظت کی تھی۔ وہ دولت کی بھوکی ہوتی تو آج کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہوتی۔ وہ نہیں جانتا تھا اور وقت سب جانتا تھا، وہ اس کے خسارے کے کس سودے پر ہنس رہا تھا۔

گھر آ چکا تھا۔ وہ بوجھل قدموں سے ان کے ساتھ چلتا ہوا ڈرائنگ روم میں آیا تھا۔ ڈرائنگ روم کی خاموشی کسی طوفان کا پیش خیمہ تھی۔ سلیم افسر کی آنکھیں لال انگارہ ہو رہی تھیں اور بیگم شاہد ان کا آدھا خشک رہی تھیں۔

"اچھا کریں...... زندگی میں ان سے زیادہ برے دن دیکھنے پڑتے ہیں۔"

AANCHAL.COM.PK

رافعہ کا رنگ فق تھا۔ وہ گم صم بیٹھی تھی اور سلیم اختر چونک کر اسے دیکھ رہے تھے۔

"بچو رت...... وہ عورت کتنی ہمت تھی مگر اس نے خودکشی کے بدلے اپنا کفن بیچ دیا!!! مجھے اسے اس حالت میں دیکھنے کی کبھی توقع نہیں تھی شافعہ! میں نے کبھی...... میں نے کبھی بہت پیار کیا تھا۔"

شافعہ سمجھتا رہا بس کی طرح ان کا غم بھاری تھی اور وہ تو شاید انہیں بے رنگ آنکھوں سے دیکھ کر رو دی تھی۔

"پاپا! میں نے آج ایک فیصلہ کیا ہے۔"

سلیم اختر نے چونک کر پلٹ کر بیٹی کو دیکھا۔ ان کی دروازے کی طرف پشت تھی اس لئے وہ دونوں میں سے کوئی اسے نہیں دیکھ سکا تھا۔ آپ دیکھا تھا؟ ان کے جملے کی ساخت میں اٹک گئے تھے۔

"کیسا فیصلہ بیٹی؟" رافعہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر ایک سچ کو چھپاتے ہوئے سوال کیا کیوں سچ کی تلخی کہنے سے زبان و چہرا لینے میں سکت باقی تھی۔

"میں...... میں اسی مہینے عارف سے شادی کر رہی ہوں پاپا!"

سلیم اختر کے ہاتھ سے پانی کا گلاس چھوٹ گیا تھا جو رابعہ نے ابھی ابھی ان کے ہاتھ میں دیا تھا۔

"پلیز پاپا! میں اپنے اس فیصلے پر کوئی اعتراض نہیں سنوں گی۔ میرا فیصلہ ہے اور آپ کو یہ ماننا پڑے گا۔"

سلیم اختر کچھ نہیں بولے تھے۔ ایک وہ کپ میں پڑی چائے تھی، ایک سامنے کھڑی بیٹی۔ ایک نے اپنی زندگی کے فیصلوں کا اختیار چھین لیا تھا اور دوسری اپنے فیصلوں پر اداس کا شکار تھی۔

"میرا کیا فیصلہ ہونا چاہیے؟" انہوں نے آنکھوں ہی آنکھوں میں تیمم شافعہ کی طرف دیکھا۔ ان کے ہاتھوں کی [illegible] کو کیا جواب ہونا چاہیے سو انہوں نے مدھم لہجے میں کہا تھا۔

"ٹھیک ہے...... مجھے اس فیصلے پر کوئی اعتراض نہیں۔ مگر میری شرط ہے، عارف کو بتا دو کہ ان کے پاپا خود لے کر میرے گھر آئیں۔"

"عارف! تمہیں اس پر اعتراض تو نہیں؟" [illegible] فون پر پوچھ رہی تھی۔

اور اس نے نفی میں سر ہلا کر کہا تھا "میرے پاپا کو کوئی اعتراض نہیں۔ میں آؤں گا۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک ہفتے کے اندر اندر آپ سے آ کر ملیں گے۔"

عارف جا چکا تھا اور وہ تب بھی اپنا فیصلہ کر کے بیٹھی تھی۔ تب ہی سلیم اختر نے کہا تھا "کیا یہ فیصلہ درست ہے بیٹا؟"

AANCHAL.COM.PK

نافیہ نے پلو سے آنسو پونچھ کر کہا تھا۔ "ہر فیصلے میں خطرہ ہوتا ہے ہاں۔ کرنے دیں زندگی کا یہ نیا تجربہ بھی اسے۔ ہو سکتا ہے، یہی فیصلہ اس کی روٹھی ہوئی خوشیاں لوٹانے میں مدد دے۔"

سلیم اختر کچھ نہیں بولے۔ بہت متاسف ہو کر پھر سے اسکرین کی طرف دیکھنے لگے تھے۔ اس عورت کو اپنے حسن پر کتنا گمان تھا اور اب...... انہوں نے پھر سے دیکھا۔ سندلی سندلی آنکھیں، مدفون چہرہ، جھلستانی کلیاں...... وجود پہ غرور اب کہیں نہیں تھا۔ ان کی آنکھوں میں کتنی بے بسی تھی۔

نجم نافیہ شرمندگی سے دیکھ رہی تھیں۔ پھر ان کے دل نے ایک فیصلہ کیا تھا۔

آج شافعہ شعبہ میں داخل ہوئی تو بہت خوش و خرم سی چلتی ہوئی اندر داخل ہوئی تھی [illegible] آج وہ روز کے مقابلے میں کچھ زیادہ ہی طرح تیار ہوئی تھی۔

"کیا ہوا خیریت......؟" اس نے سوال کیا۔

تب شافعہ اس کے قریب بیٹھ گئی "کوئی خاص بات نہیں تھی بس ایسے ہی طبیعت [illegible] اور ان کی ہونے کی وجہ سے [illegible] اتار دی۔"

"واہ...... بالکل لڑکی ہی تم تو بہت پیاری لگتی ہو، سب آپ کرے۔"

"مگر ایسے سنگھار کا فائدہ جو کسی کا دل نہ باندھ سکے۔"

"کیا ہو گیا آج تو مجھے لگتا ہے تمہاری جگہ مجھے تمہاری غمگساری کرنی پڑے گی۔"

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میں بہت جلد اپنے آپ کو سنبھال لوں گی۔"

وہ کچن میں آ گئی۔ چائے بنانے لگی تھی۔ کل آنٹی اس کا پسندیدہ کھانا پکانے نہیں آئی تھی اس لئے یہ احسان اس نے کیا تھا۔

"کل تمہارے گھر کوئی پارٹی تھی کیا؟"

اس نے وہ بیٹھنے کی بجائے بات چیت کے تحت بے تکلفی سے سوال کیا۔ [illegible] پیغام کر رہا ہو [illegible] پوچھنے لگی۔

"تم کتنا جانتی ہو نجم؟"

AANCHAL.COM.PK

"ہم ایک جیسی ہیں۔ لیکن اگر اس دن سے کچھ الٹا چاہتی ہو تو تمہیں پوچھنا چاہیے میں کیسی لگتی ہوں۔"

"جیسی......" اس نے چونک کر دیکھا۔ وہ شک کی غلطی میں جیسی کا جارحانہ انداز تھی۔ دونوں جارا ایک جیسے تھے اس لئے یہ غلطی ہو گئی تھی۔ وہ اب نے اس کے چہرے پر گمبھیر سنجیدگی دیکھی تو ہاتھ بڑھا کر اسے قریب بلایا۔

"تم ادھر آ کر بیٹھو، ہم کھانا باہر سے منگوائیں گے۔ آج چائنیز ہی ہو جائے گا کوئی بات نہیں۔ لیکن اگر تم ایسی خاموش رہیں تو میرا دماغ خراب ہو جائے گا۔ مجھ سے کسی کی پریشانی بالکل نہیں دیکھی جاتی۔" وہ اس کے پاس صوفے پر بیٹھ گئی تو اس نے اس کا ہاتھ تھام کر پوچھا۔ "تمہارا دل کیوں خفا تھا......"

"میرا منگیتر تھا ہم!...... لیکن کل رات......"

"اس نے کوئی بدسلوکی کی تم سے؟" اس نے اپنے خیالوں میں گم ہو کر بے چینی کی گہرائی میں سر ہلا کر دی۔

"ہم کل میری سالگرہ تھی۔ دونوں پاپا سب ایک ساتھ تھے۔ کل ہم بچوں بالکل خوشی سے سالگرہ منا رہے تھے۔ بیشتر وہ میری بات سے ... میرا خیال تھا آج ہم اکٹھے مزے کریں گے۔ مگر ان کے موبائل پر ایک کال آ گئی۔ اس نے بتایا کہ ان کے دوست کی ... میں نے سمجھا ... ہو گا مگر ہم! اس نے مجھ سے جھوٹ بولا تھا...... وہ کسی لڑکی کے ساتھ تھا۔"

ثانیہ نے اس کے کندھے پر نرمی سے ہاتھ رکھا تھا پھر آہستگی سے بولی تھی۔

"یہ تو مردوں کی عادت ہوتی ہے۔ ... بدلنے کے لئے دوبارہ ... مارتے ہی رہتے ہیں۔ مگر ... اپنا رکھنا ... عورت تو وہ ہے جو ... کی ہوتی ہے۔"

"مگر ہم میرے پاس ... نہیں ہے اور ... کی ہوئی تھی وہ عارف ... کرنے والے ہیں۔"

"تمہیں کیا لگتا ہے عارف ایسا ہے کہ تمہیں دھوکا دے؟"

"پتہ نہیں ہم ابھی تو ایک ... پر کھڑی ہو گئی ہوں۔ مجھے تو معلوم ہی نہیں ہے مرد دھوکے بھی دیتے ہیں۔ میرے پاپا، میرے ... سب کی زندگی خوشگوار تھی۔ کسی نے بھی کبھی ایسا کیا ہی نہیں کہ مجھے لگتا، میرے ساتھ دھوکا ہو گا۔"

"پھر تمہیں خود کو اس دھوکے کو سہنے کے لئے تیار کر لینا چاہئے۔ تم عارف کے بارے میں کچھ نہیں جانتیں، اس لئے تم تاریکی میں کوئی بھی قدم اٹھا کر اپنے گھر سے آ گئی۔"

"میم! آپ...... کیا آپ جانتی تھیں، علی صاحب آپ کو دھوکا دیں گے؟"

"دھوکا اور علی......" وہ زور زور سے ہنسنے لگی۔ پھر دھیمے لہجے میں بولی۔ "تمہیں یہ کیسے لگا کہ علی نے مجھے کوئی دھوکا دیا تھا؟"

"پھر میم! آپ کو انہوں نے کیوں چھوڑا؟ آپ...... آپ تو اتنی پیاری، اتنی خوب صورت سی ہیں۔"

ثانیہ نے ایک نظر اُس کی طرف دیکھا، پھر مدھم لہجے میں بولی۔ "میں اتنی خوب صورت نہیں ہوں جتنا خوب صورت علی تھا۔ اُسے دیکھ کر سورج کی بھی سانس رک جاتی تھی۔ وقت بھی تھم تھم کے چلتا تھا۔ پھر میں اس کے حصار میں کیسے نہ آتی۔ میں بھی اس کے قریب رہی تو وقت کی طرح ساکت ہو کر اسے دیکھنے لگی۔ دیکھتی رہی۔ پھر مجھے لگا مجھے اس سے محبت ہو گئی ہے۔ میں نے اُسے لڑکی ہونے کے باوجود پرپوز کر دیا۔ وہ سوفٹ ڈرنک کا گلاس رکھ کر میری جسارت پہ گم رہ گیا تھا۔ میں بھی وہ میرے حسن کے تیر سے گھائل ہو گیا ہے۔ مگر اس نے بہت سرد لہجے میں کہا تھا۔ "میں کسی ماڈل گرل سے شادی نہیں کر سکتا۔ مجھے بیوی با کردار اور باعزت چاہئے۔" میں نے کہا۔ میں تمہارے سانچے میں ڈھل جاؤں گی۔ زمانہ دیکھ لو گی، ساتھ پردوں میں رکھو گے، رہ لوں گی۔ مگر وہ نہیں مانا...... وہ نہیں مانا اور پھر مجھے ضد ہو گئی۔ کسی بھی طرح اُسے پالینا ہے۔ اُسے پانے کے لئے میں نے کتنے جھوٹ بولے۔ کتنے لوگوں کا آلہ کار بنی۔ جو مجھے کہتا، وہ مجھے علی سے قریب کر سکتا ہے، میں اس کے قدموں کی خاک چومنے سے باز نہ رہی۔ مگر کسی نے ایسا نہ کیا۔ پھر...... پھر ایک دن میری زندگی میں انقلاب آ گیا۔

ایک ایسی ہستی دریافت ہوئی جس نے واقعی علی سے مجھے ملانے کی قسم کھائی۔ علی جس منسٹری میں تھا، وہاں منسٹری کو نظر تھی، کاہل نے اس پہ دباؤ ڈالا کہ اگر وہ مجھ سے شادی نہیں کرے گا تو اس سے اس کی نوکری چھین لی جائے گی، فیک انکوائری میں گھسیٹ لیا جائے گا۔ علی اس بات پہ بھی راضی نہیں ہوا۔ وہ ہی انا والا آدمی تھا۔ اس نے کہا، وہ اپنی زندگی کے ہر بحران کا مقابلہ کرے گا مگر مجھ سے شادی نہیں کرے گا......

میں مایوس ہو گئی تھی، جب اس کی کمزوری اس کا بھائی نظر آیا۔ وہ ان دنوں ریسرچ پیپر کی تیاریوں میں تھا۔ علی کا سارا گھرانہ بہت علمی و ادبی سا تھا۔ سو اس کا بھائی بھی ریسرچ کے میدان میں آگے جانا چاہتا تھا۔ تب اس منسٹری کی طرف سے اس پہ دباؤ ڈالا گیا کہ اگر وہ نہیں مانا تو اس کی ریسرچ کو درمیان ہی سے ختم کر کے اسے گھر واپس بھیج دیا جائے گا۔ علی اپنی ذات پہ کمزور نہیں پڑا تھا، مگر وہ اس ڈراوے پہ

مان گیا۔ کیونکہ اس کے بھائی کی زندگی کا ایک اکیلا خواب یہی تھا کہ وہ اپنی ریسرچ میں کامیاب ہو کر اعلیٰ تعلیم کے لئے باہر جائے۔ اس کے اس ریسرچ پیپر کی تیاری میں ہی اس کی اکلوتی شب گزری تھی۔۔۔
ختم ہو گیا وہ ہار گیا اور میں جیت گئی میں نے اسے پا لیا ہے......

وہ میرے ساتھ تھا حیران...... میں اسے جب چاہتی دیکھ سکتی تھی...... جب چاہتی اسے دیکھ سکتی تھی۔ میری آنکھیں اس کے حسن سے ہر وقت خیرہ رہتیں۔ میرا دل کہتا میری آنکھیں کھلیں تو میں اسے دیکھوں۔ جب آنکھیں بند کروں تو اسے دیکھوں۔ مگر وہ میرے بارے میں ایسا نہیں سوچتا تھا۔ وہ جب مجھے چھوتا اس کے ہاتھ برف کی طرح سرد ہوتے...... تارا سا تھا ایسے تھا جیسے دریا کے دو کنارے اور بیچ میں منجدھار سا فاصلہ......

تین سال، چار سال...... پھر پانچ سال میرا صبر جواب دے گیا۔ میں نے کہا تم چاہتے ہو میں تمہاری زندگی سے نکل جاؤں؟...... شافعہ! تمہیں پتہ ہے اس نے کیا کہا؟"

شافعہ کا دل آنکھوں میں آن بیٹھا۔ "کیا کہا تھا صیام؟"

ثانیہ نے گہرا سانس لیا اور بولی۔ "اس نے کہا ہاں میں چاہتا ہوں تم میری زندگی سے چلی جاؤ تم...... جتنی اپنی مرضی سے آئی تھیں اتنی ہی میرے من کی مرضی سے جاؤ گی۔ تم واقعی چلی جاؤ بالکل چلی جاؤ۔ بالکل ثانیہ!...... بالکل چلی جاؤ۔

اس نے ٹھیک کہا اور اس دن میں نے جانا، محبت حاصل نہیں کی جاتی۔ اسے صرف پا لیا جاتا ہے مانگا جاتا ہے۔ میں نے اسے چھیننے کی کوشش کی تھی اور محبت نے مجھے اس جسارت پہ اپنے دل سے باہر نکال دیا...... مجھے اپنے دل سے باہر نکال دیا شافعہ۔ اگرچہ کہا پھر بھی نہیں تھا وہ اس کا دل میری طرف سے مڑ ہی...... وہ رحم کا، پیار مجھ سے پیار کرتا۔ گر ایسا نہیں ہوا تھا شافعہ! سو میں اسے چھوڑ کر اپنے گھر چلی آئی......

میں نے گھر آ کر بہت ساری خواب آور گولیاں کھا لیں۔ مجھے معلوم تھا میری زندگی کی طرح اسے میری موت کا بھی کوئی غم نہیں ہوگا۔ جس دن میں نے پھر بھی مرنے کی کوشش کی۔ میں اپنے فلیٹ میں اکیلی تھی، جب میری دوست نے مجھے اچانک آ کر بے ہوش پڑے دیکھا، کوشش کی مگر وہ فوراً ہاسپٹل لے گئی۔ اس نے مجھے ہاسپٹل پہنچایا۔ وہ ہسپتال کے عملے سے لڑنے لگی۔ اس نے کہا اگر مجھے کچھ ہوا تو وہ پورے ہسپتال کو آگ لگا کر رکھ دے گی۔ میرا کیس سیریس نہیں تھا۔ پھر مجھے بچا لیا گیا۔"

اس نے ایک گہری سانس لی اتنی افسردہ سانس کہ شافعہ کو اس پر ترس آنے لگا۔

"میم! زندگی ابھی اتنی بڑی نہیں ہے کہ آپ اپنے جینے پر افسوس کریں۔"

ثانیہ نے خالی آنکھوں سے اسے دیکھا اور جیسے اس کی بات سنے بغیر بولی۔ "مجھے بچا لیا گیا تھا مگر ڈاکٹر صرف میرا وجود بچا پائے تھے۔ میرا اندر مر گیا تھا اور انہیں خبر نہیں ہوئی تھی کہ وہ ایک مردہ انسان میں زندگی کی رمق دوڑانے میں لگے جا رہے ہیں۔ میری دوست ہر وقت میرے ساتھ رہتی تھی۔ وہ ایک ہمدرد ساتھی تھی۔ اس کا حوالہ دے دے کر مجھے کہتی کہ وہ انسان کو چھوڑ نہ دیں۔ جتنی اذیت مجھے پہنچی ہے وہ اس سے دگنی اذیت اسے دے گی۔ مگر میری زبان کو تالا لگ گیا تھا۔ میں کچھ بھی نہیں بول پاتی تھی۔ اس لمحے میرے اندر صرف ایک بات چل رہی تھی۔ "مجھے جینا نہیں ہے..... دنیا میں جیسے جینا مجھے نہیں ہے۔" اور بس وہ میں یہی سوچتی رہتی۔ پھر ایک دن میں ہسپتال سے نکل آئی۔ میں کسی بھی گاڑی کے نیچے آ کر مرنا چاہتی تھی۔ کیونکہ زندگی نے مجھ سے میرا آپ چھین لیا تھا۔ میں یہ سوچ رہی تھی کہ اچانک میرے سامنے ایک ٹرک ایک مجھ جیسی لڑکی کو کچلتا چلا گیا۔ میں نے اپنے سامنے موت کو دیکھا۔ موت اتنی بھیانک اتنی تکلیف دہ ہوتی ہے، میں تو اسے ایک ہلکی سی خواہش جیسی تکلیف سمجھتی تھی۔

میرا لرزتا وجود اس صدمے سے بے حال ہو گیا تھا۔ میں چل رہی تھی کہ چلتے چلتے بے ہوش ہو گئی۔

پھر میری آنکھ کھلی تو میں کسی گھر میں تھی۔ وہ بہت تنگ و تاریک گھر تھا۔ مگر وہاں کے لوگ وہاں کے دل تاریک نہیں تھے...... انہوں نے مجھے وہیں کی کسی گلی سے اٹھایا تھا۔ وہ لوگ مزدور تھے۔ انہوں نے میری بہت خدمت کی تھی، بہت پیار دیا تھا۔ تب میں نے ایک اور سبق لیا تھا زندگی سے کہ محبت کے لیے دولت شہرت ضروری نہیں ہوتیں..... نہ انسانیت سیکھنے کے لیے انسانیت پر بڑے بڑے خدا کے سہارا لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ تو بس الہام ہوتے ہیں اور الہام صرف دل والوں پر اترا کرتے ہیں۔"

وہ کچھ دیر کو چپ ہوئی اور اسی کچھ دیر میں شکل بگڑ گئی تھی۔

"دیکھو شاید چائے آ گئی ہے۔" اس نے بند بیگ سے دو ہزار نکال کر دیے تھے۔ شافعہ نے چائے اس کے آگے رکھ دی تھی۔ پھر وہ پلیٹوں میں کھانا نکال کر ثانیہ کے سامنے ٹیبل پر رکھ رہی تھی۔

ثانیہ اسے بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔ پھر بہت مدھم لہجے میں بولی تھی۔

"پتہ نہیں وہ اتنا خوش قسمت نہیں تھا یا اس کی قسمت بری تھی مگر یہ طے ہے وہ اس نے بہت بڑی محنت گنوا دی ہے۔ تم جو صرف ایک مریض کے لیے اتنی توجہ، اتنی محبت، اتنی لگن سے اپنی خدمات پیش

کہانی ہو تو اس لڑکی کے لئے ختم کہاں ہوتی ہے...... کہا کیا نہیں کر گزر رہی...... اس نے بہت خسارے کا سودا کیا ہے ثنائیہ! میں اسے دیکھے بغیر جان سکتی ہوں کہ وہ ہار گیا ہے۔ وہ محبت سے ہار گیا ہے، اپنے آپ سے ہار گیا ہے۔"

ثنائیہ نے کچھ نہیں کہا تھا۔ اس کے پاس جیسے کہنے کو کچھ رہ ہی نہیں گیا تھا۔ شاید اسے دکھی رہی، پھر اپنی کہانی کو وہیں سے شروع کیا جہاں سے کہانی نے سانس روکی تھی۔

"میں وہاں بہت سارے دن رہی۔ وہ لوگ مجھے کسی اچھے گھر کی بے سہارا لڑکی سمجھ کر رکھے ہوئے تھے۔ میں کچھ دن اور وہاں رہ سکتی تھی، مگر میری عزت نفس نے ایسا کرنے سے روک دیا۔ میں ایک دن چپکے سے ان کے گھر سے نکل آئی۔ میری حالت کم کھانے اور بہت مار کھانے کی وجہ سے بگڑ رہی تھی۔ شاید میں خود بھی اپنے آپ کو نہیں پہچان سکتی تھی...... میں چلتی چلی جا رہی تھی کہ ایک جگہ مجھے تھک کر نڈھال ہو کر بیٹھ گئی۔ میرے سر کی چادر کا پلو پھیلا رہ گیا۔ کسی راہ چلتے نے اس میں دو روپے ڈالے، کسی نے ایک روپے کا سکہ اچھالا اور مجھے پتہ بھی نہیں چلا، میں کب اور کیسے مہر عمرانی کی بیٹی ہونے کے باوجود بھکارن بن گئی۔

میرا دل چاہا تھا، اس دن میں جاؤں اور اپنے باپ کو لا کر چپکے سے اپنا حال دکھاؤں اور کہوں۔ دیکھو میرے بابا! تمہاری بے جا آزادی، غلطیوں سے چشم پوشی، شہرت کی بھوک اور مادر پدر آزادی نے مجھے کہاں لا کر پٹخا ہے...... میری مثال اس انسان کی طرح ہو گئی ہے جس نے [illegible] آسمان کی بلندیوں پر اڑنا چاہا مگر وقت نے مجھے فلک سے کہاں پستی میں پھینک دیا۔ میرا سارا جسم پھوڑے [illegible]۔ بابا! اگر ابھی آپ کی بے جا آزادی کی تمنا ہے تو مجھے [illegible] میرے دل نے تمنا کی کہ جھنجھوڑ دوں۔" [illegible] اپنے باپ سے پوچھوں کیا لاتی، وہ اس حالت میں مجھے پہچانیں گے بھی، میں ایسا نہیں کر سکی......

پھر شام تک جمع ہونے والی ریزگاری سے میں نے اپنی زندگی کا کھانا کھایا، جیسے مر جانے والوں کے بعد کوئی روٹی ہوتی ہے، ہاں وہی......"

وہ سانس سانس لینے کو رکی، پھر بولی۔

"پتھر میرے قدم رکھانے سے اور گھسٹ گئی۔ میں نے زندگی میں پہلی بار اپنے گھر جانے والی بس کا نمبر کسی سے پوچھا تھا۔ گاڑیوں میں گھومنے والی ثانیہ عمرانی نے پہلی بار بس دیکھی۔ وہ رستہ جب میں نے بس میں قدم رکھا تو لوگوں کی آنکھوں میں میرے لئے حقارت تھی۔ میرے کپڑے پھٹے ہوئے تھے اور پسینے کی بدبو سے میرا اپنا برا حال تھا اور میرے لئے وہ عورتیں بھی تھیں جن کی

مہینے بھر کی کمائی کے بعد بھی میں صرف ایک پرفیوم خریدا کرتی تھی۔ میں پلو میں منہ دے کر پہلی بار جی بھر کر روئی۔ کسی نے میری آنکھ کے آنسوؤں پر ترس کھایا تو کہا۔ "گجر گ آ گیا ہے بی بی!" میں اندھوں کی طرح سڑک پہ اتری۔ آج میں اپنے گھر کو ڈھونڈ رہی تھی اس گھر کو جس میں، میں نے سالوں جاتے تھے۔ میں نے اپنے باپ کا نام بتایا تھا۔ تب بہت سارے لوگوں میں سے آتے جاتے قدموں میں صرف ایک نے مجھے راستہ سمجھایا۔

"عمرانی صاحب کی بیگم آج بھی کے دن صدقہ خیرات دیا کرتی ہیں۔ مگر بی بی! تم نے آج دیر کر دی ہے۔" واچ مین نے میرے حلیے کو دیکھ کر جواب دیا۔ حالانکہ میں نے اس سے کوئی سوال نہیں کیا تھا۔

"وہ تو بیٹی...... میرا جملہ حلق میں تھا۔ پہچان کی سیڑھی پہ پہلا قدم تھا میرا۔ "پتہ چلا میں ایک سال پہلے مر چکی ہوں...... میں نے افسوس سے اپنی طرف دیکھا۔ پھر لجاجت سے پوچھا۔ "کیسے مری تھی بی بی صاحب؟"

واچ مین نے ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔ "کیسے مرتا ہے یہ لوگ، جنہیں نہیں معلوم تمام عمر بھاگتا پھرتا ہے، پھر مرنے کے لیے بھی گھر نصیب نہیں ہوتا۔ مر گیا ہے بے چارہ سڑک پہ جیسے عام لوگ مرتا ہے۔ کبھی کبھی بڑا لوگ بھی عام لوگ کی طرح مر جاتا ہے۔ اچھا چلو، اب تم جاؤ۔ صاحب نے ہمیں تم سے بات کرتا دیکھ لیا تو جان کو آ جائے گا۔ بہت خبیث آدمی ہے ہمارا صاحب۔ گھر میں بیٹیاں ہیں پھر بھی...... چلو شوچہ تم جاؤ ماں۔"

اس نے اپنی بات ادھوری چھوڑ دی اور میں اس ادھوری بات کا دکھ جان گئی۔ کیونکہ وہ ادھوری بات پورے وثوق کی طرح میری اجنبی کی ماں کی آنکھ سے جھلک رہی تھی۔

میں اپنے گھر سے چلی آئی۔ یہاں دارالسکون میں رہنے لگی۔ پھر اچانک دو سال بعد میری ماں کے دیے تحائف لیے میری بہن وہاں آئی تو اس نے مجھے اتنی بری حالت میں بھی پہچان لیا۔

"میرا دل کہتا تھا کہ تم زندہ ہو۔ میرا دل کہتا تھا۔" اس نے میرے گندے منہ سے چہرے، الجھے بالوں کے باوجود اپنے قیمتی کپڑوں کا خیال کیے بغیر اپنے سینے سے لگا لیا۔ تب مجھے لگا محبت ہے دنیا میں...... شافعہ! کیا واقعی محبت میں ایسا ہوتا ہے؟ بدترین حالت میں بھی کسی اپنے کو پہچان لے؟"

شافعہ اس کا ہاتھ تھام کر اثبات میں سر ہلانے لگی۔ شاید کی آنکھیں، اس کی آنکھوں سے بھی آنسو بہہ رہے تھے۔ باتوں میں کھانا ٹھنڈا ہو چکا تھا۔ شاید باتھ روم کے بہانے کمرے کی تھی اور شافعہ بھی دوپٹہ بھول کر اسے سننے لگی تھی۔ سو کہانی ختم ہوئی تو شافعہ ایکسیوزن میں کھانا گرم کرنے کے لیے کچن میں گئی تھی۔ پھر دس منٹ بعد وہ کھانا کھا چکی تھیں۔ یہ وقت اس کے آرام کا وقت ہوتا تھا۔ سو وہ اسے سہارا

بیج دینے اس کے گھر سے حنا لائی تھی۔ اسے لگا جیسے وہ ذرا سی بولی۔ "ہم آج کچھ گنگنائیں گی نہیں؟ آج دل بہت اداس ہے۔"
ثانیہ نے اس کی طرف دیکھا اور تکیے کے نیچے رکھی ڈائری نکالی۔ تصویر سا تھ جگمگ کرتا منظر بند کی تھی ماں نے مر کر پہلی البم گنگنی شروع کر دی تھی۔

"چاند کبھی تو تاروں کی آب چھوڑ سے نکلے
اور میری کھڑکی میں آئے
پاگل تنہا دیوانہ سا
میں اس کو بانہوں میں بھر لوں
ایک ہی سانس میں سب کی سب دعائیں کرلوں
جو میرے حال سے چھپیں
دل میں جتنی روشنی ہیں
سب چمکتا ہے تب ہوجائے شب ہے ناں
چاند میری کھڑکی میں آئے شب ہے تو ناں"

ثانیہ نے دیکھا بستر پر لیٹی ہوئی گڑیا جو چہرے والی لڑکی کو کم ہیں وہ ٹکٹکی کی طرف رخ کرگئی تھی۔ اس کی پلکوں میں بھیگی تھی۔ وہ جسم تھا مگر وہ چاند...... وہ چاند کہاں تھا۔
میرے دل کا چاند بھی تو...... ثانیہ نے دھیرے سے خالی ہتھیلی پھیلائی۔
سامنے لڑکی کے ہاتھ بھی خالی تھے۔ کچھلے سے کچھ سال دل چاہا دونوں سب پیچھے سے کسی نے ہاتھ پکڑ کے سب ہی سر جھکا کر بیٹھ جائیں۔ لوگ انہیں فقیر سمجھیں۔ کبھی کسی کے دامن میں تو خالی دامن میں ڈالے۔ کوئی پانچ روپے کے دو محبت جھولی میں ڈال دے۔ خالی دامن بھرتا جائے ابھرتا ہی جائے گا۔ بیشتر دل ہر ضرب نفس کا ادا ہو نفس...... کیا جھولی محبت کا مسرت کب کر پائے گا؟

AANCHAL.COM.PK

انہوں نے آنکھیں بند کر لیں تو ابا چلے آئے، آنسوؤں سے بھیگے ہوئے...... اماں بھی آئیں، دکھ میں ڈوبی ہوئی۔

"مت جاؤ بابا! میرے ابا جی، ہم سب تنہا رہ جائیں گے۔" کوئی آواز ابھری اور دل سے اٹھی۔ سارے وجود میں بجلیاں بھر گئیں۔

"مجھے بددعا لگ گئی ماں کی۔"

ماں کبھی بددعا نہیں دیتی۔ بددعا تو ہمارے اعمال خود بن جاتے ہیں...... انہیں بھی خود خودسری نے بددعا کی طرح خود سے جدا کیا تھا۔ انہوں نے پلٹ کر دیکھا، مسز عرفانی ابھی تک نشے کی ترنگ میں تھے۔ بیگم عرفانی کی آنکھوں میں اماں کے آنسو بھی اتر گئے تھے۔

"یا اللہ معاف کر دے...... مجھے معاف کر دے۔ تو بہت معاف کرنے والا ہے۔"

مگر کیا معافی اتنی آسانی سے مل سکتی ہے......؟ جب دل دکھے ہوں تو دعا دینے والے دل کے اندر سے پہلے زندگی بھی معاف نہیں کرتی...... اب وہ کون سا دکھ دیا ہے جو تم نے دیا ہے دل کو...... انہوں نے بے بسی سے سوچا اور ایک ہچکی تھا کہ آنکھیں مل کر جاگ گیا تھا۔

زندگی گنوانے کا جو دکھ میں نے دیا، وہ دکھ جیسے بغیر کسی کنیر سے اتار نہیں سکتیں...... ساری بیگمے کے ہزاروں کی ایک کی غلطی سارے گھر کو بھی بھگتنی پڑتی ہے۔

❀❀❀

زہرہ جبیں ہمارے سامنے بیٹھی تھیں اور انہیں حیرت نے گھیرا تھا۔ شاہ زیب ایک نام سے شرط پر منظور ہو گیا تھا۔ کبھی کبھی ان کا خیال تھا کہ ایک بھی ذرہ نہیں جھکتا، جب تک کہ اس کے تمام لوگوں کیا اداروں کا مضبوطی اور پائیداری بخشی جاتی، لیکن ان دونوں کی محنت بالکل بند داں تھی۔

"آپ نے چیک کیا؟ مسٹر رفیع عثمانی اس لون شاہ کو ہسپتال کے لئے پاس کیا گیا ہے؟"

مسٹر رفیع عثمانی نے مسکرا کر زہرہ جبیں کو دیکھا، پھر نرمی سے بولے۔ "ہم! آپ نے ابھی ہمارے ڈاکومنٹس خود چیک کئے ہیں، پھر اتنی بے اعتباری...... بالکل نہیں ہے ہم کا کامیابی کے لئے اچھا ہو، اپنی صلاحیتوں پر اعتبار کرنا چاہئے۔"

"آپ کو لگتا ہے، مسٹر رفیع عثمانی صاحب! ہم آپ کا لون اور ہر مہینے کی قسط چکا سکیں گے؟"
انہوں نے بے حد طریقے سے رفیع عثمانی کو جانچنے کی کوشش کی اور وہ مسکرانے لگے۔
"مسز جنید! اگر اس طرح کی باتیں آپ نے دوسرے بینک آفیسرز کے سامنے کیں تو شاید وہ اپنے فیصلے پر ایک بار پھر نظر ثانی کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔"
"لیکن رفیع عثمانی صاحب! مجھے یہ بات حیرت میں مبتلا کر رہی ہے کہ جب آپ کے کاغذات کی تحریر ہم قسط کی ادائیگی کے لیے مختص نہیں ہو پاتی جائے گی۔ جو قسط کی مد میں ہم آسانی سے جمع کروا دیں گے۔ آپ کا بینک اسے قبول کرے گا، یہ بینک کی انتہائی دریا دلی ہے۔"
مسٹر رفیع عثمانی نے مسکرا کر دیکھا اور پھر سنجیدگی سے بولے۔ "اگر یہ بزنس لون کے حوالے سے ہوتا تو شاید ہمارے رولز اور ریگولیشن ذرا سخت ہوتے۔ مگر یہ ایک ٹرسٹ ہسپتال کے قیام کا منصوبہ ہے۔ اس لیے حکومت اور پھر صنعت کار طبقے کی سپورٹ حاصل ہے۔ آپ کو پھر آپ کا عزم اور ارادہ بھی واضح ہے کہ اس کی جتنی بھی جلدی تیاری ہے، آپ نے اسی میں قوم کی مسیحائی کا کام شروع کر دیا ہے۔ پھر ہمیں یہ گمان کیونکر ہو کہ آپ اپنا لون واپس نہیں کر سکیں گی؟ پر عزم لوگ الگ سے پہچانے جاتے ہیں۔ ہم لوگ ہیں ہم نے پہچاننے کا کام کیا ہے، اسے ثابت کرنے کا کام آپ کا ہے۔"
زہرہ جنید کچھ مطمئن ہو گئیں، کچھ خوش ہو گئیں اور اپنے کاغذات اٹھا کر رقم اپنے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کرا کر گھر لوٹ آئیں۔ سلامہ ارسلان آج گھر میں ہی تھا۔ دونوں بچے اس کے ساتھ کھیلنے میں مصروف تھے۔ عارفہ سلامہ کے امتحانی ٹیبل پر بیٹھی تھیسس کے مشکل سوال سلامہ کی مدد سے حل کر رہی تھی۔ زہرہ کی طرح عارفہ نے بھی میڈیکل ہی جوائن کی تھی۔ وہ انسٹی ٹیوٹ کے بجائے تعلیم کے سلسلے میں سلامہ اور زہرہ سے مدد لیتی تھی۔ کالج کے بعد اس کے اس طرح گھر میں بند رہنے کو اماں سمیت دونوں بہت محسوس کرتے تھے، روکتی تھی۔ "میں مجھے گھر سے باہر جانا اچھا نہیں لگتا تو میں کیا کروں؟"
زہرہ جنید نے ایک بار اپنا دوپٹہ اچھا تو بولی تھی۔
"عائشہ بیگم کو جس طرح راستوں نے کھا لیا ہے، میں ڈرنے لگی ہوں کہ مجھے بھی یہ راستے، یہ منزل کا گمان کہیں نگل نہ لے۔ میں بہت پھونک پھونک کر قدم رکھنے لگی ہوں۔ ہر قدم پہ گمان ہوتا ہے شاید غلط سمت اٹھنے والا قدم ہے۔ مگر پھر آپ کا اعتبار، اماں کا پیار مجھے مضبوط کر دیتا ہے کہ اتنے تلخ تجربے کے باوجود آپ لوگوں نے زندگی کا اور مجھے ایک بار چن لیا۔"
زہرہ کمرے کی دہلیز میں کھڑی ہوئی ابھی تک عارفہ کو دیکھ رہی تھی۔ عائشہ کے جانے سے وہ بہت پژمردہ ہو گئی تھی۔ ہلکی سی آواز سے بھی اس کا سانس اتنا تیز چلنے لگتا تھا، لگتا تھا ابھی دل بند ہو جائے۔

"کیا پڑھا جا رہا ہے؟" انہوں نے حارث کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر سوال کیا اور وہ مسکرانے لگی۔

"کل سے ٹیسٹ کی تیاری کر رہی ہوں ممی اور کیا کروں گی؟ آپ کو پتہ ہے میرے چار سال پہلے ہی ضائع ہو چکے ہیں، اس لئے محنت ڈبل کروں گی تبھی تو لسٹ میں نام آئے گا۔"

زہرہ نے کچھ کہے بغیر اس کے کندھے پر یقین سے یوں ہاتھ رکھا، جیسے کہہ رہی ہوں، مجھے تمہاری صلاحیت پر بہت یقین ہے، جیت تمہاری ہوگی......

حارث پھر سے کتاب کی طرف متوجہ ہو گئی تھی، جب زہرہ نے سلاسر کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔ "سلاسر! مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے۔ پلیز ذرا میرے کمرے میں تو آؤ۔"

بچے اس کے ساتھ اٹھنے لگے تو انہوں نے فوراً منع کیا۔ "نو بیٹا! آپ لوگ پڑھائی کے پاس جائیں گے، مجھے آپ کے ماموں جان سے بہت پرسنل میٹرز ڈسکس کرنا ہیں۔"

بچوں نے برا سا منہ بنایا۔ سلاسر انہیں ہاتھ کے اشارے سے واپس آ کر دوبارہ جوائن ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے باہر نکل گیا، پھر زہرہ کے کمرے میں پہنچا تو زہرہ اپنی چیئر پر بیٹھی ہوئی سوچوں میں غلطاں ہوتی جا رہی تھیں۔

"جی ممی! آپ کیا ڈسکس کرنا چاہتی تھیں؟"

زہرہ جمشید نے دروازہ لاک کر دیا، پھر اس کی طرف دیکھ کر بولیں۔ "تمہارا اردو صحافت کے بارے میں کیا خیال ہے سلاسر؟"

سلاسر ان کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا، پھر آہستگی سے بولا۔ "ظاہر ہے ممی اردو صحافت کے متعلق میری بھی وہی رائے ہے جو سب کی ہے، بہت غلط راستہ ہے، اس پر چلنے والے اخبار کی کے سوا کچھ نہیں اٹھاتے۔"

زہرہ جمشید کی آنکھیں اس پر آ کر بالکل فوکس ہو گئیں، پھر وہ آہستگی سے بولیں۔ "تمہارا کیا خیال ہے، ہمارے ملک میں اردو صحافت کو دو سیٹ میں کتنے اخبار شامل ہیں؟"

سلاسر نے انہیں دیکھا، پھر آہستگی سے بولا۔ "سیدھی سی بات ہے ممی! اچھی صحافت کے تذکرے یا تو ماضی میں ملتے ہیں یا رائٹرز کی کہانیوں میں۔ ورنہ تو جو شخص عقل اور شعور رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ آج کل اخبار یا تو اسٹیبلشمنٹ کے بل پر چلتا ہے یا بیوروکریسی کے کندھوں پر اپنا بوجھ رکھ کر چلنے کی کوشش کرتا ہے۔ اشتہارات، خبروں کا حصول، ہر ایک کی نظر عنایت، یہی پہلی چوائس ہوتی ہیں کسی بھی اخبار کی۔ سو جو ایسے نہیں، وہ اخبار کی اس جنگ سے بچ نہیں پاتے۔ ایک دو کی خبریں اور بہت ساری معمول کے مطابق نہ ہو بھی کرائے پر رہا ہے، اس لئے ٹوٹلی والا کالم صحافت تو آپ کو ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملے گی۔"

زہرہ جمشید کے چہرے سے لگا وہ اس کی قابلیت سے متاثر نہیں ہوئیں کیونکہ ان کا اگلا سوال تھا۔ "سب ہی؟ پھر بھی کچھ اخباروں کے نام صرف اردو صحافت کی شہرت سے جگمگاتے ہیں۔"

ملاسہ نے دو تین نام لیے مگر اب زہرہ جنید اس کے قریب اٹھ کر آ گئی تھیں۔ انہوں نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دی تھیں پھر مسکراتے لہجے میں بولی تھیں۔

"وی آئی" شاید یوسفی صاحب کا انگلش اخبار ہے ناں؟ یہ اس صحافت کا بے تاج بادشاہ ہے۔ ملاسہ! مجھے حیرت ہے، تم نے اس اخبار کا نام نہیں لیا۔ حالانکہ تم تو اس اخبار کے سب کچھ ہو۔"

ملاسہ اور ملالہ نظروں میں جچ گیا تھا۔ وہ اتنی تفصیل سے جاننے کی خواہش سے ہی سمجھ گیا تھا کہ دال میں کچھ کالا ہے۔ مگر یہ ملاسہ اکلوتی سے بھاگتا تو بھری لگ جاتی۔ زہرہ رحمانی ہونے کی ابھی کچھ گنجائش تو باقی تھی...... مگر یہ اس کی سوچ تھی۔ کیونکہ بیس منٹ تک زہرہ نے جس طرح اس کے قلم کو گیلا تھا اور تنقید کا نشانہ بنایا تھا اس نے اس امکان کو قطعی موت دے دی تھی۔ وہ غصے میں بھری ہوئی تھیں اور نئے سرے سے اس کو ہدف تنقید بناتے ہوئے بولی تھیں۔

"ملاسہ اور ملالہ! پہلے میرے کولیگ تمہارے دوست کہتے تھے تم جھوٹے اور لالچی ہو۔ پیسے کے لیے کچھ بھی کر گزرتے ہو۔ تمہارے لیے اصول کا مطلب بے چارگی کی موت ہے...... مگر میں یہ سب سن کر انکار کر دیتی تھی۔ مجھے لگتا تھا تمہیں ماضی کے غم نے پاگل کر دیا ہے۔ اس لیے تمہارے رویے کا ذائقہ بدل اور کڑوا ہو گیا ہے۔ میں سمجھتی تھی تم اونچے ایوانوں میں کامیابی کے جھنڈے لگا رہے ہو تو یہ تمہارے تجربات ہے کیونکہ کلاس میں سے کوئی ہے جو اپنے حصے کو قرض کی کامیابی کی صورت اتار رہا ہے...... مگر کچھ دنوں پہلے مجھے پتہ چلا کہ اونچے ایوانوں میں تمہاری کامیابی صرف تمہاری بلیک میلنگ کی وجہ سے ممکن ہو سکی ہے۔ انہوں نے اب اس کا کندھا تھام کر دیکھتے ہوئے کہا تھا۔ "ملاسہ! تم نے اس کے کام سے بچنے والے لیڈرز سپتال کی زمین بھی دھونس اور بلیک میلنگ سے حاصل کی ہے ناں؟"

ملاسہ نے شفاف آنکھوں سے انہیں دیکھا تھا، پھر بولا تھا۔ "آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ آپ کے پاس زمین کے قطعی ثبوت اور اصل کاغذات ہیں۔ پھر! آپ خواہ مخواہ مجھ پر شک کر رہی ہیں۔"

زہرہ جنید نے اب میز پر رکھی فائل اٹھائی تھی، پھر غصے سے بولی تھیں۔ "یہ فائل دیکھو، پورے پانچ کروڑ کا نوٹس مجھے دیا گیا ہے، کیونکہ میں ذاتی اسپتال بنا رہی ہوں۔ تم اندازہ کر سکتے ہو ناں ایک ایسا ہسپتال، جو بھی بنیادیں بنا رہا ہے، اس پر پانچ کروڑ...... رفیع عثمانی کہتے ہیں، حکومت اور صنعت کار برادری کا ان پر پریشر ہے کہ اس کام میں مجھے مدد نہیں دی جائے۔ مگر مجھے لگتا ہے یہ پریشر صرف تمہارے سے سوچ کا ہے ناں؟"

"مگر یہ بھی تو آپ کا کیا جاتا ہے، ہو! آپ آرام کریں ناں، گتھیاں کیوں گن رہی ہیں؟"

زہرہ جنید کہتے میں نچنی رہ گئیں۔ پھر بہت مجبورانے والے لہجے میں بولیں۔ "میرا مقصد کتنا نیک تھا ملاسہ! لیکن تم نے اسے رسوائی سے آلودہ کر دیا۔ میری زندگی کتنی شفاف اور صاف ستھری تھی، میں شارٹ

کتنا ہی وقت لگے میری زندگی میں...... میں نے محنت سے جان تک نہیں بچائی، کبھی پیچھے نہیں ہٹی۔ جنید کے معاملات میں بھی میں نے سچائی کا ساتھ دیا۔ سٹارٹ کٹ یہاں نہیں تھی جہاں لگایا تاکہ سارا سرمایہ ختم جانے کا کہ لیتے، کبھی مجھے میری بے زبانی کا طعنہ دے کر اپنے سوا اپنے عزیزوں کے لئے میں نے اپنے رشتوں کو ان کی راہ کہا ہے مگر۔ ماما ابھی نے...... تم نے میری ساری محنت یا کر دی، یا کاروبار حرام نہیں تھا، پھر تمہارے واحد نے نام رزق کیسے قبول کر لیا؟...... کیسے؟" وہ منہ چھپا کر رونے لگی تھیں۔

ماما سکتے کی کیفیت میں انہیں دیکھ رہا تھا جیسے اس لمحے اگر وہ انہیں تسلی دیتا تو ان کا دل پھٹ کر رہ جاتا۔ سر جھکائے ان کے کمرے سے نکلتا چلا گیا تھا۔

زہرہ جنید جو کہہ رہی تھیں وہ جھوٹ نہیں تھا۔ لیکن یہ ان کی کسی رہائش کی وجہ سے جاری کیا گیا تھا، یہ بھی غلط تھا۔

وہ قرار پا بے شک اپنا اتنا غیر حاضر جیسوں سے دور رہا تھا، جب ماں اپنے بیٹوں سے بیگانہ ہو کے واپس اپنی دکھائی دیں۔

"کہاں جا رہے ہو بیٹے؟"

وہی شفیق لہجہ پکڑنے سے روکا۔ کیونکہ کبھی اسی لہجے میں انہوں نے شہریار کو بھی مخاطب کیا تھا۔ بلکہ ابھی حال ہی میں وہ ان کی زندگی میں پھر کسی دفادار کی طرح وہ ماں کی دعا کیں جب سے ملنی شروع ہوگئی تھیں، اسے لگنے لگا تھا جیسے وہ ماں کی دعاؤں اور محبتوں سے اپنا حصہ پا کر اس گھر میں آگیا ہے۔ اس گھر میں جس کے راستوں پر دروازے بند کر چکا تھا۔

❀❀❀

طلعت جہاں اس وقت بے حد غصے میں ٹہل رہی تھیں۔ ان کی خاص خادمہ بھی انہیں دیکھ رہی تھی۔ "لیکن کب تک یا اختیار جلتے رہیں گی بیگم صاحبہ" "کیا ہو گیا ہے؟ انہیں اتنا غصہ کس بات پر آ رہا ہے؟" طلعت جہاں نے چونک کر یوں دیکھا جیسے وہ ابھی تک خود کو تنہا محسوس کر رہی تھیں اور کسی کی آواز سن کر اب ہوش میں آئی ہوں۔ انہیں کچھ اندازہ تھا مگر جو بات ان کے دل میں چل رہی تھی وہ بات سامنے والی عورت کے حوالے نہیں کر سکتی تھیں۔ یہ بات جیسے ان کی سب سے لاڈلی اولاد کی طرح تھی، جسے وہ کسی اور کو دینا نہیں چاہتی تھیں۔ سو وہ اسے دل سے لگائے اپنے مخصوص تخت پر آ کر بیٹھ گئی تھیں۔ کچن کے ہاتھ سے بنی گلوری لے کر منہ میں دبانے سوچنے لگی تھیں۔

"اے بے، وہ ماں جی زلیخا کا کیا حال ہے؟ مجھے تو دوبارہ پوچھنا یاد ہی نہیں رہا۔"

گل ن نے تاسف سے سطوت جہاں کی طرف دیکھا، پھر آہستگی سے بولی۔ "بہت برے حالوں میں ہے نشل۔ وہ ڈاکٹر ایک طرح سے جواب ہی دے چکے ہیں۔ وہ شفور سے کہتی ہے وہ گھر آنا چاہتی ہے۔ مگر سوچتی ہوں وہی ونی بدی واہیات بیماری ہے نشل اپنا ہے تو پرائے اپنے بھی قریب نہیں پھٹکتے۔ اس لئے شفور نے کو کہہ دیا ہے اس کی مشکل آسان ہو جائے تو وہیں کہیں دفنا دینا۔ لاش تک کو بھی لانے کی ضرورت نہیں ہے اس کی۔"

سطوت جہاں نے خاص لاڈ کی نظر سے اسے دیکھا، جیسے وہ اس کے فیصلے سے خوش ہوئی ہوں۔ دونوں کے درمیان باتوں کی چھکا چیک چلنے لگی تھی۔ جاناں بھی باہر سے آ کر ان کی باتوں میں شامل ہو گئی تھی مگر اس کا دھیان بار بار زلفی مائی کی باتوں میں اٹک رہا تھا۔

"آنکھیں کھول کر رکھنا کہ وہ تو بہت ماری ہے۔ مجھے نہیں پتہ، اپنا کتنی چالتر ہے۔ سنبھل کے چل۔ کسی کی بات کا بچے منہ سے کہہ کا پٹی بات کو دھوکا مت دے۔ کسی کی سوچی ہوئی بات کو اپنے دماغ میں پکا پکا کر اس کا زہر دوسرے کے حلق میں مت ڈال۔ بہاندی بے جگہ ہے ہو تو نیا ہو نہیں بکھرے۔"

یہ باتیں اس وقت ہوئی تھیں، جب وہ زلفی اماں کو دیکھنے گئی تھی۔ شفور اس کے پاس بیٹھا کھڑا تھا، آ کھ ہی نہیں رہا تھا۔ پھر وہ کہیں لینے کی بات آ گئی تب وہ اٹھا تھا۔ شفور کے اٹھتے ہی زلفی اماں جو بالا ہو کر کے مری جا رہی تھی، اس نے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا۔ پھر جو کچھ مختصر کیا تھا وہ اسے حیران کرنے کے لئے کافی تھا۔ یقیناً وہ دکھ کو وہ کاروبار کرتے تھے۔ پھر کون ہے جوان جیسے زہر کی بارود کو چھٹ دے جائے۔ ایک دل آ رہا تھا، سطوت جہاں سے ان لفظوں کا ماخذ پوچھے لگر زلفی اماں جس طرح زر زر کے بولی تھی، اس کی وجہ سے اس نے اپنا ارادہ ترک کر دیا تھا۔ وہ مجھ رہی تو ٹھٹھی رہی، پھر ایک تازہ چیک ان کی طرف بڑھا کر بولی۔

"یہ مسٹر مرزا کی محبت کی پہلی قسط ہے ماں! ایسے بہت سے چیک آپ کے ہاتھوں میں آنے کے لئے اس کی جیب میں تڑپ رہے ہیں۔"

سطوت جہاں مسکرانے لگیں۔ وہ اندر کی طرف بڑھتی چلی گئی تو گل ن نے انہیں آنکھ مار کر کہا "تو بڑی سیانی نکلی نشل۔ اللہ جنگ کی یہ چھتری اپر سنی ہے تجھے یہ بچھا لگا ہے تجھے۔"

سطوت جہاں نے مسکرا کر اسے دیکھا، مگر ان کا دماغ ابھی پہلی بات ہی میں اٹکا ہوا تھا۔ وہ تیزی سے سوچ رہی تھیں کہ اس بات کو برف تلا کی طرح کیسے چھپایا جا سکتا ہے۔ مگر بات پوری سچائی کے ساتھ ان کے سامنے دھری ہوئی تھی۔

❀❀❀

ماما اس وقت کچن میں کھڑی ہوئی کل سے کئی پہلے ناشتہ بنانے کی تیاریوں میں لگی ہوئی تھیں کہ یکدم کچن کا دروازہ کھلا۔ مسز عبدالرحمٰن کی آنکھ کھل گئی۔ وہ پہلے آ گئی تھی اور وہ انہیں کمرے میں نہ پا کر انہیں ڈھونڈتے ہوئے کچن تک چلے آئے تھے۔

آپ خیریت ہے آج کچن میں؟ اور وہ بھی اس وقت؟"

"وہ میں شہری کے لیے ناشتہ بنا رہی تھی۔"

"کیا کہا آپ نے کس کے لیے ناشتہ بنا رہی تھیں؟" مسز عبدالرحمٰن کا چونکنا جائز تھا وہ بوکھلا گئیں مگر سنبھالا لے گئی تھیں۔

"کیوں، میں کیا شہری کے لیے ناشتہ نہیں بنا سکتی؟" وہ مسکرا کر بولیں۔ "آپ تو ایسے کہہ رہے ہیں جیسے وہ میری اولاد ہی نہ ہو۔"

"بیگم آج سورج کس سمت سے نکلا تھا بیگم! مجھے یقین نہیں آ رہا کہ میں دن میں خواب دیکھ رہا ہوں جو آپ کہہ رہی ہیں۔ چٹکی کاٹو یہ خواب ہے تب بھی میں چاہوں گا کہ میری آنکھ کبھی نہ کھلے۔"

"رحمٰن صاحب! آپ بھی نا....." ماما نے ناشتہ سے منہ رکھا تھا پھر رات کی اس کی بے احتیاطی اور ساری رات کی طبیعت کی خرابی کی تفصیل بتانے لگی تھیں۔ پاپا الٹے قدموں ہی لوٹ گئے تھے۔ ماما اس کے لیے گرم چینی والی چائے اور براؤن بریڈ کا ناشتہ لے کر جا رہی تھیں۔ مسز عبدالرحمٰن کا زندگی بھی تقریباً اس سے ملتا جلتا تھا۔ وہ ڈے کے لیے باہر نکلیں۔ گول کوریڈور میں سے گزرتے ہوئے لاک سے واپس آتے ہوئے جازی پر نظر پڑی تو انہوں نے اسے روک کر کہا۔

"جازی! یہ ٹرے شہریار کے روم میں لے کر چلو۔"

جازی کسمسا کر بچنا چاہتا تھا مگر جانتا تھا ماما کو منع کرنا مشکل ہے۔ اس لیے سر جھکائے وہ شہریار کے کمرے کی طرف بڑھ گیا، جہاں کبھی نہ آنے کی قسم کھائی تھی۔ حالانکہ کل کافی رات تک وہ اس کی بد احتیاطی کی وجہ سے پریشان بھی رہا تھا۔ لیکن غصہ اپنی جگہ گرم کی جو محبت دل میں گھر کر گئی تھی وہ ایک دم سے دل سے نکالا نہیں جا سکتی تھی۔ اس نے دروازہ ناک کیا۔ پاپا صوفے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اس نے ٹرے میز پر رکھ دی تھی۔ ماما نے ٹرے سے مسز عبدالرحمٰن کو دیکھا تھا۔

"آپ نے ابھی تک اسے اٹھایا نہیں۔"
مسز عبدالرحمن نے الوہی مسکراہٹ سے انہیں دیکھ کر کہا۔ "نہیں عالیہ! میرا دل نہیں چاہا کہ میں اس کی اتنی پیاری نیند خراب کروں سارا دن اور پھر آنکھ کھلتے ہی یہ پوچھتا ہے کہ ممی کہاں رہ گئی؟ اٹھے گا اور بس لگ جائے گا۔ یعنی میں اسے اپنی پرواہ کب دیکھتی ہے؟"
جازی عبدالرحمن کی باتیں تعریفوں کے پل کے دنوں میں شہریار کی بات کو ہنس کر ٹالنا عجیب سا لگا۔ معلوم نہ ہوا تھی۔ وہ ان کے دروازے کی طرف قدم بڑھا رہے تھے جیسا کہ ممی کوئی اہل ممکن ہماری نکل جائے۔
ممی، مما نے جسٹ سوچا پاس کا بیان! کام بتاتے ہوئے جازی کہا تھا۔
"جازی بھائی کو اٹھاؤ۔" جازی عبدالرحمن نے مسکراتے ہوئے بابا اور دروازے سے لوٹ کر شہریار کے بیڈ کے قریب آ گیا۔ ویسے اسے حیرت ہو رہی تھی کہ شہریار نیند کا جیسا ہوشیار تھا اتنی بات چیت کے باوجود ابھی تک کیوں نہیں کسمسایا تھا۔
"شہری بھائی! اٹھیں۔ مما ناشتے پر بلا رہی ہیں۔" اس نے نہایت بلند سے اس کا شانہ ہلایا۔ سر سے لے کر پیر تک ایک سنسنی سی تھی جو پھیلتی چلی گئی تھی۔
"شہری بھائی!..... شہریار بھائی!" اس بار اس نے گھبرا کر بہت سختی سے اس کا شانہ پکڑ کر ہلایا۔ اس کی گرفت اتنی سخت تھی کہ شہریار نے کسمسا کر آنکھیں کھول دی تھیں۔ اسے اپنی خود ... پہلے کی حرکت پر ہنسی آنے لگی تھی۔
"کیا ہے؟" شہریار نے غنودگی بھرے لہجے میں پوچھا۔
"مما..... ناشتہ....." اس نے مختصر سمجھایا۔
شہریار اب بھی نیند کے خمار سے نہیں نکلا تھا اتنی گہری نیند شاید ہی وہ کبھی سویا ہوگا۔ مما اس کی طرف سے جواب نہ پا کر اب خود اس کے قریب آ گئی تھیں۔
"اٹھو شہریار! ناشتہ نہیں کرنا ہے کیا؟ دیکھو، ساڑھے آٹھ بج رہے ہیں۔"
شہریار نے بند آنکھیں پھر سے کھول کر مما کو دیکھا۔ کل رات کی بات جیسے اس کے دماغ میں خواب کی طرح محفوظ ہو گئی تھی۔ وہ اس وقت حیرت سے مما کو گھور رہا تھا۔

AANCHAL.COM.PK

"ماما! آپ......؟"

"ناشتہ ٹھہریار! چلو جلدی سے منہ ہاتھ دھو کر آؤ ورنہ چائے ٹھنڈی ہو جائے گی۔" قریب ہی سے پاپا نے اپنے کپ میں چائے انڈیلی تھی۔

ایک نظر ماما کو دیکھ کر دوسری نظر پاپا پر جا کر ٹک گئی تھی۔ جازی عبدالرحمن! بالکل کھڑا تھا۔ حالانکہ وہ فوری طور پر جانا چاہتا تھا۔ جانے کس بات نے اس کے قدم روک لیے۔ کیا وہ ان کی خیر، بہت فرسٹ رپورٹ لینا چاہتا تھا؟ اس نے دل سے سوال کیا، جواب ندارد پایا۔ اس نے اب بھی اٹھنے کی کوشش نہیں کی تھی۔

"ماما! آفس میں آج نہیں جا سکوں گا شاید۔"

"کون کہہ رہا ہے دفتر جاؤ۔ بیٹھو ناشتہ کر لو بیٹا!"

جازی کے دل میں پھر سے ہلچل ہونے لگی تھی۔ کیا محبت زیادہ شاداب ہے؟ وہ پوچھنا چاہتا تھا جبکہ ٹھہریار پاپا کے سامنے رکھے دوسرے صوفے پر بیٹھ گیا تھا۔ پاپا نے بہت سے اس کی حرکت دیکھی تھی مگر ٹھہریار نے محبت کا اظہار کرنے کی کبھی ضرورت نہیں محسوس کیا تھا۔ وہ بچپن ہی سے ماما کا سہارا لے کر اٹھا تھا۔ اسے اپنے استعجاب پر بہت ہنسی آ رہی تھی۔ وہ جب آیا تھا تو اس سے بھی زیادہ بری حالت کے باوجود دوسرے دن دفتر کا قصد کرتا تھا اور آج صبح ہی سے نیم طبیعت کی خرابی پر اس کا جسم اس کا ساتھ نہیں دے پا رہا تھا۔

"محبت طاقت ہوتی ہے یا کمزوری؟" دل نے سوچا اور کہیں اندر سے جواب دیا۔

"تپتے ہوئے پیاسوں کو بوند بھی مل جائے تو اس سیرابی کے جھونکے سے بھی ان کی سانس اکھڑ جاتی ہے۔"

"کیا ہو گیا ہے بیٹا! آپ اتنے کمزور تو پہلے کبھی نہیں تھے۔" ماما کی بھی اس کے ان دو بے سے رنجیدہ ہونے لگی تھی۔

اس نے ٹوک کر کہا۔ بہت کو ٹھہریار نام بھی آتی۔ ہر حالت میں نہیں ہو گا مگر صاحب نے ساتھ ہی نہیں دیا تھا۔ پاپا ایک دم گھبرا کر اس کے قریب آ گئے تھے۔

"جازی! بھائی کا ناشتہ یہیں لے آؤ۔"

ماما نے اور حکم دیا۔ وہ جھنجلا کر چلا ہے لے۔ ماما ایک دم چلا اٹھیں۔ پاپا اور ماما نے ایک ساتھ ناشتہ کیا تھا۔ بلکہ آج انہوں نے کم کھایا تھا، اسے زیادہ کھلایا تھا۔ اس نے لاکھ انکار کیا مگر ایک نہیں مانی گئی۔ جازی

نے پہلے کے مقابلے میں چہرے پر رونق دیکھی تو فوراً اٹھ کر چلا گیا۔ ماں نے اس کی پشت کو دیکھا اور سوچا۔

جاذب! کیوں تم اتنے ظالم ہو۔ دل کبھی کبھی یہ نہیں پاتے کہ تمہیں میری پروا ہے۔ میری تکلیف سے تمہاری سانس رکنے لگتی ہے۔ مگر چند لمحوں پر محبت نے کھونے میں فخر کا مزہ کیوں کھاتے۔ جب تک محبت کھو نہ دو تب تم ہمیں احساس ہی نہیں ہوتا کہ تم کس سے محبت کرتے تھے۔ وہ پھیکی سی ہنسی ہنس دیا۔ ماما نے ملازم کو اشارہ کام سے کیک کاٹنے کے لیے ڈرائنگ روم لے جانے کا حکم دیا پھر زری سے بولی تھیں۔

"تم نہا دھو کر فریش ہو جاؤ تو میں تمہیں ڈاکٹر عمرانی کے کلینک پر لے جاؤں گی۔"

"آپ مجھے کلینک لے جائیں گی؟" وہ ہنس دیا۔

ماما نے منہ بنایا۔ "کیوں، میں ایسا کیوں نہیں کر سکتی؟ کیا میں بری ڈرائیور ہوں؟"

اس نے نفی میں سر ہلایا پھر مسکرا کر بولا۔

"مجھے آپ کی ٹینشن پر ہنسی آ رہی ہے ماما!" کچھ دیر کو رکا، پھر آہستگی سے بولا۔ "میں نے کل رات آپ کو بہت پریشان کیا آپ کو محسوس ہوا ہوگا جیسے بچپن سے لے کر اب تک کی ساری کسر نے کی حسرت نکال لی میں نے۔"

ماما کچھ نہیں بولی تھیں۔ اس کا گال تھپتھپا کر باہر چلی گئی تھیں۔ ان کے جاتے ہی اس نے موبائل کی طرف نظر کی تھی۔ موبائل آف کر رکھا تھا اس نے موبائل آن کیا تب پھر بھی موبائل میں زندگی نہیں دوڑی۔ کل ہاتھ سے چھوٹ کر موبائل ماربل کے فرش پر اس کی طرح بہت زور سے گرا تھا۔ شاید بیٹری نکل گئی ہوگی۔ اس نے کھولنے کے لیے سوچا تھا پھر بیڈ سے پیر اتارے ہی تھے کہ یکدم اس کے کمرے کا ٹیلیفون بجنے لگا۔

"صبح ہی صبح کون ہے؟" آج وہ بالکل آرام کرنے کے موڈ میں تھا۔ فون اٹھانا مجبوری تھی۔ دوسری طرف حافظ کی آواز سن کر اس کے اندر ٹھنڈے میٹھے احساس نے جنم لیا۔

"تم...... خیریت! رات کو سو بھی نہیں سکا تھا ٹیلی فون پر جھانکتا رہا تھا؟" وہ اٹھتے اٹھتے پھر لیٹ گیا تھا۔ دوسری طرف حافظ بیگ گرا رہا تھا۔

"کیا ہے یار تیرے موبائل کو کیا ہوا ہے؟ کل کئی دفعہ تجھے کال کر رہا ہوں، پہلے بیل جا رہی تھی پھر پاور آف کر دیا۔ تجھے پتہ نہیں ہے، میں نے رات کتنی پریشانی میں گزاری۔ تو نے ایسا کیا کیا تھا؟"

اس نے ریسیور کان سے لگا کر اس کی ساری بیزاری اپنے دل میں اتاری پھر نرمی سے بولا۔ "تھوڑی سی طبیعت خراب ہوگئی تھی۔"

"تھوڑی سی طبیعت...... کیوں، کیا ہوا تھا؟" وہ تفصیل لینے لگا اس نے کل کی تفصیل بتائی تو اس نے سر پیٹ لیا۔ "احمق اعظم! کیوں اپنے دشمن بنے ہوئے ہو؟" لمحہ بھر کو رکا، پھر تحکم سے بولا۔ "آج ہی فرصت میں انکل صمدانی کے کلینک جاؤ۔ مجھے آنا ہو تو تھوڑا وقت لگ رہا ہے۔ اگر نہیں گئے تو شام کی فلائٹ سے کراچی آرہا ہوں میں۔"

شہریار نے فوراً سے ٹوک دیا۔ "تم ادھر کراچی مت آنا۔ میں ڈاکٹر صمدانی کی ڈیوٹی بجالوں گا۔"

حافظ بیگ نے قہقہہ لگایا پھر خفگی سے بولا۔ "بہت بری بات ہے شہری! ولایت کی آمد پر ایسا رسپونس۔ یہ تو وہی بات ہوگئی کہ شرارتی بچہ کراچی بھیجا گیا اور خط آنے پر جواب لکھا گیا۔ "آپ کا بیٹا اب کراچی بھیج دیں، ہم آپ کا بچہ واپس ڈی پورٹ کر رہے ہیں۔" یعنی بالکل ہی لاحول ولاقوۃ۔"

شہریار نے زور سے قہقہہ لگایا مگر اس قہقہے ہی میں وہ برہم ہوگیا۔ کتنی ساعتوں تک اس سے کچھ بولا ہی نہیں گیا۔ دوسری طرف حافظ کی پریشانی شہریار محسوس کر سکتا تھا۔ اس نے نرمی سے کہا۔

"میں تمہیں خود فون کرتا ہوں، اس وقت ماما میرا انتظار کر رہی ہیں حافظ!"

حافظ بیگ رابطہ منقطع نہیں کرنا چاہتا تھا مگر اس کے جھجکنے کی وجہ سے اسے رابطہ منقطع کرنا پڑا۔

وہ فون رکھ کر بستر پر لیٹنے کو تیار تھا۔ یہ وہ بات تھی، بہت ہمت مجتمع کر کے اس نے یہ کام کیا تھا۔ سوچ کر سے بدل کر باہر آیا تو چولہے پسینے میں شرابور تھا۔

"چلو شہریار! لگتا ہے والدہ کی تمنی شروع ہوگئی ہے خطرے کی گھنٹیاں بہت تیز تیز بجنے لگی ہیں۔" اس نے مسکراتے ہوئے ڈریسنگ ٹیبل کے آئینے میں خود کو دیکھا تھا پھر موبائل جیب میں ڈال کر والٹ اٹھائے وہ ڈرائنگ روم میں آیا تھا۔ دروازے سے داخل ہوتے ہی سب سے پہلی نظر دانیہ پر پڑی تھی۔ شاید ماما نے اس کی طبیعت کی بابت اسے بریف کیا تھا، کیونکہ اس کا چہرہ بجھا بجھا اترا ہوا تھا۔

"چلیے ماما! میں تیار ہوں۔" اس نے دروازے کو تھام رکھا تھا۔ وہ اب بھی سینے میں بہت تیزی سے دھڑک رہا تھا جیسے کوئی شوریدہ سمندر کہ سب بہالے جائے مگر اس نے استقامت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا تھا۔ ماما اور وہ پچھلی سیٹ پر بیٹھے تھے۔ دانیہ اگلی سیٹ پر بیٹھی تھی۔ جازی کے برخلاف شہریار کی طبیعت کا سکون کراچی کا پورا گھر سے نکل ہی نہیں سکا تھا۔ اس وقت بھی وہ سامنے کے مرر میں اس کے چہرے کا جائزہ لے رہی تھی۔ شہریار اس کی نظروں کے حصار سے واقف نہیں تھا لیکن اس وقت وہ کوئی رد عمل دینے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔

وہ کلینک میں آ چکے تھے مگر ڈاکٹر سمدانی ابھی تک نہیں آئے تھے۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد ان کی کار باہر آ کر رکی تو ولیہ تیزی سے باہر نکلی تھی۔

"خیریت ہے ولیہ؟" ڈاکٹر سمدانی نے اس کی شکل دیکھتے ہی سوال کیا اور وہ مدھم لہجے میں بولی۔

"بھائی...... مجھے بھائی کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی ہے انکل!"

ڈاکٹر سمدانی نے اپنے کمرے میں جاتے ہی سب سے پہلے اسے بلایا تھا۔ پھر اس کا مکمل چیک اپ کرنے کے لیے انہوں نے ولیہ اور ماما کو باہر رکنے کا اشارہ کیا تھا۔ کچھ دیر بعد وہ بولے۔

"آپ کیا مزے سے بے احتیاطی بیٹھا ایسے ہی ڈکٹیٹ کر رہے ہیں۔" وہ کچھ نہیں بولا اور وہ اس کے سر پر کھڑے ہو کر بولے۔ "کل ایک وزٹ میں میری ڈاکٹر نواز سے بات ہوئی تھی۔ وہ کسی مریض کا کیس تجربے کی بنیاد پر میری رائے لینے کے لیے بیان کر رہے تھے۔ ان کا خیال تھا مریض کی عمر اتنی نہیں ہے لیکن اندرونی طور پر وہ بہت تیزی سے ختم ہو رہا ہے۔ اس کا واحد حل آپریشن تجویز کیا گیا ہے۔ مگر مریض اتنا مصروف ہے کہ وہ آپریشن کے لیے بھی ٹائم نہیں نکال سکتا۔ سو وہ مجھ سے کہا تھی دواؤں کے متعلق میرا کل بحث کر رہے تھے کہ اس کیس کو کس کی فرصت تک سنبھالا جا سکے۔"

شہریار محمود نے انہیں دیکھا تھا۔ پھر اس کے چہرے پر ناپسندیدگی اتر آئی۔ "ڈاکٹر نواز نے ڈاکٹری اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ یہ بہت بری مثال ہے کہ ایک مریض کا کیس کسی وزٹ میں ڈسکس کیا جائے۔"

ڈاکٹر سمدانی نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ پھر دلسوزی سے بولے۔ "اس کا مطلب ہے میرا شک درست نکلا۔ تمہیں آپریشن ہی تجویز کیا گیا ہے۔"

وہ اس اچانک حملے سے گڑبڑا گیا تھا۔ "کیا ڈاکٹر نے بیپ کیا گیا ہے؟" اس نے سوچا اور وہ اس کے سامنے کرسی پر بیٹھ گئے۔ پھر نرمی سے بولے۔

"پچھلی دفعہ جب تم ہاسپٹل آئے تھے تمہارے والٹ سے کچھ کاغذات نکلے، جن میں صرف دواؤں کے نام تھے تمہارا نام نہیں لکھا تھا۔ شاید یہ تمہاری احتیاط پسندی کی وجہ سے تھا۔ ورنہ دواؤں کے ساتھ ہمیشہ مریض کا نام اور عمر ضرور درج کی جاتی ہے۔ ان پرچیوں میں لکھی ہوئی کچھ دوائیں ڈاکٹر نواز کے کلینک کی تھیں اور کچھ باہر کی لکھی گئی تھیں۔ وہ نسخہ جات تمہاری فیملی سے جان پہچان کی وجہ سے ڈاکٹر سہیل نے بھیجے تھے۔ ڈاکٹر نواز کے دستخط کے ساتھ دواؤں کی بائی پوسٹ بتاتی تھی کہ معاملات بہت گڑبڑ ہیں۔ مجھے شک ہوا تھا اس لیے تم سے دواؤں کے نام اگلوانے کے لیے میں نے سخت جان ماری کی تھی۔ مگر تم نے اس دن بھی ٹھیک دواؤں کے نام نہیں بتائے تھے۔ دو تین گولیوں کے نام چھپا گئے تھے۔ جانتے تھے مجھے معلوم ہونے کی صورت میں کیس ہسٹری کی جڑ تک چلا جاؤں گا اور تمہارے لیے بہت پرابلم کریئیٹ ہو جائے گی۔ وہ تو تمہاری قسمت تم سے زیادہ اچھی ہے کہ ساری عاقبت نااندیشی کے باوجود تم مرے نہیں۔"

کچھ لمحوں کے لئے انہوں نے سانس لیا، پھر اسی غصے سے بولے۔ "پہلے بھی تمہاری جو حالت تھی وہ صرف انجائنا تک محدود نہیں رہ رہی تھی مجھے لگ رہا تھا کچھ نہیں ہو رہا ہے اور اب دیکھا وہ کچھ نہیں ہوا کیسے پھر سے ابھر کر سامنے آ گیا ہے۔"

وہ خاموش ہو کر اس سے طبیعت کی تفصیل لینے لگے۔ پورا قصہ سنتے سنتے ان کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا تھا۔ پھر جب وہ اپنی بے ہوشی کے معاملے پر پہنچا تو انہوں نے گھور کر اسے دیکھا تھا۔

"کیا ہوا؟ آپ گھبرا کیوں رہے ہیں؟"

ڈاکٹر ہمدانی نے اسٹیتھو اسکوپ اٹھایا اور اس کا بلڈ پریشر چیک کرنے لگے۔ اس سے فارغ ہو کر اس کی نبض کا اتار چڑھاؤ دیکھنے لگے۔ اس کام سے فارغ ہوئے تو ان کی پوری توجہ اس کی طرف ہی تھی۔ آنکھوں میں بے طرح غصہ تھا۔

"پلیز انکل! آپ کس بات پر غصہ کر رہے ہیں مجھے بتائیں گے؟"

انہوں نے ایک لمحے کے لئے اس کی طرف دیکھا تھا اور بولے تھے۔ "تمہارا بلڈ پریشر جس خطرے کی طرف اشارہ کر رہا ہے تم جانتے بھی ہو وہ کیا بات ہے؟"

"آپ بتائیے، میں سننے کے لئے تیار ہوں۔" اس نے نرمی سے پوچھا۔

وہ مرے ہوئے لہجے میں بولے۔ "تم جیسے بلڈ پریشر کا شکار کیا جاتا مجھ سے بے خبری، وہ ایک بہت ہی مائلڈ اٹیک تھا۔"

"مائلڈ اٹیک..... لیکن انکل! میں نے تو سنا ہے پہلا اٹیک بھی مائلڈ اٹیک نہیں ہوتا۔"

"ہاں عموماً ایسا ہی ہوتا ہے۔ لیکن تمہارے کیس میں یہ نئی دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر چہ اٹیک بہت معمولی سا ہوا اور اس کی وجہ سے دل اپنی کارکردگی میں تھوڑا سا تعطل لے لیتا ہے تو بے ہوشی فطری بات ہے۔ لیکن آٹو کریکشن کے طور پر اگر دل بیشتر کے ذریعے اس تعطل کی رکاوٹ کو دور کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اٹیک کی بے ہوشی کسی طبی امداد کے بغیر خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن تم سمجھ سکتے ہو کسی بڑے اٹیک سے پہلے جس طرح چھوٹے چھوٹے اٹیک آتے ہیں یہ بھی انہی میں سے ایک تھا۔ تمہیں معلوم ہے ہارٹ اٹیک کب اور کیسے ہو جائے، کیا پتہ کوئی نہیں کہہ سکتا۔ شہریار! اگر اب بھی تم نہیں سنبھلے تو آئندہ آنے والا اٹیک صرف چند سیکنڈ میں تمہاری زندگی کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ تم مجھ سے وعدہ کرو اس بات کا......"

AANCHAL.COM.PK

شہریار نے آہستگی سے جھکا ہوا سر اٹھایا پھر قدرے اعتماد سے بولا۔ "کیا آپ ریٹائرمنٹ کے بعد میری زندگی کی گارنٹی دے سکتے ہیں انکل؟"

"زندگی کی گارنٹی تو شاید کوئی نہیں دے سکتا شہریار!" انہوں نے بے بسی سے اسے دیکھا تو وہ مدھم ہو کر بولا۔

"پھر انکل! زندگی کی گارنٹی جس کے پاس ہے ہمیں اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے نا۔ دیکھئے بہت سے ادھورے کام ہیں میرے، انہیں نمٹائے بغیر میں اس رسک میں نہیں پڑنا چاہتا۔ بس ہو سکے تو مجھے ابھی دعا دیجئے گا مجھے جو میرے کاموں کے پورے ہونے تک میرا ساتھ دے سکیں۔"

"تم آگ سے کھیل رہے ہو شہریار! میں عبدالرحمن سے اس سلسلے میں بات کر لوں گا۔ تمہیں نہیں پتہ تمہاری کنڈیشن عبدالرحمن کے مقابلے میں بھی زیادہ خطرناک ہے اگر بروقت علاج نہ ہوا تو پھر کرتے رہنا کچھ بھی نہیں رہ جائے گا۔" ڈاکٹر صمدانی واپس اپنی کرسی کی طرف بڑھ رہے تھے، تب اس نے ان کا بازو پکڑ لیا تھا۔

"میں نے کبھی کوئی ضد نہیں کی انکل! آپ سے کبھی کوئی فرمائش بھی نہیں کی اس لئے پلیز! زندگی میں پہلی بار آپ سے زبان بندی کا عہد فرمائش کے طور پر مانگ رہا ہوں۔ پرامس، تمام عمر پھر کبھی کوئی فرمائش نہیں کروں گا۔"

"کسی فرمائش کے قابل بچو گے تو کرو گے ناں۔" ڈاکٹر صمدانی نے غصے سے بھنا کر کہا۔

لیکن شہریار ان کی زبان سے سمجھ گیا تھا کہ وہ اب اس بات کا عہد کر چکے ہیں اور عہد میں وہ بھی اسی کی طرح پکے تھے۔ ڈاکٹر صمدانی اس کے لئے نئی بائی پاس کی گولیاں تجویز کر رہے تھے۔ وہ انجکشن بھی بازو میں اتار رہے تھے۔ سو جب دروازہ کھلا تو بابا اور اماں کے چہرے آدھے گھنٹے کی اس جانگسل چیک اپ کی وجہ سے بالکل اتر گئے تھے۔ اب وہ دونوں بھی کمرے میں آ چکی تھیں۔ شوگر میں پہلا نمبر انہی کا تھا اس لئے انہیں تسلی بھی تفصیل سے بات ہو سکی تھی۔ اماں نے تفصیل پوچھی تھی اور ان کی جگہ شہریار نے لیا تھا۔

"کوئی خاص بات نہیں ہے اماں! بس معمولی سی تکلیف تھی۔ شاید مسکولر پین تھا۔ اب برداشت دل کی تکلیف ہی ہو یہ ضروری تو نہیں ہے۔"

انجکشن سے طبیعت میں واقعی بہتری آئی تھی اس لئے وہ بہت فراوانی سے جھوٹ بول رہا تھا۔ ڈاکٹر صمدانی صرف اس کی ہاں میں ہاں ملا رہے تھے۔ ایک فرضی نسخہ بھی لکھا گیا تھا جو اماں نے لے کر بیگ میں رکھ لیا تھا۔ پہلا نسخہ وہ کوٹ کی جیب میں دروازہ کھلنے سے پہلے ہی رکھ چکا تھا اس لئے گھر آ کر طبیعت بہت حد تک معمول کے مطابق تھی۔

"ماما! میں آفس جا رہا ہوں۔"

"پاگل ہو گئے ہو، صمدانی بھائی نے ریسٹ کا کہا ہے بیٹا!"

"نہیں ماما! اب طبیعت بہتر ہے، اس لیے میرا نہیں خیال، مجھے گھر میں رک کر آرام کرنا چاہیے۔" وہ کہتا ہوا باہر نکلا۔ ڈرائیور نے ساتھ چلنے کی فرمائش کی مگر اس نے ہمیشہ کی طرح ساتھ لینے سے انکار کر دیا تھا۔ پھر وہ آفس میں آ کر بیٹھا ہی تھا کہ ایک بہت غیر متوقع شخص اس کے آفس میں جبران کے منع کرنے کے باوجود اندر گھس آیا تھا۔ اس نے آتے ہی بے طرح مخاطب کیا تھا۔

"تم......" اس نے بہت مدھم سا پوچھا اور اس کی جگہ جبران منمنایا۔

"میرے منع کرنے کے باوجود آ گئے ہیں، اس میں میری کوئی غلطی......"

اس نے ہاتھ کے اشارے سے جبران کو روکا، پھر نرمی سے بولا۔ "اٹس او کے، یہ میرے بہت اچھے دوست ہیں، آپ باہر جاؤ، ان کے لیے اچھی سی کافی بھجواؤ۔"

"میں کوئی نہیں پیتا۔" اس نے اسی روڈ سے لہجے میں کہا۔

جبران نے اس کی طرف دیکھا۔ "آ جاؤں یا نہیں آؤں؟" کا سوال اچھالا تو اس نے ہاتھ کے اشارے سے جبران کو جانے کا اشارہ کیا۔ جبران کے جاتے ہی وہ مدھم سی نرمی سے بولا۔

"تم اپنے غصیلے پن میں کبھی نہیں بدلے۔ ہمارے گروپ کے سب سے معاملہ فہم انسان تھے۔ مگر آج اتنے بہت کے......"

وہ اسی طرح کینہ توز نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔ کبھی تم آنے کا جوابی طعنہ کیوں نہیں کر سکا تھا۔

شہریار نے اس کا چہرہ دیکھا، پھر اپنی کرسی سے اٹھ کر اس کے قریب چلا آیا، اسے کندھوں سے تھام کر بولا۔ "پہلے بیٹھو تو۔ کھالو، تحمل آرام سے بیٹھ جاؤ۔ اتنے سالوں بعد میں تمہیں اپنے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ مجھے جی بھر کر دیکھنے تو دو۔"

وہ اسے اجنبی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ جیسے بیٹھ چکا تھا۔ کافی دیر لگی تھی اسے اپنے غصے کو گراف نیچے لانے میں۔ پھر وہ جتاتے لہجے میں بولا تھا۔

"تم زبیر مجھ سے ایک ہفتہ پہلے ملے تھے؟"

شہریار نے سر ہلایا۔ یعنی پول کھل گیا۔ تو ارادتاً نہیں تھا۔ سامیہ نے آہستگی سے اثبات میں سر ہلا کر کہا تھا۔

"ہاں، یہ ٹھیک ہے، میں زہرہ جبیں سے اس مہینے کافی مرتبہ ملا ہوں۔ لیکن یہ قطعی ان کے پاگل کے کام میں ان کا ہاتھ بٹانے کی نیت سے تھا۔ تم بتاؤ تمہیں کس بات پر غصہ آیا ہے، زہرہ جبیں سے میرے ملنے پر یا......؟"

سامیہ ارسلان نے پیپر ویٹ کو پوری قوت سے گھمایا تھا، پھر اسی ٹون میں بولا تھا۔ "یہ تمہاری غریب پروری کا بخار اتر کیوں نہیں جاتا؟ کیا تمہیں ہم سے بہتر حاشیہ بردار نہیں مل پا رہے ہیں! اب تک جو ہماری جان سے چمٹے ہوئے ہو؟ آخر کب تک تم میری سادگی پسند ماں کی محبت کا ناجائز فائدہ اٹھاتے رہو گے؟ ہماری زندگی جینے کا اتنا شوق ہے نا، تو چھوڑ دو یہ عالیشان دفتر، گھر، گاڑی، اچھے کریڈٹ کارڈز۔ پھر میں دیکھتا ہوں، تمہیں ہماری زندگی جینا کتنا دلکش کام لگتا ہے۔ دو دن میں بھاگ جاؤ گے۔ لیکن دولت کے بل پر درویشی کا تمسخر اڑانا بہت آسان ہوتا ہے، جینا زیادہ مشکل۔"

شہریار اسے تحمل سے دیکھتا رہا، کچھ بولا نہیں تو سامیہ نے جھکا ہوا سر دوبارہ اٹھا کر اسی نفرت و حقارت سے کہا۔ "تم دولت مند لوگ جو کچھ کرتے پھرتے ہو کیا وہ ایمانداری ہے؟ وہ بزنس ہوں یا دولت کے کام ہوں یا پھر خیرات، تمہارے کون سے کام میں سچ ہوتا ہے؟ ہر چیز میڈیا پر چھانے کی، ہوس کی طرف قدم اٹھانے کا نام ہے۔ لیکن جب یہی کام ہم مڈل کلاس لوگ کریں تو تم لوگوں کو اصول، صداقت اور ایمانداری کے بخار چڑھ جاتے ہیں۔ ہاں، میں کرتا ہوں زرد صحافت، تمہیں اس سے کیا تکلیف ہے؟ تم جو ہر گلی سے تو تمہاری غلطیوں پر پایا جاتا ہے۔ سوچنا تو تمہیں چاہیے نا کہ غلطی یا تو کرو مت یا کرو تو ثبوت مت چھوڑو۔ ثبوت چھوڑو گے تو ہم تو چسکا لیں گے ناں۔"

"اوہ تو یہ بات ہے۔" شہریار اس کی اتنی طویل گفتگو کے بعد اب بات کی تہہ تک پہنچا تھا۔ کیونکہ وہ جتنی مرتبہ زہرہ جبیں سے ملا تھا اتنی ہی دفعہ اس نے انہیں سامیہ کے کچے کرتوت بدل لینے پر اس کے بارے میں صحافتی برادری میں پھیلی ہوئی شہرت کے قصے سنائے تھے۔ وہ دل سے یہی چاہتا تھا کہ وہ ان کی بات مانتے، اس لیے اس سے وہ کہتی کہ جہاں کے قلم کی قسم تھی وہ اسے نبھائے اور سوچنے کی کہا اور اب معاملہ اتنا دھماکے دار انداز میں اس کے سامنے تھا۔ یقیناً زہرہ جبیں نے اس کے ساتھ اس مسئلے پر میٹنگ کی تھی۔

"کیا دیکھ رہے ہو ایسے جیسے کسی بھی معاملے میں تمہارا ذکر غیر ضروری ہو گیا ہے۔ وگرنہ تم تو بالکل بات کا لڈو۔"

اس نے بہت جوش سے یہ تنقید کی تھی۔ کیونکہ اس جملے سے وہ اس کے کیس کی طرف رخ گیا تھا۔ پتہ نہیں خود سامیہ کا بھی یہی ارادہ تھا یا نہیں، لیکن دل میں اچانک جبر سے چیونٹیاں رینگنے لگی تھیں۔

"تم بس یہی طعنہ دینے کے لیے آئے تھے؟"

"نہیں..... ایک اور بات بھی ہے، جس پر تمہارے کمنٹس چاہئیں۔" لہجہ استہزاء سے بھرپور تھا جیسے وہ یہ جتا رہا ہو "تم کسی گنتی میں نہیں ہو میری۔ تم سے بات کر رہا ہوں تو یہ میرا ظرف ہے اور تمہاری خوش قسمتی اور بس۔"

"کیا بات ہے؟" اس نے حوصلے سے اپنے جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے نرمی سے سوال کیا اور وہ طنز سے بولا۔

"تمہاری بیوروکریسی میں یہی خامی ہے، جو تمہارے سامنے سر اٹھائے یا تم سے سوال کرے تو اس کو خرید لیتے ہو یا اس کا سر کاٹ دیتے ہو یا پھر بزور طاقت اس کا سر جھکا دینے پر کمربستہ ہو جاتے ہو۔ تم سے برداشت ہی نہیں ہوتا کہ عام عوام میں سے کوئی اٹھ کر تم سے سوال پوچھنے کی جسارت کرے۔"

شہریار نے طویل سانس لی، پھر گمبھیر لہجے میں بولا۔ "یہ تم عام عوام اور مڈل کلاس کا طعنہ کس کو دے رہے ہو؟ کیا واقعی اب تم مڈل کلاس میں رہ گئے ہو؟ سلامہ! تم جھوٹ بولنے کے اتنے عادی ہو گئے ہو کہ اب تم اس سچ کا سامنا بھی کرنے کی ہمت نہیں پاتے ہو خود میں کہ جس طبقے کو تم ذلیل کرتے تھے اسی طبقے نے تمہیں خود میں سے نکال کر باہر پھینک دیا ہے۔ تم بہتر ہے … مگر یہ جان لیتے کہ دولت کسی کی برائی یا اچھائی کا پیمانہ نہیں ہوتی ہے۔ خود غرضی کسی کی اجارہ داری کی پکی مہر سا جتے ہے، لوگ ہر جگہ ہوتے ہیں، تم میں بھی ہیں، ہم میں بھی ہیں۔ مگر حوصلہ تو کرو یہ اعتراف کرنے کا کہ ہاں تم نے یہاں غلطی کی ہے۔" شہریار لمحے بھر کو رکا پھر اسی نرمی سے بولا۔ "میرے دفتر میں کام کرنے والوں کی اکثریت مڈل کلاس سے تعلق رکھتی ہے لیکن ان میں تمہاری طرح کا خود ساختہ خوف اور احساس کمتری نہیں ہے اپنی کلاس کے بارے میں۔ وہ جو ہیں اس میں خوش ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں خوشی دولت سے نہیں خریدی جا سکتی اور رہی عزت تو وہ دولت سے خرید کر بہت زیادہ دن نہیں چلتی۔ لوگ پیچھے پیچھے آپ پر فقرے ضرور چست کرتے ہیں۔ تمہیں پتہ ہے تمہارے کولیگ تمہیں کیا کہتے ہیں؟"

سلامہ نے اس کی آنکھوں میں دیکھا اور اسی نرمی سے بولا۔

"تمہارے کولیگ تمہیں ذہنی پاگل قرار دیتے ہیں جو اپنی ویلیوز پر شرمندہ رہتا ہے، جسے اپنی کلاس پر فخر نہیں شرمندگی ہوتی ہے، اسی کلاس پر جس پر وہ کبھی بھی فخر کرتا آیا کرتا تھا کہ دولت مند نہیں، مگر انسان ہونے کا فخر اس کے پاس بھی ہے، اسے بھی خدا نے اتنا ہی ذہن دیا ہے جتنا کسی امیر زادے کو، بلکہ اس کے پاس ذہانت کسی آسائشات کے بغیر تھی جو ٹینٹ میں رہنے والے امیر زادے سے کہیں زیادہ

ہے۔ وہ زندہ ہے۔ اس لیے نہیں کہ سانس لیتا ہے بلکہ وہ زندہ ہے، کیونکہ سوچنے کو زہر اسے بخشا گیا۔ وہ جو غرور کرتا تھا کہ اسے قارون اور فرعون کے خزانوں سے بھلے کچھ لے نہ ملے لیکن وہ تم کے حس ٹوٹا نے کو ہیرو کا ہے، وہ ساتوں دنیاؤں کے درجے کا تک ہے۔ پہلے والا۔" سلامہ جانتا تھا لیکن تم نہیں جانتے تم سب تو دل لگے ہو۔ سب کچھ۔"

سلامہ سارا ان کچھ نہیں بولا تھا کافی آ چکی تھی۔ وہ کافی پی رہا تھا کہ اس نے نئے سرے سے شہریار کی کوتاہی کی کوشش کی۔ "تم نے لون کے سلسلے میں جو ملنڈ کیا ہے کیا وہ اچھی بات ہے؟"

شہریار کنگ جب نے آکہا۔ کیا واقعی سلامہ اتنی بڑی چیز بن گیا ہے کہ کسی سے کوئی بھی چیز چھین لا سکتا ہے۔

"کس سے لون کی بات کر رہے ہو تم؟ میں نے تو اس وقت کسی طرح کا لون پلان نہیں کر رکھا۔"

"میں نے یہ کب کہا کہ لون تم نے اپنے لئے پاس کروایا ہے۔" سلامہ اس کی آنکھوں میں کچھ کھوجتی سے ہنسا اور وہ چل دیا۔ تیکی خاموشی سے ہونٹ بھی رہتی ہے۔ ظاہر ہو جائے تو فی شرمندگی وقت کا نیاں ہو جاتی ہے۔

"اچھا وہ اب تم اس سلسلے میں کیا کرو گے؟" اس نے اسے پھر چھیڑا۔

اور وہ گاڑی کھنکھار کے بولا۔ "مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سمجھ آ رہی۔ آخر میں کسی کے لئے لون کیوں پاس کرواؤں گا؟"

"ظاہر ہے اخلاص داری کے لئے خود کو اچھا ثابت کرنے کے لئے۔" شہریار کا تبسم پیالا اور وہ مسکرا کر بولا۔

"تو تمہیں لگتا ہے میں اچھا نہیں ہوں؟" ایک بے بسی سا پھر بے چارگی سے بولا۔ "تو اب تمہیں بھی لگتا ہے میں اچھا نہیں ہوں؟"

"یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔ تم مجھے غیر ضروری باتوں میں الجھانے کی کوشش کر رہے ہو۔" سلامہ کی کڑواہٹ اس کے لہجے سے اور اس نے کہا۔

"میں قطعی تمہارے خیال سے متفق نہیں ہوں، میں نے کسی بھی سلسلے میں کوئی ملنڈ نہیں کیا ہے۔"

سلامہ نے اسے دیکھا، چہرا چپے سامنے رکھی فائل اس کی طرف پھینک دی۔ پھر کھردرے لہجے میں بولا۔ "تم نے کوئی ملنڈ نہیں کیا تو یہ کیا ہے؟ تم نے ہمارے علاوہ کے کاغذات خود کو کا پیٹے وہ قلمیں کے کاغذات کیوں جمع کروائے ہیں؟ تم نے زہر بیچ کر ایک کاغذات کے ذریعے لون لوا اور حقیقت یہ لون تمہارے قلمیں کے پیپرز کے ذریعے گیا تھا تمہاری حجابی خان ابوبکر کے بحث...... تم

......آخر تم ثابت کیا کرنا چاہتے ہو؟ تم کوئی بہت بڑے دیالو ہو یا پھر یہ بھی تمہاری نرگسیت پسندی کی حس کی تسکین کا ذریعہ ہے؟"

"جو بھی سمجھو لیکن یہ طے ہے کہ تم زریجہ کے سامنے یہ نہیں ثابت کر سکو گے۔ کیونکہ جس کسی نے بھی تمہارے سامنے چاہے کسی لالچ، کسی خوشی یا خوف کی وجہ سے ہار مان لی ہے وہ اب دوبارہ ایسی غلطی نہیں کرے گا تم جانتے ہو تمہارے ساتھ رہ کر اتنی سیاست تو مجھے بھی آ گئی ہے کہ میں کوئی بھی کام کا پتہ لگا لوں۔ رہ گئے خدمات تو انہیں ٹھیک ثابت کرنے کے لئے مجھے بہت زیادہ محنت نہیں کرنی پڑے گی۔ کیونکہ حقیقت میں نے ان کا علم کے بجائے کے لئے ہیں بھی ٹھیک تم اور انجنیئرنگ کے ذریعے ہی حاصل کئے تھے۔ اور پھر تیسری بات تم زریجہ کی نظر میں اسے جیسے نے ثابت ہو چکے ہو۔ میرے مقابلے میں تمہیں اعتماد سے پرکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس لئے اس معاملے میں پہلا لفظ میرا ہے۔"

سالار تن فن کرتا ہوا اٹھا اور پوری طاقت سے گلاس زور سے دیوار پر دے مارا۔ وہ باہر چلا گیا۔ اس کے جاتے ہی اس نے اپنی مصنوعی قسم کی استقامت کا اپنے وجود سے دور ہونے محسوس کیا۔ وہ اب گہرے گہرے سانس لے رہا تھا۔ جن سے نسلی رنجش کی اس نے بنیاد رکھی دوست مت میں کس حل کر لیا تھا۔ وہ ان کی قسم عذاب ڈھلے ہوئے بیٹھا تھا کہ اچانک خیال کے پردے پر منافہ کا چہرہ گھوم گیا۔

سالار سے وہ شادی کے متعلق کوئی سوال کرنے کرنے سے ڈرتا تھا کیونکہ نہیں جاننا تھا کہ اس کے سادہ سوال میں سے بھی وہ کون سا مطلب نکال لے۔

"منافہ کمال...... کاش میں تم سے کبھی کہہ سکتا کہ مجھے تم زندگی کی طرح عزیز ہو۔ کبھی جو محبت کا خواب دیکھا وہ تمہی خواب میں ہی اٹھنے والی محبت تم ہی ہو سکتی تھیں۔ صرف تمہارے لئے یہ دل جینے کی ضد کرتا ہے۔ لیکن کیا واقعی میں یہ کبھی تم سے کہہ سکوں گا کہ تم مجھے کتنی عزیز ہو؟"

اس نے آنکھیں بند کر کے کچھ سوچنا چاہا تب اس کی سیکریٹری نے اس کے گھر سے کال آنے کا تذکرہ کیا۔ گھر سے کال...... کون ہو سکتا ہے؟...... اس نے بٹن پش کرنے کال اپنے فون پر منتقل کی اور دوسری طرف کی آواز سن کر اس کی روح تک کھل اٹھی۔

"مام! آپ...... خیریت ہے؟"

"خیریت تو تمہاری پوچھنے کی ضرورت ہے۔ بتاؤ طبیعت کیسی ہے جناب؟"

"بالکل ٹھیک ہے مام! ایک دم پرفیکٹ ہوں۔ دیکھئے آپ کو میری آواز سے نہیں لگ رہا؟"

"نہیں...... کیونکہ تمہاری آواز ساری کوشش صرف کرنے کے باوجود بہت تھکی ہوئی لگ رہی ہے۔ ٹھیک ہے بیٹا! گھر آ جاؤ، آرام کرو۔ کام تو ہوتے رہتے ہیں۔"

"ٹھیک ہے پاپا! میں آ جاؤں گا مگر آج شام پانچ بجے تک آؤں گا، ابھی مجھے کچھ کام ہیں وہ نمٹا لوں۔"

"تم نہیں سدھرو گے۔ ٹھیک ہے، میں تمہارا چائے پہ انتظار کروں گی۔"

"ٹھیک ہے ماما! میں چائے تک آ جاؤں گا۔" اس نے ریسیور رکھا، پھر مڑا تو ٹھٹک گیا، بہت مشکل سے نظر آنے لگی۔

"سالار بھائی! آپ؟...... خیریت؟ کوئی کام تھا تو مجھے بلا لیا ہوتا۔"

"بس ویسے ہی...... تم اپنی پارٹی کا بتاؤ، ذرا یہ بتاؤ، سالار سکندر تمہارے آفس میں کیا کر رہا تھا؟"

"ایک دوست کا مسئلہ لے کر آفس میں کچھ کام سے آیا ہے، بڑے بھائی؟"

"کیونکہ بات کرو، وہ اس کی شہرت کچھ اچھی نہیں ہے۔ بلکہ میٹنگ میں بھی مشکوک رہتا ہے۔ تم بتاؤ تم نے اس کو بلند رکھا ہے، وجہ اس سے تمہارا فخر کا واسطہ ہوا؟"

اس نے بے یقینی سے دیکھا، پھر تنگ سے کچھ نہیں بولا۔ "حسن بھائی! آپ بھی ہاں...... محمد عمر رکا، پھر آہستگی سے بولا۔ "مجھے معلوم ہے آپ میرے بارے میں بہت برے خیالات رکھتے ہیں۔ میں آپ کا اکثر میں کبھی کوئی مقام نہیں رہا، لیکن ہو سکتا ہے۔ مجھے سے حسن بھائی اگر میں شامل ہوں کے کچھ لوگ بلند رکھتے بھی ہیں تو اس کی پاپا بھی شادی کرنے میں دیر ہوں اس لئے آپ دل پہ دو دست لیا گیا ہیں۔"

"بابا لیا ہوں...... تمہاری غلطیاں اور ان تک عبدالرحمن بھی گزار کے چکر میں پڑ رہی ہیں، تجھے تم ان کے تحفظ کی ہی غلطی؟"

"ظاہر ہے، میں بھی اسی وجہ کہا ہی زمانہ اس لئے جانتا ہوں، غلطی ماننے کا مطلب ہے اپنے گلے میں پھندا ڈال لینا۔ سازادی اور زندگی کے دو تنگی ہے؟"

سالار عبدالرحمن نے نہایت خفگی سے اسے دیکھا تھا، پھر جو سے ایک فائل لیتے ہوئے کمرے میں آئے تھے وہ فائل لے کر وہیں چلے گئے۔ ان کے جانے ہی اس نے موبائل فون کو ہوا تھا، موبائل وہ میٹنگ کے لئے بھجوا چکا تھا۔ سو ماسون کا رابطہ ہونے ہی اس نے اسے آفس آنے کا حکم دیا تھا، جبکہ دوسری طرف وہ کی بے بسی سے کہا گیا تھا۔

"نہیں اکٹھا مرنا جان لو...... میری خصوصی ہدایت ہوتی ہیں، ان کو کسی قسم کی فکر ہو رہی ہے اور انہیں خطرہ ہے کہ کسی فقرے میں کسی قسم کا شک گری ہی ہوجائے۔"

"اوکے تمہاری معذرت قبول ہے مگر میری جان! شام کو کافی ہاؤس میں ضرور آنا... بہت ضروری معلومات ڈسکس کرنی ہیں۔"

اس نے ریسیور رکھا پھر اٹھنے سے بیشتر پہلے اس کا موبائل واپس آیا تھا اس نے نمبر ملایا، موبائل آن کیا ہی تھا کہ پہلا فون ہی دھماکے دار ثابت ہوا تھا۔

"ہیلو شہریار اسپیکنگ، عدیل بھائی!"

"بہت اچھے جا رہے ہو بیٹا! مجھے تو لگتا ہے وزارتِ عظمیٰ کی تمہارے ہی کندھوں پر منتظر ہے۔"

"کیا ہو گیا ہے بھیا! موڈ کچھ خراب لگتا ہے آپ کا؟"

"کچھ خراب؟ شہریار اس وقت میں تمہارا اچھا بھائی ہوں، دل کر رہا ہے تم میرے سامنے ہو اور تمہاری شخصیت اور تم بہت برے طریقے سے پٹو میرے ہاتھ سے۔"

"لیکن آخر غصہ ہے کس بات کا؟" وہ کچھ بھی پار رہا تھا، تبھی انہوں نے خفا لہجے میں کل کی اخبار میں چھپنے والی تفصیل بتانی شروع کی، وہ بھی اپنی بات کہہ چکنے تک چپ کر رہے۔

"اگر زندگی سے اتنی ہی تنگ آگئے ہو تو تھوڑا سا زہر کھا لو۔ کیوں بار بار ہمیں اذیت دینا چاہتے ہو؟" شہریار کو تھپڑ جڑ دے... "آخر وہ کون سا جملہ ہوگا جو تم تک یقین پہنچا سکے کہ ہم تم سے انتہا کی محبت کرتے ہیں؟"

شہریار کا ان کے لہجے کی شدت سے دم رکنے لگا تھا۔ کتنی دیر اس سے بات ہی نہ ہوسکی۔ پھر خاموشی کے چند لمحات کے بعد اس نے بھرائے لہجے میں کہا تھا۔ "اتنی محبت مت کریں عدیل بھائی! بہت مشکل ہو جائے گی ورنہ آپ کو۔"

"کیا مشکل ہو جائے گی، وضاحت دو۔" وہ چڑ کر کہنے لگے تھے اور اس نے نرمی سے کہا۔

"سیدھی سی بات ہے بڑے بھیا! کسی بھی چیز کی عادت ہو جانا اچھی بات نہیں، انسان کو کچھ لوگوں کے ساتھ رہنا اور بچھڑ جانے کے خدشے پر بھی جینا آنا چاہیے۔"

"بکواس مت کرو، میں اس فلسفے سے متفق نہیں ہوں۔ کیونکہ تم لوگ وہ کمائی ہو جنہیں میں ہمیشہ اپنے محسوسات اور زندگی کی لسٹ میں سب سے قریب لانا چاہتا ہوں۔" ایک ساعت کو وہ رکے پھر بولے۔ "تابندہ بتا رہی تھی تم انکل صمدانی کے فنکشن گئے تھے۔ کیسا رہا جشن آپ؟"

"ایک جنرلسٹ کہاں سے، بابا نے یہ نہیں بتایا آپ کو؟" وہ ہنسا اور وجہ کہہ دی۔

"بابا کا خیال ہے تم نے اُن سے اور ماما سے Bluff مارا ہے، اُن کا خیال ہے تمہاری طبیعت خاصی خراب تھی، جسے تم نے چھپانے کی پوری کوشش کی ہے۔"

"اچھا! ماما اور بابا دونوں میں کافی ذہین ہو گئی ہے۔ ویسے یہ راز کھلا ہے تو آپ کو، آپ کا دوست جان سکتا ہے یا دشمن۔"

"نئی بات۔ لیکن کوئی شکن نہیں، سب سے شرم کرو ہو گی۔"

وہ چہرے سے جیسے جتا بہتر اور کر دو۔" آپ نے اتنی ماری بات منہ کے لیے جتنی جواب کہنا چاہتی تھی سب سے پہلے، وہ ابھی تک نہیں کی ہے۔

عدیل بھائی کا قہقہہ بہت جاندار تھا۔ پھر شوخی سے بولے۔ "مجھے معلوم تھا تمہارا یہ جاننا ضرور کسی نہ کسی صورت ہوگی۔ لیکن کس طرح۔ یہ تو پتا۔ اب تم تو کہاں تک ہو گا۔ نام کا دل جیت لینے پر مبارکباد میری جان!"

"ایک اور بات فون کرنے کی اصل وجہ بھی بتا دیجئے۔ کیونکہ بابا کی طرح میں بھی کافی ذہین ہو گیا ہوں۔"

عدیل بھائی کا قہقہہ پہلے سے بھی شوخ اور شاندار تھا اور شوخی ولا انداز! وہ کافی دیر تک ہنستے رہے۔ پھر ہنستے ہنستے بولے۔ "کہا ہوا تھا گھر والوں کو ابھی والے نے ابھی فون کر کے لگا کہ تم یہاں رکو گی تو ہم یہاں سے ہوا دو مہینے سے اصغر کی کوشش میں تھا۔ گندی دہ گئے بیچ آ رہا ہوں میں راجہ اور آپ کے ساتھ۔"

"کیا واقعی عدیل بھائی؟...... تھینک! یہ تو بہت اچھی ہے۔" وہ پورے دل سے خوش ہوا اور دل نے اسے ہمیشہ سے خوش ہوتے ہی ان کو پیغام بھیجنا شروع کر دیا۔ پھر وقت سلام دعا کے بعد اس نے موبائل رکھا اور دوبارہ میں پھر بجنا شروع ہو گیا۔ اس نے پانی سے دوائی نگلی پھر موبائل اٹھا کے پکارا۔

"ہیلو، شہریار اسپیکنگ...... آپ کون؟"

"میں ماجد بھائی...... کل سے آپ کا نمبر ٹرائی کر رہی ہوں لیکن نمبر لگ ہی نہیں رہا تھا۔"

اس کی سانس پھر تیز ہونے لگی تھی۔ "تم بتاؤ تم کہاں ہو؟ میں آ رہا ہوں تمہیں لینے۔" وہ اس کا سوال ختم کر کے اصل بات کی طرف آ گیا تھا۔ پھر وہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ اچانک لائن ڈس کنکٹ ہو گئی۔

وہ بے جان موبائل کو دیکھے جا رہا تھا، جب بیگم نافعہ Knock کیے بغیر اس کے کمرے میں چلی آئیں۔

"بیٹا شہریار! کیسے ہو تم؟"

"میم! آپ.....؟ میں بالکل ٹھیک ہوں آنٹی جان، پلیز بیٹھیے۔" اس نے کوئی چیز چھوڑ دی تھی اب وہ بے جان مادی کے خیال سے روم میں لگے صوفے پر آ کر بیٹھ گیا تھا۔ "آپ کا کام کیسا چل رہا ہے میم؟" اس نے سوال میں پہل کی اور وہ گم گشتہ سی بیٹھی رہیں۔

"ٹھیک ہے، بالکل ٹھیک چل رہا ہے۔ اس ہفتے تک سارے ڈیزائن فائنل کیے جا سکیں گے شہریار!"

شہریار نے ان کا چہرہ دیکھا، پھر نرمی سے بولا۔ "میم! کوئی خاص بات، جو آپ کو پریشان کر رہی ہے؟"

بیگم نافعہ نے اسے دیکھا، پھر اپنے شوہر کی شادی کا ذکر کرتے جھجکیں۔ وہ اس معاملے میں اس کی رائے جاننا چاہتی تھیں وہ اس کی طرف دیکھ کر بولیں۔

"تم اپنے بابا کے کتنے قریب ہو شہریار؟"

اس نے چونک کر انہیں دیکھا۔ وہ ان کے سوال کی ساخت سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا کہ انہوں نے یہی سوال دوبارہ دہرایا۔

اس نے گہری سانس لی پھر نرمی سے بولا۔ "میں اور پاپا شروع سے بہت اچھے دوست ہیں ہم ایک دوسرے سے کچھ چھپاتے نہیں، پاپا کی ہر بات مجھے بھی پتا ہوتی ہے۔"

بیگم نافعہ نے تولنے والی نظروں سے اسے دیکھا، پھر دھیمے لہجے میں بولیں۔ "کیا واقعی آپ کے پاپا آپ سے کچھ نہیں چھپاتے؟"

"جی میم! میرے خیال میں، میں پورے گھر میں ان کو سب سے زیادہ جانتا ہوں۔"

"پھر تم عطیہ بانو کے نام سے واقف ہی ہو گے؟"

"عطیہ بانو.....؟" وہ پہلے ہی قدم پر منہ کے بل گرا تھا۔

بیگم نافعہ نے اسے دیکھا تھا پھر بے حد سرد لہجے میں کہا تھا۔ "ہاں عطیہ بانو۔ تم یقیناً اپنے پاپا سے، وہ اس نام سے واقف ہیں یا نہیں؟" وہ کہیں پھر سرد سے بولیں۔ "ایک اور بات ان کے

بعد...... آج کے بعد کسی سے یہ مت کہنا تم اپنے پاپا کو سب سے زیادہ جانتے ہو۔" وہ یہ کہہ کر رکی نہیں تھیں۔ وہ ان کی پشت دیکھتا رہ گیا تھا۔

عطیہ بانو...... یہ نام اس نے کبھی پاپا کی زبان سے نہیں سنا تھا۔ وہ فوری طور پر پاپا سے ملنا چاہتا تھا۔ اس نے کمرے سے نکل کر پاپا کو ڈھونڈا۔ مگر پاپا جیسے نانیہ کے گھر آنے سے آدھا گھنٹہ پہلے نکل گئے تھے۔ اس نے کوریڈور میں کھڑے ہو کر سوچا، پاپا اسے کہاں مل سکتے ہیں؟ پھر تعین کر کے وہ نیچے سیڑھیاں اترنے لگا۔ گو رفتار بے حد تیز تھی۔ جازی اس سے بہت زیادہ تیز رفتاری سے اس کو کٹ کرتا ہوا اس سے پہلے سیڑھیاں اتر گیا تھا۔

آج ایک چاکلیٹ ایڈ کی کمپنی پریذنٹیشن تھی۔ ایڈ بائیو کے ہونے پر ایڈ پروڈکشن پر کام شروع ہوا تھا۔ سالار عبدالرحمٰن کی تھوڑی دیر پہلے کی ملاقات اور فائل طلب کیے جانے سے اس نے یہ اندازہ لگایا تھا۔

اشتہار سازی ایک طویل اور تھکا دینے والا کام تھا جس کے ابتدائی سارے معاملات جن پر کام ہیں تھا خود بخود اس نے اپنے ذمے لے رکھا تھا۔

"میٹنگ میں معاملات طے کرنا، ایڈ کمپین کا بجٹ بنانا، کمیشن حاصل کرنے کے لیے گٹھ جوڑ، تمام کاغذی کاروائی کمپلیٹ کر کے کمیشن حاصل کر کے دینا، پھر کمپنیز کے تھرو چیک کمپنی کی یہ فائل دیا یا اسے کمپنی کی ساکھ چیزی کوالٹی، ماڈلز کی ڈیمانڈ لینے کے لیے کی جانے والی کاوشیں، ان اوقات سکتر سے کی گئی بحث نبھانے کی ذمے داری یہ سب ہوتا تھا تب کہیں ایڈ پیپر رول کی سیڑھیاں چڑھتا تھا۔

لیکن وہ اس لیے خوش تھا کہ اس بار اس ایڈ کے لیے اکثر ذمے داری اس کے اسسٹنٹ کے ذریعے جازی عبدالرحمٰن نے اٹھائی تھی۔ یہ پوری کمپین جازی عبدالرحمٰن کی صلاحیتوں پر مشتمل تھی اور اس نے اس سلسلے میں بہت کم غلطیاں کی تھیں۔ وہ جب گاڑی تک آ گیا تھا تب اس کے موبائل پر میسج ٹون سنائی دی۔

اس نے کار میں بیٹھنے کے بعد میسج پڑھا، لکھا تھا۔ "اپنا میل باکس چیک کرو، پھر مجھ سے بات کرو تمہارے فون کو شرارت سے بھرا، عاطف!" اس نے اس میسج کا جواب دیے بغیر گاڑی اسٹارٹ کر دی تھی۔

اس کا خیال تھا، یہ صرف عاطف کی شرارت تھی اور بس۔ یقیناً اس کا کوئی کرنے کا موڈ ہو رہا ہوگا۔ سو اس نے اس کے میسج کو پھر کسی وقت کے لیے اٹھا رکھا تھا۔

اس کی گاڑی بڑی سبک رفتاری سے رواں دواں تھی۔ اس کا رخ پاپا کے فارم ہاؤس کی طرف تھا۔ کیونکہ وہ جب بھی ڈسٹرب ہوتے، یہیں چلے آتے تھے۔ دو گھنٹے کی ڈرائیو کے بعد وہ پاپا کے فارم ہاؤس پہنچ سکا تھا۔ واچ مین نے گیٹ کھول دیا تھا۔ اس نے اندرونی برآمدوں کی طرف بڑھتے ہوئے پاپا کے بارے میں معلومات کی۔ ملازمین نے ان کے مخصوص کمرے کی طرف اشارہ کیا، جہاں آج تک وہ کبھی بھی داخل نہیں ہو سکا تھا۔ آج وہ اس کمرے کو دیکھنے والا تھا۔ اس کی سانس تیز تیز چلنے لگی تھی۔ دروازہ صرف بھڑا ہوا تھا۔ اس نے اکیلے ہونے کے احساس کے تحت اجازت لینے کی ضرورت نہیں محسوس

تھی۔ بابا ایک مجسمے کے سامنے خود بھی بت کی طرح ایستادہ تھے۔

"عطیہ بانو کون ہیں بابا؟"

بابا بالکل نڈھال سے ہو رہے تھے۔ آنسو مارے ضبط کے ان کی آنکھوں میں تیرتے پھر رہے تھے۔ آج انہوں نے خود کو چھپانے کی کوشش نہیں کی تھی۔

وہ دھیرے دھیرے قدموں سے چلتا ہوا ان کے قریب آگیا۔

"بتائیے ناں بابا! یہ عطیہ بانو کون ہیں؟" اس نے پھر سوال کیا۔

بابا نے ایک تصویر کی طرف اشارہ کیا تھا۔ شہریار کی آنکھیں یکدم پھٹ گئی تھیں۔

"یہ........ یہ عطیہ بانو ہیں؟....... یہ......؟"

وہ کھڑے سے کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔ تصویر میں رومان راشدی اور عطیہ بانو ساتھ ساتھ کھڑے تھے۔ بابا جس راز کو چھپا رہے تھے وہ بہت واضح ہو کر اس کے سامنے آگیا تھا۔

نانا عبدالرحمٰن آج حمزہ عابد کے گھر چلے گئے ہوئے تھے۔ ماما ساتھ ہی تھیں سو بہت خوشگوار ماحول میں باتیں جاری تھیں۔ پھر نانا حمزہ عابد کے ساتھ اوپر ٹیرس پر آگئے تھے۔ اور یہ شہریار کے معاملے کے بعد سے دل و دماغ پر بوجھ کے بھی ختم ہو گئی تھی۔ وہاں حمزہ عابد کے اسٹڈی روم میں رہائش پذیر تھے۔ عابد صاحب نے بیٹی کی شادی کا خیال ہے بھی بھیجا تھا کہ ان کے داماد ان سے ملاقات نمائش کا اظہار ان سے بار بار کرتے تھے وہ معاملے کو پار لگے۔ مقصد بھی تھا کہ یہ واضح ہو کہ وہ بچے کو سمجھے۔ اور واضح ہو کہ وہ کسی طرح جانے کی بات طے کر لی جائے۔ یا اور بات کر دی جائے تو مجھے اس مسئلے سے جان چھڑانا چاہتی تھی۔ وہ اصل شہریار کو جو مقام ان کے دل نے دے رکھا تھا وہ مقام وہ کسی کو نہیں دے سکتے تھے۔ پھر حمزہ عابد سمیت دونوں کا خیال تھا کہ بڑی اولاد سے جدا ہو کر تمام زندگی کسی نئے رشتے کی بنیاد بن جائے گا۔ سو حمزہ عابد یک گونہ اطمینان محسوس کرتے ہوئے اپنی بیاری کہانی آگے بڑھا رہا تھا۔ جس غم سے وہ نکل گیا تھا اب قسمت سے واپس اس غم میں آگیا تھا۔ جانے کو ایک بار پانے کی مسرت میں ڈوبنے لگا تھا۔ وہ کچھ بھی کر گزر سکتا ہے۔ دانا کو پانے کے بعد دولت تو اس کے گھر کی باندی بن ہی جاتی مگر ان غم میں قائم ہو جاتا تو چاند جیسی خوب صورت زندگی کے نقش وجود سے پگھل جائے گا وہ یہ سوچ رہا تھا۔

ہر کسی کی قسمت میں چاند نہیں ہوتا، اس کی قسمت میں تھا، اس لئے وہ سوچ چاند کو پا لیتا اور یہی دانیا عبدالرحمن کر رہا تھا۔ دانیا اس کی آنکھوں کی تپش سے جل کر رہی تھی اور وہ اس سے بے خبر تھا۔

"ایسے کیا دیکھ رہے ہیں حمزہ؟" دانیا کی شرمائی آواز اس کی سماعت سے ٹکرائی اور وہ چونک کر حال میں آ گیا۔ اب اس کے ہونٹوں پر شوخ مسکراہٹ تھی۔ اس نے دانیا کا ہاتھ تھام کر خود سے قریب کیا تھا۔

دانیا کسمسا رہی تھی مگر اس کی جسارت پر اس کا احتجاج بہت مدھم تھا۔ وہ اس کے کان میں گنگنایا۔

"جب تم سامنے ہو تو زندگی سامنے ہوتی ہے۔ اور یہ زندگی سے دور ہو کر قریب ہونے والا ہی جانتا ہے کہ زندگی کا لمس اس کے لئے کتنا ساحر ہے۔"

دانیا کے ہونٹوں پر بہت خوبصورت سی مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ پھر اس نے ناز بھرے لہجے میں پوچھا تھا۔ "آپ مجھ سے کتنی محبت کرتے ہیں حمزہ؟"

حمزہ حامد نے اسے کندھوں سے تھام کر دیکھا، پھر خمار آلود لہجے میں بولا۔ "تمہاری محبت..... تمہاری محبت میرے لئے ایسے ہے، جیسے زخم پر کوئی مرہم لگا یا ہو، کوئی بہت صبر آزما دن، وہ جو ہر وقت آنکھوں سے انکار کرتی رہے۔ کوئی بہت پیارا سفر، جس پر ساتھ ساتھ چلنے والے ہی جانتے ہیں کہ قسمت میں وصل کا عہد کیا ہوتا ہے۔ دعاؤں میں خدا کے خیال جیسی بات ہے۔ تمہاری محبت بالکل ان چھوئی، بہت ہی پیاری تمہاری طرح ہے تمہاری محبت میرے لئے....."

دانیا عبدالرحمن کی آنکھوں کی چمک بڑھ گئی تھی اور حمزہ حامد جانتا تھا یہ چمک، یہ سانسوں کا ردھم، کوئی کیا سوال دل کی دھڑکن تھا؟ وہ جانتا تھا، یہی وجہ تھی کہ وہ بے حد مسرور تھا کہ شہریار کی تمام تر چالاکی کے باوجود وہ کامیابی سے ہمکنار ہونے والا تھا۔

"ہم کب ملیں گے حمزہ؟"

حمزہ حامد کے ہونٹوں پر فاتحانہ مسکراہٹ ابھر آئی، جسے دانیا عبدالرحمن نے محبت کی ہنسی سمجھا۔ محبت کی ہنسی جس کے اندر محبت کے آنسو ہوتے ہیں مگر ہر نئے محبت کرنے والے کے لئے روشنی ہوتی ہے، محبت کی ہنسی۔ دانیا بھی اسے محبت کی ہنسی سمجھی تھی اور حمزہ حامد تھا شرارت سے بولا تھا۔

"تم جانو، ہم کب ملیں گے؟ دیر تو صرف تمہاری وجہ سے تھی۔ یہاں تو کب سے دل کا دروازہ کھولے بیٹھے ہیں۔"

دانیا عبدالرحمن نے اس کی طرف دیکھا اور دھیمی سے بولی۔ "واقعی حمزہ! آپ نے ہی زندگی سے محبت بنائی۔ مجھے تو محبت کرنی بھی نہیں آتی۔ میری مرضی سے آپ نے محبت کا راستہ ہموار کیا۔ مجھے

AANCHAL.COM

میرے حساب سے جایا اور میں دوسروں کے فیصلوں پر آپ کی اس محبت سے اجتناب کرتی رہی۔" شمع بیگم کرکری بھر بولی۔ "اگر ماریہ شنے کی بات نہ ہوتی تو شاید میں اب بھی اس شادی کے لئے راضی نہیں ہوتی۔"

حمزہ حامد کچھ نہیں بولا تھا اور یوں وہ ایک اچھی سی شام گزار کر گھر آ گئے تھے۔

ماما اپنے کمرے میں پہنچی تھیں۔ پھر انہوں نے ٹی وی لاؤنج میں عبدالرحمٰن کا نمبر دیکھا تھا۔ فوری طور پر انہوں نے ان کا موبائل نمبر ملایا تھا۔ دوسری طرف بیل جا رہی تھی مگر رابطہ نہیں ہو پا رہا تھا۔ وہ مایوس ہو گئی تھیں کہ انہوں نے ریسیور رکھ دیا تھا پھر کمرے سے باہر آئیں تو بیگم حشمت کو انہوں نے صوفے پر بیٹھے دیکھا تھا۔ ماما ان کے پاس آ کر بیٹھ گئی تھیں۔

"اب آپ کی طبیعت کیسی ہے اماں؟"

بیگم حشمت نے مسکرا کر عجیب انداز میں انہیں دیکھا تھا پھر سر ہلاتے ہوئے لہجے میں بولی تھیں۔

"تمہیں کیا لگتا ہے عالیہ! حمزہ حامد واقعی ماہا کے لئے ٹھیک ثابت ہوگا؟"

"آپ یہ کیوں کہہ رہی ہیں اماں؟" ماما نے حیرت سے کہا اور حشمت بیگم دھیرے سے بولیں۔ "صرف میں نہیں بلکہ عالیہ! آنکھ بند کر کے کوئی بھی راستہ چلنا خطرناک ہے اس لئے کسی بھی سمت کا سفر دیکھ بھال کر کیا جائے تو بہتر ہے، ہمارے معاملے دل سے جڑے ہوتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہیں غلطی کی گنجائش نہ رہ جائے۔"

"آپ ایسا کیوں کہہ رہی ہیں؟" ماما کے لہجے میں تشویش کی آمیزش تھی۔ پھر انہوں نے دھیمے لہجے میں کہا۔ "آپ کی اس بات سے میں یہ سمجھوں اماں! کیا آپ بھی شہریار کے حق میں ہیں ویسے آپ کا یہ سوال بنتا ہی ہے؟ کیا ضروری ہے جسے شہریار سے محبت ہو جائے، وہ اس کی بات، اس کے فیصلے بھی دوسروں پر مسلط کرے؟"

حشمت خانم نے ان کی بات کا جواب نہیں دیا تھا پھر آہستگی سے بولی تھیں۔

"شہریار سے جب سے میں نے [illegible] اختیار کی ہے، میرا دل کہتا ہے، میں اسے زیادہ سے زیادہ جانوں، وہ اس میں کہاں کی ہے جس نے ہمیں اس سے دور رکھا؟...... عالیہ! جب میں نے سوچا میں زیادہ سے زیادہ اس کی ان چھوٹی سی دنیا میں [illegible] ان کے ذہن میں جانی جب وہ سوتا اور اس وقت بھی جانی جب بھی

AANCHAL.COM.PK

ہوتا۔ اس کے کمرے کی دیکھ بھال، جو پہلے ماما ملازمین لگا کر کرواتی تھیں اب اس کے اس سے قطع تعلق کے بعد میں نے اٹھائی۔

ماما انہیں دیکھ رہی تھیں۔ شاید کوئی بہت دھوکے وار داخلی تھی ان کے پاس۔ حشمت خانم نے بیٹیا کی دلچسپی دیکھی تو نرمی سے بولیں۔ "کیا تم یہ تو نہیں سمجھ رہیں، میں تمہیں کوئی راز بتانے والی ہوں؟"

"ہاں! آپ کی باتوں کا تو یہی مطلب نکلتا ہے۔" ماما نے قدرے حیرت سے کہا۔ حشمت خانم نے ان کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا۔

"ہاں...... پہلے میرا بھی خیال تھا، لیکن بعد میں، میں نے سوچا یہ یک طرفہ ہوگا۔ ہو سکتا ہے تمہارا دل اسے اس طرح نہ لے جس طرح اسے بیان کیا گیا ہے کیونکہ جو بات دل میں جگہ کر لے، وہ بہت کم دل میں سے اپنی جگہ بدلتی ہے۔ تو کیا آپ خیال ہی تک نہ جاتیں؟ سمجھ لیں، میں یہی چاہتی ہوں تم آنکھیں کھول کر حمزہ عابد کا جائزہ لو اور پھر خود سے کوئی فیصلہ لو۔ یہ دو طرفہ ہو تو دل یقین کرنے میں آسانی محسوس کرتا ہے۔"

ماما انہیں دیکھے گئیں، لیکن یہ ہوا تھا کہ جا چکی ان کے اندر اپنے فیصلے کو لے کر تشکیک سی آ گئی تھی۔ وہ پہلے جتنے اپنے فیصلے پہ یقین کرتی تھیں، حشمت خانم کے ان سے بنوا کر یقین نے انہیں ڈانواں ڈول کر دیا تھا۔ ماما ازسرِنو سوچ انداز میں خاموش ہو گئی تھیں۔ پھر ٹی وی پر وہ صرف اسکرین پر نظر جمائے بیٹھی رہی تھیں۔ حشمت خانم نے کیو چینل لگا رکھا تھا۔ اسلام کے درخشاں اصولوں پہ کوئی پروگرام چل رہا تھا۔ لیکن ماما کا دھیان اس طرف نہیں تھا۔ پھر یکدم انہوں نے چونک کر پوچھا تھا۔

"شہیر ادھر آیا؟"

حشمت خانم نے نفی میں سر ہلایا پھر آہستگی سے بولیں۔ "تمہارے جانے کے بعد اس کا فون آیا تھا اس نے تمہارے موبائل پہ مسڈ کال دینے کی بات پوچھا تھا، خیریت ہے؟ تو میں نے کہہ دیا تھا تمہارا نمبر نہیں مل رہا تھا اس لیے تم نے اسے مسڈ کال دی تھی۔ پھر تمہارے عادل بھائی کے پروگرام کا بتا کر کہہ دیا تھا کہ شاید شام کی چائے پہ وہ تم سے آ کر مل سکیں گے۔ اس نے کچھ نہیں کہا تھا۔ لیکن حمزہ کے ذکر پہ وہ کافی مضطرب ہو گیا تھا۔"

ماما کچھ نہیں بولی تھیں۔ انہوں نے پھر سے عدیل بھائی کا نمبر ملایا تھا۔ پھر رابطہ ہوتے ہی انہوں نے خیریت ہی دریافت کی تھی اور دوسری طرف سے عدیل بھائی تھے خوشی سے بولے تھے۔

"شکر کریں بیگم! ماہ رابعہ کے ساتھ کراچی آ رہا ہوں۔ بڑی زور دار ٹریننگ منتظر کر رہا ہے۔ اب لگتے دو وجودوں کا یکساتھ ... کرنے کے لیے ابھی سے انتظام کر لیجیے۔"

"بہت شوخ ہو رہے ہو کوئی خاص بات؟" ماما مسکرا اٹھیں۔

وہ ہنس کر فون میں بولے۔ "شوخ...... میں تو دنیا میں آنے کے کچھ گھنٹے بعد سے ہی نوٹس کر رہا ہوں ماما! اب یہ تازہ شوخی صرف اس خیال سے لہجے میں در آئی ہے کہ میں اب کسی قاعدے ضابطوں اور لگے بندھے قیدوں کے لیے آپ سب سے نہیں ملنے والا، کھل کر جینے کا ارادہ ہے ماما! آج پہلی بار آپ سب سے دور ہو کر بھی آپ سب کو نزدیک پا رہا ہوں۔"

"بس بس مجھے بناؤ مت۔ کہہ تو دیا میں جانتی ہوں تمہارے لہجے کی یہ شوخی کیوں ہے اور کیا کہہ رہی ہے۔"

"کیا کہہ رہی ہے ماما؟" انہوں نے طرح دینا چاہا اور ماما مسکرا کر یکدم لہجے میں بولیں۔

"لاڈلے بھائی سے تمہارے تعلقات بہتر ہو گئے۔ بچپن سے تمہاری خوشی ہو یا بے چینی سب مجھے پتا ہے؟" "حماد کیا ہو بس اب بہتر ہو گئے ہیں۔" "شہرزاد تمہاری محبت کی لسٹ سے بالکل ہی نکل گئی تھی۔"

"ایسے تو نہ کہیں ماما! اچھے تعلقات بھی تھے ہی۔ آپ سے زیادہ محبت میں ہی ہو رہے ہیں، بس پتا نہیں آپ کو میری محبت پہ نہیں کہتی تھی؟"

"اب بس زیادہ دوہرانا مت کرو۔ میں تمہارا انتظار کروں گی۔"

ماما نے سلام دعا کر کے فون رکھ دیا۔ انتظار ان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی جبکہ آنکھوں میں ایک سنسنی لہر اپنی جگہ لے رکی تھی۔ یہ سوچ اتنی گہری تھی کہ ان کی خوشی کو بھی کھا گئی تھی۔

❀❀❀

زندگی کی راہوں میں

چار سو اندھیرا ہے

ہنسی بنی اداسی ہے

خامشی کا ڈیرا ہے

جتنے خواب روشن تھے بکھر گئے نگاہوں میں

جتنے پنچھی اڑتے تھے کھلی فضاؤں میں
کھو گئے ہواؤں میں
آندھیوں کی راہوں میں
کیا خوف کا عالم ہے
جو فضا پہ طاری ہے
ہر کسی کے چہرے سے ہویدا سوگواری ہے
غم کو اپنا کہنے کی یہ سزا اتاری ہے
ہاں مگر یہ خواہش ہے پنجرے سے آسماں ہو لے
پنجرے سے جہاں ہو لے
میرا مہرباں ہو لے
میں کڑے سفر میں ہوں
خوف کے اثر میں ہوں
رات کے اندھیرے میں تنہا شجر میں ہوں
پھر کسی مسافر کا آشیانہ بنو گے
ہاں اگر چاہے لے چلے گا اجر مجھ کو

AANCHAL.COM.PK

دو قدم کے راستے
اک تنہا سو رہا ہے
اک بار پھر ڈھونڈے
وہ آج بھی میرا ہے

وہ آج بھی میرا ہے...... ایک حسرت اُس کے دل سے چھلکی ہوئی تھی اور وہ پل یہاں بالکل سامنے بیٹھا تھا۔

شافعہ اس لمحے زینب کے قلب میں تھی۔ عارف جمال اس کے ہاسپٹل سے اس کی ڈیوٹی لوکیشن جانے کے لیے آیا تھا۔ ہاسپٹل میں یوں بھی سب اُسے شافعہ کے فیانسی کی حیثیت سے جانتے تھے اس لیے خاص بات نہیں ہوئی تھی۔ وہ دونوں بالکل خاموش بیٹھے تھے، جب شافعہ نے کہا تھا۔

"جس کے پاس گئے تھے وہ کیا وہ بہت خوب صورت ہے؟...... اتنی خوب صورت کہ اس نے تم سے میرے عام کی محبت مانگی اور تم انکار نہیں کر سکے؟"

عارف جمال نے سٹ سے اُسے دیکھا تھا، پھر مسکرا کے نیچے نظر کو دیکھا تھا۔ "وہ بہت خوب صورت ہے، لیکن وہ تم کو نہیں جانتی۔ میں محبت صرف تم سے کرتا ہوں۔"

شافعہ بے بسی سے ہنس دی تھی۔ "تم...... تم اب بھی یہی کہہ سکتے ہو، مجھے یقین ہے کہ تمہیں آج بھی مجھ سے محبت ہے۔ عارف! تم نے اُسے یہی یقین دلا کر اُسے بھی کہا ہوگا کہ تم اس سے سچی جان سے محبت کرتے ہو، مجھے تو اس کا دل بارا ہوگا۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ تم کسی پانی کی ماند آنکھیں الاؤ اس کی دیوار جان بننے لئے، آتش و دل اس کے کہنے میں نہ رہے، وہ اپنی ہستی نہ بدل جائے۔ عارف! تم اور تمہارے عشق ہر چیز سے ماورائی چاہت سے گئے۔ مجھے لگتے ہیں کہ میں تو تمہارے بعد وہ کچھ نہیں پائی اب مجھے بھی نظر نہیں آتا۔ کوئی منظر کوئی چہرہ وہ کس نہیں جچتا مجھے اور تم...... تم نئے چہرے سے کہہ سکتے ہو کہ وہ ہے ہو کہ تم اس سے نفرت کیا کرنے لگے...... تم ساری عمر اس سے محبت کرتے رہو گے...... کیسے کہہ سکتے ہو یہ سب کچھ تم؟"

عارف جمال کسی کٹہرے میں کھڑا تھا۔ اس سے لفظ نہیں ادا ہو رہے تھے۔ وہ صرف اُسے دیکھ رہا تھا۔ پھر کتنی ساعتوں بعد اس نے کہا تھا۔

"مجھے معاف کر دو شافعہ! میں تمام عمر تمہارا مقروض رہوں گا۔ لیکن تم مجھے میری یہ غلطی معاف کر دو۔ میں جانتا ہوں تمہارا دل بہت بڑا ہے۔"

شافعہ کمپل نے اُسے دیکھا اور آہستگی سے بولی۔ "تم کبھی آتے اور سر جھکا کے کہتے شافعہ! مجھے تمہاری محبت کے باوجود کسی اور کے دل کی محبت کھینچنے لگی ہے میرا دل آدھا تمہاری طرف مڑا ہوا ہے آدھا اس محبت نے چرا لیا...... تو میں دل کو دو آدھا کر لیتی۔ تمہاری اُلفت دیکھ کر محبت کی یہ عبادت بانٹ لیتی۔ حالانکہ تمہیں تو شاید میرا دل خدا کو بھی نہ سونپنے دے لیکن میں پھر بھی اس کڑے فیصلے سے گزر جاتی، لیکن ایسا ہوتا تو......

ایسا نہیں ہوا عارف! تم میرے ساتھ یہ دھوکا چھپکے چھپکے کرتے رہے۔ تم میری آنکھوں میں مرکوز رہتے تو مجھے لگتا تمہاری آنکھوں میں آن بیٹھنے والا دل صرف میرا انتظار ہو گیا ہے۔ مگر وہ دل...... وہ دل کتنا فریب تھا وہ دل کسی کا بھی نہیں تھا۔ تم میرا دماغ نوچتے رہے...... تم نے محبت کا بہت کمترین چیز سے مقابلہ کیا۔ دولت...... عارف! صرف دولت نے دل کی حکمرانی چھین لی۔ یہاں دیکھو یہاں ہر روز دولت کی آفریں قدموں میں ڈھیر ہوتی ہیں مگر محبت انہیں ٹھوکر لگا دیتی ہے۔

مشکل زندگی جینا بہت مشکل ہے عارف! صرف دولت کے لیے جینا...... زندگی کا وجود نہیں کرتی۔ محبت کتنا معتبر لفظ ہے آج کے زمانے میں...... کتنے پیار آج کے زمانے میں سب سے زیادہ کانٹوں بھرا راستہ ہو۔ کتنے محبت کے قصے میں پتھرا گئیں، مگر عارف! ایک تو یہ ہے آج بھی کہیں محبت کا ذکر ہو کر دل ضرور دھڑکتا ہے۔ محبت کا کوئی سچا تھا۔ آج بھی سانس تیز کر دیتا ہے۔ لگتا ہے، دل کو یا ابھی اتنی بھی بے مایہ نہیں۔ مگر تم نے اس کی لاج نہیں رکھی۔"

وہ کوئی پتھر اس کی طرف دیکھ کر پورے دکھ سے بولی۔

"تم آج جیسا چاہتے ہو جیو۔ زندگی تمہارا ہاتھ نہیں پکڑے گی۔ لیکن عارف! زندگی میں تنہائی کا ایک ایسا فخر ضرور آئے گا۔ جب دولت کے باوجود لوگوں کے باوجود تم تنہا ہو گے تو تمہیں یہ لمحہ یہ وقت اور یہ محبت ضرور یاد آئے گی۔ کوئی تمہارے دل میں ضرور کہے گا تم نے کس چیز کے لیے کیا گنوا دیا تھا...... عارف! آج تم مجھے کھو رہے ہو۔ خسارہ صرف تمہارا ہے، حالانکہ چھننے والوں کو لگے گا خسارہ صرف میرے حصے کا نصیب ہے۔ مگر صرف لوگوں کو ایسا لگے گا...... کیونکہ میرے پاس محبت کی سچائی اس کا احساس تمہارے جانے کے بعد بھی زندہ رہے گا۔ لیکن تم...... تم آج بالکل خالی ہو کر جا رہے ہو۔ خالی ہونے کا مطلب سمجھتے ہو ناں؟ کوئی یاد کوئی لمحہ کوئی محبت، کچھ نہیں...... تم اس بادشاہ کی طرح ہو گئے ہو عارف! جس نے کہا تھا خدا مجھے وہ ہنر دے کہ میں جس چیز کو چھو لوں وہ سونا بن جائے...... آج تم نے خود اپنے آپ کو چھو لیا ہے۔ تم اور تمہارا دل پیلا پڑ گیا ہے۔ تجارت سے بے نیاز پیلا پن ہے...... اس کے بعد سے یہ کسی مت کہنا تم زندہ ہو...... کیونکہ جس دن تم نے یہ کیا اس دن تمہاری

آنکھیں چرا رہے تھے لیکن کی زندگی بنس رہی ہے تھی تمہارے پاس جھوٹ ہے۔"

وہ مڑ چکی تھی۔ عارف جو خاموشی سے اُسے دیکھ رہا تھا۔ شاید کوئی لمحہ آئے کہ اس کا دل پگھل جائے، مگر آج وہ صرف ہار رہا تھا۔

وہ پلٹی نہیں تھی، سو وہ اُٹھ گیا تھا۔ اس کے قدموں میں واضح لرزاہٹ تھی۔ اس نے تو سوچا تھا، وہ دولت اور شافعہ کو ایک ساتھ، ایک سانس میں جی لے گا، مگر وہ نہیں جانتا تھا محبت اور دولت میں اگر پلڑا دولت کا بھاری ہو تو محبت ہمیشہ ہار جاتی ہے۔

وہ دولت جیت گیا تھا مگر محبت نے اس سے محبت کی خلعت اُتار کر اسے دروازے سے باہر نکال دیا تھا تو اسے لگ رہا تھا وہ کچھ بھی نہیں جیتا تھا۔ صرف جیتنے کا اسے شبہ ہوا تھا۔

وہ ڈرائنگ روم سے جا چکا تھا۔ شافعہ بالکل چپ سے پرسکے رونے جاری تھی۔ تب ٹیپو چچی کالی تائی اس کے قریب آ گئی۔ اس نے بہت مدھم لہجے میں کہا تھا۔

"کیا ہو جاتا اگر تم محبت کو اس کنڈیشن کے ساتھ قبول کر لیتیں؟...... شافعہ! تم نہیں جانتیں، لیکن میں جانتی ہوں تم کتنی خوش قسمت ہو۔ وہ خود چل کر تمہارے پاس آیا تھا تم سے یہ کہنے کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے۔" وہ لمحہ بھر کو رکی، پھر مسکرا کر بولی۔ "ادھر دیکھو، مجھے دیکھو، میں بچی کے منہ سے پلٹنے سننے کے لیے کتنے سال رسوائی کی آگ میں جلتی رہی ہوں۔ میں نے تو اپنی حالت کسی فقیر کی طرح کر لی تھی کہ شاید میری محبت پر نہ سہی میری بے چارگی پر ہی اُسے ترس آ جائے اور وہ مڑ کر کہہ دے، ہاں تم نے ایک لمحے میں، ایک کمزور لمحے میں واقعی تم سے محبت کا رشتہ نبھایا تھا۔ پھر لمحے وہاں لمحے سے گر جائے مگر میری محبت، میرے دل کے لیے وہ ایک معمولی سا جھوٹ عمر گزارنے کے لیے کافی ہوتا..... مگر ایسا نہیں ہوا شافعہ! اسے بھی تمہاری طرح سچ کہنے کی اتنی عادت تھی کہ وہ لمحہ اور وہاں لمحے کی بے چارگی جتنے بے قدموں میرے دل میں آئی اتنے ہی بے قدموں واپس لوٹ گئی۔ یوں، جیسے ایک غریب کسی دوسرے غریب کے گھر مہمان بن کر آئے، مگر اس کے گھر کی کسمپرسی دیکھ کر رات کے اندھیرے میں دروازہ کھول کر باہر نکل جائے کہ اگر میزبان کی آنکھوں سے آنکھیں ملانی پڑیں تو اس کی غربت کا تماشا کس دل سے دیکھے گا۔ میرے لیے ایسی ہی تھی محبت کی حسرت...... لیکن تم نے محبت کی پوری آنکھیں اپنے اوپر مرکوز دیکھنے کے باوجود محبت کو ٹھکرا دیا۔ تم نے بہت برا کیا شافعہ!"

شافعہ نے تائی کی طرف دیکھا، پھر بھیگے لہجے میں بولی۔ "محبت یوں نہیں اچھی ہوتی، تائی مام! محبت میں وضعداری ہو مگر نفس نہ ہو۔ محبت دل میں پھول کھلاتی ہے، ورنہ دل میں ایڑی اور بے کسی کے کانٹے اُگ آتے ہیں اور کانٹوں سے پھر کس کا دامن، کون سا خواب محفوظ رہ سکتا ہے۔"

ثانیہ نے اس کی طرف دیکھا اور پھر اس کا کندھا تھپتھپانے لگی۔

شافعہ نے سر جھکا لیا تھا۔ کیونکہ غلطی تو پہلے کی باتیں جھوٹ کے سوا کچھ نہیں تھیں۔ کچھ دن پہلے وہ اکیلے میں سوچ رہی تھی کہ محبت بھیک کی طرح بھی مل جائے تو شاید وہ قبول کر لے گی مگر آج محبت اس کے در تک آئی تھی مگر محبت میں دل کی عزت بار بار کر۔ بھیک کی طرح نہیں تھی۔ وہ بالکل مرادوں بھری تھی اور دل تو مناجات تھا۔

کاش پھولوں کی ردا ہو جائے
اتنی حساس ہو جائے
مانگنے ہاتھ پہ کلیاں رکھ دے
اتنا مجبور خدا ہو جائے

وہ مانگ رہی تھی دل بے پناہ سے اور نہیں جانتی تھی وہ ان سے اتنی محبت رکھتا تھا کہ ذکیہ بانو کی طرف اس کے دامن میں ڈال لینے سے کترا کر اس نے چپکے سے اس کے آنسو چن لیے تھے۔ کسی بہت ہی محبت اور عزت کے لیے اسے سینت کر اس کے ہاتھ پہ کلیاں رکھ دی تھیں وہ ان خوشبو کے احساس سے جیسے کھو گئی تھی اس لیے گنگنا رہی تھی...... اور وقت جانتا تھا وقت بنانے والا خدا جانتا تھا اس لیے محبت اسے مسکرا کر دیکھ رہی تھی۔

ایک پھولوں بھرا راستہ اس کا منتظر تھا۔ مگر وہ بھی تھی اور بس......

اور بس انتظار کے درمیان کا فاصلہ تو وہی کرتا ہے۔ مگر صرف انہیں جنہیں اپنے رب پر بھروسہ ہو۔

❀❀❀

مسز ندیم افسر جہاں کھڑے تھے اور ذکیہ بانو ان کا کندھا تھام کر لجاجت سے بولی تھیں۔

"آپ میری بات سمجھنے کی کوشش کیجیے۔ وہ اس سارے قصے میں صرف آپ کو جانتی ہے اور اس حالت میں آپ اسے تنہا نہیں کر سکتے کیونکہ شاید اس کا علم اتنا نہیں بھی کوئی چیز ہے۔"

AANCHAL.COM.PK

سلیم اصغر نے پوری آنکھیں کھول کر اس عورت کو دیکھا جو نفسیاتی ہاسپٹل کے پرائیویٹ روم میں زنجیروں سے جکڑی ہوئی تھی اور جسے حاصل کرنے کے لئے عافیہ بانو نے ایک خطیر رقم خرچ کی تھی اور اب یہاں علاج کے لئے بھی رقم خرچ ہو رہی تھی۔ اور سلیم اصغر تھے کہ اپنی بیوی کے اس قدم پر حیران ہو رہے تھے۔ وہ تانیہ کو دل سے نکال چکے تھے۔ اور یہ عورت..... اس نے تانیہ کو ان کے سامنے پھر لا کھڑا کر دیا تھا۔

”تمہیں آخر یہ سب کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ تم جانتی ہو، میں اس عورت سے کتنی نفرت کرتا ہوں۔“

عافیہ بانو نے ان کو کندھوں سے تھاما اور بھرائے لہجے میں بولی تھیں۔ ”جو دل صرف محبت کرنا جانتے ہوں، انہیں چاہ کر بھی نفرت کرنا نہیں آ سکتی۔ اگر آپ نفرت کرنے میں اتنے ہی ایکسپرٹ ہوتے تو برسوں پہلے سب کچھ بھلا دیتے۔ پر بھی صرف تانیہ کی صورت دیکھنے کے لئے بدنام گلیوں کا رزق نہ بنتے۔ آپ جو کہتے تھے آپ دنیا سے چھپ کر رہنا ہی سے خوف کھا کر وہاں شراب میں ڈوبے رہتے تھے تو یہ صرف آپ کا اپنی ذات کو دیا جانے والا معصوم دھوکا تھا۔ آپ اپنی تشنگیوں کو فراموش کر دینے کے لئے یہ سب کرتے رہے تھے۔ کیونکہ اگر آپ اپنے دل کا سچ خود سے کہہ گزرتے تو ان تشنگیوں کو حشر کون سہتا؟ کیسے سہتا؟“

سلیم اصغر کھڑے سے بیٹھ گئے تھے۔

”میں صرف تم سے محبت کرتا ہوں شافعہ! تمہارے علاوہ اب مجھے کچھ یاد نہیں۔ نہ کوئی ہے ایسا جو مجھے تمہاری طرح خوش رکھ سکے۔ مجھے خود سے الگ مت کرنا۔ میں تمہارے بغیر کچھ نہیں ہوں۔“

انہیں عجیب سے ڈر کے نے جکڑ لیا تھا۔ بیگم عافیہ نے شوہر کی اس محبت کو بھیگی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ پھر مدھم لہجے میں بولی تھیں۔

”میں خود آپ کو خود سے بانٹنا نہیں چاہوں گی۔ لیکن میں چاہتی ہوں، ادتی... جو اپنی ایک ماں کی حسرت میں مجھ سے محبت کرتی ہے، وہ مکمل ماں کی محبت پا کر محبت کرنا سیکھ جائے۔ سلیم! میں جانتی ہوں، زندگی کا جو بڑا فیصلہ اس نے لیا ہے، وہ ناکام رہے گا کیونکہ جو کچھ اس کے اندر اپنی ماں کی گمشدگی کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ گیا ہے، وہ ماں کے مل جانے سے ترتیب پا جائے گا۔ آپ یوں سمجھیں کوئی کہانی شروع ہو، بچے سنتے سنتے سو جائے، پھر آدھی کہانی میں جاگے تو درمیان کی کڑیاں رہ جاتی ہیں، وہ ہمیشہ اس کہانی میں تشنگی کا احساس رہنے دیتا ہے۔ پھر بچہ اپنی طرف سے اپنے احساس سے گھڑ گھڑ کر اس درمیانی حصے کو مکمل کرنے کی کوشش کرے، اور کہانی کچھ کی کچھ ہو جائے۔ سلیم! اسے کہانی مکمل کرنے دیں تاکہ وہ زندگی کی کہانی ٹھیک ٹھیک جی سکے۔“

سلیم اصغر نے بیوی کو محبت سے دیکھا پھر نرمی سے بولے۔ ”زندگی میں کوئی ایسا لمحہ نہیں ہوگا، جب مجھے لگا ہو کہ میں نے زندگی میں درست فیصلہ نہیں لیا۔ عافیہ! تم میری کسی بجھی تشنگی کا ثمر ہو اور بس۔“

عافیہ بانو مسکراتی رہیں۔

پھر دونوں کمرے سے باہر آ کر ڈاکٹر سے بیٹے کی تفصیل لے رہے تھے۔ ڈاکٹرز کا خیال تھا معاذ ان کے دماغ کا نہیں صرف اس نشے کا ہے، جس کی وجہ سے ان کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت پر اثر پڑا ہے۔ کیونکہ جس وقت عاقبہ بانو انہیں ہاسپٹل لائی تھیں اور ڈاکٹرز نے ان کی دماغی استعداد کا اندازہ لگانے کی کوشش کی تو نتیجہ اخذ کیا گیا کہ ان پر بہت کم محنت کے ساتھ اچھا رزلٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عاقبہ بانو نے نفسیاتی علاج کے ساتھ ساتھ فزیوتھراپسٹ بھی ہائر کر رکھا تھا۔ سوال کرتے دونوں ایک ساتھ گاڑی کی طرف بڑھے تھے۔ ڈرائیور نے دونوں طرف سے دروازے کھولے تھے۔ سلیم افسر نے آرام سے بیٹھتے ہوئے عاقبہ بانو سے سوال کیا تھا۔

"تو مسٹر عبدالرحمن سے آپ کی ملاقات کا کیا رہا عاقبہ؟"

عاقبہ بانو نے ٹھنڈا سانس لے کر مدھم کہا۔ "مسٹر عبدالرحمن مجھ سے ابھی تک نہیں ملے ہیں۔ حالانکہ سارے کام ان کے سپردوں سے پہلے انجام نہیں دیے جا سکتے۔ لیکن انہوں نے مجھ سے نہ ملنے کے لیے سارے اختیار اپنے تینوں بیٹوں سالار عبدالرحمن، حجازی عبدالرحمن اور شہریار عبدالرحمن کو ہاتھ دیے ہیں۔ شہریار کی باتوں سے میں نے اندازہ لگایا تھا وہ اپنے پاپا کے بہت قریب ہے مگر جب میں نے عطیہ کے بارے میں اس سے سوال کیا تو وہ کچھ حیرت زدہ ہو گیا۔"

"حیرت زدہ ہو گئے یا اپنے پاپا کے راز کی نگہبانی کرنے کے لیے جیسا تاثر دینے کی کوشش کر رہے تھے شہریار؟"

عاقبہ نے نفی میں سر ہلایا تھا پھر نرمی سے بولی تھیں۔ "نہیں سلیم! وہ بچہ ایسا نہیں ہے۔ جو اس کے اندر ہوتا ہے وہی اس کی آنکھوں میں ہوتا ہے۔ اس کی آنکھیں دل سے الگ کوئی رابطہ نہیں رکھتیں۔"

سلیم افسر مسکرانے لگے، پھر شرارت سے بولے۔ "خیریت تو ہے، آپ شہریار کا تذکرہ اتنے پیار سے کیوں کر رہی ہیں؟ سچ پوچھیں تو مجھے اب جیلسی ہونے لگی ہے۔ کیونکہ دائمہ شہریار بھائی کی دیوانی ہیں۔ مراد کو شہریار کے بغیر گزارہ نہیں ہے۔ اور وہ دنیا جہان کی نک چڑھی انوشے وہ بھی اس کا تذکرہ بڑی محبت سے کرتی ہے۔ اور آپ بھی اس کا ذکر اتنی محبت سے کر رہی ہیں۔" وہ قصداً بات ادھوری چھوڑ گئے۔

عاقبہ مسکرا کر ہنسی سے بولیں۔ "خدا کا خوف کریں سلیم! وہ بچہ ہے ہی اتنا اچھا کہ دل اس کی طرف خود بخود کھنچتا ہے۔ آپ کو پتا ہے، انوشے نے اس کی بہت مدھم مدھم یادداشت کی وجہ سے ہی زندگی کو تقریباً خیرباد کہہ دیا ہے۔ بہت چینج آیا ہے اس میں شہریار کی وجہ سے۔ اس دن میں نے سنا وہ اپنی فرینڈ سے بھی شہریار کا تذکرہ بڑی محبت سے کر رہی تھی۔ کہہ رہی تھی کہ اگر میرا کوئی بھائی ہوتا تو وہ بالکل

شہریار کی طرح ہوتا، اگر نہیں ہوتا تو میں دن رات یہی مناجات کرتی کہ میری زندگی میں شہریار جیسا ایک بھائی کا سہارا ضرور ہو۔ تمہیں نہیں پتہ، بھائی نہ ہو تو سوسائٹی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جینا بہت مشکل کام ہے۔ اب تو خیر لوگ شہری مرد کو بھی اہمیت دینے لگے ہیں اور اس جیسی لڑکی میں تبدیلی کا تناسب اتنا بھی ایسا تو نہیں کہ نظر انداز کیا جا سکے، اور جس کی وجہ سے یہ تبدیلی آئی ہے اُسے سراہا جائے۔"

"اوکے، اوکے، آپ کا شہریار بہت عظیم انسان ہے۔ بس۔ ویسے سچ بتاؤں تو اُسے دیکھ کر کبھی کبھی میرے دل میں خواہش جنم لیتی ہے کہ کاش اس جیسا میرا بھی کوئی بیٹا ہوتا۔" مسز عبدالرحمٰن بہت تھک گئی ہیں نا۔"

عائزہ مسکرانے لگی تھیں مگر ان کی سوچیں اب بھی عطیہ بانو کی کہانی میں الجھی ہوئی تھیں جس کے گرد وہ گھوم رہی تھیں۔ آخر وہ کس سے پوچھتیں کہ ان کی بہن کے ساتھ وقت نے کیا ظلم ڈھایا؟ انہوں نے آنکھیں بند کر لی تھیں اور وہ ساری کاوشیں دہرانے لگی تھیں جو سلیم افسر کے ساتھ طویل سفر پہ جانے سے پہلے انہوں نے دہرائی تھیں۔ مسٹر عبدالرحمٰن ان دنوں ملک میں نہیں تھے اور جس کے ساتھ کا خواب دیکھ کر عطیہ بانو نے قدم باہر نکالے تھے، وہ نظروں سے اوجھل تھا۔ لوگ کہتے تھے وہ گوشہ نشین ہو گیا ہے۔ کہاں رہتا ہے، یہاں نہیں، کوئی نہیں جان سکا تھا۔ اور نتیجہ یہ تھا کہ وہ ایک بند گلی میں آ کھڑی ہوئی تھیں۔ راستہ کوئی نہیں تھا۔

کیا واقعی راستہ نہیں تھا؟ یا وہ راستہ ڈھونڈ نہیں پا رہی تھیں......؟

❀ ❀ ❀

"تمہیں کیا لگتا ہے، شاہ صاحب کو خبر نہیں ہوگی کہ ہم نے اس کے ساتھ کیا کیا ہے؟" سائیں نے رازداری سے کہا تو ملازم نے مدھم لہجے میں کہا۔

"سائیں! کسی کو پتہ نہیں چلتا۔ ویسے بھی جو اس کی جان کے دشمن ہیں وہ اس سے نفرت کرتے ہیں۔ صرف شاہ صاحب کی لاڈلی ہے وہ حویلی میں۔ لیکن اگر ہم اُسے اس طرح ادھ موا کر کے کسی شہر میں پھینک دیتے ہیں تو وہ وہاں کون سا زندہ رہ پائے گی؟ مر جائے گی پڑے پڑے۔ شاہ صاحب یہی سمجھیں گے کہ بڑی آپ کی بدی عورت تھی، بھاگ گئی، جیسے پہلے گھر سے بھاگ گئی تھی۔" ملازم تھوڑی دیر کو رکا، پھر جلدی سے بولا۔

"کھانے وانے کا تو وہ ویسے ہی کم کرتی ہے، پھر بھی اس پہ شک نہیں پڑتا۔ ساری حویلی کے مردوں کے دلوں پہ راج کر رہی ہے۔ نہ جانے مردوں کو اس میں کیا نظر آتا ہے کہ......"

اس نے ایک گندی سی گالی دے کر بات ادھوری کی اور سائیں نے پرسوچ انداز میں اُسے دیکھا۔ جو عمر کا ایک کام کرنے والا ملازم تھا، وہی دھڑکا اُسے بھی تو تھا۔ پتہ نہیں، مرد کی نظر میں پھر کب تبدیلی آ جائے۔ اس نے کہا تھا، ایک بار وہ ٹوٹ کر پلٹنے میں دیر لگتی ہے مگر مرد کا دل اس سے بھی تیزی سے بدل جاتا ہے۔ پھر کامران شاہ کا عجب بھی تو اس کے ساتھ تھا۔ وہ اس کی نگاہ میں بھی آج تک کہیں کل کسی موقع پر بیٹے کو اس کا خیال آ گیا تو...... وہ اس حویلی میں کون بن جائے گی۔ دوسرے درجے کی عورت...... پانچ سال کا بچہ بہت لاڈ میں پل رہا تھا کہ اُسے ہی اس گھر کا وارث تھا ابھی تک۔ اس کی اولاد

کے بغیر نہیں سوچا تھا مگر سگی ماں تو سگی ماں ہوتی ہے ناں......

بس اتنی بات نے اسے ملازمہ کی باتوں میں آنے پر مجبور کیا تھا۔ زوار حسن شاہ ایک ہفتے بعد کسی کام کے سلسلے میں انگلینڈ جانے والا تھا اس لیے وہ چاہتی تھی، یہ کام اس کے جانے کے فوراً بعد کر لیا جائے تاکہ لیلیٰ پولی کی گنجائش نکل سکے۔ حویلی کی اکثر عورتیں اس کام میں خود بخود اس کی مددگار بن جاتیں۔ وہ ان کی مالکن تھی، وہ جو کہتی حویلی کے سب لوگ وہی کچھ کہتے۔ اس کا اسے یقین تھا۔ سو وہ مطمئن ہو کر کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی۔ مگر غلام گردش میں بیٹھی ہوئی کنیزوں کی کنیز گھٹنوں میں چہرہ چھپائے بے تحاشا رو رہی تھی۔ اسے پتہ نہیں، اپنی قسمت پر رونا آ رہا تھا یا اپنی زندگی پر، کچھ ظاہر نہیں تھا۔ زندگی کس ڈگر پر چل رہی تھی۔ زوار حسن شاہ کسی نہ کسی حوالے سے اس کے لیے ایسی ہی مشکلات پیدا کرتا رہتا تھا۔ اس کی مجبوری اس کی ذات میں دوبارہ گزر آئی تھی۔ اب تک اس کے دل کو موم کرنے کے بجائے اور پتھر کر دیتی تھی۔ اسے لگتا تھا اس کا خدا اس سے ناراض ہے۔ ورنہ دل کو موم کرنا کیا مشکل ہے۔

اس نے سر جھکا لیا تھا، پھر آہستگی سے خود سے بولی تھی۔ ”نرم دل کی کھیتیاں اجاڑنے والے کیا اتنی آسانی سے محبت کی فصل کاٹ سکتے ہیں؟“

دل نے کمرے میں لے جا کر کھڑا کر دیا، پھر تقریر لگائی۔ ”یہ کیا کر رکھی ہے؟ موم دل تو خود آنسوؤں میں پگھلا کر بہا دیے تم نے، پھر پتھر سے دوستی میں اتنی الجھن کیوں؟...... مگر عنایا کبھی کبھی وہ گم ہو جاتا تو وہ گھٹنوں میں سر دیے کر رونے لگتی، یا پھر چپکے چپکے تسبیح کرتی رہتی۔ کبھی تسبیح بیٹھ جاتا، کبھی اس کی دعاؤں کا ہر ایک ورد واپس لوٹ آتا۔ اب تو جیسے اسے انتظار کرتے کرتے بھی تھکن ہونے لگی تھی۔ انتظار اس کے لیے ایک طویل خاموشی اور طویل خلاء کے سوا کچھ نہیں تھا۔ تئیس سال بعد اس پر کھلا تھا اس نے جیسے اپنے گھر کے دروازے سے قدم دنیا میں نہیں، ایک خلاء میں رکھ دیا تھا۔ ایک ایسا خلاء، جہاں زندگی نہیں تھی، آسیجن نہیں تھی اور وہ نیچے سے نیچے گرتی چلی جا رہی ہے۔

”اوئے، چل اُٹھ! بہت کام پڑے ہیں۔“ بوڑھی ملازمہ نے اسے ٹھڈا مارا اور وہ کراہ کر رہ گئی۔ ”کن کمینوں سے بھی گئی گزری ہے تو...... مالکن کہنے لگی ہے۔ کم بخت میری بیٹی کا گھر برباد کرنے پر تلی ہے۔ ادھر دیکھ، ہماری ساری نسلیں اس حویلی کی غلاموں کی غلام ہیں، ہمارا شجرہ نسب ہے، ہماری نسلوں کی پہچان ہے، ہمارے باپ دادا کا پیشہ ہے۔ تیری طرح تھوڑی کھوئی!“ اس نے اسے اٹھنے بھی نہیں دیا تھا اور سر کی چادر کھینچ کر زمین پر گرا دیا۔ وہ منہ کے بل گری تھی۔ پیشانی زمین کی خاک سے خاک ہو گئی تھی۔ بالوں میں مٹی بھر گئی تھی۔ اور تبھی اسے لگا تھا، اس کی ماں نے اس کا ہولے ہولے شانہ ہلایا تھا۔

”اٹھ نیک بخت! نماز پڑھ لے۔ جو سر سجدے میں جھکتا ہے، وہ ہزار سجدوں سے بچ جاتا ہے۔ پتہ نہیں، تجھے خدا سے، نماز سے کیا الجھن ہے۔ میرا تو دن نہیں چڑھتا جب تک میں بارگاہِ الٰہی میں سر نہ

جھکا ہوں۔"

"صرف جھکا ہوں......" اُسے لگا جیسے اُس کی ماں کا آخری جملہ اس کی زندگی کی نیچ لائن بن گیا تھا۔ "جو سر خدا کے آگے نہ جھکیں ماں! انہیں پھر وہ جھکا جاتا ہے۔ کبھی دکھ دے کر، کبھی بیماری دے کر، کبھی آزار دے کر، وہ جھکا دیا جاتا ہے۔ مگر صرف انہیں جن سے وہ پیار کرتا ہے۔ صرف انہیں راستہ دکھاتا ہے کہ سنبھل جا، زندگی کی سمت ٹھیک کر لے۔ جن سے محبت نہیں کرتا، ان سے بے نیازی اختیار کر لیتا ہے۔ جیسے سمجھدار دوست اپنے دوست کا بہتر کردار استقبال کرے مگر دوستوں کو بالکل بھٹکنے دینے والے کبھی اپنے مہمان خانے سے ہاتھ پکڑ کر نکالتے نہیں، پھر گلے سے بھی لگاتے۔

اُس کے اندر ماں کی کہی باتیں گونج رہی تھیں۔ وہ بھرے بھرے قدموں سے پیچھے ہٹی تھی۔ تب عارفہ کی بات نے اُس میں ہمت بھری تھی۔

"یا ماں! کبھی کبھی یوں بھی تو ہوتا ہے، جو لوگ بہت پرہیزگار ہوتے ہیں، اُن کے لیے بھی دنیا داروں سے بھی زیادہ تنگ ہو جاتی ہے۔ وہ خدا سے پیار کرتے ہیں پھر بھی قدم قدم پر ٹھوکر لگتی ہے۔ قدم قدم پر مشکلیں انہیں مسل دیتی ہیں۔ پھر ایسا کیوں ہوتا ہے؟ دوست تو ایسا نہیں کرتا۔ دوست تو اچھا نہیں کرنا چاہیے۔"

"نہیں کرنا چاہیے۔ پر دوستی کو جانچنے کا بھی تو کوئی ذریعہ ہے نا۔ تم محبت کرو کسی انسان سے، دل میں کہیں نہ کہیں شک تو ہوتی ہے نا، جان لو تمہارا محبوب یا محبت تم سے کتنی محبت کرتا ہے۔ کیا وہ تمہیں محبت کرتے ہمارے لئے دنیا ٹھکرا دے؟ تم سوچتے ہو ماں، کسی خوف سے یہ جانچ نہیں کرتے، کیا یہ وہ ہماری خاطر ہو جانے سے، کیا یہ تمہیں چھوڑ کر رسوائی دے، ٹال دے اور حقیقت میں محبت کو آزمائش میں ڈالنا بھی نہیں چاہیے۔ مگر خدا ہے، بادشاہ ہے اور بادشاہ دل کے شاہوں کی ہی تحمل بار بار پرکھتا ہے۔ انہیں جنہیں دار ہو وضع داری جو برداشت ہو...... تم نے کبھی کسی بادشاہ کو کسی کے آگے ہاتھ پھیلاتے دیکھا ہے؟"

"یا ماں پھر کوئی بادشاہ نہیں ہوتا۔ ہم عام لوگ کہاں جائیں؟"

"محبت میں عام لوگ ہی تو خاص ہوتے ہیں۔ میں نے کتنی بڑی حاجت کا ترک یہ نہیں کہ آپ عیش و عشرت، آسائش اور دنیا سے منہ موڑ لیں، تیاگ یہ ہے کہ آپ ان سب چیزوں میں شامل ہوں مگر آپ کا دل اندر سے درویش ہو۔ درویش بادشاہ ہے اور دل کا بادشاہ خدا کے آگے درویش ہے۔ عام ہو، بے سہارے تحمل بار بار کی صدا سمجھا اور سنے نہیں دیتی۔ وہ اس کی آنکھ سے دنیا کو دیکھتا ہے، اس کے کان سے سنتا ہے اور یہ محبت کی انتہا ہے۔ اس انتہا تک جانے کے لئے آزمائش گزارنی پڑتی ہے، جیسے نذر گزاری جاتی ہے۔ مالک کی مرضی نذر قبول کرے یا رد کر دے۔ دکھ، آزار، پریشانیاں، یہ سب اس محبت کے

جانتے ہیں کہ ہم کتنی جلد ہار جاتے ہیں اس کی کسی تکلیف پر جا کر چیختے ہیں یا ضبط سے نکل جاتے ہیں۔ عارف! ضبط سے گزرنا محبت ہے، محبت ... کیسی ہوتی ہے؟"

"ہاں! ابلیس نے بھی تو محبت کی تھی، پھر بھی وہ راندۂ درگاہ ہوا۔"

اس نے اس کے اس انوکھے سوال پر اسے دیکھا پھر مسکرا کر بولی۔

"تمہیں سدا بچوں میں بیٹھ کر بھی ایسی باتیں ہی کیوں آتی ہیں؟" اماں نے مسکرا کر اسے سر اٹھا کر دیکھا، پھر کہنے لگیں۔ "ابلیس نے محبت کب کی تھی؟ محبت تو رب نے کی تھی۔ ہزاروں برس ہزاروں سجدے دیں، ہزاروں برس کیں، کتنا سر جھکا، مستقل سجدے کیے، اس نے سر نہیں جھکایا اپنی عبادت کے زعم میں، وہ کلی کی اپنی ابلیس نے عبادت کی... عبادت وفا جان! اگر وہ محبت کرتی تو اگر وہ محبت کرتا تو محبوب کا حکم ماننے سے ہی پیچھے نہیں ہٹتا، محبوب کی تو بارگاہ میں ہاں کا سر ... پھر اسے حضوری ملتی، اس نکتے کو ہی سمجھ محبت میں انکار نہیں، محبت میں اطاعت و تسلیم خود سپردگی ہے۔ یہ سمجھو! یہ مجھ۔"

اور اس وقت وہ سارے فرشتے اس کے دل میں ... سجدے کو سے سمجھے، وہ اپنے اندر اکڑ ... اس نے بھی تو ... جو بس جھکا یا تھا۔ محبت کی بارگاہ میں، فرشتے اس رب نے اور اس نے اپنی خودی کے زعم میں سب گنوا دیا۔

کیا یہ مرا ... ختم ہوگئی میری ...؟ اس نے آسمان کی طرف سر اٹھایا۔ بغیر سوچ سمجھے ہی اس نے ... بیل بجا دی تھی، پھر سسک کر بولی تھی۔ "میں ... بھائی! کل سے آپ کا نمبر ملا رہی ہوں، لیکن نمبر بند ہی مل رہا ہے۔"

"اچھا... بتاؤ تم کہاں ہو؟ میں آ رہا ہوں تمہیں لینے۔"

وہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ اس کو کسی نے پیچھے سے پکڑ لیا تھا۔

"اچھا... تو یہ چکر بازیاں ہیں تیری... حویلی کے لوگ کم پڑ گئے جو باہر سے اپنے سگوں کو بلا رہی ہے؟ کس کو فون کر رہی تھی؟ بول!" اس نے اس کے بال پکڑ کر جھنجھوڑا تھا اور وہ روئے جا رہی تھی۔

"ارے ... فون دے دے۔ قسم سے میں کسی کو نہیں بلا رہی تھی۔ اسے ... مجھے فون دے دے۔ تیرے بچے جئیں۔" وہ گھٹنوں کے بل جھک کر گڑگڑانے لگی تھی اسے اچانک ایک عمل یاد آنے لگا تھا۔ اس کے سامنے کسی نے اس طرح گڑگڑا کر کہا تھا۔ "وے ... ایک روٹی کا سوال کرتی ہے۔ تیرے بچے جئیں۔"

"نہیں ہے میرے پاس۔ کچھ نہیں ہے۔ تجھ جیسی سنگدل باپ کی بیٹی کو ان کے گھر میں اپنا اختیار بھی نہیں دیں، چل بہت راستہ دے۔"
"کاش! تانیہ تمہیں جھٹکتے ہوئے کسی کو کیا پتہ، کس درجے میں کون ہو، کون اللہ کا مقرب بندہ ہو، کون کیا ہو، تمہیں دینا ہے تو دے، مجھ سے تنگ مت کر، دل مت توڑ، دل اللہ کے رہنے کی جگہ ہے، بادشاہ کے دل میں بھی وہی نقیر کے دل میں بھی وہی۔ کیا پتہ تیرے کس جملے سے اس کا کون سا نکتہ ابھر جائے، وہ کہاں اور کون سا دل ہے تجھے لگ جائے۔ مت رلا اسے۔"
"مجھے نہیں پتہ، تیرے باپ کی جیسی ادھم وہی۔ کچھ نہیں ملتا اس سے۔ یہ سب ڈھکوسلے ہوتے ہیں ان مانگنے والوں کے۔"
"بابا لے جا تجھے رب کا واسطہ مت ظلم کر مجھ پر...... مت توڑ، دیکھ میری عزت ٹوٹ رہی ہے، قدموں میں ہے۔ مت کر بابا لے، ایسا مت کر۔" اس نے اچانک ہی ان کے پیروں میں ہاتھ ڈال دیا، بابا لے نے ٹھوکر لگائی۔
"بہت ہو گیا اور تیری عزت...... بس......" اس نے سم سب مو بائل ذرا کے بیچ رکھ کر زنی طاقت سے بکل دیا، اور وہ اپنے مجبوری، بے بسی اور دکھ سے ابھی کوئی موت ہوئی ہے۔ اس کے ذہن پر وہی تمام گردش میں کہ مجھے پھر سے...
"مانی اور ذرا کال ہو گئی ہے بابا لے نے موبائل کھینچنے کی کوشش کی تو اس نے ہاتھ اس پر رکھ دیا، بابا لے نے اس کا ہاتھ بھی جکڑ لیا ہے۔ مانی، شاہ صاحب کو پتہ چلا تو برا ہوگا۔"
مانی نے ملازمہ کی طرف دیکھا، اس نے کندھے اچکا کر کہا۔ "شاہ صاحب پو چھیں تو کہہ دینا، بابا تو جو کچھ ہے تم کہا ہے، اس سے کہنا کچھ وہ لوٹ کر جا چکے گی اسے۔"
ملازمہ سر ہلاتی ان کے پیچھے کی اور وقت زرا گزر کے اتر تا چلا گیا۔
حویلی کی تمام گردش میں اس کا سانس گھٹنے لگا اسے بہرا زندگی سے نکلنے کی حسرت بھی ختم ہوئی محسوس ہوئی۔ کیا بات اس کے لئے سوچوں پر کہا لے جانے والے کچھ شہریوں نے اسے اغوا کر لیا تھا، اس کے ساتھ وہی مجبوری اور کہانی نے حویلی میں خبر دے دی تھی۔
"وہ کچھ کا کہا کر لے گئے تو...... وہ کچھ کر......"
زماں حسن شاہ کو بابا جام مر رہا تھا کہ تیزی سے اٹھا تھا۔ "کس کی مجال ہے، جو میری ملازمہ کو اغوا کر کے لے جا، میرے قدموں سے۔" اس نے بندوق لے کر باہر نکلنا چاہا کہ مانی نے اسے روک لیا۔
"مت جاؤ شاہ جی! آج کی شعلہ بانی پر وہ مارے لئے خطرہ ہے، کہیں یہ وہ بھی نہ ہو۔ فسادی ہو حویلی میں۔"

زوار حسن شاہ نے اسے دیکھا اور پھر روٹی کے بال مٹھی میں پکڑ کر غرایا۔ "بتا اتری بچی! تیرا کوئی بادروست تو نہیں؟...... تو اس سے جلتی تھی ناں...... بتا وہ تیرے آقا تو نہیں تھے جنہوں نے تجھے مخبری کو بھیجا کیا؟"

"نہیں شاہ صاحب! میری کیا مجال ہے؟ میں تو صرف گھر کی حفاظت کرتی ہوں شاہ صاحب! مجھے میرے بچے کی قسم شاہ صاحب!"

زوار حسن شاہ کی سوئی رگیں کچھ ڈھیلی ہوئیں مگر انہوں نے اس کی تلاشی نہیں چھوڑی۔ پھر ایک دن بابے لڑکی نے عبد مجید کو کپ کر دیا۔ وہاں کے پاس غلام گردش کے مہمان خانے میں آ گیا تھا۔ شہر سے اسپیشلسٹ ڈاکٹر کو بلایا گیا تھا۔ ...... اس کا ہم جنا بابا تو تھا۔

"کون تھے بابے! وہ جنہوں نے تیرا یہ حال کیا؟"

"پتہ نہیں صاحب! چار بندے تھے۔ پتہ نہیں کہاں سے آئے تھے اور کہاں سے نکلے تھے مجھے تو تیری بچی ہوئی شاہ صاحب! انہوں نے مجھے ایک مارنا شروع کر دیا۔ میں تو ان کی شکلیں بھی نہیں دیکھ سکا شاہ صاحب!"

"تجھے کیا لگتا ہے بابے! وہ لوگ خان کے آدمی تو نہیں تھے؟" زوار حسن شاہ نے پر خیال انداز میں اسے دیکھا تو وہ کراہ کر بولا۔

"نہیں شاہ صاحب! خان کی بات چھوڑیں وہ میری غلام گردش ...... ان کے خاصوں کا مخبر بھی تجھے ...... زوار حسن ایسا ہم کے خادموں کو ...... وہ کوئی اور تھے شاہ صاحب!...... بالکل کوئی اور......"

"کہیں یہ لوگ شہر کی خفیہ پولیس کے لوگ تو نہیں تھے؟"

"خفیہ پولیس کے لوگ؟" اس نے سوال کیا اور زوار حسن شاہ واپس سے بولا۔

"ہاں! آج کل وہ میرے پیچھے چھان بین کر رہی ہے بابے! اپنے شہر کے سارے لوگوں پر سخت کڑی ...... بھی نظر ہے بابا! سائیں کی لپیٹ میں آئے ہوئے ہیں۔ پتہ نہیں نجانے کہاں سے بس کھل رہے ہیں۔ میں تو یہی سوچ کر خاموش جا رہا ہوں کہ معاملہ ٹھنڈا ہو جائے تو آ جاؤں۔ ...... بابے! مجھے نہیں آ رہا وہ شہری لوگ کون تھے جو تجھے زخمی کر گئے۔ ...... کہاں گئے؟......

بابے! اطلاع ملنے کی خبر کو جانے والی ...... نے اپنے بندوں کو پھیر لگا دیا تھا۔ پولیس کی اپنے علاقے سے باہر نہیں گئی۔ تجھے نہیں آتا کوئی کہاں ہے۔ سارے طرف سے الجھن بڑھتی جا

رہی ہیں اور بابے اُف.... نہ بھی ٹانگیں تڑوا کر بیٹھ گیا ہے۔ پتہ نہیں وہ پھر سے کھڑا بھی ہو سکے گا یا نہیں؟"
بالاچ اپنی تکلیف اور ان کے خشک ہونے اور رونے کا انداز دیکھ کر پھر سے رونے لگا تھا۔
زوار حسن شاہ کو وہ بوڑھا اسے دیکھتا رہا۔ پتہ نہیں وہ کیوں ناکارہ ہو گیا۔ اس کی نظر میں وہ ان کے لیے بے کار ہو گیا تھا۔ ریس کے گھوڑے کی طرح، مالک جس پر اس وقت تک پیسہ لگاتا ہے جب تک گھوڑا ایک پر دوڑتا رہتا ہے۔ گھوڑا زخمی ہو جائے تو مالک اس کی تیمارداری نہیں کرتا۔ جیتنے کے عوض ایک کاروپ انعام میں دیتا ہے تاکہ اس کی موت زیادہ تکلیف دہ نہ ہو سکے۔
بالاچ اپنی اوقات سے زیادہ بوجھ اٹھا کر اس لیے رو رہا تھا۔ مکافاتِ عمل، وہ کبھی کسی کو کبھی نہیں بخشتا۔ آپ کے اعمال خود آپ کے سامنے سزا کی طرح آ جاتے ہیں۔ کبھی آپ کے سامنے کبھی آپ کی آگے کی نسل کے سامنے۔ مگر مکافات ہوتا ضرور ہے۔ وہ روئے جا رہا تھا اور اسے ایک ایک پل کا دکھ لگ رہا تھا۔
کبھی اپنی کسی غلطی کا احساس اتنی جلدی نہیں ہوتا مگر جب ہوتا ہے تو دل کا درد آنسوؤں سے بہہ جاتا ہے اور دل تڑپنے کی حالت میں آ جاتا ہے۔ سمندر بن جاتا ہے اور سمندر چٹانوں تک کو پاش پاش کر دیتا ہے۔ وہ بھی ریزہ ریزہ ہو گیا تھا۔

❀❀❀

"کون ہو تم؟.... چھوڑو مجھے۔" اس نے پوری طاقت سے خود کو آزاد کرانے کی کوشش کی اور ایک بہت تیز آواز کے ساتھ جھٹکے میں چلا کر دیا۔
"تمہیں یہ زندگی بہت پسند ہے کیا؟ کیا تم وہیں رہنا چاہتی ہو؟ تمہیں آزادی نہیں چاہیے؟ ہم تمہیں خود اس حویلی کے درندوں سے بچا سکتے ہیں۔ بتاؤ کیا تم اب چلنا چاہتی ہو؟"
اس کے جسم کا سارا احتجاج ختم ہو گیا۔ اس نے گھبراتے لہجے میں پوچھا۔ "کون...... کون ہیں آپ لوگ؟"
"تمہارے خیر خواہ ہیں۔ اور خیر خواہوں کے نام نہیں ہوتے، بس کام چل جاتا ہے۔"
"مگر آپ کو کس نے بھیجا ہے میرے لیے؟"
مگر چاروں میں سے کسی نے بھی کچھ نہیں کہا تھا۔ نیہران کی جیپ زوار حسن شاہ کی زمینوں کو پیچھے چھوڑتی ہوئی تیز رفتاری سے شاہ نواز کی زمینوں کی طرف بڑھتی جا رہی تھی۔

"آپ شاہ فیاض کے آدمی ہو؟" اس نے خوف سے کپکپاتے ہوئے بھرے گلے سے سوال کیا۔ کیونکہ یہ تو وہی تھا کہ آسمان سے گرا کھجور میں اٹک جائے۔ "آپ بتاتے کیوں نہیں ہیں؟ آپ کس کے آدمی ہیں؟"

"ہم اللہ کے آدمی ہیں۔ اللہ کے بندے ہیں۔ ہمارا کسی سے کوئی تعلق نہیں۔ ہاں، لیکن شاہ فیاض کے اوپر ہمارا ایک قرض ہے۔ ہمارے بابا نے ایک بار شاہ فیاض کے بیٹے کی جان بچائی تھی۔ بس اس لئے آج ہم اپنے کام نکلوانے کے لئے اُن کا استعمال کر رہے ہیں۔ جب تک حالات نارمل نہیں ہو جاتے ہم تمہیں شہر لے جانے کی غلطی نہیں کر سکتے۔ کیونکہ شہر کی طرف جانے والی ایک ہی مین سڑک ہے۔ وہاں پر تمہارے سردار شاہ کے آدمی پہرہ دے رہے ہوں گے۔ سو تمہیں کچھ دن اور قید میں گزارنے پڑیں گے۔ لیکن یہ قید زوار حسن کی قید سے مختلف ہوگی۔ تم یہاں آرام اور عزت سے رہو گی۔"

مائرہ نے بازوؤں میں اپنا چہرہ چھپا لیا تھا۔

پھر تھوڑی دیر بعد وہ شاہ فیاض کی حویلی میں بیٹھے تھے۔ انہوں نے ایک لیٹر نکال کر شاہ فیاض کی طرف بڑھایا تھا اور جواب طلب نظروں سے انہیں دیکھا تھا۔ شاہ فیاض نے لیٹر پڑھ کر کافی دیر تک مراقبے میں غوطہ لگایا۔ پھر گہری سانس لے کر بولے تھے۔

"شاہ حسن اور ہم سے ہماری نسلوں کا جھگڑا چلا آ رہا ہے۔ ہمارے سارے خاندان کے بہت سے آدمی اور خاندان کے لوگ بھی اس تنازعے کا شکار ہوئے ہیں۔ لیکن آپ کے بابا کا ہم پر ایسا احسان ہے کہ ہم اس تنازعے کے باوجود آپ کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں۔" انہوں نے ذمہ داری لی تھی۔ پھر بہت ٹھہرے ہوئے انداز میں آواز دی تھی "امین احمد ادھر آؤ۔"

امین احمد "جی سائیں" کہتا ہوا آگے آیا تو انہوں نے دور کھڑی مائرہ کی طرف اشارہ کیا۔ "امین احمد! یہ لڑکی آج سے ہماری پناہ میں ہے۔ اسے ہم تمہاری ذمہ داری میں دیتے ہیں۔ یہ آج سے تمہاری رانی کی طرح ہے۔"

"جی سائیں!" امین احمد نے ہامی بھری۔ وہ شاہ فیاض نے پھر سے ٹھہرے ہوئے کہا۔ "امین! اور کچھ یہ میری بیٹی ہے تو تمہاری بھی ہے۔ ہماری پناہ کا مطلب پتا ہے۔ مجھے میرے دوست کے آگے شرمندہ ہونے نہ دینا۔"

"نہیں سائیں! آپ کا حکم سر آنکھوں پر۔ یہ میری بیٹی رانی ہے سائیں! مجھے اپنی بیٹی کی قسم، یہ آج سے میری بیٹی ہے۔"

شاہ فیاض نے امین کے ہاتھ کو مائرہ کے سر پر رکھتے دیکھا اور اطمینان سے بولے۔ "آپ اب بے فکر ہو جائیں، یہ میرا خاص ملازم ہے۔ اب یہ اپنی جان تو دے سکتا ہے مگر آپ کی دی گئی امانت میں کوئی

خیانت نہیں کی، جتنا تو خیانت کرنے پہ سے ملتا ہے۔"

چاروں نوجوان اٹھ گئے تھے ساتھ ہی پچھلے دروازے سے باہر نکل دیا گیا تھا جہاں سے وہ یہاں آئے تھے۔

وہ ان کے پیچھے پیچھے چلتی ہوئی ایک اور غلام گردش میں گم ہو گئی۔ ایک غلام گردش خاموش کا راستہ تھا اور دوسری غلام گردش جانے کون سا راستہ دکھانے والی تھی۔ پتہ نہیں اس کا اگلا قدم خلاء میں پڑنے والا تھا یا زمین چھو لینے والا تھا۔ وہ ابھی بھی اپنی زندگی کی الجھنوں کو سلجھانے کی دعا کر رہی تھی۔

یہاں آ کر اس نے پہلی بار بہت بے فکر ہو کر کھانا کھایا تھا، جو کئی بار سجدہ کیا تھا اور اتنی اسے تنگ رہا تھا شاید ماں کے دکھ نے اس کے لیے کوئی دعا کسی قید پرندے کی طرح آزاد کی تھی، نئی زندگی میں ایک قدم رکھنے کی سبیل پیدا ہوئی تھی۔

"شہریار بھائی! کاش آپ مجھے ڈھونڈ سکتے، مجھے یہاں سے لے جا سکتے۔ مجھے ایک موقع زندگی سے ملوانے کی لا یعنی جنگ ختم کرنے کا، میں معافی مانگ سکتی۔ میں اپنی ماں کے قدموں میں بیٹھ کر تمام عمر معافی مانگتی رہتی۔ کاش مجھے... شاید میں پوری طرح بخش دی جاتی...... کاش......" اس نے دعا کرتے ہوئے گھٹنوں پہ اپنا چہرہ چھپا لیا۔

❁❁❁

سوہنی رشی اب ڈنر میں بہت گھل مل گئی تھی۔ ان کے اچھے رویے نے سب کے دل جیت لیے تھے۔ اتنے ماہ کے سیکھنے ہیں اور اس کی قابلیت دیکھتے ہوئے ان سب کے ذہن سے وہ خیال بھی نکل گیا تھا کہ وہ نا اہل یہ کے سفارش پہ اپائنٹ کی گئی ہے۔ ان کا خیال تھا ڈنر کے لیے اس سے اچھی ورکر ہزاروں انٹرویو کے بعد بھی ڈھونڈنا مشکل تھا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ ان کی بہترین دوست بن گئی تھی۔ آج وہ سب کھانے کے کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ساری ساتھی ورکرز تھیں، اس لیے سب کا اصرار تھا کہ وہ پردے کے پیچھے کا حسن دیکھنا چاہتی ہیں۔ وہ مسلسل انکار کر رہی تھی کہ ناجیہ نے سوال کیا تھا۔

"کیا تم شروع سے حجاب کرتی ہو؟"

اس نے نفی میں سر ہلایا تھا۔ چہرہ آہستگی سے بولی تھی۔ "پہلے میں بہت ماڈرن قسم کی ہوتی تھی۔ میری ماں مجھے اس بات پہ بہت ٹوکتی تھی۔ اس کا خیال تھا عورت کا چھپا رہنے والی شے کا نام ہے اور میں کہتی تھی کہاں ہم، وقت بدل گیا ہے... ماں میری نہیں اور چھپ جاتی۔ آج مجھے میری غلطی میں میری ماں کی بھی غلطی شامل تھی۔"

"غلطی؟........ تم نے بھی کوئی غلطی کی ہے؟" بہت ساری آوازیں ابھریں اور اس نے سر اثبات میں ہلا کر کہا۔

"ہاں میری غلطی...... میری ماں نے مجھ پر ہر وقت چیک رکھنا شروع کر دیا۔ میں بڑی ہوئی تو مجھے لگتا تھا، میں کوئی عادی مجرم ہوں، جو نظر بچاتے ہی کوئی گناہ کر گزروں گی۔ ماں کو ہر وقت مجھ پر شک رہتا۔ میری سہیلیاں انہوں نے کبھی بننے نہیں دیں۔ اُن کا خیال تھا لڑکی کی سہیلیاں بگاڑ دیتی ہیں۔ میرا کہیں آنا جانا نہیں تھا۔ جو سکول فرینڈز تھیں ماں نے ان سے بھی مجھے چھڑوا دیا۔ اُن کے فون آتے تو ماں اُن سے اُن کے فون کرنے کی اتنی تفصیل لینے بیٹھ جاتیں کہ پھر مجھ تک فون آتے آتے خدا حافظ کے نعرے میں بدل جاتا۔ کبھی ماں کے سونے میں، میں کوئی فون ریسیو کر لیتی تو ماں کو پتہ نہیں، کیسے پتہ چل جاتا، وہ فوراً اپنے کمرے کا ایکسٹینشن اٹھا لیتیں۔ رات کو کوئی بلا اپنے آنکھ کر آ کے دیکھتیں...... میرا بھائی کہتا، ماں تو سائیکو کیس ہے۔ میں اُسے جھڑک دیتی، کیونکہ مجھے لگتا یہ ماں کی محبت ہے جو وہ میرا اتنا دھیان رکھتی ہیں۔ بھی ماں کی اس محبت کی عادت تھی کہ میری زندگی میں پیش آ گئے۔

"رفیق...... اور وہ محبت کا وقت۔" تانیہ نے ہنس کر کہا اور اس کی آواز بھیگ گئی۔

"ہاں، ایسا ہی سمجھ لو۔ میں ارد گرد کے ماحول سے بھاگنے کے لئے اس راستے کال پر چھپ چھپ کر باتیں کرنے لگی۔ محبت ہو تو چار لڑکیاں بھی آ ہی جاتی ہیں۔ گھر کی گھٹن نے مجھے باہر جھانکنے پر مجبور کیا۔ پھر جب وہ کہتے، انہیں مجھ سے کتنی طوفانی محبت ہے تو میرا دل مچل جاتا۔ مجھے ماں کی ما نگیں محبت سے چڑ ہونے لگتی۔ بھائی کی سرد مہری سے غار آنے لگتی۔ اور بس پھر یہ محبت اتنی طوفانی ہوئی کہ میں نے گھر چھوڑ دیا۔ رفیق اور ماں سے میری شادی ہو گئی۔ گھر گھر سے نکل کر کھلا کہ گھر در حقیقت کتنی بڑی پناہ ہوتا ہے۔ بہت دھکے کھائے۔ رفیق مجھے کچھ ہی عرصے بعد سے چھوڑ گئے تھے۔ وہ جیسے چپکے سے لے گئے، میں نے انہیں اتنے ہی چپکے سے کھو دیا تھا۔ میں سڑکوں پر آ گئی تھی۔ پھر جب ہر ایک کی نظریں مجھ پر آ کر ٹکنے لگیں تو میں نے پہلی بار حجاب کیا۔ مجھے لگا، یہ حجاب نہیں، یہی میری ماں کا کھینچا گیا حصار ہے، جسے میں نے خود توڑ کر اس میں در بدر ہو گئی۔"

"تمہاری کوئی اولاد؟...... کبھی رفیق اور ماں سے پھر ملیں؟" بہت سے سوال۔ ساری لڑکیوں کی آنکھیں اس کے دکھ میں بھیگ گئی تھیں۔ کچھ نا کسی کو بھی یاد نہیں تھا۔

"وہ کتنی دیر تک بہت روتی رہی، پھر مدھم ہوئی۔ "ایک اولاد ہوئی تو تھی، لیکن غربت سے گھبرا کر میں نے اُسے ایدھی والوں کے جھولے میں ڈال دیا تھا۔ مجھے تو اتنا بھی پتہ نہیں، وہ بچہ میری بیٹی تھی یا بیٹا......"

انیلہ نے اس کے ہچکیاں لیتے وجود کو بانہوں میں بھر لیا تھا۔

اور بہت اچانک دروازہ دکھایا تھا۔ سارہ کہاں تم بھاگ گئی تھیں سانس بھی نہیں لیا تھا۔ وہ بھی ان کی سستی اور کاہلی اور ان کے وقت ضائع کرنے پر جھنجھلا کی طرح انہیں اچھی خاصی باتیں سنانے لگا۔ لیکن وہ کچھ نہیں بولا

تھا۔ اس کی آنکھوں میں سکوت تھا۔ وہ دھیمے قدموں سے چلتا ہوا مسز رفیق کے سامنے آن کھڑا ہوا تھا۔ پھر بہت غیر متوقع اُن کا ہاتھ اُس کے سر پر آ ٹھہرا تھا اور بھرائے لہجے میں اس نے کہا تھا۔

”شادی کے بعد سے اکیلا مت سمجھنا۔ میں ہوں ماں، تمہارا بھائی نہیں لیکن مجھے اُن کے بعد تم بابا کی طرح عزیز رہو گی۔“

یہ کہہ کر وہ رکا نہیں تھا۔

سارہ کی آنکھوں کے چہرے پر بہت جیسے بت بن گئی تھی۔ شدہ وہ مسز رفیق کا وہ جواب لمحے کے آنے اور گزر جانے کے بعد لبوں کی زد میں تھا۔

تب تک کام ختم ہو چکا تھا۔ وہ سب اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور وہ خالی ذہن لئے اپنے ذہن کی بیزاری دوسری طرف گم صم تھا۔

اس وقت ساڑھے آٹھ بج رہے تھے۔ آج لیٹ ہاتھ کام تھا اس لئے وہ پاپا کے انکشافات کے بعد اندر آ رہے پیچھے سے واپس فوراً آگیا تھا۔ اس نے یہ نہیں پوچھا تھا پاپا اس کی ماں کو کیسے جانتے تھے

کیونکہ اس نے پاپا کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔ وہاں آج بھی ان کا کھویا ہوا دل چھپا تھا۔ وہ دل جو شاید ہار گیا تھا۔

وہ ریوالونگ چیئر پر بیٹھا جھولے جا رہا تھا۔ وہ مسئلہ کا بے چارگی بھرا خلا اس میں کوئی چھید کر رہا تھا۔ ”میری ایک ماں تھی۔ زخمی لیکن غربت سے گھبرا کر میں نے اُسے کل چھوڑ دیا تھا۔ میں بھولے میں ڈال دیا

تھا۔ مجھے تو اس کا پتہ بھی نہیں، وہ کیسے جیتا تھا بھی۔“

وہ اب ریوالونگ چیئر سے جھولے جھولے اٹھا تھا۔ باہر نکلا تو پتہ چلا سارا اسٹاف گھر جا چکا ہے۔

اتنی جلدی؟.....وہ ابھی تو کمرے میں آیا تھا.....اس نے رسٹ واچ پر نگاہ ڈالی۔ سارے خیالوں میں گھومتے ریوالونگ چیئر پر جھولتے دو گھنٹے ہو چکے تھے۔

پھر وہ گھر جانے کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا کہ اسے ڈائننگ روم سے جاری کھٹکا نظر آیا۔ ڈائننگ روم اور کچن ساتھ ساتھ تھے۔ کچن جانے کے لئے جس کا دروازہ کھلا تھا، وہ

ورکرز کے کھانے پکے جاتے تھے۔ وہ گاؤں کچن میں تھے جہاں وہ کھڑا تھا۔

”کشف، یہ ٹینشن کیسی رہی مجازی؟“

"ایک جنم پرست کلاس شیری بھائی!" وہ تمسخر سے بولا۔ "بکھراتے ہیں، وہ کام کی نیابت کی وجہ سے سنا جا اعصاب پر کنٹرول کھو چکا ہے ہو گا" شہریار عبدالرحمن سے وہ ایسے بات کر رہا تھا جس سے وہ نفرت کرنے لگا تھا۔

شہریار اس کی کیفیت سمجھ گیا تھا، پھر بھی اس کے ستانے پر اعتراض کر کے مدھم بولا۔

"بہت ناراض ہو گئے ہو مجھ سے۔ کیا تمہیں لگتا ہے میں واقعی چاہے جانے کے قابل نہیں ہوں؟" پتا نہیں اس لمحے ان کا سوال خالی خالی کیوں تھا۔ آنکھوں میں جیسے نمی اتر آئی تھی۔

جازی عبدالرحمن کوئی ٹھیک سی بات کہہ کر اس کا مزاج تحلیل کرنا چاہتا تھا، جن جانے کیا تھا اس کے بارے میں کہ وہ خاموش ہو گیا تھا۔

"جازی! بتاؤ ناں، کیا واقعی میں نے تمہاری محبت میں کوئی کمی رہنے دی ہے؟ جو تم مجھ سے اس طرح دور ہو گئے ہو؟ تم بھی مجھے چھوڑ گئے تم بھی..... تمہیں معلوم ہے میں تم دونوں کے بعد کتنا تنہا رہ گیا ہوں۔"

جازی عبدالرحمن ششدر رہ گیا تھا۔ پھر کم جیسے ہراساں ہوتا ہے، اس نے پلکیں جھپکا کر آنکھیں بند کر کے سے بولا تھا۔

"آپ کو آپ کی تنہائیوں نے تنہا کیا ہے شہریار بھائی! محبت کا راستہ آپ نے خود چھوڑا ہے۔ پھر الزام ہمیں کیوں دے رہے ہیں؟"

وہ جن کھڑے سے بیٹھ گیا تھا۔ پتا نہیں کیا بات تھی، جو اس کے اندر روئے جا رہی تھی۔ اسے کسی کے کندھے کی ضرورت تھی۔ وہ بہت چیخ رہا تھا چاہتا تھا، مگر کس کے سینے میں منہ چھپا کر روتا؟ اس نے اب سر جھکا لیا تھا۔

"جاؤ! تم گھر جاؤ۔ میں واقعی لاحاصل جنگ جیتنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ واقعی محبت میرے لیے نہیں تھی جو میرے لیے ہوتی نہیں تھی۔ مجھے اس کی حسرت نہ کرنی چاہیے شاید۔"

جازی عبدالرحمن کے دل کو کچھ ہوا تھا، اس کے لہجے سے...... مگر تبھی اسی وقت اس کے کسی دوست کا فون آ گیا تھا۔ سو وہ باہر نکل کر سیڑھیاں طے کرنے لگا تھا۔

شہریار نے کمرے میں آ کر اپنے کمرے کی لائٹس بند کر دی تھیں۔ ملازم اس کا منہ دیکھ رہا تھا۔ وہ پوچھنا چاہتا تھا وہ خاموش کیوں لگ رہا ہے۔ کیا اس کی طبیعت خراب ہے؟ مگر وہ کچھ پوچھ ہی نہیں سکا۔ مالک اور ملازم کے رشتے میں بندھا خاموش ہو گیا تھا۔

"تم گھر نہیں جاؤ گے عبدالرحیم؟" اس نے پلٹ کر نرمی سے پوچھا۔

رحیم نے اس کی طرف دیکھا پھر قدرے بلند آواز میں بولا۔ "سر! آج فائنل ہو جائے گا۔ سالار صاحب بہت دن سے مسلسل اسی جنگ میں مصروف ہیں۔"

"لیکن ابھی یہ میٹنگ تو آج ہونی تھی۔" اس نے رک کر سوال کیا اور اس نے پھر سے پوچھا۔

"جی، یہ جو میں کہہ رہا ہوں یہ کل سے میڈیا کے حوالے کیا جا رہا ہے اس لئے وہ ان کا کام فائنل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ دو دن سے یہیں آ جاتے ہیں اور رات گئے تک مصروف رہتے ہیں۔"

"انہیں اسسٹ کون کر رہا ہے؟" اس نے اگلا سوال کیا۔

"مسٹر صاحب جمال ہیں ان کے ساتھ۔"

اس نے بتایا۔ صاحب جمال ان کی کمپنی کا بہترین دماغ تھا۔ اس نے قدم آگے بڑھا دیئے مگر پتہ نہیں کیا بات تھی جو اسے روک رہی تھی۔ وہ جاتے جاتے پلٹ آیا تھا۔ اب اس کے قدم اپنے میٹنگ روم کی طرف بڑھ رہے تھے سامنے ہی میٹنگ روم کے دروازے پا کر اسے حیرانی تھی مگر روم میں سالار عبد الرحمن اکیلے تھے۔

"میں نے تو سنا تھا آپ کو صاحب اسسٹ کر رہا ہے لیکن یہاں تو آپ اکیلے ہیں۔"

وہ اندر آیا اور سالار عبد الرحمن نے پلٹ کر اسے دیکھا۔ شہریار کو یک دم کسی غلطی کا احساس ہوا۔ وہ دوڑ کر ان کے قریب پہنچا تھا۔

"سالار بھائی! آپ ٹھیک ہیں؟"

سالار عبد الرحمن نے اس کی طرف دیکھا تھا۔ وہ اپنا سر مسل رہے تھے اور شہریار عبد الرحمن کے ہاتھ پاؤں جیسے بہت سے لرزنے لگے تھے۔

"عبد الرحیم!...... عبد الرحیم!" اس نے چیخ کر بلایا۔ پھر انہیں تھام کر بٹھا دیا۔ سالار عبد الرحمن کچھ نہیں بول رہے تھے ایسا لگ رہا تھا وہ کسی غنودگی کی حالت میں آ گئے ہوں۔

شہریار نے ڈرائیور اور سارے ورکرز کو کھلے چھوڑ رکھے تھے جن پر وہ میڈیا میں بورڈ میٹنگ اور دوسری اگلی میٹنگ کا اہم انجام دے رہے تھے۔ ولنٹ کے ذریعے نیچے بھیجا تھا عبد الرحیم کو وہ فوراً بند کرنے کا کہہ کر تیزی سے اپنی گاڑی کی طرف بڑھا تھا۔ پھر انہیں فرسٹ ایڈ کلینک بہت پہنچا کر اس نے سختی سے بات بند کر دیا تھا۔ سالار عبد الرحمن نے ایسی کی بات کر دی تھی کہ وہ کام کے دوران اندر بیٹھے تھے لیکن پھر بھی انہیں لگ رہا تھا ان کے جسم کا درد بڑھتا جا رہا ہے۔

"آپ گہرے گہرے سانس لیں جیسے کہ بھائی! بس دس منٹ، یہاں سے انکل صدانی کا کلینک بہت قریب ہے۔ آپ حوصلہ کریں۔ دیکھیے اپنے دماغ کو اندھیرے سے کم منٹ دو بجے وہیں۔ آپ سمجھ رہے ہیں نا میں کیا کہہ رہا ہوں؟"

اس کی سانس ان سے زیادہ تیز چلنے لگی تھی۔ ملک کی جنریشن بے ہوشی کا شکار ہو رہی تھی مگر پھر بھی وہ پوری توجہ سے ڈرائیونگ انجام دے رہا تھا۔

دس منٹ کا سفر پانچ منٹ میں طے کر کے وہ کلینک میں داخل ہوا تھا۔ ڈاکٹر صدانی کا کلینک ایک چھوٹا سا ہسپتال ہی تھا۔ حواس ٹھکانے تھے، وہ سالار عبدالرحمن کو بالکل ٹھیک جگہ لایا ہے۔ اس وقت رات کے ساڑھے گیارہ بج رہے تھے۔ ڈاکٹر صدانی نے ایمرجنسی میں سالار عبدالرحمن کا ٹریٹمنٹ شروع کروا دیا تھا۔ وہ ان کے باہر جانے کے اصرار کے باوجود ان کے سر پر کھڑا تھا۔

سالار عبدالرحمن کے آدھے گھنٹے میں سارے ضروری ٹیسٹ ہو چکے تھے۔ پھر ڈاکٹر صدانی اس کے قریب آئے تھے۔ اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولے تھے۔

"بہت پیار کرتے ہو اپنے بھائی سے؟"

اس نے ان کے چہرے سے آنکھیں نکالی تھیں۔ وہ جلد از جلد پلٹ جانا چاہتا تھا اور وہ اسے دیکھ کر کہہ رہے تھے۔

"اگر کبھی بارش پر الم سوفی اور سالار کو کچھ ہو جاتا تو تم کیا کرتے؟"

"میں...... میں اسی وقت مر جاتا۔ مجھ میں کسی کو بھی ڈوبتے دیکھنے کی ہمت نہیں ہے انکل!" اب اس کا جسم ہولے ہولے کانپ رہا تھا۔

ڈاکٹر صدانی نے اسے پاپا کی طرح اپنے سینے سے لگا لیا تھا۔ پھر انہیں...... وہ کیسے رکتے، وہ خود بھی جوش کا کندھا چاہتے تھے، اس لیے کندھا ملتے ہی آنکھوں کی حد وہ بچانے گیا پڑ گئے تھے۔ ڈاکٹر صدانی نے اسے رونے دیا تھا پھر ہولے سے بولے تھے۔

"جتنی محبت تمہیں سالار سے ہے تمہارے پاپا اور میں بھی تم سے ایسی ہی محبت کرتے ہیں۔ پھر تم کیوں ہماری محبت سے کھیل رہے ہو؟ کیا ہم تمہیں کھو کر جی سکیں گے؟"

وہ ان کے کندھے سے آنکھیں رگڑ رہا تھا۔ مگر اس نے کوئی جواب نہیں دیا تھا۔ پھر نرمی سے بولا تھا۔

"میں بھی جینا چاہتا ہوں مگر ابھی حالات میرے بس میں نہیں۔ کچھ مسائل ہیں، ان سے نمٹ لوں تو جیسے کہا ایک چانس ضرور لینا چاہوں گا۔" وہ رک کر بولا۔

PAKCHAL.COM

"سنی بھائی کے ٹیسٹ کا کیا رزلٹ رہا؟" اُن کے کندھے سے الگ ہو کر سوال کیا۔
ڈاکٹر صمدانی نے مسکرا کر اسے دیکھا، پھر محبت سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولے۔ "سب کچھ ٹھیک آیا ہے۔ بہت زیادہ محنت سے اچانک مسکولز پین ہو گیا تھا۔ پھر نازک مزاج ہوا کرتے ہیں کہ بالکل ہمت چھوڑ بیٹھے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے، سینے کے ساتھ شدید درد کو وہ ہارٹ اٹیک کی کنڈیشن سمجھے تھے اس لیے گھبرا گئے اور تمہیں بھی پریشان کر دیا۔ تم تو جانتے ہو وہ سینے میں اٹھنے والا ہر درد دل کی تکلیف نہیں ہوتی ہاں، پھر بھی ڈاکٹر سے چیک کروا لینا بہتر ہے۔"
"میں بھائی کو لے جا سکتا ہوں؟" اس نے اگلا سوال کیا۔
ڈاکٹر صمدانی نے نفی میں سر ہلایا، پھر نرمی سے بولے۔ "وہ ایک خواب آور انجکشن لے چکے ہیں، ان کی نیند تین چار گھنٹے میں کھلے گی۔ وہ خود سے جاگے گا تو بہت فریش ہو کر اٹھے گا۔ اس لیے تمہیں انتظار کرنا پڑے گا۔"
اس نے سر ہلایا تھا اور سماوار عبدالرحمن کے بیڈ کے پاس جا کر سامنے پڑی کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔ پھر فون کر کے اس نے رحیم داد کو بتایا تھا کہ گھر سے کوئی بھی فون آئے تو وہ یہی کہے کہ صاحب اور شہریار ڈرائنگ روم میں مصروف ہیں اور فون پر بات کرنے سے سختی سے منع کر رکھا ہے۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ گھر والے سب پریشان ہوں۔ سو اس نے اپنے اعصاب ڈھیلے چھوڑ دیے تھے۔ آنکھ بند کی تو پاپا کی آواز آئی۔
"یہ بے خطا ہے۔۔۔۔۔ تمہاری ماں۔۔۔۔۔"
وہ جملہ ابھی پورا نہیں تھا کہ ایک خواب آلود بچی اس کے سامنے آن کھڑی ہوئی۔
بچی کون تھی؟۔۔۔۔۔ اس سے اس کا کیا رشتہ تھا؟۔۔۔۔۔ کیا کوئی رشتہ تھا جو وہ سمجھا تھا؟
ایک نیا سوال اس کے سامنے تھا، وہ اس کا جواب ڈھونڈ رہا تھا۔
"ڈیڈی! میں نے آپ کی شادی کے لیے ایک مرتبہ پھر بات کی ہے۔"
AANCHAL.COM.PK

اذ شے کے کپڑوں پہ چلتے ہاتھ یکدم رک گئے تھے۔ اس کی نظریں عافیہ بیگم پر تھیں مگر خفگی کی وجہ سے وہ ان سے بات نہیں کر رہی تھی۔ کیونکہ کل اتنے دنوں کے بعد اس نے عارف کے ساتھ کسی پارٹی پہ جانے کا

جیولری کا انتخاب لیا تھا کیونکہ اس کے باوجود کہ عارف اس سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا اس نے اسے ڈنر پہ بھی بلایا تھا مگر وہاں کا انتظار کر کے واپس لوٹ آئی تھی۔ پھر رات کو عارف کے سامنے اس نے یک

جھک کر کے ناراضگی کی جبکہ وہ اپنی تھی اور گاڑی لے کر نکل گئی تھی۔ پھر وہ واپس لوٹی تھی تو عافیہ بیگم نے بہت سختی سے اسے ڈانٹا تھا۔ پہلی بار اس نے پلٹ کر عافیہ بیگم کو کچھ نہیں کہا تھا۔ لیکن اس کی ذو معنی ناراضگی، وہ اپنی جگہ۔ اس لیے اس نے اس وقت بھی زبان کے بجائے آنکھ سے سوال کیا تھا۔

بیگم عافیہ نے اسے کندھوں سے یوں تھام لیا جیسے کل کچھ ہوا ہی نہیں تھا۔ پھر کان میں دھیمے لہجے سے بولی تھیں۔

”میں نے تمہاری ممانی کا رشتہ نکالا ہے اذ شے! شام تک علیزہ بھی آنے والی ہے، پھر ہم مل کر تمہاری ممانی سے ملنے جائیں گے۔ میں نے پتہ علیزہ کو بھی دے دی ہے۔“

”آپ کو ان دونوں کا نمبر کیوں چاہیے تھا؟ مجھے تو لگتا ہے اس میں بھی کوئی چال ہوگی آپ کی۔“

اذ شے کا طرز تخاطب شہریار کی کتنی سے بدل گیا تھا اس لیے عافیہ بیگم کو بھی وہ بہت پیارا ہو گیا تھا۔ یکدم انہیں یاد آیا تو بولیں۔

”اذ شے اتم نے شہریار کو لگے سے کال کر دیا ہے یا نہیں؟“

اذ شے نے ایک لمحے کے لیے سوچا پھر شرمیلی سی مسکرا کر بولی ”مجھے خود بھی حیرت ہے کسی کو پکار کر بڑا اچھا نہیں لگتا۔ ماسٹے واٹس ایپ پر مجبور ہوتا ہے۔“

عافیہ بیگم نے اس کے کندھے پہ محبت سے ہاتھ رکھا اور مسکرائیں۔ یہ کل کا تجربہ ہے جس نے اسے اتنا تو ہارٹ کر دیا ہے۔ پھر وہ کچھ سوچتی رہی تھیں کہ عارف صاحب کا فون آیا وہ اس سے کل کی مصروفیت کا ذکر کر کے کال کاٹ کر اس بیوی پہ معذرت کر دی تھی تاکہ اذ شے کچھ دیر تو ماننے کا بول دیتی رہی۔ پھر آفس کا ٹائم اس کی آواز پر لیک کرتی کھڑی ہو گئی۔ جلدی جلدی اس نے کپڑے بدلے تھے پھر چلا دیا تھا۔

شام کے پانچ بجے اس کی واپسی ہوئی تھی۔ گھر میں قدم رکھا ہی تھا کہ علیزہ کی آمد پہ وہ بھاگ کر ڈرائنگ روم میں پہنچی تھی۔ عافیہ بیگم اس سے اتنی دیر میں شہریار اور اس کی وجہ سے اذ شے کے حوالے سے گفتگو کر چکی تھیں۔ علیزہ نے اسے گلے سے لگایا تھا پھر شرارت سے بولی تھی۔

”اتنا بدلاؤ شہریار کی وجہ سے؟ کیا پھر پسند کے وقت اسے کیوں منع کیا؟“

انوشے نے بہن کو مسکرا کر دیکھا پھر بولی۔ "وہ بہت سمجھدار ہے عجیبہ، مجھے تو وہ دوسرا مرد لگتا ہے علیزہ! تمہیں نہیں پتہ وہ اس کے ساتھ آپ جیسے ہوں تو بور نہیں ہوتے ہاں۔ آپ اس کے ساتھ چل رہے ہوں تو آپ کو لگتا ہے، ایک گہرا احساس تحفظ حصار ہے، جیسے تو ذکر کوئی پا لیا ہم آپ کو سمجھ نہیں سکتی۔ لیکن میرے دل میں ہوتا ہاں تو میں زندگی میں کسی بہت اچھی دعا کے طور پر اسے اسٹیج کر لیتی۔ تم کوشش کرو تو تمہیں بھی وہ بہت اچھا لگے گا۔"

علیزہ نے سر ہلا دیا تھا۔ پھر انوشے کچھ دیر ان کے ساتھ بیٹھی تھی اور کھانے کے بعد اپنے کمرے میں بند ہو گئی تھی۔ آج انہوں نے پیچ علیزہ کی وجہ سے لیٹ کیا تھا۔ اس ٹرپ میں صرف تنہا علیزہ ہی آئی تھی، اس لیے بیگم عابدہ بھی پھر اس سے باتیں کر رہی تھیں۔ بات انوشے کی شادی پر پہنچی تو علیزہ نے بہت دھیمے لہجے میں کہا۔

"ممی! مجھے عارف انوشے کے لیے بالکل پرفیکٹ لگتا ہے۔ پچھلے دنوں وہ پاپا کو ملا تھا تو وہ بہت اپ سیٹ تھا انوشے کے اس فیصلے پر۔ حالانکہ اب اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن وہ اتنا اچھا انسان ہے کہ انوشے کے اس فیصلے پر وہ صرف اس کی زندگی کی وجہ سے اپ سیٹ ہے۔ کہہ رہا تھا علیزہ! انوشے نے مجھے چھوڑ دیا، مجھے اس کا غم نہیں ہے۔ لیکن میں یہ نہیں چاہوں گا کہ وہ ایک ادھورا فیصلہ کر لے۔ جواد حسن کی شہرت پاکستانی کمیونٹی میں اچھی نہیں ہے..... میں نے خود پاپا کو اس سلسلے میں کئی مرتبہ وارن کیا ہے مگر پاپا بھی انوشے کی طرح حقیقت سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔ ممی! وہ لوگ بہرا سائٹ پر رہتے ہیں۔ ساری زندگی دوسروں کی زندگی پر اپنی زندگی جیتے آئے ہیں۔ انوشے خوش نہیں رہے گی ممی! کیا اسے کسی طرح روکا نہیں جا سکتا؟"

بیگم عابدہ نے بیٹی کو دیکھا پھر نفی میں سر ہلا کر بولیں۔ "میں اور تمہارے پاپا اس سلسلے میں کچھ بھی ایک بار نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اس سلسلے میں پہلے ہی بہت جھگڑا کر چکی ہے۔ اس کا خیال ہے میں ایک بہت بری ماں ہوں، جس لیے اسے خوش نہیں دیکھنا چاہتی۔ اب تم ہی بتاؤ اس سلسلے میں کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے؟"

علیزہ نے بیگم عابدہ کو بہت پیار سے دیکھا تھا۔ پھر ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر بولی تھی۔ "وہ تو پاگل ہے ممی! اسے کسی چیز کی تمیز ہی نہیں ہے۔ نہ ہی انسانوں کی پرکھ ہے۔ اگر نہ وہ آپ کی محبت پر میری طرح ہمیشہ فخر کرتی۔ ممی! دنیا کی کوئی بھی عورت آپ سے اچھی ماں نہیں ہو سکتی۔ آپ کو پتہ ہے، کبھی کبھی میں جب ان دونوں شیطانوں کو ڈیل کرتی ہوں اور پھر اپنا محاسبہ کرتی ہوں تو مجھے لگتا ہے، میں تو آپ جیسی تربیت، محبت اور ممتا کا عشر عشیر بھی اپنی اولاد کو نہیں دے پاتی۔ جتنا آپ نے ہمارے ساتھ کیا، ہماری زندگی کو دیا۔ ممی! میں چھوٹی ضرور تھی، لیکن مجھے وہ منظر آج تک نہیں بھولا ہے، جب آپ نے پاپا کی محبت اور وعدے پر اپنی بیٹی کے ہنستے ہاتھوں کو گھر کر دیا تھا۔ میں نے جب خود اولاد کی خوشی پائی، تب سمجھی ہوں، آپ نے کتنا بڑا ایثار کیا تھا اس وقت۔ ممی! آپ کی جتنی قدر کی جائے، اتنی کم ہے۔"

نافیہ بیگم کی آنکھوں میں ماں کی محبت کے آنسو بھر آئے تھے۔ پھر انہوں نے ان آنسوؤں کو پیچھے دھکیلا تھا اور محبت سے بولی تھیں۔

"علیزہ! یہ حقیقت ہے، بچہ کبھی اپنی ماں کو نہیں بھول سکتا۔ کیا تمہیں اپنی ماں یاد نہیں آتی؟"

علیزہ نے آنکھیں کھول کر انہیں دیکھا، پھر مدھم لہجے میں بولی۔ "شاید مجھے بھی کبھی کبھی ایک بار دل میں چبھن سی ضرور ہوتی ہے کہ کبھی میں ماں کو دیکھوں کہ ان کا غرور اب بھی ویسے ہی قائم ہے یا نہیں۔ محسوس کیوں کر کیا کبھی ان کے دل میں ہماری محبت نے کوئی کشش جگائی یا نہیں۔ بس اس لئے یاد آتی ہیں وہ... مگر محبت کے ذکر پہ تو صرف پاپا کا چہرہ آنکھ میں آتا ہے۔"

نافیہ بیگم اس کے بالوں میں دھیرے دھیرے انگلیاں پھیر رہی تھیں، پھر بے حد سنجیدہ لہجے میں وہ دوبارہ بولی تھیں۔

"میں نے تمہاری ماما کو ڈھونڈ نکالا ہے۔ کیا تم ان سے ملنا چاہو گی؟"

علیزہ کے چہرے پہ جذبات کا ایک طوفان امڈ آیا اور نافیہ بیگم جانتی تھیں یہ فطری بات تھی، بچہ چاہے جتنا بڑا ہو جائے وہ ماں سے کبھی جدا ہو جائے مگر ماں یاد نہیں آتی۔ لیکن ایک دل کی ان کہی ہوتی ہے، جو ہمیشہ دل میں رہتی ہے اور بچہ زندگی سے ناخوش رہتا ہے، خوش بھی رہنا ہے تو بچی ہی کے ذریعہ اس کی آنکھ میں جگنو اور دل میں محبت کے جھونکے دبے پاؤں چلتے رہتے ہیں۔

نافیہ بیگم نے علیزہ کو اس کیفیت میں ڈوبے رہنے دیا تھا پھر نرمی سے بولی تھیں۔

"وہ نفسیاتی ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ بہت تیزی سے ریکوری کر رہی ہے۔ آج شام ہم ان سے ملنے جائیں گے۔"

"شام ہونے میں ابھی بہت دیر ہے ماما!" علیزہ نے بہت کوشش کی تھی مگر جذبات کو کسی طور نہیں چھپا سکتی تھی۔ نافیہ بیگم نے علیزہ کے رخسار کو پیار سے چھوا تھا پھر مسکرا کر بولی تھیں۔

"تمہارے پاپا آجائیں تو پھر چلتے ہیں علیزہ! جب تک تم آرام کر لو۔"

علیزہ اٹھ کر گئی تھی مگر اس کے چہرے سے لگتا تھا وقت بہت آہستہ گزر رہا ہے۔ پھر سات بجے تھے جب سلیم اختر اپنے چہرے پہ ایک گہری سوچ سجائے گھر میں داخل ہوئے تھے۔ بیگم نافیہ نے ان کا کوٹ اور بیگ تھام لیا تھا۔ پھر وہ صوفے پہ بیٹھ گئے تھے۔ جب انہوں نے ٹھنڈا ٹھنڈا صندل کا شربت انہیں پیش کیا تھا انہوں نے بیوی کی اس محبت کو مسکرا کر دیکھا تھا مگر چہرے کی سنجیدگی...... وہ کسی طور کم نہیں ہو رہی تھی۔

AANCHAL.COM.PK

''خیریت تو ہے سلیم! آپ آج کچھ پریشان لگ رہے ہیں۔''

انہوں نے چونک کر بیوی کو دیکھا، پھر سنجیدگی سے بولے۔ ''آپ ٹھیک کہتی ہیں عافیہ! زندگی میں اندھا بھروسہ کسی پر نہیں کرنا چاہیے۔''

''یعنی؟'' انہوں نے سلیم افسر کے ہاتھ سے خالی گلاس لیا۔ وہ پھر آہستگی سے بولے۔

''عابد صاحب نے واقعی ہمیں دھیرے دھیرے بہت خاموشی سے لوٹا ہے۔ آج ایک ہفتہ کی سوچ بچار کے بعد میں نے نیا سپروائزر وقاص رکھا ہے اور عافیہ! اس بندے نے صبح سے لے کر شام پانچ بجے تک جتنا بھی حساب کتاب آڈٹ کیا ہے، اس کے مطابق یہ بات ڈھکی چھپی نہیں رہی کہ عابد صاحب دیمک کی طرح ہمارے بزنس کو کھا گئے ہیں، بلکہ ہمارے ہی پیسے سے ہوٹلنگ میں قدم جما چکے ہیں۔ اگر ہم آج انہیں کرپٹ ڈکلیئر کردیں، تب بھی ان کی ساکھ اور شہرت سوسائٹی میں اتنی ہے کہ وہ ایک دن کے لیے بھی جیل نہیں جا سکتے۔ اٹس ٹرو، عافیہ! آپ بہت ٹھیک تجزیہ کرتی ہیں۔ آپ کی کہی ہوئی بات سے میں نے جب جب صرف نظر کیا ہے، واقعی مجھے بہت نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ کبھی کبھی مجھے لگتا ہے، آپ کی ایک حس ہم سے اضافی ہے۔''

بیگم عافیہ نے شوہر کے کندھوں پہ اعتماد سے ہاتھ دھرے تھے، پھر محبت سے بولی تھیں۔ ''میری اضافی حس محبت اور محبت کے خدا پر یقین ہے سلیم! میں پانچ وقت اس کے سامنے سر جھکاتی ہوں تو مجھے لگتا ہے میرے گرد ایک حفاظتی حصار سا بن گیا ہے۔ اب مجھ سے کچھ غلط نہیں ہو سکتا کیونکہ غلط کرنے پر وہ الہام کی طرح دل میں بولنے لگتا ہے۔ میں اس پہ حسن ظن رکھتی ہوں، اس کے آسرے پہ خوش گمان رہتی ہوں اور وہ کہتا ہے خود میں اپنے بندوں کے لیے ویسا ہی ہوں، جیسا وہ اپنے دل میں میرے لیے گمان رکھتے ہیں۔ عابد صاحب، بزنس ورلڈ چھوڑیے، اس کی طرف پلٹ آئیے۔''

سلیم افسر نے بے چارگی سے انہیں دیکھا تو نرمی سے بولیں۔ ''وقت ملنے کا، فرصت کے وقت اسے یاد کرنے کا ارادہ رہ جاتا ہے، جبکہ زندگی کبھی موقع نہیں دیتی۔ زندگی سے موقع لینا پڑتا ہے۔ ہم اپنے شریک سفر اور بچوں کے لیے بھی تو زندگی سے وقت خود چراتے ہیں، پھر اس کے لیے ہم کس وقت کا انتظار کرتے ہیں؟''

سلیم افسر نے بیوی کا ہاتھ تھام لیا تھا، پھر بہت مدھم لہجے میں بولے تھے۔ ''دل کی بے راہ گی...... لگتا ہے تمہاری باتوں سے جاتی رہی ہے۔ پھر جس کے ذکر سے زندگی میں اتنا سکون آ گیا ہے، خود اس سے ملنے کی آرزو، وہ یقیناً بہت بڑی خوشی دے گی۔ بس مجھے ہو گیا آج سے میں کچھ وقت نکالوں گا اپنے لیے۔''

بیگم عافیہ مسکرانے لگیں، پھر نرمی سے بولیں۔ ''آپ نے عابد صاحب کے بارے میں کیا سوچا ہے؟''

"کیا سوچوں گا؟ میں نے پہلی فرصت میں انہیں یہاں سے لے جانے کا حکم نامہ جاری کردیا۔"

"کوئی پرابلم تو نہیں ہوگی؟"

"ہو بھی سکتی ہے نہیں بھی۔ لیکن میں نے جو فیصلہ کرلیا ہے، میں اس پر قائم ہوں۔"

تجسم عاقب نے انہیں دیکھا پھر طلیحہ کی طرف، خیال ذرا دیر میں ان تک پہنچا۔ سلیم افسر گہری سوچ میں ڈوب گئے پھر آہستگی سے بولے۔

"تہمینہ کا خیال غلط نہیں ہے۔ جواد حسن، عابد صاحب کے دوست ہیں۔ یہ لوگ بہت طاقت ور ہیں اس لیے ان سے بڑے تعلقات ہیں، وہ بھی جب تہمینہ جیسی خیال فرازشاہ میں ہوتی ہے، وہ بھی اتنی گہری دوستی ہو۔ جواد خود بھی میری نظر میں ایک دم سے نیچے گرگئے ہیں۔" "وہ طلیحہ کو گھر کے باہر تو نہیں ہے۔" "جو محمود انوشے کی ضد تھی وہ بھی اس رشتے کے حق میں فیصلہ نہ دیتا۔"

تجسم عاقب ان سے متفق نظر آئیں۔ پھر شام کی چائے کے بعد وہ دونوں گھر سے نکلے تھے اور بیس منٹ کی ڈرائیو کے بعد نفسیاتی ہسپتال پہنچ گئے تھے۔

سلیم صاحب نے ڈاکٹرز کے پینل سے ہر گز نہیں جانے دیا تھا۔ طلیحہ اور انوشے ماں کے کمرے کا نمبر معلوم ہوتے ہی بے قراری سے کمرے کی طرف بڑھی تھیں۔ ڈاکٹر نے ان کی بے قراری کا سبب سے دیکھا تھا پھر سلیم افسر کی طرف دیکھ کر بولے تھے۔

"نجم کی دماغی حالت پہلے سے بہت بہتر ہے۔ نجم محمود اعصاب کی مالک تھیں اس لیے ڈرگ کا استعمال [illegible] انہوں نے تیزی سے اثر دکھایا ہے مگر......"

"مگر کیا ڈاکٹر؟" سلیم افسر نے بے تابی سے پوچھا۔

"ان کا دماغ آج سے پچیس سال پیچھے کے فریم میں جاکر اٹک گیا ہے۔ وہ یہ جان گئی ہیں کہ وہ کون ہیں، ان کا نام کیا ہے، لیکن اس کے ماضی کے حالات میں پرابلم ہوگی ہے وہ آپ کو جان احمد خان سمجھنے لگی ہیں اور ان کے ذہن سے یہ بات مٹ گئی ہے کہ وقت کتنا گزر چکا ہے۔" انہوں نے ڈاکٹر نے تفصیل بتائی تھی۔

وہ دونوں خاموشی سے اٹھ گئے تھے۔ پھر کمرے میں داخل ہوئے تو ان دونوں کے چہرے پر [illegible] تھا۔ کیونکہ طلیحہ دوبارہ سے رو رہی تھی اور انوشے سکتے کی کیفیت میں ماں کے بیڈ کے پاس بیٹھی تھی۔

"کیا ہوا؟" تجسم عاقب نے طلیحہ کو چھوتے ہوئے پوچھا اور طلیحہ ان کے گلے سے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

AANCHAL.COM.PK

"ماما! میں بہت شرمندہ ہوں...... بہت بری کہ اپنی محبت میں اتنی سیلفش ہو گئی کہ آپ کی ساری ریاضت کو بھلا بیٹھی۔ ماما! یہ عورت...... یہ عورت ہماری ماں نہیں ہو سکتی، اس نے صرف ہمیں پیدا کیا ہے، مگر ہماری ماں نہیں ہو سکتی۔"

انوشے علیزہ کے کاندھوں پر اس کی طرف دیکھ رہی تھی۔ مگر اس کی آنکھوں میں احتجاج کا کوئی جذبہ پہچاننا کیسا مشکل تھا۔

سلیم قمر صاحب کے پاس وہ تیزی سے چلتے ہوئے پہنچے تھے اور صاحب نے بھی ان کی کوتاہی کی تھی۔

"آ گئے تم...... پھر میری زندگی اجیرن کرنے کیوں چلے آئے ہو؟...... چلے کیوں نہیں جاتے اپنی بچیوں کو لے کر؟ مجھے نہیں پالنی تمہاری اولاد...... جیسے اس کام کے لیے تھوڑی میں نے تم سے شادی کی تھی؟ مجھے نہیں پسند بچے۔ نفرت ہے مجھے بچوں سے۔ خواہ مخواہ زندگی کا حرج کروانے چلے آتے ہیں۔ یاد کرو بچے تو ہیں۔" وہ چیختے چیختے رکی پھر بولی۔ "ارے بڑی...... ارے دیکھو پتہ نہیں کس نے میرا ہیجا خراب کرنے بھیجا ہے۔ کیسی ہے کیا! اب میری کیا ہو۔ جب اتنی زندگی ناکام ہونے سے بچ گئی تو میں زہر کھا لوں۔"

انوشے سنانے لگی تھی جو کہ آواز لرزی ہوئی تھی۔ علیزہ نے اسے تھاما تھا اور اس نے رنجیدہ ہو کے بین کیا تھا۔

"ہائے علیزہ! کچھ چیزیں ختم ہو جاتی ہیں، کچھ لوگ کس قدر جلد کیوں ان کی یادیں خوب صورت ہو کر ملتی ہیں۔ یہ جسے کہتے ہیں کہ ہم کچھ چیزوں اور لوگوں کو یاد کرنے کے بجائے اپنی زندگی میں زندہ رہ کے جینا کیا اور پھر تمام عمر گریہ و زاری کرتے رہیں۔"

علیزہ نے اس کی بات کا جواب نہیں دیا تھا اور وہ چاروں باہر آ گئے تھے۔

"جب تک یہ بالکل ٹھیک نہ ہو جائیں، آپ ان کا علاج جاری رکھئے گا۔" سلیم صاحب نے گزشتہ مہینے کا حساب کلوز کرتے ہوئے نئے مہینے کے لیے کاغذات پر دستخط کرنے کے بعد، آئندہ ہونے والے اخراجات کا چیک دیتے ہوئے کہا تھا۔

انوشے اس وقت حانیہ بیگم کے قریب بیٹھی تھی۔ وہ بہت زیادہ دل گرفتہ تھی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے، جب حانیہ بیگم نے اسے خود سے قریب کرتے ہوئے پچکارتے کہا تھا۔

"دل پر بات مت لو انوشے! وہ بے چاری ابھی اپنی سدھ بدھ میں نہیں ہیں، یادداشت پوری طرح بحال ہو گئی تو دیکھنا کتنی محبت سے ملتی ہیں تمہیں۔"

علینہ نے عافیہ بیگم کو غصے سے دیکھا تھا اور پھر ان کے پاس سے اٹھ گیا تھا۔

"یہ عورت بھی تو ہے۔ اس سے خون کا کوئی رشتہ نہیں ہے۔ لیکن کیسے ہتھیلی کے چھالے کی طرح انہوں نے پالا ہے تمہیں۔ اور ایک وہ عورت تھی، اس نے جنم دیا تھا مگر اس کے اندر اب تک ممتا نے جنم نہیں لیا۔ ماں واقعی اس عورت جیسی ہوتی ہے۔"

علینہ نے عافیہ بیگم کے کندھے پر سر ٹکا کر ان کے لمس کی ٹھنڈک اور محبت کو ذرا محسوس کیا تھا اور تشنہ وہ ابھی تک سکتے کی کیفیت سے نہیں نکلی تھی، ورنہ جس طرح چھنائے جانے پر ناممکن تھا کہ وہ کوئی ہنگامہ نہ اٹھاتی۔

گاڑی ایک رفتار سے چکنی سڑک پر پھسلتی چلی جا رہی تھی، اور اسی طرح تشنہ ایک ایک پل گن رہی تھی، اس کے ہاتھ سے بھی زندگی اسی طرح پھسلتی جا رہی تھی۔

❀❀❀

شافعہ بہت بیمار ہو کر ہسپتال میں داخل ہوئی تھی، حالانکہ ایسے حالات سے اس کا روز واسطہ تھا، پھر بھی وہ ناممکن ہی تھا، جب شبیر اس کے سامنے پیش آئی تو اس کی بیماری اور تعلیم یافتگی سے ذرا محسوس ہوتی تھی۔ ارسلان راشدی نے سنبھالا لیے، حالات کو اپنے قابو میں کیا تھا۔ ڈاکٹر کیس ہسٹری لے رہے تھے۔ فوری رزلٹ پا... شروع کر دی گئی تھی اور شافعہ کو بہت ہوش تھی کہ اس کی ماں کی ہر وقت رہنے والی کھانسی شدت اختیار کر گئی تھی۔

"مجھے یاد نہیں ہے کبھی ماں کی حالت ایسی ہوئی ہو۔ بابا! امیں تو کبھی ماں کا ہنستا... ٹی بی تشخیص دینے کی ضرورت ہی نہیں پڑی، پھر اچانک......" ڈاکٹر کہہ رہے تھے انہیں دست الرجی ہے۔ گھر کا گرد میں خود روز صاف کرتی ہوں، اماں نے کبھی دست صاف کرتے، گھر کی چیزیں جھاڑتے ہوئے مٹی اڑتے پایا، یہ بھی الرجی شو نہیں کی۔ وہ تو سکون سے آنکھیں بند کیے لیٹی رہتی تھیں، پھر اچانک......"

ارسلان راشدی نے بیٹی کو کندھوں سے تھاما تھا۔ پھر نرمی سے بولے تھے۔ "بیٹا! بعض دفعہ ایسا ہی ہوتا ہے، کہ کسی بیماری کے جراثیم اندر ہی خاموشی سے سوئے رہتے ہیں، پھر اچانک کسی واقعے، حادثے یا بیماری کی کمزوری کی وجہ سے ایک دم جاگ کر ایکٹو ہو جاتے ہیں۔"

شافعہ نے ارسلان راشدی کو دیکھا، پھر نرمی سے بولی۔ "بابا! یہ دمہ تو ہر قسم کی بیماریوں میں کچھ پر درست ہو سکتا ہے، لیکن الرجی والا میں نے سنا ہے شروع سے بہتر ہو سکتی ہے۔"

ارسلان راشدی نے بیٹی کی بات کو رد نہیں کیا تھا۔ پھر ساری رات وہ دونوں نشستوں میں آمنہ کا دھیان رکھتے رہے تھے۔ اور پھر صبح سے پہلے آمنہ کو ہوش آیا اور سونیا کی آمد ایک سانحہ ہوئی تھی۔ شافعہ نے بیٹی کی بجائے بھری آمد کو قدرے نگاہ سے دیکھا تھا۔ "تم لاہور سے اتنی جلدی کراچی کیسے آ گئیں؟" سوال میں خوشی اور حیرت کا امتزاج موجود تھا۔

سونیا اس وقت ارسلان راشدی کی کسی بات کا جواب دے رہی تھی کہ چونک کر گلا کھنکھار کے بولی۔ "وہ ایک دوست کے ابو کی وجہ سے واپس آ گئی ہوں ممّا!"

شافعہ نے یہ جواب سن کر اسے اچھی نظروں سے نہیں دیکھا تھا۔ ارسلان راشدی نے بھی بیٹی کے اس ایکشن کو حیرت سے دیکھا تھا۔ تب سونیا نے چہرے سے مسکرا کر کہا تھا۔

"بابا! مجھ کو فون ہی ایسا آیا تھا کہ میں بہت گھبرا گئی تھی۔"

آمنہ کو سارا منظر جیسے پھر سے یاد آ گیا تھا اور اس نے جو سوال کرنے سے رہ گیا تھا وہ پوچھا تھا۔

"یہ تم ہاسٹل سے رات کو کہاں غائب تھیں؟ ہاسٹل سے باہر رہنے کے کچھ اوقات کار ہوتے ہیں یا نہیں؟ اور تمہاری وارڈن، تمہارے ہاسٹل کے ایڈمن سب کو تمہارا [illegible] کیوں ہو جاتا ہے؟"

سونیا کو لگ رہا تھا وہ آج چوری کرتے ہوئے پکڑی جا چکی ہے لیکن پھر بھی جھٹلانے کو بولی۔ "مجھے ایک دوست کی مدد کو جانا تھا۔ ہم مخصوص دوست باہر تھے۔ جس نمبر پر آپ نے فون ملایا وہ میری دوست کا موبائل تھا جسے وقتی طور پر میں نے لے لیا تھا۔ مقصد صرف یہ تھا کہ آپ سے رابطہ کرنے میں کوئی پرابلم نہ ہو۔ ہاسٹل کی وارڈن وغیرہ کا رویہ تو بے وجہ احمقانہ بات کہنے والے لوگ ہیں پسند نہیں کیا جاتا۔

ارسلان راشدی نے بیٹی کا عذر تسلیم کر لیا تھا لیکن شافعہ کی آنکھوں کی ناپسندیدگی چیخ چیخ جا رہی تھی مگر اس نے کمال [illegible] سے اپنے جذبات چھپا لئے تھے۔ پھر اس کی طرف دیکھ کر بولی۔ "مجھے اپنی ایکسٹرا ڈیوٹی کرنی ہے سونیا! اس لئے اماں کا خیال تم رکھو۔ مجھے یقین ہے تم اس کام میں مجھ سے زیادہ بہتر کارکردگی دکھاؤ گی۔"

پھر یہ تیسرے دن کی بات تھی کہ شافعہ ہسپتال آئی تو ہر طرف سے نظریں آ کر اس پر ٹک کر رہ گئی تھیں۔ کچھ آنکھوں میں حیرت تھی اور کچھ آنکھوں میں تمسخر۔ یہاں تک کہ وہ اپنی ڈیوٹی کے لئے وی آئی پی روم میں داخل ہوئی تو اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔ یہ ایک وزیر کے بیٹے کا روم تھا مگر اٹینڈنٹ اس کے دوست کے پاس تھی۔ جو محض دل بہلانے کے لئے یہاں ایڈمٹ تھا۔

شافعہ نے بہت تحمل سے اس کا جائزہ لیا تو [illegible] "مسز شافعی اشتیاق! آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ میں ان چند ایک نرسز میں سے نہیں ہوں جو اپنے لئے اچھا دام کرتی پھرتی ہیں۔"

تمہیں رزاق نے تمسخر بھری نظروں سے اسے دیکھا تھا پھر والٹ اس کی طرف اچھال دیا تھا۔ "تم اپنی مرضی سے لے سکتی ہو مگر وقت میں اپنے حساب سے پیش کروں گا۔ کتنے پیسے چاہئیں، والٹ سے نکال لو۔"

شافعہ چلا پڑی تھی۔ اس نے بات اس کے منہ پر دے ماری تھی۔ "مجھے پتا ہے تم جیسے امیر لوگ، ساری سرمایہ داری کو دوام کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ پتہ نہیں تمہیں تمہارے ماں باپ پیدا کیوں کرتے ہیں۔"

"میں بتاؤں، کیوں پیدا کرتے ہیں؟" اس نے شافعہ کے بازو کو موڑ کر پشت پر جکڑا تھا، پھر غرا کر بولا تھا۔ "ہمارے باپ ہمیں تم جیسیوں کے لئے پیدا کرتے ہیں جن کی ساری عمر محنت کرنے، مسائل کے گرداب میں گھومتے گھومتے گزر جاتی ہے۔ جن لطف کا ایک لمحہ بھی قریب نہیں پھٹکتا۔ ہمارے ماں باپ کمانے ہی اس لئے ہیں کہ ہم تم جیسی چند پیسوں پر بکنے والی لڑکیوں کے ناز نخرے اٹھا سکیں۔ اب بولو، کتنا لوگی؟..... بتاؤ؟"

شافعہ نے بہت بے بسی محسوس کی تھی۔ کسی مرد کی جارحانہ گرفت سے نکل جانا اتنا آسان نہیں تھا لیکن اسے اپنے بچاؤ کے لئے جلد ہی کچھ سوچنا تھا۔ یکدم اس کے ذہن میں بجلی کی تیزی سے خیال کوندا تھا۔ اس نے ہاتھ کے قریب لٹکا ہیئر جسٹنگ پن کو استعمال کر ڈالا تھا۔

سیکنڈ نہیں گزرے تھے کمرے کے دروازے پر دستک ہونے لگی تھی۔ تبھی رزاق نے گھبرا کر اسے چھوڑ دیا تھا۔ وہ اپنا بکھرا ہوا بال ٹھیک کرتے ہوئے دروازے کا لاک کھولنے لگی تھی۔

"مسز! اور یوسف؟"

"یس مسز! اندر!" وہ تیزی سے باہر نکلی تھی جیسے کسی قید سے چھوٹ کر بھاگا ہو۔

ہاں کو..... وہ جیسے ہی جانے کے لئے اسٹاف روم میں آئی تھی تو سب کی نظریں اس پر سوالیہ طور پر اٹھی تھیں۔

"تمہاری ڈیوٹی کس کے روم میں کس نے لگائی تھی؟" مسز زیب نے سوال کیا۔ وہ مدھم لہجے میں بولی۔

"پتہ نہیں لیکن ڈیوٹی اور کے ساتھ ڈاکٹر نور کے دستخط تھے۔"

"ڈاکٹر نور....." مسز زیب نے قریب آ کر سوالیہ انداز سے دیکھا اور تیزی سے بولی۔

"ہمارا کارڈ ..... تمہارا تھا تم نے ہیئر جسٹنگ پن دیا تھا..... تم کس مشکل میں پڑ گئی تھیں بتاؤ؟"

اس نے سر جھکا لیا تھا۔ آنکھوں میں آنسو بھی بھر آئے تھے۔ تب سینئر انچارج نرس نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا تھا۔

"امین کا خیال ٹھیک تھا، ڈاکٹر زون نے بھی رزاق کی ڈیوائڈ پوری کرنے کی کوشش کی تھی۔ حالانکہ یہ رول ہے، جو لڑکیاں اس کام میں دلچسپی نہیں رکھتیں، انہیں بلاوجہ تنگ نہیں کیا جائے گا۔"

"کیسا کام میم؟....... آپ کی باتیں الجھی ہیں۔"

سینئر انچارج نرس نے نرمی برقرار رکھی تھی، پھر بولی تھی۔ "دو گھنٹے کے پانچ ہزار کمانے کے اشتہار کبھی نظروں سے نہیں گزرے؟" وہ پھر بولی۔ "تم بہت سیدھی اور بھولی ہو۔ شاید آج ہی تمہاری ڈیوٹی بدلی گئی ہے۔"

"جی میم! میں دراصل چلڈرن وارڈ میں ہوتی تھی مگر......"

سینئر انچارج نرس نے اس کا کندھا تھپتھپایا تھا، پھر آہستگی سے بولی تھی۔ "اگر تم یہ سب نہیں کرو گی تو کل سے تمہاری ڈیوٹی تمہیں واپس مل جائے گی، تم آج کی بقیہ ڈیوٹی ریسیپشن پر دو۔"

شافعہ بہت سارے سوالات اٹھائے نیچے کی سیڑھیاں اترنے لگی تھی۔ پھر کوریڈور سے گزرتی ہی تھی کہ سسٹر زرین کی نشیلی آواز اس کی سماعت سے ٹکرائی تھی۔

"ڈاکٹر زون! آپ کیوں چاہتے ہیں، ہم جو کام اتنے سالوں سے بنا کسی جھنجھٹ کے کرتے آ رہے ہیں، اسے ایک نئی بلا جیسی الجھنوں کا شکار ہو جائیں؟ آپ کو معلوم ہے ناں، آج کل ایک صحافی ویسے ہی ہمارے ہسپتال کی واقعات ٹٹولتا پھر رہا ہے۔ اسے بڑی مشکل سے مطمئن کیا گیا ہے۔ لیکن اگر آج کچھ ہو جاتا تو پولیس کے ساتھ ہسپتال کو ہلا کر رکھ دیتی۔ آپ سمجھ رہے ہیں ناں میری بات؟"

شافعہ کے سامنے اپنے ہسپتال کے حوالے سے بہت سے سوالات واضح ہو گئے تھے۔ سلامہ نے بھی اسے اس کے ہسپتال کے بارے میں بتانے کی کوشش کی تھی، مگر وہ اپنے کام سے کام رکھنے والی ایسی لڑکی تھی کہ کچھ سمجھی ہی نہیں تھی۔ اب وہ ریسیپشن پر ڈیوٹی کے لیے آن کھڑی ہوئی تھی۔ چارج اسے دے دیا گیا تھا۔ آج کی ساری اضافی ڈیوٹیاں شام چھ کے بعد مجھے پانی تھیں۔ وہ مصروف تھی، جب وہ ڈاکٹر وہاں کھڑے ہو کر یہ گفتگو کرنے لگے تھے۔

"حرب قیامت کی نشانی ہے، آج کل مرد اور عورت بس پیسہ کمانا چاہتے ہیں۔ چاہے وہ حلال ذریعے سے ہو یا حرام...... تمہیں پتہ ہے، وہ بیڈ نمبر 37 کی مریضہ کے ساتھ آئی لڑکی، وہ پورے ہسپتال میں ان تین دنوں میں اتنی مشہور ہو گئی ہے کہ توبہ کرنے کو دل کرتا ہے۔ بار بس جاب کرتے فریش ڈاکٹرز، پرانے گھاگ شکاری قسم کے سینئرز میں وہ بات ٹاپک ہے۔ تین دن میں اس لڑکی نے پندرہ ہزار روپیہ

لئے تم یقین کرو گی ماں! تمہاری مہینے کی تنخواہ نہیں ہے۔"

شافعہ کے ہاتھ پیر ٹھنڈے ہونے لگے تھے۔ وہ جو ہتھ زمین کو اپنی جگہ عارضی کھڑا کر کے اماں کے کمرے کی طرف گئی تھی پھر جانے کیا اس نے سونیا کو پاس اچک لیا تھا اماں نے غور سے دیکھا تھا۔

سونیا ارسلان راشدی کا رنگ پیلا پڑ گیا تھا۔ اماں کی آنکھیں نوٹ دیکھ کر پھٹ گئی تھیں۔

"اتنے سارے نوٹ تیرے پاس کہاں سے آئے سونیا؟"

سونیا نے اماں کی طرف دیکھا۔ بگڑتی حالت پر قابو پا کر بولی۔ "میرے ساتھ چلیں نا ممی...... اماں ابھی کا بیمار ہے۔ ڈپریشن ہو رہا ہے۔"

"اماں! آپ کو پتہ ہے یہ...... کتنا برا کام کر کے یہ پیسہ کما رہی ہے؟" شافعہ نے اماں کو مخاطب کیا تھا۔

اماں کو اس دھندے کام کی نوعیت جاننے کے لئے پھر کسی اضافی وضاحت کی ضرورت نہیں تھی۔ وہ نڈھال ہو کر رونے لگی تھیں۔ انہوں نے اس سے ایک لفظ نہیں کہا تھا۔

"تم نے یہ راستہ کیوں چنا؟" شافعہ کی آواز تیز ہوئی۔

اماں نے دوپٹے سے چہرہ نکال کر اس کا ہاتھ تھام لیا۔ "چیخ چیخ کر کیوں اپنی رسوائی کر رہی ہو؟...... مجھے یہاں سے لے چلو ہم گھر میں بات کرتے ہیں۔"

"نہیں اماں! آپ کی طبیعت...... وہ بھی زیادہ ٹھیک نہیں ہے۔"

"تو وہ گھر میں اب اس جگہ ایک منٹ نہیں رکوں گی۔"

شافعہ نے پھر بہت کوشش کی مگر آمنہ ارسلان راشدی کا فیصلہ نہیں بدلا۔ شافعہ نے ڈاکٹر سے اپنی ذمہ داری پر انہیں ڈسچارج کروا لیا تھا اور اب وہ واپس اپنے گھر جا رہی تھی۔ سونیا کے چہرے سے صرف ناپسندیدگی کے عنصر کے علاوہ کوئی تاثر نوٹ نہیں کیا جا سکتا تھا اور اماں برسوں کی بیمار دکھائی دینے لگی تھیں۔

شام کو ارسلان راشدی واپس لوٹے تو بہت خوش تھے۔

"مجھے نئی نوکری مل گئی ہے۔ جس دوست کے ذریعے میں عارضی نوٹ کا کام دو دن سے سنبھال رہا تھا اس نے ایک بہت مشہور ... کے افسر کے ہاں بھیج دیا۔ انہیں ... چاہئے تھا۔ مجھے

AANCHAL.COM

آٹھ ہزار روپے ہے، مگر ترقی کی گنجائش ہے۔ انہیں میری سی۔ وی نے بہت متاثر کیا ہے۔ لیکن تم لوگ اتنی جلدی ہسپتال سے کیوں آ گئے ہو؟" وہ کامیابی کی خبر دے کر سب کی خاموشی سے چونک کر سوال کرنے لگے۔ تب شافعہ نے ساری داستان کہہ سنائی۔ سونیا زیادہ متاثر نہیں ہوئی۔ سلمان راشدی کمرے سے بیٹھ گئے تھے۔ پھر ان کے لب ہلے تھے۔

"کرپشن...... مجھے کرپشن اور کرپٹ لوگوں سے شدید نفرت ہے۔ آصفہ! تم کو معلوم، میں نے اپنے اس اصول کے لئے کیا کیا کھو دیا تھا؟ اپنی بیوی کو گھر سے نکال دیا تھا، کیونکہ وہ کرپٹ تھی، وہ بے وفا تھی۔ اپنے بچپن کے دوست کو چھوڑ دیا تھا، کیونکہ وہ دھوکے باز تھا۔ میں نے دنیا سے اسی لئے منہ موڑ لیا تھا کہ مجھے ساری دنیا ایسی لگتی تھی۔ آصفہ! میں نے اتنے شدید صدمے کے باوجود تمہاری بیٹیوں پر اعتبار کیا، لیکن یہ بھی ویسی ہی نکلیں۔ آصفہ! یہ ویسی کیوں نکلیں؟ انہیں تو تم نے پالا تھا۔ یہ تمہاری بیٹیاں تھیں، پھر یہ عطیہ جیسی کیوں نکلیں؟"

آصفہ، سلمان راشدی پر پھر سے کھانسی کا دورہ پڑ گیا تھا۔ ڈسٹ کوئی نہیں تھی، لیکن ان کا دمہ پھر سے اکھڑ گیا تھا۔ شافعہ نے انہیں فوری بٹھایا اور دوا دی تھی۔ انہیلر کا استعمال کرایا تھا۔ پھر بہت تھکے ہوئے اعصاب لے کر وہ اپنے کمرے میں اٹھ آئی تھی۔ مگر ساری رات اسے نیند نہیں آئی تھی۔ وہ ایک دو بار سونیا کے کمرے میں آئی تھی اور پھر اس نے غسل خانے سے پلنگ موڑ دیکھ کر تھکی ہوئی سونیا کو کچھ کر کچھ کہنے کی کوشش کی تھی، مگر اس نے شافعہ کے بولنے سے پہلے ہاتھ اٹھا کر فوراً اسے چپ کرا دیا تھا۔ پھر تھکی سے بولی تھی۔

"مہربانی کریں، مجھے کسی قسم کی نصیحت مت کیجئے گا، کیونکہ آپ جانتی ہیں، میں کتنی ضدی ہوں۔ اور پھر کیا بتایا جائے، اگر آپ کے پاس تجربہ، اصول ہے، اور آپ اس سے کامیابی کے دروازے کھل جا سم سم کہہ کر کھلوانے کی طاقت رکھتی ہیں، تو حرج ہی کیا ہے، یا جاہ ہی آزمانے میں؟"

شافعہ نے دکھ سے اس کو دیکھا، پھر نرمی سے بولی۔ "تمہیں نہیں پتہ لیکن اماں نے جس طرح ابا کا اعتبار اور عورت ذات پر سے یقین چھینا تھا، تم نے اسے پھر تاراج کر دیا ہے۔"

سونیا نے بیڈ پر بیٹھ کر اسے تمسخر سے دیکھا، پھر بولی۔ "پلیز! ابا کے اعتبار کی تو بات ہی مت کرو۔ اگر وہ اندر سے عافیہ چاچی کو اتنا اچھے ہوتے اس تو ہم بہت اچھی زندگی گزار رہے ہوتے۔ ابا کا مسئلہ کیا ہے، ہاں؟ وہ عافیہ چاچی کا الزام بھی دیتے ہیں، وہ سوگ بھی کرتے ہیں، وہ ان سے نفرت کرتے ہیں اور کہیں سے اندر سے خواہش بھی کرتے ہیں کہ وہ کاش کسی دن عافیہ چاچی آ کر انہیں کہہ دیں کہ وہ غلطی پر تھیں، مگر نہ اب تک عافیہ چاچی کے دل پر صرف وہ حکمرانی کرتے ہیں۔ ابا خود کہتے ہیں، مجرم نہیں، ایک ترتیب والی زندگی کیسے رہے؟ ابا کہتے ہیں، انہوں نے ہم پر اعتبار کیا، میں کہتی ہوں اگر وہ ہم پر اعتبار نہیں کرتے تو دوسرا آپشن کیا ہوتا ان کا...... گھر چلانے کے لئے تمہیں انہوں نے انسانوں کے جنگل میں پھینکا ہی تھا، اگر تم ان کی سگی بیٹی ہوتیں تو کیا وہ تمہیں اتنا لاوارث کا م

کرنے رہتے؟ کیا وہ اسی طرح کی بے عمل زندگی گزارتے؟ انہیں تو ہم پر اعتبار کرنا ہی تھا، کیونکہ تم سہیل راشدی کی بیٹی تھیں اور میں آفندی راشدی کی اولاد ہوں، میرے وجود میں آنے کا سبب محبت نہیں تھی، کوئی خود ساختہ دکھ تھا، تم کا جذبہ تھا۔ تم کا مجھے بابا پر بھی کبھی اور لڑکیوں کی طرح فخر نہیں ہوا۔ کیونکہ میں جانتی تھی، میں عملی زندگی میں قدم رکھوں گی تو تمہاری طرح کوئی نئی زندگی میری منتظر ہوگی اور میں زندگی کو گزارنے پر یقین نہیں رکھتی، زندگی کو جینے پر یقین رکھتی ہوں۔"

شافعہ کی زبان کو جیسے تالا لگ گیا تھا۔ کچھ باتیں ایسی تھیں، جن پر اسے سونیا کا نقطہ نظر ٹھیک لگا تھا۔ لیکن وہ اپنے بابا کے دل کی حالت اس لئے بہتر جان سکتی تھی کیونکہ کچھ دن پہلے ہی اس نے بھی اعتبار کھویا تھا۔ اگر کچھ عرصہ پہلے یہ سب باتیں سونیا نے کی ہوتیں تو وہ اس سے حرف حرف متفق ہو جاتی۔ ارسلان راشدی کو الزام دیتی۔ مگر اب اپنے دل کو دکھتا سا لگا تھا، کیا اسے یہ محسوس کرنے میں وقت نہیں ہوئی تھی کہ اس کے بابا نے کتنے تکلیف دہ سال گزارے ہیں۔ یہ محبت...... یہ محبت اچھے بھلے عملی آدمی کو بے کار، ناکارہ کر کے چھوڑتی ہے۔ اس کا نہ جینے میں شمار ہوتا ہے نہ مرنے میں۔ موت زندگی میں ایک بار آتی ہے مگر محبت کرنے والے ایک ایک لمحے میں ہزار بار مرتے ہیں۔

اس نے خاموشی سے سونیا کے بیڈ سے اپنے بیڈ کی طرف قدم بڑھا دیئے تھے۔

❁ ❁ ❁

آج ماما کو اچانک کچھ خریداری کے لئے مال جانا پڑ گیا تھا۔ وہ اس وقت بالکل تنہا تھیں۔ پھر کپڑوں کی شاپنگ کے بعد انہوں نے جیولری سیکشن کی طرف قدم بڑھائے تھے۔ ان کا خیال تھا وہ ونیا کی شادی کے حساب سے کوئی اچھا سا سیٹ خرید لیں گی اور پھر بزنس کمیونٹی کی طرف سے دو ایک فنکشن تھے۔ عبدالرحمن صاحب نے سلیم اختر کی بیٹی کی شادی کا نیوتہ بھی ان کے ہاتھ میں تھمایا تھا، اس لئے آج کی شاپنگ کچھ انہی خیالات کے تحت کی جانی تھی۔ وہ گھومتے گھومتے ایک شاپ کی طرف بڑھ رہی تھیں کہ ان کی آنکھوں میں حیرت در آئی تھی۔ انہیں اس شخص کو اس طرح دیکھنے کی ہرگز توقع نہیں تھی۔ انہوں نے ایک ٹک سر بابر کو دیکھا، کسی کی حسین گردن میں ہار پہناتے ہوئے بابر احمد ہی تھے، ماں کے بات، جس کے ہاتھوں میں وہ اپنی بیٹی کا سارا جیون دے چکی تھیں۔

انہوں نے بیگ سے موبائل نکالا تھا، پھر بیسٹ کر کے نمبر پریس کر کے منتظر دکھائی دینے لگی تھیں۔ کافی بیلز کے بعد فون ریسیو کیا گیا تھا اور انہوں نے اسے پوچھا تھا۔

"سحر بیٹا! آج آپ مصروف تو نہیں ہیں، ہاں؟"

دوسری طرف سے شرمندہ سا لہجے میں کہا گیا۔ "مصروف تو رہی ممی جی! لیکن آپ بتایئے آپ کو کیا کام تھا مجھ سے؟"

"یس بیٹا! بابا کو تمہاری ساری ذہانت کی ... ضرورت تھی تم تو جانتے ہو ان کو تمہاری جاب پر کتنا بھروسہ ہے۔"

دوسری طرف سے ہنس کے کہا گیا۔ "یہ آپ کی ذرہ نوازی ہے ممی! ورنہ میرے بس کہاں تک کی بات نہیں۔ رہی سائٹنگ تو آج تو میرا بہت اہم ٹاسک بابا جینز ہوا ہے۔ ابھی پانچ منٹ بعد ہی بگ میٹنگ ہے۔ شام تک فارغ ہو سکوں گا۔ اگر آپ شام تک کا انتظار کر لیں تو۔"

"کیوں نہیں بیٹا! میں آپ کا شام کا انتظار کروں گی۔ آپ رات بجے گھر آ جانا بیٹا۔"

"جی جی! آپ بے فکر رہیں۔"

فون آف کر کے وہ پھر مصروفیت میں لگ گیا تھا۔ اس کی آنکھوں کی چمک ماما کو اس کے وجود سے تر سے بھرنے لگی تھی۔

"تم میری بات کے کام نہیں ہو شہریار ٹھیک کہتا ہے۔"

ماما نے جیسی تھیں کیا اور ... سے بنا ... بیدار ہو کے گھر آ گئیں۔ پھر اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھیں کہ پاپا کو انہوں نے سامنے سے گزرتے ملازم کو روک کر شہریار کا پوچھا۔

"آج صاحب گھر پر ہی ہیں۔ باہر نہیں گئے ہیں۔"

ماما نے سر ہلا کر ملازم کو جانے کا اشارہ کیا اور پھر وہ اس کے کمرے کی طرف بڑھتی چلی گئیں۔ آہستگی سے انہوں نے دروازہ ناک کیا۔ وہ لیپ ٹاپ پر کسی کام میں بہت انہماک سے مصروف تھا۔

ان کو پتہ تھا کہ اس نے ابھی ... Send کی ہوئی فائل کو کھولا ہو ... دور ہو گیا تھا کیونکہ اب اس کے سامنے ایک لڑکی کی تصویر آ چکی تھی۔

...... ماسٹر وہ بہت اچھی طرح سے جانتا تھا۔

اس نے پشت پر کسی کی آمد کا احساس کیے بغیر سر بالکل انجان تھا۔ پھر جیسے کی لمبی قطاریں تھیں اور دوسری طرف ناطف کی بے نیازی۔

"ناراض ہوتا ہے خبیث۔" وہ بیٹا اور ماما کے ... سے پیارا ... اپنی سب اولادوں سے پیارا ... بہت خاص لگ رہا تھا۔ کیونکہ وہ بھی جان

AANCHAL.COM.PK

ایسا تھا جو ان کی نظروں سے اوجھل رہ جاتا تھا۔

اس نے اب پھر نمبر ڈائل کیا تھا اس بار کال ریسیو کر لی گئی تھی، تبھی اس نے خفگی سے کہا تھا۔

"کیوں بھئی، مہاراج آں کس بات پہ مصروف تھے؟"

"کیا مطلب؟ کیا صرف تم ہی عزت دار ہو؟ ہم اب اتنے بھی گئے گزرے نہیں کہ آدھی رات کو بلا کر فون ڈس کنکٹ کروانے کے باوجود پھر بھی اس طرح بنا جھجک کال کرتے رہیں گے۔"

شہریار نے اب کی بار سر ہلایا تھا، بھرپور ہنسی سے بولا تھا۔ "دو بار بلکہ طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی۔"

"تو مجھے آج میری طبیعت اچھی نہیں ہے۔" اس نے اوکے ڈس کنکٹ کر دی۔

شہریار نے سامنے دیکھا کہ پھر اس کا نمبر آ رہا تھا، فون نمبر دیکھ کر کال ریسیو کر لیا تھا اس نے، تب وہ غصے سے بولا تھا۔ "ابھی دو دن تو تیری آواز بہت خوش تھی، دو دن یاد کیا چلا گیا ان تیری زندگی سے پھر رہا بھی نہیں۔ قیامت تک نواز کرے گا میرے۔"

"بکواس مت کر، آج کل تیری کسی بلیک میلنگ میں نہیں آؤں گا۔ ہاں اگر تو بھائی لوگوں کو دی یاد رکھ کر بات کرے تو شرافت کرے تو کچھ سمجھے۔"

"شرافت کے بچے! اسی لیے تجھ سے کہ ابھی Send کی ہوئی ای میل سے فائل کے متعلق بات کرنا چاہتا ہوں اور تو ہے کہ کسی کو پتہ چل جاتا ہے۔"

"کیسے نہ پتہ چلے، میری طرح ہر وقت بندے کی عزت خاک میں نہیں ملاتا۔"

"کافی پیارے، اب تجھے عزت دار بننے کا شوق آخر کیوں چڑھ گیا ہے؟"

"بس میری مرضی۔" اس نے کہے بغیر پھر لائن کاٹ دی اور وہ ٹھٹک سا گیا۔

"ہاں سمجھتا کیا ہے خود کو، اس شوخ نے۔" اس نے موبائل بیڈ پر پھینک دیا۔

ماما اس کی ساری باتیں بہت دلچسپی سے دیکھ رہی تھیں۔

یہ بچہ کتنا سادہ سا ہے۔ کیا پتہ جاناں کے معاملے میں بھی انہیں کوئی دھوکہ ہوا ہو۔ ماما کے دل میں ڈھیروں نئے سوال نے سر اٹھایا تھا۔

"بہت ناراض کر دیا ہے تم نے ناظف کو۔"

وہ چونک کر مڑا۔ "اوہ ماما! آپ...... آپ کب آئیں؟" وہ کرسی سے اٹھ کر تیزی سے ان کی طرف آیا پھر ان کے قدموں میں بیٹھ کر حیرت سے بولا تھا۔ "پہلی بار...... پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ کسی کے کمرے میں آنے کا مجھے پتہ ہی نہیں چلا۔ مجھے لگتا ہے، دواؤں سے میرے اعصاب اور حسیات خواب آور گولیوں کے مزے لینے لگے ہیں ورنہ آپ آئیں اور مجھے خبر نہ ہو۔"

ماما ہنس پڑیں۔ "بہت مزے لینے لگے ہو، ورنہ تمہاری صورت دیکھ کر مجھے کبھی ہلکی پھلکی شیر کی یاد آتی تھی۔" انہوں نے پھر ہنس دیا۔

"اچھا آپ کبھی اس طرح بھی مجھے دیکھتی تھیں؟" وہ مسکرا کر بولا۔ "آپ بہت مہربان ہیں ماما! مجھے خبر بھی نہیں ہوتی تھی اور میرا جانا مکمل ہو جاتا تھا اور یہاں دل تھا کہ حسرت میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا تھا کہ کبھی آپ مجھے عدیل بھائی یا سالار بھائی کی طرح تو دیکھیں۔ آپ کو نہیں پتہ لیکن آپ کی بے نیازی کی وجہ سے میرے اندر میری زندگی سے وحشت بھر رہی تھی۔ مجھے لگتا تھا آپ کی آنکھ جو مجھے محبت سے نہیں دیکھتی تو پھر دنیا کی کسی دوسری آنکھ کی توجہ اور محبت کے لئے تڑپنا ہی چاہئے۔ اسی وجہ سے تو اپنی زندگی سے ناتا ٹوٹ گیا تھا۔ یوں زندگی کے قدموں کی آہٹ میں موت کی چاپ سننے کے لئے بے قرار رہتا تھا مگر اب......"

"مگر اب؟" ماما نے اس کے چہرے کو دونوں ہاتھوں کی رحل میں تھام لیا تھا اور وہ جذب سے بولا تھا۔

"مگر اب ماما! اب مجھے لگتا ہے، زندگی کو باقی رہنا چاہئے۔ اب میرا دل کرتا ہے موت کا بلاوا آئے بھی تو آپ سے ملنے کو جی چاہے تو دم نہ نکلے۔ سچ پوچھیں ماما تو سچ یہ ہے کہ آپ کی محبت کو پا کر میرا دل مرنے کو نہیں چاہتا۔ مجھے لگتا ہے، مجھے مکمل جینا چاہئے۔"

"تو جیو، تمہیں کون روکتا ہے؟" اب ماما نے پیشانی چوم کر اسے زندگی کی کوئی انوکھی دعا دی تھی۔ اس نے لفظ نہیں سنے تھے مگر دل میں احساس ہوا تھا کہ محبت نے اسے سب سے خوب صورت بندھن میں باندھ لیا تھا۔ اس نے ماما کے گھٹنے پہ سر رکھ دیا تھا پھر بہت چاہت سے بولا تھا۔

"زندگی طویل ہو یا مختصر، لیکن میں چاہوں گا، وہ آپ کی محبت میں گزر جائے۔" سر اٹھا کر انہیں دیکھا پھر لجاجت سے بولا۔ "مگر پلیز ماما! ابا اور جازی کی طرح آپ کبھی میرا محبت بھرا لہجہ مت سمجھئے گا، کبھی اپنا لہجہ مجھ سے سخت مت لیجئے گا۔ اب مجھ میں سکت نہیں ہے۔"

AANCHAL

ماما نے اپنے دل کو کسی خشک پتے کی طرح چٹخنے ہوئے پایا تھا۔ پھر جو کچھ ہوا تھا وہ سب ان کی ممتا کی ہتک تھا۔ انہوں نے شہریار کو کھینچ کر اپنے سینے سے لگا لیا تھا۔ پھر وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھیں۔ کبھی اس کے کندھے سے سر نکالے رونے جاری تھیں۔ یوں جیسے اب تک کی ساری بے زاری، غصہ، خفگی ان آنسوؤں میں بہا دینا چاہتی ہوں۔

شہریار نے انہیں رونے دیا تھا۔ پھر کوئی دو منٹ بعد اس نے نرمی سے ان کی آنکھیں صاف کر دی تھیں۔ "یہ آنکھیں بہت قیمتی ہیں ماما! ان میں اگر پھر آنسو دکھائی دیے تو مجھے بہت تکلیف ہو گی۔"

ماما نے اپنے جذبات پر قابو پا لیا تھا۔ پھر سنبھل کر بولی تھیں۔ "حافظ سے کیا کہہ رہے تھے، تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔"

"اوہو ماما! وہ تو صرف اسے خفا کرنے کا حربہ تھا۔"

ماما نے اس کا کان مروڑ دیا تھا۔ پھر مسکرا کر بولی تھیں۔ "بات مان لی تو بھی اس سوال سے نہیں بچ سکتے کہ کل چار بجے تک کہاں تھے تم؟"

"کل چار بجے تک...... وہ ماما! کل ایک لیڈ کا فائل تھا وہیں مصروف تھے ہم اور سارا دن گزر گیا۔"

"ماما نے کوئی نہیں کہا کہ آگے اور اپنی ایک ساتھ ہو سکتے ہیں۔ لیکن کام کی نوعیت دیکھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ شاید تم سچ بول رہے ہو۔"

شہریار کا قہقہہ بہت جاندار تھا۔ ماما نے اسے اسنے خوشگوار موڈ میں دیکھا تو دل سے دعا کی وہ ہمیشہ یونہی ہنستا مسکراتا رہے۔

"آج آفس کیوں نہیں گئے؟" سوچتے سوچتے سوال کیا تو وہ مسکرا کر بولا۔

"آج مجھے ورلڈ کلاس فنکشن کے لیے منتخب کیے گئے ہال میں انتظامات دیکھنے تھے ماما! اور ان کے بعد فنکشن کی بکنگ بھی۔ ہر چیز میں وقت کی پابندی ضروری ہے۔ اور پھر تین دن سے جو ماڈلنگ کی ریہرسل ہو رہی ہے اس کو فائنل ٹچ دینا ہے۔ میک اپ کے لیے جس پارلر کو بک کیا گیا ہے، ان کا رزلٹ بھی آن دی دیکھا جائے گا۔ ریمپ شوز کا فنکشن ارینج کیا ہے، پارٹی میں موجود شرکا کے لیے کھانے کا انتظام، کیٹرنگ اور کمپنی ارینجمنٹ سب کام ایک ساتھ ہی لگ رہے ہیں، میں نے آفس سے چھٹی کر لی۔"

ماما نے اس کے رکتے ہی اس کے سر پر ہاتھ مارا تھا۔ پھر خفگی سے بولی تھیں۔ "اتنے سارے کام اکیلے کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ جازب اور سالار کو بھی اس سلسلے میں ساتھ لے کر چلو۔ آخر کو یہ تقریب ہماری ہے تو ان کی بھی تو ہے۔"

"ہم سب کام مل کر ہی تو کرتے ہیں مام!" پھر وہ خود گیا تھا الماری سے اس نے چیک شدہ سوٹ نکالا تھا اور حیرت سے گم لہجے میں بولا تھا۔ "مام! میرے روم میں دانیا آئی تھی کیا؟"

"نہیں تو..... دانیا کو آج کل یونیورسٹی سے فرصت ہی کب ملتی ہے جو وہ یہاں آئے۔ لیکن تم نے یہ کیوں پوچھا؟"

اس نے اپنی خوش گمانی کو خود ہی پرے دیا تھا پھر مدھم لہجے میں بولا تھا۔ "بہت دنوں سے میں اپنا کمرہ بہت ترتیب سے پاتا ہوں۔ ہر چیز بالکل اسی طرح ملتی ہے جس طرح دانیا کے ہاتھوں کی ترتیب کی وجہ سے ملتی تھی۔ سوچتا تو کافی دنوں سے رہا تھا کہ یہ سوال کروں گا لیکن ہر روز بھول جاتا تھا۔ اب آپ کہہ رہی ہیں دانیا میرے کمرے کی طرف آئی ہی نہیں پھر؟...... مام! یہ ترتیب کسی ملازم کے ہاتھ کی تو نہیں ہو سکتی۔ اور یہ صرف ترتیب ہی نہیں میرے کپڑوں کی استری، سیونگ بٹن...... ان سارے کاموں کی میں کسی ملازم سے امید نہیں رکھ سکتا۔"

ماما نے سوچا اور بجلی کے کوندے کی طرح اس کے ذہن میں حشمت خانم کی بات گھوم گئی..... "آج کل میرا زیادہ وقت اس کے کمرے کی دیکھ بھال میں گزر جاتا ہے۔"

ماما مسکرانے لگی تھیں، پھر الماری کے پٹ کھول کر اس ترتیب کو بڑی محبت سے چھو رہی تھیں۔ "ماں...... یہ صرف اماں کا اسٹائل ہے اور کل پرسوں وہ کہہ رہی تھیں کہ اب تمہارے کمرے کی دیکھ بھال میں ان کا زیادہ وقت گزر جاتا ہے۔"

"نانو...... ممانا نو یہاں سر کھپاتی ہیں اماں؟"

ماما نے اثبات میں سر ہلایا تھا پھر سنجیدگی سے بولی تھیں۔ "کل کی تقریب کے لیے کوئی اچھا سا سوٹ خرید لینا ہے اور ہاں نیلم شمع کی شادی ہے پرسوں، اس کے لیے بھی بازار جا کر کچھ خریداری کرنا ہے۔ تمہارے پاپا تو اس شادی کا بائیکاٹ کر رہے ہیں لیکن بیٹیوں کی شادی میں شرکت کرنے کو میرا دل ہی کرتا ہے۔ پہلے مجھے لگتا تھا شاید دانیا کی شادی نہیں ہو پا رہی اس لیے میرے اندر کا فرسٹریشن اس طرح بھاپ اڑاتا ہے مگر اب...... اب مجھے گمان ہوتا ہے، شاید یہ میری کوئی نامعلوم سی دعا کی گرہ ہے جسے میں ٹھیک طرح کھول نہیں پا رہی۔"

شہریار نے مسکرا کر واپس ماما کو دونوں کندھوں سے تھاما تھا، پھر آہستگی سے بولا تھا۔ "آپ غلط سوچ رہی ہیں خود کو۔ دراصل آپ ایک عورت ہیں مام! اور عورتوں کی شادی بیاہ پسندیدگی ہوتی ہے، پھر کسی کی خوشی میں خوش ہونا تو یہ کیفیت دل میں نرمی اور حلاوت سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ سو پلیز، آپ خواہ مخواہ الجھن میں نہ پڑیں، بس تیاری کریں۔ پاپا نہ سہی، میں ضرور آپ کے ساتھ اس شادی میں شریک ہوں گا۔"

"تم میرے لئے ناممکن کرلو گے شہریار؟"

"آف کورس ماما! میرا سارا وقت جو بیت گیا وہ بھی آپ کا تھا، جو بیتے گا وہ بھی صرف آپ کے نام ہے۔"

ماما اس کے جملے سے پہلے تو خوش ہوئیں پھر افسردگی سے بولیں۔ "لیکن بیٹا انسان ہونے کے ناطے شاید میں کم ہو جاؤں گی تمہارے بیٹے میں۔ تمہیں خوش کرنے کے چکر میں، میں یہ بھول جاؤں گی بیٹے شادی شدہ ہے۔"

شہریار ہنس پڑا تھا پھر ان کے کندھوں پر بازو رکھ کر جذب سے بولا۔ "آپ تمہیں کی بات کر رہی ہیں ماما، یہاں اپنی خوشی کے لئے دنیا چھوڑنے کی ہمت رکھتا ہوں میں۔ اور پھر...... " وہ شرارت سے ہنس کر بولا۔ "اور پھر ماما آپ بھی سوچیں کسی لڑکی کی شامت آئی ہے، جو مجھ سے شادی کر کے بیوہ ہونے کے ناطے یا شمپ لگائے گی؟"

"کچھ مت۔ خدا نہ کرے۔ ابھی میں وہ دن دیکھنے کے لئے زندہ ہوں۔"

وہ ماما کی خفگی محسوس کر کے ان کے گلے میں بانہیں ڈال کر لاڈ سے جھول گیا تھا پھر ان کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔ "اوکے اوکے..... اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔ حضرت خضر کے ہاتھ سے کسی نے کئی صدیوں جینے کا نسخہ حاصل کیا تھا اس لئے موت ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتی اب ٹھیک بولا ہے نا؟"

ماما نے اس کے سر پر چپت لگائی پھر نرمی سے بولیں۔ "لاڈلا ہو ماں کا، ورنہ تمہیں پتہ چلتا ان جوان بیٹے والے خیال سے سانس کیسے رک جاتی ہے۔"

"پلیز!..... ماں! سانس کو آرام سے آنے دیں ناں، نہیں تو بے موت مارا جائے گا۔"

"بھئی کہاں؟" ماما نے کان پکڑ کر مروڑا تو وہ چیخنے لگا۔ جیسے بمشکل چھڑوا کے لئے، بھاگ کر روم کی طرف بڑھ گیا تھا۔ ماما اسے جاتا دیکھتی رہیں پھر آہستگی سے دروازہ کھول کر باہر نکل آئیں۔ ابھی انہیں ڈنر کے انتظام کے لئے سب سیٹ کرنے کی ذمہ داری بھی نبھانی تھی۔

شہریار تھکا ہارا تھا، کمرے میں جا کر اس کو موبائل بجتا ہوا محسوس ہوا۔ اس نے بالوں کو تولیے سے خشک کرتے ہوئے نمبر دیکھا، حافظ کا نمبر تھا، پھر نظر انداز کر دیا تھا۔ موبائل پھر بجنے لگا۔

"پیر تو نہیں ہو گیا تھا کہیں بھی نہیں سنائی دے رہا۔" اس وقت وہ غصے سے جھنجھلا گیا تھا۔ جتنی جلدی نکلنا چاہ رہا تھا، اتنی ہی دیر ہو رہی تھی۔ اس نے نمبر دیکھے بغیر موبائل آف کر دیا تھا۔ پھر سارے کاموں سے فارغ ہو کر شام سات بجے وہ ڈنر پر پہنچا تھا، کیفے میں ہر شخص کو اس نے کافی سراہا محسوس کیا۔ وہ سیدھا ٹیبل کی طرف بڑھ گیا۔

"خیریت دفتر میں بم کی دھمکی آئی ہے کیا؟"

انیلہ خوف زدہ ہو گئی تھی پھر مدھم ہو کر بولی۔ "سالار صاحب نے صبح سے دفتر سر پہ اٹھایا ہوا ہے۔"

"مگر کیوں بے بی؟" وہ کرسی پہ بیٹھ گیا۔ پھر پہلے کہ وہ اسے بتاتی اس کا موبائل پھر بجنے لگا۔ نمبر بابا کا تھا۔ اس نے فوراً ریسیو کیا۔

"جی بابا جی۔"

"میں تو وہیں ہوں جہاں ہونا چاہئے...... آپ بتایئے آپ اتنے کیوں گھبرائے ہوئے ہیں؟ خیریت؟"

بابا نے ٹھنڈی سانس لی اور دھیرے سے بولے۔ "آج دفتر جانے کا ارادہ ملتوی کر دو، تمہارے لئے حالات بہت خراب ہیں۔"

وہ ہنس پڑا۔ "بابا آپ پیشین گوئیاں کب سے کرنے لگے؟ کیا ہوا ہے؟ میں صبح اچھا بھلا آیا ہوں، اچانک کیا ہو گیا کہ ایسے حالات شروع ہو گئے؟"

"شہریار تم سمجھ نہیں رہے ہو۔"

"تو آپ سمجھا بھی کہاں رہے ہیں بابا؟" وہ بابا کی بات کی وجہ سے خوب جھنجھلا گیا تھا۔ پھر بابا کچھ بتانے کی کوشش کرنے ہی والے تھے کہ اس کے سر پہ اچانک بم پھٹ پڑا۔ وہ اسے ڈھونڈتے ہوئے آئے۔ وہ جھٹکے سے مڑا۔ سالار بھائی غصے میں سرخ ہوتے ہوئے اس کے سر پہ کھڑے تھے۔

"میرے کمرے میں آؤ۔"

"واپس زندہ جانے کی گارنٹی دیتے ہیں تو آتا ہوں۔"

انیلہ نے ہنسی بمشکل روکی۔ سالار بھائی کو اس بات سے اور بھی پتنگے لگ گئے۔ وہ اس کا بازو پکڑ کر تقریباً اسے کمرے میں لے کر چلے گئے پھر پوری طاقت سے دروازہ بند کیا۔

"ٹوٹ جائے گا سالار بھائی!" اس نے کہا۔ پتہ نہیں یہ تشبیہ دروازے کے لئے تھی یا بازو کے لئے مگر ایک نئی گتھی تھی۔ انہوں نے اسے صوفے پہ لے جا کر دھکا دیا تھا پھر غرا کر بولے تھے۔

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری سبجیکٹ کی ہوئی ماڈل کو یوں نکالنے کی؟"

اس نے سر ہلایا، پھر ہلکا گہرا سانس لیا۔ "وہ بے حد مہنگی ماڈل تھی اور ورلڈ ریکٹ کر رہی تھی حالانکہ اس کے ساتھ اس کی بہت ماڈل ورش ہی تھی مگر وہ اسے بھی جگہ جگہ لیٹ ڈاؤن کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ پچھلی دفعہ میں ہماری ایڈورٹائزمنٹ کا چکر دو دفعہ لگا کر آ جاتی ہیں اتنی دیر تک تو اس کو میک اپ اور پوز نہیں ہوتا تھا۔ بس اس لیے میرا دل اتنا برا ہوا کہ میں نے اس کو فوری فائر کر دیا۔"

"فوری فائر کر دیا...... تمہیں معلوم ہے اس سے جو کنٹریکٹ اس سیزن کے لیے طے پایا ہے اس میں ہماری طرف سے شرط تھی کہ اگر وہ اس سارے عرصے میں کسی اور جگہ ریمپ کرے گی یا فوٹو شوٹ کروائے گی یا ماڈلنگ ریمپ پر دکھائی دے گی تو جو رقم ہم نے اسے اس کنٹریکٹ پر ادا کی ہے وہ واپس ہمیں ڈبل کر کے لوٹانی پڑے گی۔ لیکن اگر ہمارا معاہدہ ہماری طرف سے ختم ہوتا ہے تو وہ یہ شق ہم پر لاگو ہو گی۔ تم جانتے ہو تمہاری اس غلطی کی وجہ سے ہمارا جو سرمایہ آل ریڈی بزنس میں لگا ہوا ہے اس کے ہوتے ہوئے اتنی بڑی رقم کو یکمشت دینا اور وہ بھی بغیر کسی پرافٹ کے کتنا بڑا بوجھ بن جائے گا؟ سال بھر کا کنٹریکٹ تھا ہمارا اس کے ساتھ۔"

شہریار نے رقم جوڑی اور ٹھنڈا سانس بھرا۔ یہ رقم واقعی ان کی اس کنڈیشن میں ادا کرنے جا فیشن اینڈ اسٹائل کے لیے بہت بڑا دھچکا تھا۔

"آپ کیا چاہتے ہیں؟" اس نے نرمی سے پوچھا۔

وہ کرسی پر بیٹھ گئے، پھر اس بار دھیمے لہجے میں بولے۔ "میں نے معاملہ حل کرنے کے لیے اسے آج شام کی دعوت دی ہے۔ اگر تم اس سے معذرت کر لو اپنے رویے کی تو......"

"یہ ناممکن ہے۔ میں ایسی میڈیا کرتم کی لڑکی سے معافی نہیں مانگ سکتا۔" وہ کھڑا ہو گیا اور سالار عبدالرحمن کا پارہ پھر سے چڑھ گیا۔

"تم اس سے معافی نہیں مانگ سکتے تو رقم کا بندوبست کرو۔" وہ پھر غصے سے بولے۔ "آخر تمہیں ہمارا نقصان کر کے کوئی سکون ملتا ہے کیا؟...... آئے دن کوئی نہ کوئی مسئلہ کھڑا کیے رہتا ہے تمہارا۔ ایک معاملے پر تعلق کرو، دوسرا منہ کھولے کھڑا ہوتا ہے۔" وہ رکے، پھر بولے۔ "کل آئی پیر جیسی تھی؟ کیا کمپیوٹر آف نہیں کر سکتے تھے؟"

ایک نیا چارج۔ اس نے اعصاب ڈھیلے ڈال دیے پھر مرے ہوئے لہجے میں بولا۔ "آخر ہوا کیا؟ پتہ تو چلے۔"

"پتہ چلا تو کیا کر لو گے؟" وہ پھر غصے سے بولے۔ "کراچی میں لوڈ شیڈنگ کا معلوم ہے نا۔ پھر بھی جو احتیاط کر رہی تھی تم نے ایڈیٹنگ روم کے تینوں کمپیوٹر کھلے چھوڑ گئے۔ دفتر میں کوئی تھا نہیں جو جنریٹر آن ہوتا۔ جھٹکا لگا اور ایک کمپیوٹر اڑ گیا۔ جس ایڈ پر کام کر رہا تھا بار بار بجلی کے آنے جانے سے پورا ایڈ اڑ گیا۔ وہ تو شکر ہے اور بیک اپ سے میں نے کاپی کر رکھا تھا ورنہ سارا کام خراب ہوتا اور ہرجانہ بھی

طرف سے تحریا نہ تھا۔ شہریار! میں تمہارا آخر کروں کیا؟"

اس نے کچھ نہیں کہا۔ کیونکہ اگر اس وقت وہ کل کی کنڈیشن دہراتا تو جواب بھی ملتا۔

"وہ روز بڑا تھا اب۔ میں مرد نہیں سمجھا تھا جو بنا تھا بھی ہوتا۔"

سالار بھائی ایسے ہی تھے۔ غصے میں اپنی غلطیاں تک دوسروں پر تھوپ دیتے تھے کہ "میں غلطی کر رہا تھا تو روکا کیوں نہیں مجھ کو۔ ابا! عجیب تھا وہ بھی ان تک شعبہ یا شہزادی سے بولا۔

"میں جاؤں بھائی؟"

"کہاں جاؤ، پہلے یہ بتاؤ یہ ہرجانہ کون بھرے گا؟"

"کیپیٹل کا ہرجانہ میں بھرنے کو تیار ہوں۔ کاٹوں چیک؟"

سالار جیسے انہیں جھٹکا دے رہے تھے۔ "کیپٹل میں نے بخشا۔ مسئلہ ہے میں تو داماد کی بات کر رہا ہوں۔"

"میں نے پہلے کہہ دیا ہے، میں معذرت نہیں کروں گا۔"

"نکل جاؤ پھر۔ میں یہ بات پاپا سے ڈسکس کروں گا۔"

"شکریہ برادر آج سے بھائی!!" اس کی شوخی کسی طور کم نہ ہوئی۔

اور انہوں نے دروازہ کھول دیا۔ "دفع ہو جاؤ، کیونکہ میں جان گیا ہوں، تمہیں صرف ناراض ہونے کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔"

"شکریہ، میرے پیدا ہونے کے کسی سبب سے تو آپ متفق ہوئے۔" وہ باہر نکل گیا۔ اس کی پشت پر دروازہ بہت زور سے بند ہوا تھا۔

دو دن کی عزت افزائی پر وہ سیدھا پاپا کے دفتر کی طرف چلا گیا۔ پھر ان کے دفتر میں داخل ہوا ہی تھا کہ بہت تیز تیز آوازوں سے اس کا دماغ جھنجھنا گیا۔

"یہاں بھی جھگڑا......" وہ بڑبڑایا۔ تب ہی اچانک اس کے کانوں میں آواز پڑی۔ یہ آواز یقیناً نجم صاحب کی تھی۔

AANCHAL.COM.PK

"سعید الرحمن! ابھی تم سے پوچھ رہی ہوں، میری بہن عطیہ کہاں ہے؟ میں نے اُسے تمہارے گھر پہ چھوڑا تھا۔ میں ارسلان راٹھور کی بیوی بن چکی تھی، میں نے صرف تمہاری آنکھوں کی سچائی پہ اعتبار کیا تھا۔ تم نے کہا تھا وہ بہت اچھا انسان ہے۔ وہ نیک دل ہے، وہ عطیہ سے ٹوٹ کر محبت کرتا ہے، وہ جو حاکم کا انسان ہے، وہ خاندانی شرافت میں ہے۔ یہ سب تم نے مجھے کہا تھا اور میں نے ان باتوں میں سے کسی بھی بات کی چھان بین نہیں کی تھی اور عطیہ تمہیں سونپ دی تھی۔ میں تو اُن کی شادی میں بھی شریک نہیں ہو سکی تھی۔ لیکن سعید الرحمن! آج میں سلیم کے گھر میں گئی تو وہاں میں نے ارسلان راٹھور کو دیکھا۔ میں نے عطیہ کے بارے میں جاننا چاہا تو تم جانتے ہو اُس نے کیا کہا؟"

لمحہ بھر کو لہجہ تھما، پھر روتی ہوئی آواز آئی۔

"اُس نے کہا کون سی عطیہ؟ میں کسی عطیہ کو نہیں جانتا۔ میں ایسی عورت کو جاننا بھی نہیں چاہتا جو شوہر کے ہوتے ہوئے اُس کے دوست سے تعلقات بڑھاتی، وہ گھر چھوڑ کر جس دن اس کے دوست کے گھر رہ کر آئے، جو ہسپتال میں ہو تو اس کے ایڈمٹ ہونے کے لیے اخراجات کے طور پر اس کے شوہر کے بجائے اس کا دوست دستخط کرے۔ اُس نے مجھ سے کہا، آپ جانتی ہیں نا، میں ایسی عورت کی اولاد کیوں یقین کرلوں کہ وہ میری ہی اولاد ہے؟...... اُس نے مجھ سے کہا اور میں سلیم اور بچے کے سامنے آ گئی۔ انہوں نے مجھے سچ بتا دیا ہے اور میرا دل...... میرا دل بیٹھا جا رہا ہے اس دکھ سے...... بتاؤ سعید الرحمن! میری بہن کہاں ہے؟"

"عطیہ...... عطیہ مر چکی ہیں خالہ!...... عطیہ تیس سال پہلے مر چکی ہیں۔ وہ ڈلیوری کے آدھے گھنٹے بعد ہی مر چکی تھیں۔"

"ڈلیوری.. عطیہ کی اولاد ہوئی تھی؟..... کون ہے اُس کی اولاد؟ کہاں ہے اُس کا بچہ؟"

شہریار کے ہاتھ میں سوال باندھا گیا تھا۔ پتہ نہیں کیوں اُن کا دل بہت تیز تیز دھڑکنے لگا تھا۔ "پاپا! آپ کی خالہ تھیں ماں آج؟"

پاپا نے چونک کر اسے دیکھا اُس کے چہرے سے بے جانی کی سی کیفیت تھی۔

"سعید الرحمن! بتاؤ نا، وہ اولاد کیا تھی؟ لڑکا یا لڑکی؟"

"لڑکی تھی نیم!" شہریار کے منہ سے نکلا تھا۔ پاپا کا منہ حیرت سے کھل گیا تھا۔ اور وہ مزید بولا تھا۔ "ہم ایک دفعہ آپ نے کہا تھا ماں میں آکر دیکھوں کہ میں اچھے پاپا کو بہت اچھی طرح جانتا ہوں۔

بلکہ سب سے زیادہ جانتا ہوں ممی! آپ جان سکتی ہیں، میں پاپا کے کتنے قریب ہوں۔"

"عبدالرحمٰن! کیا یہ ٹھیک کہہ رہا ہے؟"

"ہاں ممی......" پاپا کی آواز مدھم ہوگئی تھی۔ انہوں نے کچھ اور بھی کہنا چاہا تھا مگر نجم عاقب نے ان کی مہلت نہیں دی تھی اور تڑپ کر بولی تھیں۔

"عبدالرحمٰن! میں تمہیں کتنا غلط سمجھتی تھی تم کتنے مختلف نکلے ہو عبدالرحمٰن! کیا فاطمہ کی بیٹی ہونے کے سچ کی طرح یہ بھی سچ ہے کہ تم نے اس بچی کو جلد [illegible] میں داخل کروا دیا تھا؟"

"پلیز! آپ مجھے غلط سمجھ رہی ہیں، میں نے تو......" مسٹر عبدالرحمٰن نے وضاحت کرنے کی کوشش کی مگر نجم عاقب نے بغیر کچھ کہے [illegible] اور عبدالرحمٰن ان کو پالنے پر [illegible] تھے۔

"شہریار! تم نے اتنا بڑا جھوٹ کیوں بولا؟ کیوں کہا تم نے کہ فاطمہ آنٹی کے پاس بیٹی [illegible] تھا؟"

شہریار نے ان کی بات کا جواب نہیں دیا تھا بلکہ تیز تیز چلتی سانسوں کو قابو میں کرنے کی کوشش کرتا رہا تھا۔ "پاپا! ہمارے [illegible] کا کیا ہوگا؟ کیا ممی عافیہ ہمارا کنٹریکٹ جاری رکھیں گی یا یہ معاہدہ ٹوٹ جائے گا؟" جانے تمہیں اس نے اتنا مختلف سوال کیوں کیا تھا۔ پاپا کا سوال کیوں [illegible] گیا تھا۔

پاپا نے اس کے چہرے پر احساس تکلیف دیکھی مگر پھر بھی بے قراری سے بولے تھے۔ "شہریار! تم اتنا [illegible] کب سے رکھنے لگے ہو؟"

اس نے اب خود پر قابو پا لیا تھا سو متوازن لہجے میں بولا تھا۔ "اس میں [illegible] کیا ہے پاپا اگر میں ہر پہلو سے حالات کا [illegible] رہا ہوں۔"

"شہریار!" پاپا نے اس کا کندھا تھاما پھر نرمی سے بولے۔ "شہریار! کیا واقعی تمہیں [illegible] کسی بات نے ہرٹ کیا؟ جو وہاں انہوں نے کہا کیا اس پر تمہیں اعتراض نہیں ہوا؟... تمہیں یہ جاننے کی جستجو بھی نہیں ہوئی کہ یہ ارسلان راشدی کون ہے؟"

اس نے پاپا کے کندھے پر رکھے اپنے ہاتھ پر ہاتھ رکھ دیا، پھر آہستگی سے بولا۔ "نہیں، مجھے یہ جاننے کی جستجو نہیں ہے کہ ارسلان راشدی کون ہے۔ کیونکہ میں جانتا ہوں وہ ہستی کہاں رہتی ہے اور کیسی دکھتی ہے۔"

"تم جانتے ہو ارسلان راشدی کون ہے، کہاں ہے؟" پاپا کا سانس تیز تیز چلنے لگا تھا۔ پھر انہوں نے بے قراری سے کہا تھا۔ "تم مجھے اس کا پتہ دے سکتے ہو شہریار؟...... میں ایک بار اس سے ملنا چاہتا

ہوں۔ میں اُسے بتانا چاہتا ہوں کہ عشیہ بے قصور ہے۔"

"کوئی فائدہ نہیں ہے پاپا! کیونکہ میں جانتا ہوں، وہ آپ کی بات کا یقین نہیں کریں گے۔ اگر وہ آپ کی یا میری طرح ہوتے تو شاید وہ اتنا بڑا الزام نہیں لگاتے ماما پر۔ انہیں محبت کرنی نہیں آتی تھی پاپا! اور آپ نے اُن کی سفارش کی تھی۔ ایسے انسان کی سفارش، جس کی نظر میں محبت یا اعتبار نہیں تھی، جس کا اعتبار صابن کے جھاگ کی طرح تھا۔ ذرا سی تیز دھوپ ہوئی اور بیٹھ گیا۔ پاپا! مجھے ارسلان راشدی کی کہی ہوئی کسی بات کا دکھ نہیں ہوا۔ کیونکہ کمزور اور کم ظرف مرد بے ظرف اور زندگی کو ایسے ہی جیا کرتے ہیں۔ پاپا! مجھے ماما کی حسرت پر دکھ ہوتا ہے۔ اور مجھے...... مجھے آپ کے دل پر ترس آتا ہے۔ اگر آپ نے ماما سے شادی نہ کی ہوتی تو آپ کی فرسٹ چوائس عشیہ ماما ہوتی ناں؟"

عبدالرحمٰن کھڑے سے بیٹھ گئے تھے بالکل گم صم سے۔ تب اس نے اُن کے کندھوں پہ ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا تھا۔

"محبت کا جرم تو نہیں پاپا! جو آپ گھلے گھلے کیا کرتے رہے ہیں اتنے برسوں سے۔ کبھی کبھی ہو جاتا ہے۔ انسان زندگی کسی کے ساتھ شروع کرتا ہے اور دل کسی اور کے ساتھ چل پڑتا ہے۔ مگر پاپا! آپ اس لحاظ سے اچھے انسان رہے کہ آپ نے دونوں میں سے کسی کو بھی خالی ہاتھ نہیں لوٹایا۔ دونوں کے ساتھ دل اور زندگی شیئر کی۔ ماتی زیادہ دو کہ آپ کبھی خود کو خوشی میسر نہیں آنے دی۔ کیا کرتا ہے انہیں اتنا تو دو؟" وہ لمحہ بھر کو رکا، پھر بولا۔ "مجھے آپ کے کردار کی بلندی پر فخر ہے پاپا! کہ آپ اپنے دل کا مدعا سامنے ہوتے ہوئے اس کے چہرے کا پہرہ رکھے رہے۔ آپ نے عائشہ ماما سے عشیہ ماما کا بیٹا لے لیا۔ نہیں، ارسلان راشدی کے لئے انہیں مانگا۔ آپ نے یہ کیا کیا پاپا؟"

عبدالرحمٰن صاحب نے سر جھکا لیا تھا، پھر نرمی سے بولے تھے۔ "کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے شیری! محبت آپ کو چاروں طرف سے باندھ لیتی ہے۔ مجھے بھی اس نے باندھ لیا تھا۔ میں اور ارسلان بچپن کے ساتھی تھے۔ ہم نے بہت اچھا وقت گزارا تھا۔ وہ بہت خوددار انسان تھا۔ میں اس کی مدد کرنا چاہتا تو وہ انکار کر دیتا۔ اس لئے مجھے اس کی مدد کرنے کے لئے بھی بہانے ڈھونڈنے پڑتے۔ میں اُسے گفٹ میں کبھی کتابیں دیتا، کبھی قلم، کبھی اچھے کپڑے...... وہ مجھے محبوب رہتا مگر میں باز نہیں آتا۔ وہ پڑھائی میں تمہاری طرح بہت تیز تھا۔ مجھے لگتا تھا، وہ اپنے گھر کے نامساعد حالات کے باوجود بہت آگے جائے گا۔ تو میں نے صرف اس کے راستے کے پتھر دور کئے تھے۔ اس راستے پر دیا اور وہ خود چلا تھا۔ پڑھائی کے ساتھ ساتھ وہ پینٹنگ بھی کیا کرتا تھا۔ مجسمہ سازی میں بھی کمال رکھتا تھا۔ یہاں تک کہ جب وہ سی ایس ایس کلیئر کر کے میرے ہمراہ اونچے حلقے کی پارٹیز میں گیا تو فوراً لوگوں کی نظروں میں آ گیا۔ میں صرف اُسے لے کر گیا تھا۔ اس نے اپنی شخصیت کے لئے جگہ خود بنائی۔ ان ہی پارٹیز میں اُسے

عطیہ نہیں... وہ میرے بیٹے تھے پر عطیہ سے ملتا رہتا تھا اور میں، جس دن اس نے کہا کہ مجھے عطیہ سے محبت ہے اس لمحے مجھے لگا، میں کس راستے پر چل پڑا تھا؟ عطیہ کے چھن جانے کے ڈر نے میری سانس روک دی تھی مگر عطیہ...... جب انہوں نے ارسلان راشدی کا نام اس دیوانگی سے لیا تو مجھے لگا کہ مجھے اس ملن کے لیے اپنی کوشش تیز کر دینی چاہیے۔ میں نے اس سلسلے میں اپنی تمام کاوشیں صرف کر دیں۔ مگر... محبت... پتہ نہیں چاروں طرف سے باندھ لیتی ہے......" پاپا کہتے کہتے رک گئے اور وہ پاپا کو دیکھے گیا۔ پاپا کے دل پر اس کے دل کو پہلے سے زیادہ پیار آنے لگا تھا۔ جس سے اس کا دل بھر گیا تھا۔ اس نے پاپا کو خود سے بھینچ لیا تھا۔ کچھ نہیں ہوا تھا مگر نم آنکھیں ان پر مرکوز تھیں۔

"مجھے پہلے آپ پیارے تھے اب تو میری جان بن گئے ہیں پاپا!"

پاپا نے ہولے سے اس کے گال کو پیار سے تھپکا تھا پھر کچھ جان میں آ کر بولے۔ "پھر نازی کا کیا شوشہ چھوڑا ہے؟ کاغذات میں صرف ایک لڑکے کا اندراج ہے اور وہ تم ہو۔ سوچو اگر جائیداد کی تحقیقات کرنے نکل گئیں تو بہت مشکل ہو جائے گی۔"

اس نے نفی میں سر ہلایا تھا پھر مسکرا کر بولا تھا۔ "میں پکا کام کر کے آیا ہوں پاپا!"

"مطلب تم کیا کہنا چاہتے ہو؟" پاپا نے حیرت سے دیکھا اور اس نے کہا۔

"اس دن کی بات پر مجھے لگا تھا کہ تم جائیداد کی تحقیقات ضرور کرو گی جو میں چاہتا تھا کہ نہ ہو۔ میرا چاہا ہوا حسنت نے میری مدد کی اور میں نے کاغذات میں تبدیلی کروا لی۔ میں ساری زندگی صرف آپ کے کام سے جانا جانا چاہتا ہوں دنیا میں۔"

پاپا نے اسے خود سے قریب کیا تھا پھر مدھم لہجے میں بولے تھے۔ "کون کہتا ہے جو تمہارے ماتحت نہیں جاتا؟ تمہیں بتا! اظہار نیا بات ابھی بھی ادھوری ہے ٹھیک طرح سے واضح تو کرو۔"

وہ پاپا کے پہلو میں اپنی جگہ بنا کر بیٹھتے ہوئے بولا۔ "میں نے کاغذات میں ایک لڑکی کا اندراج پانی تاریخوں میں کروا دیا تھا کہ اگر ہم حمائیہ جیسے نے آنکھیں نہ بھی ہوا تو ہو جائے۔ کیونکہ لڑکی کا اندراج مرے ہوئے بچے کی حیثیت سے کیا تھا۔ مگر جن دنوں میں ریکارڈ رسانی کروائی گئی میں منسلک تھا ایک پانی مدد الف نے اتنی مجھ سے تحقیقات شروع کر دیں۔ وہاں سے مجھے پتہ چلا... کیونکہ وہ مجھے معلومات دینے کی ایک بھاری پیشکش پر آمادہ تھی حسب کرنا ہم کے پاس اس دن ایک نہیں دو بچے ہوئے تھے۔ میں نے معلومات کو سچ کیا ہم ابھی کے حوالے سے مگر مجھے ان پانی مدد الف کی

ریاض ذوالفقار سے اصلیت جاننے پر پتہ چلا کہ وہ بچی انہوں نے دولت کے لالچ میں ایک امیر عورت کو بیچ دی تھی۔ میں پتہ کر کے وہاں گیا مگر معلوم ہوا وہ بچی کو صرف چار سال پہلے ساتھ لے کر چلے گئے تھے، پھر انہیں اسٹاک مارکیٹ میں اتنا نقصان ہو گیا کہ ان کے کھانے کے لالے پڑ گئے۔ یوں وہ بچی "چلڈرن ہوم" میں پلنے لگی۔ اب میں کاغذات میں تبدیلی کروانے کے لیے پریشان ہوں۔ کیونکہ میری کاوش کی خبریں ہاسپٹل کی انتظامیہ تک جا پہنچی ہیں۔ سدرہ آصف نے نوکری کے بچاؤ کے لیے میرا نام نہیں لیا ہے لیکن مجھے سمجھ نہیں آ رہا ماہا کی بیٹی کو کاغذات میں زندہ کیسے کروں تا کہ عافیہ ہم اسے اپنی کسٹڈی میں لے سکیں؟"

"کیا مطلب؟ کیا تم جانتے ہو عافیہ کی بچی کہاں ہے؟"

"پہلے نہیں جانتا تھا ورنہ یہ حماقت نہیں کرتا۔ مگر اس دن جب آپ نے کہا تھا کہ میں تمہاری ماں عطیہ ہوں تو میری آنکھیں پھٹ گئی تھیں۔ مجھے اچانک یاد آ گیا تھا، میں جس بچی کے ساتھ اس دن تک چل پایا تھا، وہ بچی تصویر تھی پاپا! جس دن آپ کو پہلی بار اٹیک ہوا تھا اس دن میں کالج سے آپ کے دفتر کے ورکر کے ساتھ آپ کو ہاسپٹل لے کر پہنچا تھا۔ نرس نے جب آپ کی چیزیں میرے ہاتھ میں دی تھیں، تب آپ کے والٹ میں پہلی بار میں نے ان کی تصویر دیکھی تھی اور بہت سالوں بعد کسی اور کی آنکھیں دیکھ کر مجھے وہ منظر یاد نہیں آ رہا تھا مگر ماں کی تصویر دیکھ کر مجھے یاد آ گیا تھا وہ چہرہ، وہ تاب کتنا حسین تھا... میں نے جلد بازی میں ایک غلط کارروائی کر دی ہے جس کا سدھار اب دشوار ہو گیا ہے۔ عطیہ ماما کی بیٹی ہمارے دفتر ہی میں جاب کرتی ہے پاپا! مگر اب میں اس غلطی کو کس طرح سنبھالوں، مجھے سمجھ نہیں آ رہا؟"

"تم بہت جذباتی، بہت ہی جذباتی ہو شہریار! اگر تم اب بھی اس لڑکی کے بجائے یہ سوچتے کہ ایک امید کی کرن جھوٹی نکلی تو تم کاغذات بدلنے کے بجائے عافیہ کے سامنے آسانی سے اپنی ذات کلیئر کروا سکتے تھے۔ نہ صرف ان کے سامنے بلکہ ساری دنیا کے سامنے ارسلان راشدی کے نام کا اعتبار پا سکتے تھے۔ تمہاری ذات معتبر ہو سکتی تھی۔ بچپن سے لے کر آج تک تم پر اور مجھ پر جو سوال اٹھتے آ رہے تھے، وہ اپنی موت آپ مر جاتے۔"

"ایسا ہو سکتا تھا پاپا! لیکن میں دنیا کی قیمت پر بھی آپ کو نہیں چھوڑنا چاہتا۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں، اس طرح آپ کی ریاضت، آپ کی محبت کی توہین ہوتی۔ اور میں ایسا نہیں دیکھ سکتا۔"

"تم بہت الگ ہو شہریار! بہت زیادہ الگ۔ مجھے لگتا ہے، میں تمہیں بہت اچھی طرح سمجھتا ہوں، لیکن ہر بار تمہاری کوئی نئی بات چونکا دیتی ہے۔"

وہ مسکرا رہا تھا مگر اس مسکراہٹ میں کچھ چھپا ہوا تھا۔ پاپا نے اس کا شانہ تھپتھپایا تھا۔

"تمہارا وہ شیریں والی ... میں بہت امتزاج سمجھتا ہوں۔"

اس نے آہستگی سے پاپا کے شانے پر سر ٹکا دیا تھا، پھر آہستگی سے بولا تھا۔ "میں صرف امتزاج نظر آتا ہوں، اندر سے ہوں نہیں۔"

"اچھا تو تم اس معاملے کو کیسے ہینڈل کرو گے؟" پاپا نے اس کے رخسار کو چھوا تھا۔

اور وہ عجیب سی ہنسی سے بولا۔ "پتہ نہیں پاپا! ابھی خود بھی واضح نہیں، لیکن معاملہ بہت نازک ہے۔ اس لیے مجھے یقین ہے کوئی نہ کوئی حل نکل ہی آئے گا۔"

پھر وہ رخصت چاہنے ہی والا تھا کہ پاپا کے کمرے کا دروازہ کھلا۔ سالار عبدالرحمٰن نے ان کا جملہ ادھورا بتاتے بتاتے گئے۔

"پاپا! آپ بتائیں، اس نے پتہ نہیں کیا جادو کر رکھا ہے، آپ کو اس کی کوئی بات بری ہی نہیں لگتی۔"

پاپا نے ان کی طرف حیرت سے دیکھا اور ہولے سے بولے۔

"آخر ہوا کیا ہے؟ سچ بھی تم ایسے ہی لگتے ہو جیسے کسی نے تمہارا پتہ کر رکھا ہے، جیسے کوئی بہت بڑی غلطی کر دی ہے انہوں نے؟"

سالار عبدالرحمٰن نے بلاکم و کاست ڈریسنگ روم اور ماڈل گرل کی بابت سب کچھ کہہ سنایا۔ پاپا نے تصدیق طلب نظروں سے دیکھا تو اس نے آنکھوں سے اثبات میں اشارہ کر دیا۔ سالار عبدالرحمٰن نے دونوں کی مجرمانہ سازش جیسی خاموشی دیکھی تو ذرا دیر بعد آف کنٹرول ہو کر بولے۔

"پاپا! میری سمجھ میں نہیں آتا، آپ کو دونوں ... غلطی آپ اسے ایسے ہی ... لیکن اس کی دونوں سے بڑی غلطی آپ نظر انداز کر دیتے ہیں جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ہو۔ آپ بہت زیادہ فرق کرتے ہیں اپنے بچوں میں۔"

"مجھے ان تمام چیزوں کا پتہ ہوتی ہے سالار، تم میری عادت جانتے ہو، مجھے چیخ چیخ کر کوئی بات منوانا یا غلطی کا احساس دلانا کبھی بھی اچھا نہیں لگتا ہے۔ میں تمہاری شکایت پر کوئی ایکشن نہیں لوں گا، یہ تمہاری بھول ہے۔ تم کیا وہ تمہاری غلطیوں پر بھی تمہیں تنہائی میں بلا کر ہی کوئی روشنی دکھاتا رہا۔"

سالار عبدالرحمٰن پتہ نہیں اس بات سے متفق ہوئے تھے یا نہیں لیکن ان کے کمرے سے وہ واپس لوٹ گئے تھے۔ پھر ان کے جاتے ہی پاپا نے ہاتھ کے اشارے سے پوچھا تھا۔

AANCHAL.COM.PK

''کوئی نیا بلنڈر ہے بیٹے جان؟'' وہ کچھ مسکرا کر بولے۔ ''کبھی کبھی بھائی کو تم بہت ستاتے ہو شہریار! اب بولو نئی بات ہے۔''

''نئی بات ہے یا نہیں، آپ پوری بات جانے بغیر کیسے کہہ سکتے ہیں؟ ہمیشہ دو طرفہ بات سن کر فیصلہ کرنا سود مند ہوتا ہے پاپا!''

''اچھا بھیا جی! اب آپ مجھے یہ بھی سکھائیں گے؟''

وہ شرارت سے ہنس دیا پھر اپنا مقدمہ پیش کر کے چپ کر گیا۔ ''آپ بتائیے میری کہاں غلطی ہے پاپا؟''

پاپا نے غور سے سنا، وہ کچھ دیر سوچتے رہے پھر بولے۔ ''پہلے والے معاملے میں بیٹا تمہاری غلطی نہیں ہے، لیکن شہریار کی ماڈل گرل والے معاملے میں سو فیصد آپ کی غلطی ہے۔''

''میری غلطی کہاں ہے پاپا؟'' اس نے سوال کیا اور عبدالرحمن صاحب نے مسکرا دیا۔

''بھیا جی! اس سے نیا پھر بلی والی گرل کے سامنے ہم نے کام کیا ہے، ان سے کام لیا ہے، تو ان کی فیس کی ادائیگی کرنی پڑے گی۔'' وہ کہتے ہوئے پھر ہنس کر بولے۔ ''ہوتا ہے بیٹا جن لوگوں پر بہت اتھارٹی ہوتی ہے، جن کو ہزاروں کیا، لاکھوں لوگوں کی ستائش ملتی ہے، ان میں تو ہر بڑا غرور اور تکبر آ ہی جاتا ہے۔ سوچو ذرا ایک جوان جیسے نے چھوٹے معاملات کو ہینڈل کر لیا، سمجھ گیا وہی کامیاب ہوگیا۔''

''یعنی آپ کہنا چاہتے ہیں، میں ان دونوں سے معافی مانگوں؟'' شہریار کا موڈ خراب ہوگیا۔ تب پاپا نے اس کا ہاتھ اپنے کندھوں پر رکھ کر کہا۔

''نہیں میرا بیٹا! کسی سے معافی نہیں مانگنا چاہتا تو میں اس کی عزت نفس کی قربانی نہیں دوں گا۔ ہاں اگر بات احترام کی ہوتی تو شاید مجھے کوئی عار نہیں ہوتا بلکہ پھر تمہیں ہمارا ضمیر خود ہی معافی مانگنے سے روک نہیں سکتا تھا لیکن بات چونکہ صرف ہار جیت، غرور اور نیچا دکھانے کی ہے تو اس میں تمہارا ساتھ دوں گا۔''

''لیکن پاپا! ان کو منانے میں آخر اس کا انتظام کہاں سے ہو سکے گا؟''

''سوچتے ہیں، اس پر بھی سوچتے ہیں۔ بلکہ زیادہ اچھی منانے کی کوشش کرو۔ کچھ ہوں یا اس وقت تمہاری ماما کو بھی تو گھر پر فون جانا ہے۔'' پاپا نے موبائل کی طرف ہاتھ بڑھایا لیکن شہریار نے ان کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ دیا۔

''آپ پیچھے ماما سے ملیں گے پاپا؟'' شہریار مسکرا کر بولا۔ ''نئی بات لگتی ہے پاپا! آشنا میں کہاں اور… ماما پوری کریں؟…… او کے ٹھیک ہے، میں ماما سے سوری کر لیتا ہوں۔''

پاپا نے اتنی جلدی فیصلہ لینے پر اس کی محبت کو حیرت سے دیکھا مگر وہ چکی تھی۔ بے بس پاپا ہنسے تھے کہ ان کا موبائل بجنے لگا۔ نمبر دیکھ کر وہ مسکرائے پھر شرارت سے بولے۔ "یہ اسٹرانگ ہے تمہاری ماما کی
محبت۔ دیکھ لو ضرورت پڑنے پر وہ کسی کے کہنے سے پہلے چلی آتی ہیں مگر... ہیلو! عبدالرحمن بول رہا ہوں۔" انہوں نے آدھا جملہ ان کی طرف اچھالا اور آدھا جملہ فون پر بس کہہ کر فون شہریار کی طرف بڑھا دیا۔
ماما نے آواز سنی تو فوراً بولیں۔ "عبدالرحمن صاحب! یہ سالار اور شہریار کو کیا ہوا، کیا اختلاف ہوا ہے؟ عائشہ بتا رہی تھی، بہت غصے میں تھی۔ چیک پاس کرنے سے انکار کیا ہے اس نے اور بہت رویا وہ، بتا رہے تھے
اسے شہریار کی شہہ سادہ دینی ہو گی پر۔"
پاپا انہیں تفصیل دینے لگے۔ ماما نے سنا تو برہمی سے بولیں۔
"سالار بھی ماں، پتہ نہیں کب مدبر بنیں گے؟ ٹھیک ہے آپ چیک سائن کر کے بھیجیں، میں خود دستخط کر کے چیک آپ کے بنائے گئے اکاؤنٹ میں جمع کروا دوں گی۔"
پاپا نے ہنس کر فون بند کر دیا، مگر شرارت سے بولے۔ "اچھی بیوی ہونے کا بڑا پلس پوائنٹ ہوتا ہے۔ سیکھو کچھ میری زندگی سے شہریار صاحب!"
شہریار ہنسنے لگا اور وہ جوائنٹ اکاؤنٹ کا چیک سائن کرنے لگے۔ سائن کر کے زیر لب۔ "اب یہ چیک کون لے کر جائے گا بھئی؟"
شہریار نے اپنی خدمات پیش کر دیں تو بولے۔ "نہیں، تمہیں بیا کی بات کرنی پڑے گی۔ تمہیں تو شاید شاپنگ کے لیے بلایا تھا ناں؟"
"جانتا ہے کچن میں سوچ رہا ہوں، میں نے جو غلطی کی ہے اسے کس طرح سدھاروں؟ اور پھر آپ کے اتنے اچھے رویے اور میرے انکشاف کے بعد وہ جو آپ کے بارے میں غلط رائے لے کر گئی
ہیں اسے بھی تو دور کرنے کی کوئی سبیل پیدا کرنے کی کوشش کرنی پڑے گی ناں۔"
پاپا نے اس کے ہاتھ میں چیک تھما دیا۔ وہ کچھ نہیں بولے مگر ان کی پیاری سی مسکراہٹ سارے راز کھولے دے رہی تھی۔
محبت پر واقعی کسی کا اختیار نہیں۔ یہ جب ہوتی ہے یا نہیں ہوتی، شہریار بہت آنی تک اس میں الجھ نہیں جاتی۔
"آہ... یہ "Stranger" ہے کون جس نے اخبارات میں تہلکہ مچا دیا ہے؟ کوئی اندر کی باتیں......" بخشی صاحب نے سالار کے سامنے اخبار پٹخ دیا۔ کچھ دنوں سے صبا بانی اس کالم نگار کی رپورٹس
پر پورا ملک حیران تھا۔ یہ ایک ایسا کالم نگار تھا کہ جسے دنیا کی پروا تھی، نہ اپنی جان کی۔ صبا بانی آج کل یہی بات پوچھ رہا تھا۔ سب جاننا چاہتے تھے، یہ اسٹرینجر کون ہے جس نے بڑے بڑے ایوانوں میں

ہلچل مچا رکھی ہے؟

"تم کچھ بولتے کیوں نہیں ہو، آخر یہ ہے کون؟" محمد عمر کوڑ کے پھر بولے۔ "اس اسٹرینجر کا طریقۂ واردات بالکل میرے جیسا ہے۔ جیسے میں نے کسی زمانے میں گمنام کے نام سے کیا تھا۔ لیکن یہ مختلف ہے کہ یہ اس چھپے سچ سے میری طرح کمانے کے بجائے اسے عوام کے سامنے لا کر رکھتا جا رہا ہے۔ بالکل مخبروں جیسی عادات کا حامل لگتا ہے۔"

"مخبر اسٹرینجر بھی کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی تنخواہ کے آپشن تو رکھتے ہی ہیں۔ مجھے تو نہیں لگتا یہ بندہ ایسا کرتا ہوگا؟"

یوسفی صاحب تھک کر بیٹھ گئے پھر جھنجھلا کر بولے۔ "اگر ایسے راز میرے پاس ہوتے تو میں کروڑوں کما چکا ہوتا۔ مگر یہ بے وقوف صرف عوام کی واہ واہ پر خوش ہے۔"

"سر! کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں، جن میں خدمتِ خلق کا جذبہ ہر چیز سے بڑھ کر ہوتا ہے۔" یہ کہہ کر وہ پھر سے اپنے کام میں لگ گیا تھا۔ اخبار کا پروف شیٹ پڑھتا رہا۔ ایک دو جگہ کالم چھوٹ رہے تھے، جو اس نے فوری بے ضرر قسم کی نیوز کو کسی ٹائم کالر کو پر کر کے بیلا روناکل کے لئے سب ایڈیٹر کے پاس بھیج دیا تھا۔ اب وہ قطعی فارغ تھا۔

فارغ ہوا تو یکدم اسے شافعہ کی یاد آنے لگی۔ کچھ دنوں میں وہ جتنی اس کے قریب ہو گئی تھی، اس کی اداؤں تسلی کے لئے جو عارضی جملے وہ کہتا رہا تھا، ان جملوں نے اُسے باندھ لیا تھا۔ آخر کو اس نے شادی تو کرنی ہی تھی، سو پھر وہ شافعہ کیوں نہیں ہو سکتی؟ اس نے اماں اور زہرہ پھوپھو سے بھی رائے لی تھی، دونوں نے شروع ہی جیسے اس پروپوزل کو بالکل ٹھیک فیصلہ قرار دیا تھا۔ مگر یہ سب کچھ ابھی اندر ہی اندر تھا۔ شافعہ کی نظروں میں پسندیدگی کا عنصر تو تھا، لیکن یہ پسندیدگی واقعی محبت تھی، یہ جاننا باقی تھا۔ ابھی وہ فائنل پروف پڑھ کر اخبار کی کاپی آنے کے بعد دفتر سے اٹھا تھا۔ اس کا رخ اب گھر کی طرف تھا۔ اس نے بیل دی۔ دروازہ زہرہ پھوپھو نے کھولا۔ زہرہ اور جنید ڈرائنگ روم میں بیٹھے ہوئے آدھی رات گئے ہاسپٹل کے معاملے پر ڈسکس کر رہے تھے۔ نقشے پر بھی کچھ اعتراض اٹھائے جا رہے تھے۔ مگر وہ ان کی گفتگو میں شامل ہوا تھا، نہ ہی رسمی سلام کے خیال سے رکا تھا۔ زہرہ پھوپھو نے اس کی سرد مہری پر اسے خفگی سے دیکھا مگر اس نے خفگی بھانپ جانے کی کوشش نہیں کی تھی۔ کیونکہ وجہ پہلے سے ہی جانتا تھا۔

اب وہ اپنے کمرے میں آ چکا تھا۔ پھر بستر پر لیٹتے ہی اس کی نظر اپنے کمرے میں لگے فون پر پڑی تھی۔ اس نے اپنے فون پر دن بھر آنے والی کالز دیکھی تھیں، پھر ایک آواز تھی جسے وہ ہمیشہ اپنے گرد محسوس کرنا چاہتا تھا۔ اس آواز کو سن کر وہ سارا دن کا دماغ ختم ہونے کے باوجود فریش محسوس کرنے لگا تھا۔ آج ہاسپٹل میں اس کی رات کی ڈیوٹی تھی، اس کی کال سے یہ اطلاع اسے پہنچی تھی۔ سو وہ بے دھڑک اس کا نمبر ملا رہا تھا۔

کافی دیر بعد اس کا رابطہ ہو سکا تھا۔ آواز سن کر اس کا دل کھل اٹھا تھا۔

"کیسی ہیں شافعہ! آپ؟"

"بالکل ٹھیک ہوں..... یہ بتائیے آپ کیسے ہیں؟" وہ لمحہ بھر کو رکی، پھر مدھم لہجے میں بولی۔ "آپ نے آج رات کا میڈیا ٹرائل دیکھا۔ سچ۔ سلامہ! مجھے تو دیکھ کر ہی اس شخص کی جوان ہمتی پر رشک آیا۔ دیکھئے سلامہ! جو بات میں آپ سے کہہ دی گئی، وہ بات کس طرح کسی اور کے دل نے پک کر لی۔"

سلامہ طنز سے ہنسا، پھر بولا۔ "آپ جیسے میڈیا ٹرائل کی کر کوشش ہو رہی ہیں، اس کی جوان ہمتی پر آپ نے کبھی غور کیا؟ یہ واقعی میڈیا ٹرائل بھی ہو سکتا ہے، اسٹیبلشمنٹ کی بچگانہ کوشش۔ آپ نے اندازہ لگایا، اس میڈیا ٹرائل کے کنٹرولر کس اپوزیشن سے متعلق ہیں حکومت میں۔ ایک پلان ہے گندا کرنے کی جوان قیمت وار جاری ہے، یہ اسی کا حصہ ہے۔ آپ اندازہ لگائیے، اگر اس مسٹر شجر کی وجہ اک بھیگی اور دوبیدہ کی ذلیل ہوگئی تو حکومت کے ایوانوں کے پائے اور مضبوط ہو جائیں گے کیونکہ مسٹر شجر کے کہنے میں عوام ایک بار پھر نئے سرے سے بے وقوف بن جائے گی۔"

"پلیز سلامہ! کسی کو برا نہیں کہتے، تو اس پہ اعتراض تو مت کیجئے۔ کسی کی اچھی بات کو برا بنانا بڑی عادت تو نہیں۔"

سلامہ نے خفگی سے ہنکارا بھرا، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ "مجھے دراصل اس وحشت کی سیاحی میں ایک طویل عرصہ ہو گیا ہے۔ میں ایسے کھیلوں سے اچھی طرح واقف ہوں، اس لئے مسٹر شجر کی ذات کو کسی شک سے بالا نہیں سمجھتا اور شافعہ! آپ کو یہ تو پتہ ہے، یہ میڈیا کی خبریں جس نیٹ ورک سے کی جاتی ہیں، ان کو آج تک ٹریس نہیں کیا جا سکا۔ کیا آپ کو نہیں معلوم یہ بات؟ ممکنات میں سے ایک ہے کہ حکومت اس نیٹ ورک، اس ویب سائٹ کو ٹریس نہ کر سکے؟ کسی بھی ملک کا نیٹ ورک سسٹم پوری طرح حکومت کے دائرہ اختیار میں ہوتا ہے۔ معلومات کی ہر سطح کی ہر یا غیر ملکی، اس سے باخبر ہوتی ہے۔ حکومت کو کہاں سے خبر لا دی گئی، میڈیا کے لئے یہ جاننا تھوڑا مشکل ہے۔ مگر حکومت کے لئے یہ آسان ترین ہدف ہے۔ مگر حکومت ابھی تک اندھیرے میں ہے۔ جی ایچ کیو بھی اس سے لاعلمی کا اظہار کر رہا ہے۔ سو شافعہ! مجھے کہنے دیجئے، یہ بہت بڑا المیہ ہے، جس کے ڈانڈے ہماری عمومی سیاست سے جا کر ملتے ہیں۔ اس لئے پلیز! اسے مشہور اور مقبول کی کیٹیگری میں مت ڈالئے۔ کیونکہ آج کل دنیا کی تیز رفتار ہوتی ہوئی اور اقتصادی کیو یہ تیکنیک کا شاخسانہ بن چکی ہے کہ آپ اگر اپنے بچاؤ کے لئے بھی کچھ کرتے ہیں تو اس میں بھی پوائنٹ کا کوئی نہ کوئی مارجن ضرور رکھتے ہیں۔ یہ تیسرا اعلیٰ درجے کی سیاست ہے۔"

"سیاست ہے یا نہیں، لیکن یہ تو دیکھئے، وہ کیسے اپنی جان پر کھیل جاتا ہے؟" شافعہ اپنی بات پر اڑی رہی تو وہ تحیرانہ ہنسا، پھر نرمی سے بولا۔

"اگر حکومت میری پیٹھ پر ہو تو ایسے دھماکے دار کام میں بھی کر سکتا ہوں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے، جیسے ایک پل ورز کا بیٹا قتی کی علمبرداری میں اپنی ڈگری کو لات مار آئے اور ایک مڈل کلاس پڑھی تھی کی تحسین کر

طرح سے اس پر غصہ آور کیے، وہ بھی کیا آدمی ہے، اس کے اندر تو عزتِ نفس نام کو نہیں۔ مجھے دیکھو عزتِ نفس پر نوکری کو لات ماردی مگر گردن نہیں جھکائی۔ سب آپ کی طرح اس کی بات، اس کی ہاں میں ہاں ملتی پر واہ واہ کریں۔ مگر دل کہاں پر جن رہ دو آپ کی تعریف پر شکوہ سے آپ کو بچے گی نہ سکے۔ شافعہ یہ نیا دل ہے یا اسے آپ نیا دل نہیں سمجھتیں؟"

"آپ کی بات بہت بہادری کی نکلی ہے۔ لیکن زندگی کا صرف یہی نظریہ ہر جگہ تو لاگو نہیں ہوتا۔ سچ کے لیے نوکری کو ٹھوکر مارنے کے لیے ہمت کی تو ضرورت ہوتی ہے نا سلامہ!"

سلامہ نے گہرا سانس لیا۔ بیزاری سے بولا۔ "شاید میں آپ کو اپنی بات سمجھا نہیں پایا، ورنہ آپ جان لیتیں، مجھ کے بیت اور بحر سے مجھے بیت کی توجیہات کیوں مختلف ہوتی ہیں؟" وہ چند لمحے رکا، پھر مزید بولا۔ "آپ مرا متفق رہنا چاہے اسے مجبوری کہیں لیکن حقیقت کھلنے پر دل ٹوٹے گا تو مجھے الزام نہیں دیجیے گا۔"

شافعہ کی ہنسی سنائی دی، پھر اس نے مدھم لہجے میں کہا۔ "بے فکر رہیے سلامہ! میں اپنے دل میں خاص کی گنجائش رکھتی نہیں، اپنی ذات کے حوالے سے میں پریکٹیکل ہوں اس لیے دکھ ہوگا بھی تو اتنا شدید نہیں ہوگا کہ میری شخصیت ہی بکھر جائے۔" وہ ذرا ٹھہری، پھر بولی۔ "لیکن سلامہ! سورج کی تمنا کرنے والے آنکھوں کے ظلم ہونے کے خوف سے اندھیرے کی دنیا توڑنے کی حسرت نہیں چھوڑ دیتے۔ امید...... کسی اچھے دن کی امید، کسی صبح پر قرض رکھ کر ہر روز سوتے ہیں، ہر روز جاگتے ہیں۔ نیند گہری ہو جائے تو اپنی آنکھوں کی امید دوسروں کو دے کر جاتے ہیں، بار بار بھی نہیں تھکتے۔ دلی میں زبیدہ پھپھو، اماں، جنید بھائی اور شہریار سب یہی چاہتے ہیں کہ آپ اس امید کو پھر سے جگائیں جو اندر تک اٹھے ہیں۔ زندگی اس کے سبب پا جائے گی کہ آپ نے جو پچھلی کا سانس روک رکھا ہے اسے بے دھڑک آنے دیں۔

سلامہ! آپ کو نہیں معلوم آپ میرے لیے کتنے اچھے دوست ہیں اور میں آپ کو کس منزل کی سمت جاتا دیکھنا چاہتی ہوں۔"

سلامہ باقی ہر خطاب حذف کر گیا، صرف اُسے سنائی دیا تو یہ کہ وہ اُسے اچھا دوست سمجھتی ہے۔ وہ اس نے تڑپ کے کہا۔ "صرف دوست شافعہ......؟" وہ آج کہہ دینا چاہتا تھا اور دوسری طرف شافعہ تھی، اس کی ادھوری بات پا چھوٹا سا سانس بھر کر چپ ہو گئی۔ سلامہ نے دوبارہ پوچھا تب وہ آہستگی سے بولی تھی۔

"دل جیسے شہر کے پامال ہو جانے کا منظر بھولتے ہیں
جہاں رنگ کے سارے خس و خاشاک
سب مرے محفوظ ہو گئے ہیں

ابھی کچھ دن لگیں گے

مجھے بار مستے ہوئے شہزادوں کے ساحل پر

تمہیں امید کا بچھڑا ساحل کہ گھر بنتے بنتے رہ گیا ہے

وہ اک گھر بچھڑنے میں

ابھی کچھ دن لگیں گے

لمبا ٹھنڈا سانس لے کر وہ خاموشی میں ڈوب گئی، پھر نرمی سے بولی۔ "آپ کچھ بھی کہنا چاہیے گا، وہ بہت خوش قسمت ہوگی۔ عالم! حقیقت میں شاید وہ لڑکی نہیں ہوں۔"

"تم مجھے اس لیے تو نہیں ٹھکرا رہی ہو کہ میں سچ نہیں لکھتا؟"

وہ ٹھٹھک کے رچاؤ سے ہنستی نہیں بولی۔ "آپ کے اندر چھپے قلم کے علاوہ مقبولیت کا گھمنڈ موجود ہے، ہمیں اس کی طرف اشارہ ہے کہ آپ بہت جلد مشہور ہو گئے، زرد صحافت کا حصہ نہیں بنے رہیں گے۔ کبھی نہ کبھی سچائی بس ایک لمحے میں آپ کے دل میں سرایت کر جائے گی۔ کچھ بھی نہیں آپ کے دل کو کسی طرح سے جھنجھوڑ دے گا۔ سوچتی ہوں عالم! ہو سکتا ہے کبھی کسی وجہ سے ساری باتیں، نصیحتیں، تجربے بے جوڑ لگیں... وہ بھی ایک ہاتھ جب اپنی زندگی کے سامنے ہونے والا حادثہ بہت جرأت سے سکھاتا ہے۔ ابھی آپ نہیں سمجھے کہ دنیا کا بہترین سبق ہے آپ دنیا کو نہیں جھیل رہے، بلکہ ایک اچھائی کو بنا رہے ہیں۔ جب اور اچھائی کبھی اپنے مزاج پر آئی تو کھلے گا آپ اب تک کتنا غلط قدم اٹھا رہے تھے۔"

"مگر میں نے تم سے کچھ اور پوچھا تھا۔ کیا تم مجھے اس لیے رجیکٹ کر رہی ہو؟" وہ اپنی بات پر اڑا رہا تو اس نے نفی میں جواب دے کر بہت مدھم ہو کر کہا۔

"عالم! میں وہ لڑکی نہیں، جو آپ کو پا کر خود کو خوش قسمتی کا حق دار سمجھے۔ کیونکہ مجھے لگتا ہے آپ کے ساتھ آپ ہی کی طرح نفرت کرنے والی لڑکی سوٹ کرے گی اور میں...... میں اچھے حصے کی محبت کر چکی ہوں۔ میرا انتخاب ملنا شاید آپ کی امید پر پورا نہ اتر سکے۔"

"یہ تمہاری سوچ ہے میری نہیں۔ کیونکہ میں جانتا ہوں سوکھ جانے والا پیڑ اگر زمین میں جڑیں رکھتا ہے تو موسم کے بدلنے پر بہار کا موسم آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ زخم لگتا ہے تو وہ مرہم بھی پا؛

ہے۔ بچوں کی بات جو ہو جائے تو اس نقصان کی تلافی آنٹ کی بھی دشوار ہو جاتی ہے۔ سو، جب تم اس احساس سے گزرو تو میرے دل کی حالت ضرور دیکھنا۔ میں تمہارا انتظار کروں گا۔"
شافعہ نے کچھ نہیں کہا۔ پھر دونوں ہی مختلف گفتگو کرنے لگے، یہاں تک کہ شہریار کے کام پر بات کا سلسلہ ختم ہو گیا۔
"تم ابھی تک شہریار سے ملتی ہو؟"
"کیوں؟ آپ اس طرح کیوں پوچھ رہے ہیں ان کا؟ وہ بہت اچھے انسان ہیں ماں۔"
سلامہ چلتے لگے پھر بولا۔ "یہی تو پرابلم ہے، وہ مجھے بہت زیادہ پیارا ہے، اس کی قربت میں اکثر کمی کا شکار ہو جاتا ہوں میں۔"
"سلامہ! آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ وہ آپ کا ذکر بہت محبت سے کرتے ہیں۔"
"اپنے اپنے ظرف کی بات ہے، آپ سمجھئے میرا ظرف ذرا کم درجے کا ہے۔" وہ جواباً مسکرانے لگی پھر محبت سے بولی۔
"آپ اس وقت غصے میں انہیں سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں، اس لئے شاید انہیں ٹھیک طرح سے جج نہیں کر پا رہے۔"
"او کے تم کہتی ہو تو اسے ٹھیک طرح سے جج۔ میں اب سونے جا رہا ہوں۔"
اس نے جتنی بے قراری سے فون کیا تھا، اتنی ہی شدت سے رابطہ منقطع کر دیا۔ پتہ نہیں اسے شہریار کا نام سن کر ہی کیوں الجھن ہونے لگی تھی۔ پہلے جو نام رگ جاں محسوس ہوتا تھا، وہی اب قابل نفرت لگتا تھا۔ آج وہ سمجھ پا رہا تھا، اسے لگا جو بات وہ خود سے چھپا رہا تھا، وہ حقیقت بھی تھی کہ وہ اس کی زندگی کے سارے گناہ کی بنیاد کا واحد سبب سمجھتا تھا۔ حریم جیسی محبت، ان کی زندگی خشک اور بے رنگ ہونے کا بھی وہی کو وجہ دار گردانتا تھا۔ شافعہ کی شخصیت میں اس کی محبت کے باوجود جو ایک کمی اور ایک خوف بیٹھ گیا تھا اس کے لئے بھی وہ شہریار کو معاف نہیں کر پا رہا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جن معاملوں میں اس کا دماغ اسے منع کر دیتا، ان معاملوں میں بھی وہ اسے بخشتا نہیں تھا۔
وہ سوچتا رہا تھا، پھر جانے اسے کب نیند آ گئی تھی۔
صبح آنکھ کھلی تو ایک نیا تہلکہ اس کا منتظر تھا۔ حکومتی طور پر فائل ہونے والے زمین کے کئے جانے والے سودے کی رپورٹ تھی، جس کی خبر پر بہت سے لوگ عام طور پر لگے تھے۔ دونوں کی زمین

ہزاروں میں الاٹ کر دی گئی تھی۔ اوپر سے نیچے تک فون کھڑکنے لگے تھے۔
کل ہی اُس نے بات کی تھی اور اب اُن کی پارٹی حکومت میں وہ جو کچھ فرما رہے تھے۔ اسے نے پہلی بار اس سرجبر کے بارے میں اس طرح سے سوچا تھا۔ وہ اندازہ کر سکتا تھا کہ اس وقت کس طرح اوپر سے نیچے تک فون کھڑک رہے ہوں گے۔
''کون ہے یہ؟'' ایک ہی سوال ہر طرف گردش کر رہا ہوگا۔ اس نے بڑے بڑے چینلز اخباروں میں یہ خبر دیکھی۔ بہت سکون سے پڑھی تھی۔ خبر بہت خاموشی سے اخبار رکھا تھا اور اٹھتے ہی میز پر رکھی ہوئی جوشاندہ کی طرح اس تذکرے کے تصور سے پہلے درد ہی تھی۔ وہ جو پہلی بار نے جان بخشی پہلے نمبر آیا تھا۔ وہ ان غریب کو جیسے ہی واقعی رہا تھا کہ گھر میں بیٹھ کر جنید داخل ہوئے۔
''تم بہت جنید بھائی......؟'' اس نے سوال کیا اور وہ صوفے پر بیٹھ کر بہت مسکرا کر بیٹھتے ہوئے بولے۔
''تمہارا دوست شہریار وہ...... وہ وزیرِ اعظم میں ہے ٹھیک!''
''مطلب؟ آپ کہنا کیا چاہتے ہیں؟'' اس نے بڑے مزے سے سوال کیا اور وہ دھیمے لہجے میں بولے۔
''تمہیں پتہ ہے یہاں وہ دونوں جس سے باقاعدہ ملاقات میں ہیں وزیر اعظم کے پروجیکٹ کے بارے میں بات چیت ہونے والی ہے۔ وہ دونوں ہی تمہیں ان کی اپنی زندگی میں مست ہیں۔ ہم پھر بار بار وہاں چلا آیا۔ پتہ نہیں اُسے اس کی طبیعت کی خرابی کا کس نے بتایا؟ شاید پرویز نے بتایا ہو۔''
وہ سوال کرتے رہے۔ خود کو جواب دیتے رہے اور وہ اسے انجانی سی الجھن سے دیکھتا رہا۔ وہ مختصر لفظوں میں پوری کہانی سننے کا شائق تھا۔ جنید بھائی رنگ اور مرضی کے قائل تھے، سو کچھ دیر چپ ہو کر بولے۔
''مطلب یہ کہ اُس نے اس کا بہت خیال رکھنے کی کوشش کی اور اس کو اچھا محسوس ہوا۔ وہ اس کے لئے محبت اور عزت دیتا رہا اپنے سالوں سے اپنے فیصلے پر قائم رہنے پر اس کے مضبوط کردار پر یقین سے متاثر رہا۔ یہاں تک کہ اس کی نظر زہرہ کو دیکھنے کے سلسلے میں بدل گئی۔ اُس کے انداز میں زہرہ کے لئے پیار اور فکر آ گیا تو کل اس نے زہرہ کے ہاسپٹل سے جانے کے بعد یہ سب کیا اٹھایا؟''
''کیا قدم اٹھایا؟'' زہرہ کا سانس تیز تیز چلنے لگا اور جنید مسکرا کر بولے۔

وہ تھی اس نے راحیل کے متعلق ان کے سامنے سارے ظاہر کی۔ کہنے لگا: ڈیڈی جی! راحیل بھی تو آپ کے گھر کا فرد ہے نا، یہ وہی ہے نا جس سے اتنی بات ملنے کی جانی تھی لیکن آپ نے دیکھا، اس نے کیسے شارٹ کٹ مارنے کے چکر میں سارے خاندان کو بدنام کر کے رکھ دیا۔ تھیفٹ کے الزام میں گرفتار ہو گیا تھا اخبارات میں خبریں لگ گئی تھیں، مگر دے دلا کر معاملہ دبا لیا گیا تھا اس کا۔ کیونکہ اگر وہ پکڑا جاتا تو کچھ بڑے افراد کا بھی اس کے بیان میں ذکر تھا اس لئے انکوائری کسی نتیجے کے بنا ختم ہو گئی۔ پھر آنٹی! آپ بتائیے، آپ کے خاندان والوں نے کیا اُسے اپنے اندر سے باہر نکال کر پھینک دیا؟ کیا آپ کی گھریلو تقاریب میں اُسے بلانا چھوڑ دیا گیا؟" امی نے شرمندگی سے سر جھکا لیا تو بولا۔ "پھر آنٹی! آپ بتائیے یہ کہاں کا انصاف ہے کہ غلطی دوسرے کی اور سزا آپ نے زہرہ کو دی؟ دیکھئے ماں نے زہرہ کو کے ساتھ ساتھ ان کے دونوں بچے کیسے ایک گھر کے ہوتے ہوئے جان سے نکالے گئے تو مر جائیں گے آنٹی جی! آپ کو دل سے فیصلہ لینا ہوگا۔ کیونکہ یہ طے ہے اگر زہرہ کو ایک بہترین انسان نہ ہوتیں تو وہ اتنا طویل رسوائی کا عذاب نہ جھیلتیں۔ جنید بھائی اُن کے حق میں تھے لیکن انہوں نے پھر بھی آپ کے رشتے کو ٹھکرا کر نہیں کیا اور سالہ۔" یہ بات امی کے دل کو ایسی لگی کہ انہوں نے فوراً زہرہ کو اور بچوں کو گھر لانے کی ضد کر دی سانس بیماری کی وجہ سے تھوڑے سے ہی نرم دل ہو چکی ہیں لیکن یار! اچانک کام نکل گیا، یہی بہت ہے۔"

وہ جھینپ کر زہرہ نے آنکھیں گھور کے دیکھا پھر ان کے کندھے پر ہاتھ مار کر بولیں۔ "شرم کریں اپنی ماں کی محبت کے بارے میں ایسے کمنٹ دیتے ہیں؟"

جنید ہنسنے لگے، پھر شرارت سے بولے۔ "بس بیگم! تمہیں کیا معلوم کتنی مشکل سے اپنی زندگی میں تمہیں دوبارہ لانے کا آرڈر جاری کروایا ہے۔ سو بہتر ہے اس سے پہلے کوئی فیصلہ بدلے، اپنی پیکنگ شروع کر دو۔"

زہرہ مسکرا کر اٹھ گئیں اور کمرے کی دہلیز پر کھڑی ماں اطمینان سے مسکرانے لگیں۔ کیونکہ ہر روز کی رپورٹ شہریار ماں کو باقاعدگی سے دیتا آرہا تھا۔ جنید سمجھتے تھے وہ صرف ان کی بیماری میں ان کی ماں کے قریب گیا ہے۔ حالانکہ یہ مہم وہ ڈیڑھ مہینے سے انجام دینے کی کوشش کر رہا تھا۔ پاکستان سے آنے کے بعد اس نے اپنے روٹین پروگراموں میں یہ کام بھی شامل کر لیا تھا۔ بہت سخت باتیں سنی تھیں اس نے کافی دھکے کھائے تھے تب کہیں جا کر تیر نشانے پر لگا تھا اس کے لئے وہ نرم پڑی تھیں اور آج وہ کامیاب ہوا تھا۔

انہوں نے کمرے میں جا کر اس کا موبائل نمبر ملایا تھا مگر جواب میں گھنٹی جا رہی تھی۔ ان کا دل خوف زدہ ہو گیا تھا۔

"اے اللہ میرا بچہ ٹھیک ہو۔" انہوں نے دل ہی دل میں مناجات کی، پھر آدھے گھنٹے بعد دوبارہ موبائل سے نمبر ملایا تو اس کی اندر تک خوشی بھر دینے والی آواز سنائی دی۔ وہ صرف ہیلو کہنے سے ہی پہچان

گیا تھا۔ سو بہت دل سے انہیں زہرہ کے گھر بالکل نئی مبارک باد دے رہا تھا۔ ثنا کبریا ہنستی رہیں، بکھری رہیں۔

"کہاں ہے آن؟ ماں کا دل بہت چاہ رہا ہے اپنے بیٹے کو دیکھنے کو۔"

وہ بس پہاڑ پر ہی ہے ہوا۔ "بیٹے کی طرف سے ان کے لئے پیغام ہے کہ آج شام فیشن اینڈ اسٹائل کا شو ارگنائز ہو رہا ہے اس لئے وہ آج مل نہیں پائے گا، بہت مصروف ہے ماں۔ مگر وعدہ کرتا ہے کہ بہت جلد آئے گا، پارٹی پار ہوں تو ماں کی گود میں سر رکھ کر بہت ساری باتیں کرنے حاضر ہو جائے گا۔"

ثنا کبریا مسکرانے لگیں۔ بیٹے سے بات کرنے کی تمنائی تھیں کیا تو ان کے گھر دل میں امید جاگنے کا احساس کم کر کے وہ گھبرا گئیں۔

"بہت احتیاط سے چلایا کرو بیٹا! سڑکیں بہت خطرناک ہوتی ہیں۔"

"ہوتی ہیں ماں! لیکن زندگی سے کم خطرناک ہوتی ہیں۔ زندگی سے بچھڑا ہوں تو ان کی خطرناکی کا تجربہ بھی کر کے دیکھنے میں کیا حرج ہے؟ جان ایسے جائے یا ویسے، بات تو ایک ہے ماں۔"

"کیا وحشت ہو گئے میرے بیٹے۔ ایسی فضول باتیں نہ کرو۔"

شہریار ہنسنے لگا۔ پھر بہت ساری دعاؤں کے بعد نکلنا ہی تھا۔ ثنا کبریا فون رکھ کر زہرہ تو اچھے سامنے معاملہ کو دیکھ کر بات ہوئی تھیں۔

"ہاں! مجھے نہیں سمجھ آئی، آپ اسے کس بات سے ایسا پیار کرتی ہیں۔ کیا وہ بہت اچھا ہے؟ مجھ سے بھی بہت زیادہ اچھا؟ اس کے بارے میں مجھ سے زیادہ جیسے ہیں جو آپ...."

ثنا کبریا کی آنکھیں نم ہونے سے پہلے کے بیٹے کے چہرے پر آ کر رک گئی تھیں۔

"تم...... مجھے کبھی لگتا تھا تم جتنا تم بڑھانے جا رہے ہو، ساری جبلیں تم میں بھرتا جا رہا ہے۔ تم ایک ماں کی محبت کو دولت کے ترازو سے جانچنا چاہتے ہو۔ تم بھی تو تم جیسے ہو اسے بھی انسانوں کی قدر نہیں تھی، وہ بھی دولت کو سب کچھ سمجھتی تھی اور تم بھی دولت ہی کو سب کچھ سمجھتے ہو۔ اب تو مجھے کبھی کبھی محسوس ہوتا ہے تم نے کبھی شہریار کی دولت کی وجہ سے تو اس سے دوستی نہیں کی تھی؟ ہوتا ہے ماں، وہ کئی لوگ ہیروں کے پیسوں پر عیش کرنے کے بدلے نہ بدلنے ہوتے ہیں۔"

"ہاں! یہ بہت زیادہ ہے آپ میری تذلیل کر رہی ہیں۔"

"تمہاری اصلیت ہوتے ہوئے بھی تم بھڑک جاتے ہو اور ماں کو ختم کرتے ہو اور تمہارا دل نہیں کانپتا۔ تم جاننا چاہتے ہو نا اس شہریار میں ایسا کیا ہے، جو سب کو اس کی طرف کھینچتا ہے تو وہ ہے اس کی عزت دینے کی عادت۔ وہ کبھی کسی کو خود سے بھی زیادہ سامنے والے کو احترام دے ڈالتا ہے۔ کبھی مطلب تھا کے بغیر وہ لوگوں کو ان کی معاشی حیثیت کے بنا پر کیٹگریز میں نہیں ڈالتا، وہ میرا اس شخص سے کتنے دل سے ملتا ہے وہ جسے اپنی حیثیت پر شرم نہیں آتی فخر ہوتا ہے۔ یہ فرق ہے اس میں اور تم میں۔ اس کی شخصیت میں کوئی جھول نہیں ہے۔ اور تم...... تم اپنے احساسِ کمتری کو احساسِ برتری میں چھپانے کے لئے زیادہ سے زیادہ بڑا اور ہیلتھی دکھائی دینے کی کوشش کرتے ہو۔ کیونکہ تمہیں ڈر ہے کوئی تمہیں اس طرح نہ جان لے، جس طرح تم واقعی اندر سے ہو۔"

شاکرہ بانو کب کی جا چکی تھیں اور وہ بت کی طرح ان کے کمرے کی دہلیز پر کھڑا رہ گیا تھا۔ بہت کڑا تجزیہ کیا تھا ایک ماں نے اپنے بیٹے کا۔ لیکن کیا یہ سچ تھا؟

اس نے اپنے دل میں جھانکا، جواب شاید کبھی نہیں پایا تھا کہ اس نے سر جھٹک کے گھر کے گھٹن زدہ ماحول سے نکلنے ہی میں عافیت جانی تھی۔

***

آج بہت صبح آنکھ کھل گئی تو مانو ٹہلنے باہر چلی آئی تھی۔ اس کا دل مان ہی نہیں رہا تھا کہ اس کی ماں ہوتے ہوئے بھی غیر محل میں موجود ظالم ماں ایسی بھی ہو سکتی ہے۔ اس عورت کو اس نے تحتِ شعوری کیفیت میں دیکھا تھا اور اب کتنے الگ بہت کڑوا سے ملی تھیں۔

بابا کہتے ہیں وہ میری ماں ہیں۔ لیکن مجھے کیوں نہیں لگتا وہ میری ماں ہیں؟ ماں تو ماما کی سی ہوتی ہیں۔ جب بھی تصور کرتی ہوں مجھے ماما کیوں یاد آنے لگتی ہیں؟ میں نے جب سے آنکھیں کھولی ہیں میرے دل میں کتنی بار خیال آیا، میں آنکھیں بند کروں اور دیکھوں، میرا دل کسے چاہتا ہے۔ اور جب بھی آنکھیں بند کرتی ہوں میری آنکھوں کی پتلی پر صرف ماما کا عکس ہوتا ہے۔

وہ ڈریسنگ روم میں ٹہلتی ہوئی آئی تھی، جب اچانک تپائی پر دونوں ہاتھوں کے سہارے سے چلتے ہوئے اس کے سامنے وہ تیار آ کھڑی تھی۔

"ماما......" اس نے ہولے سے اس کا ہاتھ تھاما۔ مگر ہاتھ حرارت سے خالی تھے اور آنکھوں میں اندیشے کے لئے بیزاری کی رٹ کیفری ہوئی تھی۔

"تم آخر ہو کون، جو میری بیٹی بننے پر تلی ہوئی ہو؟ میں نے کہا ہے نا، میری صرف دو بیٹیاں تھیں، جنہیں میں نے خود چھوڑ دیا تھا۔ مجھے بچے پالنے سے سخت چڑ تھی مگر سلیم افروز کو بچوں سے عشق تھا۔ پتہ نہیں وہ اتنا پڑھ لکھ کر بھی ایسا احمق کیوں تھا؟" وہ لمحے بھر رکی، پھر رازداری سے بولی۔ "سنو! میرا مشورہ ہے تمہیں تم شادی نہ کرنا۔ شادی کسی روگ ہوتی ہے......" وہ نیلے ایک جھٹکے کے ساتھ

بات پر ایک بار پھر مسکرا کر بولی۔ ”ابھی دیکھو میری زندگی کتنی مست ہے۔ نہ شوہر کی ذمے داری، نہ بچے۔ جہاں چاہتی ہوں، چلی جاتی ہوں۔ جیسے چاہتی ہوں، زندگی نبھائے کرتی ہوں۔ تمہیں پتہ ہے، زندگی گزارنے کے لیے سب سے زیادہ ضروری کیا چیز ہوتی ہے؟“

”محبت......؟“ انوشے نے رُک کر لہجے میں کہا، وہ زوردار قہقہہ لگا کر بولی۔

”محبت...... یہ محبت کیا ہوتی ہے؟ جب پیٹ خالی ہو تو محبت ساتھ نہیں دیتی۔ پیٹ کو روٹی چاہیے اور روٹی کے لیے پیسے چاہیے ہوتے ہیں۔ اور میں نے زندگی کا یہی اصول بنالیا ہے، پیسہ جہاں سے جتنا ملے، حاصل کرلو۔ یہ مت دیکھو وہ پیسہ جائز ہے یا ناجائز۔ میں نے اپنی ساری زندگی اسی نظریے پر گزاری ہے۔ دیکھو پیسوں میں کھیل رہی ہوں، پیسوں میں......“

انوشے حیرانی کی کیفیت میں ڈوبی تھی۔ پھر باہر نکلی تھی تو زینب نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر افسوس سے کہا تھا۔

”میم تانیہ جس قبر میں آکر رک گئی ہیں، اس قبر کی ایک ایک بات میں صرف یہی تو کہنا ہے کہ ان کے پاس بہت پیسہ ہے، انہوں نے بہت عیش سے زندگی گزاری ہے۔ مگر میم اس سلیم افسر نے ان کے بتائے گئے اکاؤنٹ نمبر اور فیک نام سے جو ان کی رقم جمع تھی، بینک سے اس کے بارے میں معلومات کیں تو پتہ چلا ان کے سارے اکاؤنٹ کسی نے خالی کر ڈالے۔ میم تانیہ کے ساتھ بہت برا ہوا ہے۔ ان کی زندگی کا محور دولت ہے اور اکثر مرزا کے خیال میں اگر یہ بات انہیں کبھی پتہ چلی تو شاید وہ باقی کے دن بھی قرار نہیں رکھ سکیں گی۔“

انوشے بنا کوئی بات کیے سر ہلا کر رہ گئی تھی۔ اس کا رخ گھر کی طرف تھا اور دل بہت اداس تھا۔ وہ جس آس پر یہاں آئی تھی وہ اس کی آنکھوں کے آگے ہی دم توڑ گیا تھا۔ دل نے اپنی کوئی سیڑھیاں اور نیچے اتار دیا تھا۔

❀❀❀

وہ ابھی ابھی دفتر سے نکلا تھا۔ ہر طرف اس کی بے چارگی کے ہی قصے تھے۔ اسے پہلی بار لگا تھا، وہ واقعی جینے والوں کی لسٹ میں شامل ہے، ورنہ بہت سالوں پہلے تک اسے ہر لمحہ اپنے وجود سے گھٹن کے سوا کچھ نہیں آتا تھا۔ کوئی ایک بھی ایسی خوشی وجہ نہیں تھی، جسے وہ جینے کی وجہ بنا سکتا۔ پھر اچانک اسے لگا اگر وہ اپنے دل کی بھڑاس نہیں نکالے گا تو دماغ پھٹنے سے یا تو مر جائے گا یا پھر اور بہت سے لوگوں کی طرح بے حسی کی چادر لپیٹ کر سو جائے گا۔ یہ غنڈہ سامراج کے جادو جیسی نیند تھی، جہاں ہر شخص نیند میں چلنے کی بیماری میں مبتلا تھا۔ ہر کام ہو رہا تھا، سب کی زندگیاں کٹ رہی تھیں، لیکن پھر بھی سوچنے کا دستور یہاں کے لوگوں کے نصاب سے نکل گیا تھا۔ آج کل لوگ کسی کے گھر کی آگ میں صرف ہاتھ سینکتے تھے یا تماشائی بن کر اپنی زندگیاں گزارتے تھے یا پھر سگریٹ اور سگار کے

جو ٹی وی میں بیٹھ کر باتیں کرنے والوں کی طرح جو اللہ کے بارے گئے نکال دیکھ کر پریس نوٹ جاری کرتے تھے کہ یہاں اس ملک میں کچھ نہیں بدلا جا سکتا یہ ملک رہنے کے قابل نہیں رہا اور بس.......

"ہاہاہا......" اس کا قہقہہ بہت بلند تھا۔

ثمیرا نے سنجیدگی کے ساتھ پوچھا۔ "میری وجہ سے تجھے کوئی عذاب تو نہیں ملا؟"

"نہیں۔ میری بیماری کی وجہ سے بچت ہوگئی۔ بھائی صاحب اتنے پریشان ہوگئے تھے کہ زیادہ باز پرس کر ہی نہیں سکے۔ پھر الٹا تیری کوریج نے بھی ہم دونوں کو پھانسی لگنے سے محفوظ رکھا۔"

ثمیرا نے مطمئن ہو کر موبائل آف کر دیا۔ پھر سونے ہی لگا تھا کہ اچانک اس کے موبائل پر بیپ ہوئی۔ اس نے فون ریسیو کیا اور دوسری طرف مکمل سکوت تھا۔

"کون بول رہا ہے؟" اس نے سوال کیا۔

مگر دوسری طرف صرف گہرے ہلکے سانس گونجتے رہے۔ یہاں تک کہ اس نے خود ہی بے زار ہو کر آف کر دیا۔

"کون ہو سکتا ہے؟" اسے حیرت ہونے لگی۔ مگر یہ حیرت زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکی۔ کیونکہ عاطف کا فون دس سیکنڈ بعد ان کی تنہائی کو تہہ و بالا کرنے کے لئے اس کا منتظر تھا۔ پھر دیر تک بہت ساری باتیں

تھیں اور خود شہریار بھی کچھ اس طرح تنہائی سے اکتایا ہوا تھا کہ وہ اس کی کمپنی کا ساتھ دیتا رہا، یہاں تک کہ قریباً دو بجے وہ سو سکا تھا۔

پھر دوسری صبح ناشتے کی میز پر اس کے لئے ایک نیا دھماکہ منتظر تھی۔

"آپ تین چار دن کہاں رہے بھائی؟" جازی عبدالرحمٰن کا لہجہ بہت عام سا تھا۔ مگر شہریار اس کے لہجے سے چونک گیا تھا۔

"کیوں میاں آج میری بابت تمہیں فرنیش رپورٹ لینے کی ضرورت کیوں پیش آ گئی؟" اس نے بریڈ کا پیس ہاتھوں سے کترتے ہوئے پرسکون لہجے میں پوچھا اور جازی عبدالرحمٰن کا چہرہ وہ یکدم جھنجھلاہٹ کی آماجگاہ بن گیا تھا۔ سالار عبدالرحمٰن نے بھی اس بار اسے چونک کر دیکھا تھا، جب جازی نے ان کے سامنے اخبار پھینک کر کہا تھا۔

"دیکھ لیجئے ماما! آپ کے بیٹے آج کل کتنا فیمس ہو رہے ہیں اور وہ بھی کن معاملات میں۔ مجھے تو سوچ کر ہی شرم آ رہی ہے۔"

شہریار نے کپ ہاتھ سے رکھ دیا تھا اور سالار بھائی سے پہلے اخبار اٹھا لیا تھا۔ اخبار کے فرنٹ پیج پر کسی لڑکی کے خواہ مخواہ رونا دھونا چھپی تھی۔ وہ یک کالمی خبر کے اندر اترا اپنا نام پڑھ کر اس کی ہارٹ بیٹ بے حد تیز چلنے لگی تھی۔ خبر مشکوک ہے "دی ٹی ج" چھپا ہوا دور سے ہی نظر آ رہا تھا۔

"کیا خبر ہے؟" ماما نے بھی چائے کا کپ رکھ دیا تھا۔ شہریار اتنی اچانک اس جوتشن سے اپنا بچاؤ کسی بھی طرح نہیں کر پایا تھا۔ دماغ کا اتنا اچانک کیا گیا تھا کہ اس کا اندر تک ہل گیا تھا۔ وہ خبر پڑھ کر اب اس کی صفائی سننا چاہتی تھیں۔ مگر وہ کیا صفائی پیش کرتا؟ اسے اس لمحے صدیقی بھائی کی شدت سے کمی محسوس ہو رہی تھی۔ پاپا، ماما اور رابعہ بھابی سب کی نظریں اس پر تھیں، جب جازی نے نیا ہنگامہ لا کھڑا کیا۔

"آپ کو پتہ ہے ماما! آپ کے یہ بیٹے جھوٹ بولنے کے کتنے عادی ہیں۔ پھر یہ نہیں دیکھتے کہ جھوٹ بولنے کے لئے کس کی بات کس طرح استعمال کر رہے ہیں، بس جھوٹ بول دیتے ہیں۔ مگر آپ کو تو معلوم ہے ماں، جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔"

"تم کہنا کیا چاہتے ہو؟" پاپا نے ترشی سے پوچھا اور جازی اسی تحقیر آمیز لہجے میں بولا۔ "مطلب یہ ہے پاپا! کہ عاطف بھائی کا کوئی ایکسیڈنٹ ہوا ہی نہیں تھا اور نہ ہی یہ وہاں گئے تھے۔ میں نے خود دو دن پہلے عاطف بھائی کو یہاں کے شاپنگ مال میں دیکھا۔ پھر میں نے شہری بھائی کا نمبر بھی ملایا تھا، مگر یہ اپنی کچھ لامعنی مصروفیات میں اتنے مصروف تھے کہ انہوں نے میری کوئی کال ریسیو نہیں کی تھی۔" ذرا رک کر پھر مزید بولا۔ "کیا آپ یہ سن کر پسند کریں گے کہ وہ بدنصیب لڑکی کون تھی، جسے آپ نے اپنی عادت کے مطابق ایک نئے سانپ سیڑھی کے کھیل میں گھسیٹ لیا ہے؟ شہری بھائی! آپ آخر اپنی یہ

نادانی کب چھوڑیں گے؟ کبھی الماری ہم، کبھی جاناں، کبھی کوئی تحفہ کوئی۔"

شہریار تحمل سے اٹھ گیا تھا مگر ماما نے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا۔ کچھ کہہ نہیں سکتی تھیں مگر ان کی آنکھوں میں واضح لکھا تھا کہ وہ اس کی طرف سے صفائی چاہتی تھیں۔ پاپا نے کچھ نہیں کہا تھا۔ سالار رحمانی بھی خاموش کے اٹھ گئے تھے۔ وہ ویسے طریقے سے کچھ کہہ گیا تھا۔ جازی اسے بہت غور سے دیکھ رہا تھا اور ماما کی آنکھوں میں وہ جانا، سے (نرمی شفقتی) والے دن کے آنسو کی طرح جھلملانے لگا تھا۔

"ان کے پاس اپنی کسی غلطی کا آج سے پہلے کوئی ایک بھی جشن جیسا تھا جو آج ہوگا؟ امام، آرام سے بیٹھے، آپ جناح کی بات نے کی کوشش کر رہی تھیں۔ آپ کا دل ان سے نفرت کرنے لگے گا اس لئے پلیز، بچے ہیں، کو تکلیف میں مت ڈالیں امام!" شہریار نے تیز نظروں سے جازی کو دیکھا تھا مگر وہ ان کو تھا ورنہ نے نیا شوشہ چھوڑا تھا۔

"آپ کو پتہ ہے پاپا! انہوں نے مسٹر ہمدانی اینڈ زوجہ کے ہونے نہ دینے ایک شخص کی ڈاکٹر کا ہے، جو صرف ان کے معاملات دیکھے گا۔"

سالار عبدالرحمن جو ہنسی کیس لے کر دروازے کے قریب سے ہو کر گزر رہے تھے، اس بات پر ٹھٹک کر کھانے کے کمرے میں آ گئے تھے۔

"ایسا کیوں کیا تم نے؟" سالار عبدالرحمن جو غلطی نہ ڈالنے کی کوشش کر رہے تھے، اب پاپا اور وہ فوراً نہیں رک سکے تھے۔

"میرے کچھ ذاتی معاملات تھے جن پر مجھے رفیق صاحب کے کئی اور ان کی مدد کی ضرورت تھی۔ غلطی میری تھی اس لئے نقرے کے لئے بات کرتے وقت مسٹر مرتضیٰ سے میں نے رابطہ کی ضرورت نہیں سمجھا۔"

"تمہارے ذاتی معاملات ہمارے ذاتی معاملات سے ایسے کیسے ختم سمجھے جاتے ہیں کہ ہم ان کو نہیں رہتے۔ جب ان کے بیٹے ہیں اور ہم کسی بھی طرح کی رعایت نہیں دیں گے۔"

"اوکے، پاپا ہم بیگ!" وہ جھنجھلا کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا تھا۔ پاپا نقرے کے بجائے اس کے روم کی طرف چلتے چلے گئے تھے۔ وہ اس سے کسی بات کی وضاحت نہیں چاہتے تھے۔ وہ بس اس کے دل کو بہتر کرنے کے خیال سے اس تک پہنچے تھے، مگر وہ پریشان ہونے کے بجائے بہت پُر سکون سا بیٹھا ہوا تھا۔

"شہریار! اتنی ٹینشن لے رہے ہو تم؟" اس نے پاپا کو دیکھا ضرور تھا مگر اٹھا نہیں حالانکہ وہ ان کے احترام میں بیٹھا کتنا بھی تھکا ہوا ہوتا، یکدم اٹھ کھڑا ہو جاتا تھا۔

"تمہارا رویہ بہت خراب لگ رہا ہے۔ میں نے آج تک تمہیں خاموش نہیں دیکھا تھا۔ ہت ڈوبے؟"

"ایسے ہی پاپا! جازی کی خشبو بہت زیادہ سخت لگی تھی اس لئے موڈ خراب ہو گیا تھا۔"

پاپا نے اس کے قریب بیٹھ کر دھیرے سے رخسار چھوا، پھر یہ حتم ہو گئے تھے۔ "ہماری لاڈو! یہاں تمہاری خاموشی کی وجہ سے ہی ہم منتشر ہی جا رہی ہیں۔ سات سال پہلے اگر تم نے خاموش رہنے کا عہد دیا ہوتا تو میں ساری دنیا کو بتا دیتا میرا بچہ کتنا پیارا ذہین اور کیرنگ ہے۔"

"ان سے کیا ہوگا پاپا؟ کیونکر بتا کر بات کیا کر کیا؟...... کیا میری زندگی کھلی کتاب کی طرح نہیں ہے؟ میں کسی اور زبان کا لفظ نہیں ہوں کہ مجھے ترجمہ کرنے کے لئے ایکسپرٹ ادب کی ڈکشنری کی ضرورت پڑے۔"

"مگر بیٹا دنیا دیکھتی ہے جو سامنے نظر آتا ہے۔ دنیا وہی ہے جو سامنے دکھایا جاتا ہے۔ تم خود بھی تو شہریار کی دنیا سے وابستہ ہو۔ تمہیں تو مجھ سے بہتر پتا ہونا چاہیے کہ جو دکھتا ہے وہی بکتا ہے۔"

"ہاں پاپا! مگر مجھے لگتا ہے دنیا مجھے بنا کہے جان پائے۔" وہ لمبا سا سانس کھینچ کر شرٹ کے کف سے الجھتے ہوئے اور پاپا کی نظر اچانک اس کی کلائی پر جا کر رک گئی تھی۔

"تم واقعی یہ چاہتی ہو کہ تمہیں جان لے شہریار؟"

دروازے کا ہینڈل گھماتے ہوئے کھولنے کی جستجو کرتی ہاتھ روک کر مڑ ہو گیا تھا۔ کیا دکھ اپنی بات سنتے ہوئی تھی جو جا رہی کے بغل میں تھا۔ وہ شہر گئی تھیں اور اندر وہ رہتے ہیں کہہ رہا تھا۔

"آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے پاپا! میں واقعی پہلے جیسی نہیں رہی تھا۔" مگر اس کا لہجہ بہت کمزور سا تھا اور پاپا کی نظر میں اس کی چھپی ہوئی زبان دراز ہو گئی تھی۔

"تم مجھے بچہ سمجھتی ہو کہ میں حقیقت نہیں جان پاؤں گا؟ تم پارا ماہ چار دن کسی ہاسپٹل میں گزار کر آئے ہو نا؟"

"ہاسپٹل میں......؟" اس کا سانس تیز تیز چلنے لگا اور مدھم لہجے میں کہا تھا۔

"کسی خاص وجہ سے ایڈمٹ نہیں تھا پاپا! بس اچانک تھوڑا سا بیمار ہو گیا تھا اس لئے ڈاکٹرز نے ٹیسٹ اور چیک اپ کے لئے بلایا۔"

"کیا دوست شہریار اتنی جلدی جلدی بیمار؟ یہ اچھی علامت نہیں ہے۔"

"آپ کیا کہہ رہے پاپا! اچھی علامت ہو یا نہیں، زندگی میں آنے والی تبدیلیوں سے کون جان چھڑا سکا ہے؟"

"مطلب؟" پاپا کی پیشانی یکدم کچھ زیادہ گہری اور پریشان کر دیا۔

"آپ خواہ مخواہ پریشان ہو رہے ہیں پاپا! جیسے میں نے آپ کو بتایا نا۔" وہ ہنس کر بولی۔ "میں نے یونہی ایک ... سی بات کی تھی پاپا! آپ پتہ نہیں کیا سمجھے؟"

پاپا کی آواز میں ... تھی اور ماما ... وہ واپس لوٹ گئی تھیں۔ اپنے کمرے میں آ کر ان کے ضبط کے بندھن ٹوٹ گئے تھے۔ پتہ نہیں کب تک وہ اپنا کمرہ بند کر کے روتی رہی تھیں۔ پھر ایک ڈیڑھ گھنٹے بعد وہ ... آنسو خشک کر کے وہ اس کے کمرے کی طرف دوبارہ نگرانی کو گئی تھیں۔

باہر سے آؤٹ ہاؤس کا دروازہ کھلا ہی رہتا تھا۔ ہاں البتہ اس کا کمرہ اندر سے لاک ہوتا تھا مگر غیر متوقع انہوں نے اس کے کمرے کے دروازے کو چھوا ہی تھا کہ دروازہ کھلتا چلا گیا۔ کافی انجانوں پر رکھے وہ بہت گہری نیند میں سو رہا تھا۔ ماما نے اس کی کلائی میں ... ساتھ ... دیکھے تھے اور ایک بار پھر ان کی آنکھوں میں پانی آ گیا تھا۔

"آخر میں کیا کروں ایسا کہ تیری عمر کے سارے دکھ مجھے مل جائیں تجھ پیارے؟" ماما نے اس کے نقش کو چھوا بھی، بہت واضح لہجے میں بولا بھی مگر وہ ایسی گہری نیند میں تھا کہ ہلکا سا بھی کسمسایا نہیں۔ حالانکہ پہلے نیند کا اتنا کچا تھا کہ قدموں کی چاپ سے بھی اس کی آنکھ کھل جاتی تھی۔

ماما وہیں بیٹھی رہی تھیں۔ یہاں تک کہ وہ شام کے چھ بجے جاگا تو ماما کو اپنے کمرے میں پایا۔

"ماما! آپ...... آپ کب آئیں؟" وہ حیرت سے اٹھا۔ ماما کو ... سے اٹھنے سے بہت پہلے ... ماما نے ... کے اس کے قریب آ کر اس کے سر پر ہلکی سی چپت لگا کر پوچھا۔

"میں بھی تھوڑی دیر پہلے ہی آئی تھی۔ تم تو کبھی بھی دن میں ... سوتے تھے ... آج ... شاید سفر کی تکان زیادہ ہو گئی ہے ناں؟"

"جی ماما!" اسے ماما سے جھوٹ بولنا عجیب لگا تھا مگر اس نے جھوٹ بول دیا تھا اور ماما نے اس کے جھوٹ کو خاموشی سے پی لیا تھا۔ پھر مدھم لہجے میں بولی تھیں۔

"تم نہا دھو کر فریش ہو جاؤ تو میں تمہارے لیے چائے نکلواتی ہوں۔"

"اوکے ماما!" وہ بیڈ سے اٹھ گیا تھا اور ماما کچن کی طرف چلی گئی تھیں۔

❁❁❁

شافعہ کے ایکسیڈنٹ کی خبر ملتے ہی ملاسا ارسلان ہاسپٹل پہنچ گیا تھا۔ پہلی بار وہ ایک نئے طرح کے خوف سے لرزا تھا۔ شافعہ ہاسپٹل کی بابت اپنا خوف تحریر کر رہی تھی۔ تب اسے لگا تھا وہ جو بھی چھپاتا آرہا تھا وہ کسی نہ کسی کی زندگی میں ایسا ہی حادثہ بن کر رونما ہوتا ہوگا۔ تحریر وہ اپنے قلم سے ہو بہو ہی یا بلکہ ذہن سے اس واقعے کو اس طرح پیش کرتا تھا کہ اس کا ممدوح بنا کا سب سے بڑا ذریعہ لکھنے لگتا تھا۔ سچائی چھپانے کی سزا اگر کسی دوسرے کی زندگی کو بدنما کی طرح لگ جاتی۔ اگر واقعی شافعہ کو کچھ ہو جاتا تو...... یہ سوچ کر اس کا دل لرز جاتا تھا اور پہلی بار ایک سچ نے اسے اسی خوف سے چند لمحے بعد تھے ورثہ دیا تھا۔ ہم حادثے کا مطلب اس وقت تک سمجھ ہی نہیں پاتے جب تک وہ حادثہ خود ہماری زندگی سے قربت اختیار کر کے ہماری سانسیں اتھل پتھل نہیں کر دیتا۔ ہم خبر کو صرف ایک خبر سمجھ کر آگے بڑھ جاتے ہیں کہ جو گیا تھا یا تھا۔ جب وہی خبر خود ہماری زندگی سے کسی خون آشام کی طرح آ کر چمٹ جاتی ہے تو ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ واقعی اس خبر میں کتنا درد کتنی آہیں، کتنے بین چھپے تھے، جو ہماری سماعتوں نے ان سنے کر دیئے تھے۔

وہ یہاں بیٹھا تھا اور اس کے اندر اس کی ذات ایک کشمکش میں پارکس میں کھڑی تھی۔

ارسلان راشدی صدیقی عبدالرحمٰن کی تعریف کرتے نہیں تھک رہے تھے اور ملاسا ارسلان کا دل چاہ رہا تھا وہ بھی بہت سی غیر ضروری باتوں میں رکھ کر ایک بہت ضروری بات پوچھے کہ شہریار عبدالرحمٰن کیسا ہے؟ اسے کچھ دنوں پہلے کی ملاقات بہت شدت سے یاد آئی تھی جب وہ اس کے برنش لہجے پر یونیورسٹی والے لڑکے جیسی سنجیدگی سے مخاطب تھا۔ وہ اس پر گرج برس رہا تھا اور وہ۔ مٹی کی طرح کھڑا سن رہا تھا۔ ماں کہتی ہیں وہ بہت اچھا انسان ہے۔ زہرہ بھی کہتی ہیں اس جیسے سچے اب دنیا میں خال خال دکھائی دیتے ہیں، جو اپنے حصے کی خوشی سے دوسروں کی جھولی میں ڈال دیں۔ ماما کہتی ہے شہریار بھائی کی وجہ سے ان کی زندگی ذرا سی بیٹس ہو گئی ہے۔ اگر وہ نہ ہوتے تو پھر ندا نے تو شاید ہمیں گھر سے بے گھری کا عذاب بنا دیتیں۔

ناٹک...... ملاسا ارسلان کی روح پھر سے آنکھوں میں کھنچ آئی اور سامنے شوکیس میں لگی ہوئی شافعہ کی طرف اس کی نظر مرکوز ہو گئی اور ایک پرانی یاد در آئی، جہاں وہ شافعہ کے ساتھ کھڑا اختتامی سیشن کانفرنس کی کوریج کر رہا تھا اور بیک گراؤنڈ میں نغمہ گونج رہا تھا۔

یہ کرب یہ پیام گھر و گشتی کے

یہ لمحے کاروان زندگی کے

کہاں ہیں، کہاں ہیں محافظ خودی کے؟

ثنا خوانِ تقدیسِ مشرق کہاں ہیں؟

اس نے زینب کی اٹھان [illegible] پشت بھی [illegible] اور اس کا اسسٹنٹ کورٹ کے ساتھ ساتھ کانفرنس کی فوٹیج بھی لے رہا تھا۔

"تمہیں کیا لگتا ہے، یہ سب بکواس ہے؟" اس کے اسسٹنٹ کم دوست نے چیمبر نے کی کوشش کی اور وہ کندھے اچکا کر رہ گیا۔

"مجھے ایسے لوگوں سے نفرت ہے [illegible] جو اپنی تکلیفوں کے [illegible] ان کے خواب دکھاتے ہیں۔ ثنا خوانِ تقدیسِ مشرق کہا۔ یہ اگر یہاں خود اپنی عزت کی اہمیت نہ سمجھیں تو؟"

"بکواس مت کرو، اگر کسی کے کان میں پڑ گئے [illegible] ابھی کمرے سے باہر نکل رہے ہیں۔" دوست نے معنوی سی مسکراہٹ سجا کر کانفرنس کی [illegible] بالخصوص پوز لیا اور زینب آگے بڑھ گیا۔

یہ بیوی بھی ہے اور بہن بھی ہے ماں بھی

مدد چاہتی ہے یہ حوا کی بیٹی

یشودا کی ہم جنس رادھا کی بیٹی

پیمبر کی امت زلیخا کی بیٹی

ثنا خوانِ تقدیسِ مشرق کہاں ہیں؟

اس نے طنز سے چیمبر پر اس کی طرف دیکھ کر مسکراہٹ کو [illegible] میں مجھ لا اور اس کے دوست [illegible] "یہ عورت بھی کمال کی چیز ہے۔ تمہیں پتہ ہے اس کے بیٹے کی شادی پر [illegible] آپ کو بھرا ہوا تھا [illegible] باقی [illegible] کہاں رولی ہوئی تھیں [illegible] اور اس کے بیٹے اور اس کے دوستوں نے کسی بھی قسم کے احتجاج کی خاطر میں نہ

اسے ہونے کا رونا نہ ڈال رہی تھی اور رقم بھی کوئی خاص نہیں پڑتی تھی۔

”چپ کرو، وہ مجھے ہی بے وقوف بنا رہی ہے۔“ علامہ نے اسے بمشکل چپ کرایا اور آخری بند اس کے کانوں میں سیسے کی طرح اترا۔

بادِ خزاں ادب کر باد

بکھرے ہیں پتیاں، دے منتشر بکھراؤ

تا خوابِ غفلت میں مشرق کا بلاؤ

تا خوابِ غفلت میں مشرق کہاں ہیں؟

رضوی نے اس کے کان میں گنگنا کر کہا۔ ”خوابِ غفلت میں مشرق بلاؤ، بلا لیا گیا اعتبار اٹھ گیا اذانِ مشرق کا ذرا سا اثر، مست ہو جائے گا.....“

”کیا بکتا ہے، مسلمان ہے بھی یا نہیں؟“ علامہ نے اسے چٹکی کاٹی اور حقارت سے ہنس کر بولا۔

”موقع اور وقت کے حساب سے میں سب کچھ ہوں۔ جہاں کامیابی کے امکانات ہوں، پاؤں رکھتا ہوں، تم جیسوں کی طرح نہیں جھکتا۔“ وہ ہنسا۔ پھر بولا۔ ”ادھر دیکھ، تیری گرل فرینڈ تیرے پاس آ رہی ہے۔ میں تو چلا۔“

علامہ ارسلان ہنس کر چپ ہو گیا اور اس کی اس قسم کی تعریف کرنے لگا جو اس نے لفظوں میں بیان کی تھی۔

”مسز رضا بہت اچھی انسان ہیں۔“

”ہاں، واقعی ان جیسے انسانوں کی وجہ سے ہی دنیا قائم ہے۔“ اس نے طنز کرنے کی کوشش نہیں کی تھی مگر طنز پھر بھی جھلک آیا تھا۔

وہ سارے ہنگامے کو بے تحاشا جذباتی ہو کر دیکھ رہا تھا، جس کے سامنے لڑکیاں چیخ رہی تھیں۔ ایک گھر سے فرار ہو کر بھاگنے والی تھی اور ایک جبراً اغوا کی گئی تھی۔ دونوں کے انجام ایک جیسے تھے۔ علامہ جانتا تھا ان کو بنگلوں کے بعد ان لڑکیوں کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ معلوم نہیں سارے این جی اوز کس جگہ پہنچتے ہیں۔ مگر مسز رضا جس این جی او کی چیئرپرسن تھیں وہاں ایسی لڑکیوں کے نام پہ امداد اکٹھی کی جاتی تھی مگر بہت سے بند ہو جاتے۔ فرار کے لئے مجبور لڑکیاں رہائش کھانے اور عزت کے بدلے میں بڑا احسان مانتی، اگرچہ اچھی جاتی تھیں۔ جس جگہ پہ انسانیت کے نام پہ کسی ہاتھ

AANCHAL.COM.PK

بکھر کر رہ گیا تھا۔

"مجھے لگتا ہے مسز رضا! آپ کو ایسی لڑکیوں سے کوئی ہمدردی نہیں ہوتی۔ ورنہ اتنی کوفت نہ ہوتی آپ کے چہرے پر۔" شافعہ کسی سلسلے میں آگے نکل چکی تھی جب مسز رضا نے اسے اکیلا پا کر اس نے مڑ کر انہیں دیکھا پھر تلخی سے بولا۔

"ایسی لڑکیوں سے ہمدردی کیوں کی جائے مسٹر! جنہیں دل کی پروا نہ ہو جنہیں دل سے جڑی کسی بات میں دلچسپی نہ ہو، کیسے سنبھالے گا؟ ایسی لڑکیاں...... انہیں تو بس فرصت میں کوئی مار دینی چاہیے۔"

"کیا انہیں یہ حق ہے کہ وہ کسی کو مار سکیں؟ میں نے سنا ہے وہ بچی تو گھر چھوڑ کر بھاگ گئی تھی ناں؟" مسز رضا نے جانے کس جنم کا بدلہ لیا تھا۔ حالانکہ اس کا خون کیا گیا تھا، وہ جا چکی تھی آگ میں جھونک دیا گیا ہے۔ لالی رخ نگاہوں سے اس نے مسز رضا کو دیکھا پھر تلخی سے بولا۔

"زندہ انسان کو کوئی مارنے کا سوچتا ہے اور جو دل میں مر چکے ہوں انہیں مارنے کے لیے کسی چیز کی ضرورت نہیں پڑتی صرف ایک بے نیازی کافی ہوتی ہے مسٹر! یہ دل کی باتیں ہیں، یہ آپ جیسی سوکالڈ بیوپاری نہیں سمجھ سکتی۔"

مسز رضا جتنا کر آگے بڑھ گئیں۔ وہ واپس پلٹا تو اپنے پیچھے شافعہ کو کھڑے پایا۔

"آپ...... آپ کب آئیں؟" اسے پتہ نہ چلا کہ دوسرے ہی لمحے وہ اس کا گھٹنا ملانے لگا تھا۔

شافعہ نے اسے عجیب نظروں سے دیکھا تھا، پھر نرمی سے بولی۔ "آپ کو کس بات کا اعتبار نہیں ہے، مجھ پر یا خود پر؟"

"پتہ نہیں۔" اس نے سگریٹ سلگایا اور وہیں کے قریب کرسی پر بیٹھ گیا۔

"آپ نے ماضی کے بعد شاید ہی کوئی لمحہ ایسا گزارا ہو جس میں آپ کی نظروں کی تپش سے وہ بچی ہو۔ وقت بدل رہا ہے۔ آپ کہتے ہیں آپ کو اپنی محبت پر اعتبار ہے۔ لیکن مجھے لگتا ہے آپ کو سب سے زیادہ خود پر شک ہے۔ آپ اندر سے سہمے ہوئے ہیں اور باہر سے پتھر بننے کی کوشش کرتے ہیں اور یہی آپ کی سب سے بڑی غلطی ہے۔ انسان اپنے آپ سے لڑتا رہے تو بہت جلدی تھک جاتا ہے۔ رہی بات ایسی لڑکیوں کی تو کبھی یہ خیال بھی آیا آپ کو، مجھے کہنے دیجیے، آپ اپنے اندر کا فرسٹریشن باہر نکالنے کے لیے ایسا کر رہے ہیں۔ اگر نہ ملتا اگر زندگی میں

تبھی آپ کے سامنے آتی تو آپ اس کے چہرے پہ بے نیازی والی فطری سی خوشی نہیں دیکھ سکتے۔ آپ اندر سے اتنے ڈسٹرب ہیں کہ اس کی جگہ اگر کوئی انجان لڑکی بھی آپ کی مدد کی طلب گار ہوتی تو آپ پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔ پلیز ماما اپنے اوپر سے یہ بوجھ اتار دیجئے، آپ کیا ہیں، سمجھئے......"

"ماما! آپ ریسٹ کریں۔ کس سانحہ کی سیریس خبر نہیں ہیں۔" اس کی آواز اسے پھر سے حال میں لے آئی اور یکدم اسے عدیل عبدالرحمٰن کا محبت آمیز رویہ یاد آنے لگا۔

"دولت بری نہیں ہوتی، اسے استعمال کرنے کا ارادہ کرنے کا فیصلہ اچھا یا برا ہوتا ہے۔ استعمال کرنے کا طریقہ ٹھیک یا غلط ہوتا ہے۔"

عدیل بھائی کے ہاتھ کا لمس اس کے کندھے پہ ثبت تھا۔

"پتہ نہیں کون ہے جو میرے بابا کے پروجیکٹ میں ساری رقم کے کانٹے چھانٹا چاہ رہا ہے؟" اس کی ذہنی رو پھر سے شہریار کی طرف مڑ گئی۔ زہرہ بیگم کا لہجہ گونجنے لگا، وہ اس لہجے میں نجانے کیا جھلکتا چاہتا تھا کہ جنید بھائی کی آواز آنے لگی۔

"پتہ نہیں کیا وجہ ہے کہ شہریار مکس میں نے اس کا خاکہ اور فیصلہ بدل دیا۔"

اس وقت اس نے دل کے اندر شہریار کے لئے ایک لمحے کے لئے چاہا تھا کہ اس کی اچھائی کا کوئی مطلب پست ہونے کے پیچھے الزام سے بچا کر چلا جاتا مگر اس لمحے اس نے پوری آواز سے کیا تھا کہ جو بیگم کے گھر واپس ہونے زندگی کے سفر میں شوقی کے ساتھ شامل ہونے میں ان کا کوئی مطلب تھا؟

دماغ نے کوئی جواب نہیں دیا تھا۔ پھر بھی ایک مندگی تھی، شاید وہ ایک غلطی کر بیٹھی ہے، سے معاملہ جاننا تھا کہ کیا واقعی اسے گھر جانے کے فیصلے میں وہ کہیں شامل تھا؟ کیا واقعی اسے معمولی سا الزام دیا جا سکتا ہے؟

کیا کبھی اس نے اس کی محبت کو اپنے کسی مفاد کے لئے استعمال کیا تھا؟ کیا شہریار نے اس کے ساتھ جتنا بھی اچھا کیا، جتنے بھی لمحات میں وہ اس کے کام آیا، کیا کبھی اس نے اس کا ریٹرن مانگا، کبھی جتایا؟

وہ تو بڑا اچھا کام کر کے بھول جایا کرتا تھا۔ شو بھی نہیں کرتا تھا۔ بس یہی اس کی اچھائی، نیکی کی علامت سے متاثر رہا کرتی تھی۔ لیکن کیا واقعی وہ متاثر ہوا کرتا تھا یا احسان ان کے اندر ایک ادا سنجیدگی بنا کرتا تھا جسے وہ خود ساختہ احسان مندی میں چھپائے رکھتا تھا؟

اماں کہتی ہیں وہ دائمہ کی طرح شاید انسانوں سے نہیں مال کی امارت سے متاثر ہوا تھا۔ اس کے اندر خلا تھا۔ کیا واقعی یہ ٹھیک تھا؟

پچھلے دنوں وہ کبھی فنیس پاکس کے لیے تیار تھا کبھی بانٹیں شگن روح کے اندر کوئی اس کے اس دوہرے خول کو کمر چے جا رہا تھا۔

آخر یہ تبدیلی کیوں ہو رہی تھی؟...... اس نے لمبا ٹھنڈا سانس کھینچ کر سوچا اور دل نے کہا۔ انسان اپنے اوپر آنے والی ہر مصیبت ہر دکھ ہر تکلیف سہہ جاتا ہے مگر وہ جس سے محبت کرتا ہے اس پر گرم ہوا کا ایک ہلکا سا تھپیڑا بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ ایک کانٹے کے برابر خراش بھی سہہ نہیں سکتا اور پھر شافعہ...... شافعہ صرف اس کی محبت کہاں تھی وہ تو اس کے اپنے وجود کا حصہ تھی اور وجود پر ہونے والی افتاد اسے دل اتنی آسانی سے کب بھلا پاتا ہے؟

کیا وہ اندر سے بدل رہا تھا؟...... اس نے اپنے آپ سے پوچھا اور چپکے سے کروٹ بدل کر جیسے باہر آگیا تھا۔ اچانک اسے اس لمحے کی اماں کی خفگی بھی یاد آنے لگی۔

"تم...... مجھے تو نہیں لگتا تھا تم جتنا تم بدحواس ہوتے چلے جا رہے ہو۔ اتنا ہی تنگ ہے تم ہی بچھڑا جا رہے۔ تم ایک ماں کی محبت کو دولت کے نظریے سے دیکھنا چاہتے تھے۔ تم بھی دائمہ جیسے ہو۔ اسے بھی انسانوں کی قدر نہیں تھی۔ وہ بھی دولت کو سب کچھ سمجھتی تھی اور تم بھی دولت ہی کو سب کچھ سمجھتے ہو۔ اب تو مجھے یہی کبھی کبھی محسوس ہوتا ہے تم نے کہیں شہریار کی وجہ سے تو اس سے دوستی نہیں گانٹھی تھی؟ ہوسکتا ہے ہاں، کچھ لوگ دوسروں کے پیسوں پر عیش کرنے کے بڑے حریص ہوتے ہیں۔"

کیا واقعی وہ حریص تھا؟" اس نے دل میں جھانکا۔ اماں خفا اس کے سامنے پھر آ کر کھڑی ہو گئی تھیں۔

وزیر آرزو میں زہرہ پھپھو اور اماں سب سے پہلے داخل ہوئی تھیں۔ وہ خاموشی سے اماں کا جائزہ لے رہا تھا۔ ان کے رویے میں اس کے لیے خفگی تھی مگر شافعہ سے وہ بہت محبت آمیز رویے سے مل رہی تھیں۔

"آپ کا شہزادہ ابھی کمپنی سے نہیں آیا؟" اس نے جان کر اماں سے بات کر کے چھیڑا۔ مگر اماں خاموش رہیں۔

زہرہ پھپھو بولیں۔ "اماں سے اس کی بات ہوئی تھی وہ ایک دو دن میں کراچی واپس آنے والا ہے۔"

"واپس آنے والا ہے اور آتے ہی ایک دھماکا اس کا منتظر ہے۔" اس نے شہریار کی واپسی کا سوچ کر "میں لگنے والی آخر رپورٹ کے بارے میں سوچ کر خود سے کہا۔ مگر اب معاملہ اس کے ہاتھ میں نہیں تھا۔ مسز یوسفی کی بات ماننے کے لیے مسٹر حسن اور اہم نے شہریار کی ذات کے بخیے ادھیڑنے کا کام سونپا تھا اور اس نے اس کی طرف سے خارج وجہ سے یہ رپورٹ تیار کی تھی۔ مگر اب یہ

ریپورٹ...... وہ تھوڑا سا بجرا سا ہوا تھا مگر یہ بیراگی پاگل پن نہیں تھی۔ ہاں یہ ضرور تھا کہ شائد کی وجہ سے اس کی سوچ میں بہت تیزی سے بدلاؤ آیا تھا۔ لیکن یہ بدلاؤ ایسا ہی تھا جیسے تیز سمندر کو تھوڑا سنبھال سا اب سمندر پُرسکون ہو کر سب کچھ بھول جانے کا ایا ارادہ کیے، یہ وقت کو سمجھ سکتا تھا۔

* * *

زندگی ان کی نظر میں محبت سے کہیں زیادہ دولت میں پوشیدہ تھی۔ جب بھی انہوں نے زندگی کا ایک نقشہ کھینچا اس میں محبت کے فانوس، قمقمے نکلے نہ جانے کیوں عود و عنبر کی خوشبو میں نکلے نہ وجود بکھرا یہی مگر آسائشات کے کام پر ہمیشہ انہوں نے اپنا دل جھکتا ہی پایا تھا۔ زندگی میں دولت سمجھ و مقدس ہو اس کا کبھی انہوں نے کچھ اہتمام رکھا تھا۔ یہی وجہ تھی، جب دولت نے گھر کی راہ دیکھی تو ان کے اندر کی حریص عورت نے سوچا یہ ساری دولت کس طرح اپنی ہو سکتی ہے۔ اور بس پھر آنکھ بند کر کے انہوں نے جو سمجھ میں آیا کیا۔ گھر کسی کا بسایا بھی، اجاڑا بھی، پھر زندگی سر پہ تیز دھوپ کی طرح چھا گئی تو انہوں نے اسی اجڑے ہوئے گھر کی دلداری میں توجہ اور اذیت گزاری۔ مگر یہ تب بھی محبت کے ضمن میں نہیں تھی۔ تب بھی انہوں نے گھاٹا اور کچھ بیٹے کے پیرائے میں بانٹ لیا تھا۔ پھر زندگی کا نیا سفر شروع ہوا تو خبر ہوئی، آسائشات اور دولت کا جو ایک الگ کر لانے کا پیرایہ اپنایا تھا، وہ کہیں درمیان ہی سے محبت کے نقصان میں کھو گیا ہے۔ جس دل پہ انہوں نے دستک دی تھی اس دل پہ تو محبت نے پہلی دستک پر ہی کھل جانے کے بعد سے ہی اندر سے دروازہ لاک کر دیا تھا۔ وہ باہر کھڑی رہ گئی تھیں۔ مگر حسرت کا شدید لمحہ دل میں آیا تھا۔ مگر نکل جانے کے لالے پڑ گئے تھے۔ جس انسان کی دولت کی چاہ نے انہیں عورت کے معیار سے گرا دیا تھا، وہ عورت ایک بار پھر سے بیچ ہو گئی تھی۔ تب پرانی شناسائی اچانک سر اٹھا گئی تھی۔ وہ نفس میں آ گئی تھیں... خود اس کی طرف اٹھنے لگے تھے۔ پھر تیز دھوپ میں تھکے پیر چلنے کے لائق کند گھر کی سربراہ کا جھونکا چھو جائے تو آنکھیں خود بخود بند ہوتی چلی جاتی ہیں۔ سو انہوں نے بھی دنیا کی طرف سے آنکھیں بند کر لی تھیں۔ اندر کی عورت کو ایک بار پھر سے ضمیر کی گولیاں کھلا کر خودکشی پہ مجبور کر دیا تھا۔ پھر دوبارہ اس شناسائی سے ملنے گئیں باقی ہی چل گئیں۔ یہاں تک کہ زندگی کا سب سے بڑا جھٹکا جیتیں۔ شناسائی پھر لوگوں کے ہجوم میں گم ہو گئی اور وہ ایک دھوکے کے لیے گھر واپس آ گئیں۔

وقت دیکھتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ اس دھوکے نے نیا جنم لیا۔ ان کے شریک سفر نے پہلی بار مردہ آنکھوں سے ایک امید کو زندہ ہوتے دیکھا۔

"میری بیٹی...... ایک میری اولاد ہے۔" انہوں نے بچی کو گود میں لیا اور وہیں جھک گئیں۔ کچھ کہہ بھی نہ پائیں۔ اور آج اتنے سالوں بعد یہ سوال پھر سے سر اٹھا رہا تھا۔

"مجھے کریشن سے نفرت ہو گئی۔ یہ تو میری بیٹی تھی نا آمنہ، یہ تمہاری بیٹی تھی نا پھر یہ سب کچھ کیوں ہوا؟" آوازیں، اردگرد آوازیں......

وہ بستر پر اٹھ کر بیٹھ گئیں۔

''تمہاری بیٹی ہوتی تو شاید یہ ایسی نہیں ہوتی تم تو درویش صفت انسان تھے اور وہ...... وہ خطیب وقت تم سے کہیں زیادہ چاہا اور محبت کی بھوکی تھی۔ مگر میں نے اپنی حرص اور لالچ میں سب بھلا دیا۔''

''کمیل......!'' وہ سر پہ ہاتھ رکھ کر رونے لگیں۔ اور آخری فون کال ان کے کہیں اندر دل کے خاموش کمرے میں گھٹی چیخ گئی۔

''مت کرو یہ سب آصفہ! آخر تم کیوں برباد کرنا چاہتی ہو میرے ارسل کے گھر کو؟ عطیہ اتنی پیاری، اتنے اچھے سلوک والی لڑکی ہے۔ اس نے ہمیں ایک بیٹی کا سکھ دیا ہے، مگر تم کیسی ماں ہو اپنی بیٹی کا گھر برباد کرنا چاہتی ہو۔ کتنی دولت چاہیے تمہیں؟ آخر کس دولت کا معیار چھونا چاہتی ہو؟ یاد رکھو تم تو وہ عورت تھیں جو کہتی تھیں دل بہت ضروری ہے، محبت کے بغیر تمہیں سانس نہیں آتا تھا، پھر...... پھر آج کل......''

اور پھر دولت کے لیے انہوں نے جتنی بھی ہوس کا اظہار کیا تھا، کمیل راشدی کے لیے وہ صدمے سے کم نہیں تھا۔ ان پر ہسٹریا کا دورہ پڑ گیا تھا۔ انہوں نے کمیل راشدی کے ساتھ خوش ہونے کے جتنے خواب اور سپنے لکھے تھے، سب ایک ساتھ انڈیل دیے تھے۔ اور یہی بات اتنی جان لیوا ثابت ہوئی تھی کہ وہ گاڑی پر اپنا توازن برقرار نہیں رکھ سکے تھے۔ گاڑی ایک دھماکے کے ساتھ کہیں سے ٹکرا گئی تھی۔ وہ گھر میں بے ہوش ہو گئی تھیں۔

''کمیل... کمیل....!'' وہ چیخی بھی تھیں مگر ان کی چیخیں ان تک واپس لوٹ گئی تھیں۔

ارسلان راشدی شام تک کارروائی کے بعد لاش گھر لا سکے تھے اور آج اتنے سالوں بعد ان پر کھلا تھا، درحقیقت ارسلان راشدی، کمیل راشدی کے بے جان وجود کو نہیں شعوان کو دفنا کر آئے تھے۔ انہیں مرے ہوئے اتنے سال ہو گئے تھے اور لوگ آج بھی انہیں زندہ سمجھتے تھے۔

ایک بم پھٹنے سے جیسے کسی ایک گھر کی منہدم عمارت کا سارا ملبہ ان پر آن گرا ہے۔ ان کی سانس بھی تھمی کی تھمی رہ گئی، ان پر پھر سے کھانسی کا دورہ پڑ گیا تھا۔ سونیا گھبرا کر ان تک آئی تھی۔ وہ کسی پرانے طریقے سے وہ انہیں دلاسہ دے رہی تھی کہ اچانک انہوں نے اسے جھٹک دیا۔

''دفع ہو جاؤ تم...... تم میری بیٹی نہیں ہو۔'' سونیا نے حیرت سے ماں کو دیکھا۔ ''چلی جاؤ...... تم اگر ارسلان کی بیٹی ہوتی تو...... تو مجھے یوں نہ کھٹکتا، اپنے باپ کی طرح دھوکے باز، مفاد پرست نکلی ہو تم۔'' سونیا کھڑے کھڑے بیٹھ گئی تھی۔ ''میں تمہاری بیٹی ہوں ماں!'' اس نے کپکپاتے ہاتھوں سے ماں کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا اور سسک کر چیخ کر کہا۔

AANCHAL.COM.PK

"ہاں ہاں...... تُو میری بیٹی ہے میری بیٹی...... اسی لئے ایسی ہے۔ تجھے عزت پہ دولت زیادہ پیاری لگتی ہے......" وہ اسے گالیاں دے رہی تھیں۔ اس لمحے انہیں لگ رہا تھا وہ جتنا زیادہ اسے برا بھلا کہہ رہی تھیں، اتنا ہی وہ اپنی کسی غلطی کو کم کر رہی تھیں۔ مگر زرش نے یکدم انہیں ایک قبر میں لا کر کھڑا کر دیا۔

کیا یہ غلطی سونیا نے کی تھی؟

کیا وہ اس سلسلے میں بالکل بری الذمہ تھیں؟

کیا یہ غلط تھا کہ ان کی غلطی کو سونیا نے اپنے کندھے پہ اٹھانے کا دکھ جھیلا تھا؟

وہ گم صم سی سونیا کو دیکھے گئیں۔ ان پہ پھر سے کھانسی کا دورہ پڑا اور اسی وقت فون کی بیل بجی۔ سونیا بھاگتی ہوئی دروازہ کھولنے گئی۔ مگر جو شخص سامنے کھڑا تھا اس نے سونیا کے قدموں پہ پڑے ہوئے بوجھ کو کئی گنا بڑھا دیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں یکدم آنسو بھر آئے تھے۔ زوار حسن اس سے ملے بغیر چپ چاپ گھر سے باہر چلا گیا تھا یا کہاں غائب تھا؟ اور وہ تین دن سے اس کے بے خبر گزارا کر کے تھک گئی تھی۔

"یہ مرد بھی آپ کے نہیں ہوتے۔" زرش نے ایک دفعہ اس سے جانے کس مشکل میں عمر وحید کی باتوں سے تنگ کر خاموش بیٹھی ہوئی سونیا سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔ اس وقت زرش بے حد غصے میں تھی اور سونیا نے زوار کو کسی اور کے لب و رخسار کی تعریف کرتے دیکھ کر اپنا خون جلاتے ہوئے زرش کا یہ جملہ سمجھنے کی کوشش کی تھی۔ مگر اس وقت اسے کچھ سمجھ نہیں آیا تھا۔ اور آج آصفہ اور سلمان راشدی نے جو کیا تھا، اس نے اس کی بنیادیں ہلا دی تھیں۔ اس کی ذات اتنی رائیگاں اور اس کی شناخت اتنی کمزور، زوار حسن سے منسوب تھی کہ وہ یہ سب کچھ برداشت نہیں کر سکی۔

"سونیا..... آپ رو رہی ہیں؟" وہ یکدم اندر آ گیا تھا اور اس کے آنسو وہ کب تھمنے تھے۔

"دل دکھانے کی سزا اتنی کڑی ہو سکتی ہے شہریار صاحب؟"

"کتنی کڑی؟" شہریار عبدالرحمن نے نرمی سے پوچھا اور وہ جو ذہنی طور پہ بالکل ختم ہو چکی تھی، کسی نفسیاتی مریض کی طرح بڑبڑائی۔

"اتنی کڑی شہریار صاحب! اگر آپ کا سچ برسوں بعد آپ کو پتہ چلے کہ آپ جس کے نام کی شناخت لئے گھومتے رہے ہیں، جس کے نام پہ اتراتے رہے، جس کے نام پہ آپ دل کی ہر بات نکالنے کے لئے کچھ بھی کہہ سکتے تھے، وہ آپ کا کچھ نہیں لگتا تھا۔ میں تیز چلچلاتی دھوپ میں تنہا رہ گئی ہوں۔ میرا اس دنیا میں کوئی نہیں ہے۔ نہ میری ماں...... نہ میرا باپ۔ پتہ نہیں میرا باپ کون تھا؟" وہ فون

رنگ آنکھوں سے شہریار کو یوں دیکھنے لگی جیسے اس بے ساختہ ہنسی کی ہر ادا اس نے ہی اسے دی تھی۔

"سوہنا! آپ اپنے آپ کو سنبھالیں۔ کیا ہو گیا ہے آپ کو؟"

سوہنا نے یکدم چونک کر اس کی طرف دیکھا اور بالکل گم صم ہو کر دوبارہ سے لگ کر زمین پر بیٹھ گئی۔

افتخار سلطان راشدی اس عرصے میں اپنے کمرے سے نکل کر باہر آ چکی تھیں۔

شہریار نے افتخار سلطان راشدی کو دیکھا اور اسے لگا اس کی دل میں کہیں کچھ ٹوٹا ہے۔ پاپا نے اسے بتایا تھا کہ ان کے گھر کے... والے نے کس طرح انہیں فون کیا تھا اور جب وہ وہاں پہنچے تو بارش میں وہ گلی میں گھر کے دروازے سے ٹیک لگائے عطیہ بانو کس طرح برف کی مورت بنی ہوئی تھیں۔ انہوں نے انہیں کیسے سنبھالا، اٹھایا تھا۔ انہیں اس لمحے لگا تھا عطیہ بانو کو جو خبر وہاں کے ساتھ چلا گیا تھا اس کی روح وہیں دروازے سے ٹیک لگائے جیسی رہ گئی تھی۔ زندگی کا فیصلہ ان کی آنکھوں سے مرنے دیکھا تھا اور دل میں محسوس کیا تھا، زندگی کا ایک حصہ شوہر کے دل میں بھی مر گیا تھا۔ پھر تین دن تک ان کی اپنی رہتے اور بچوں کو ختم ہوتے دیکھا، دوبارہ انہیں ایک آگے کی کمی ہو گئیں کہ پاپا کے ہاتھوں میں جدائی کے لمس کا اثر تک نہ ہو سکا۔

"کون ہو تم؟" افتخار سلطان راشدی اس تک آ گئی تھیں۔ اور وہ گم کیفیت میں نظر ڈال کر دیکھ رہا تھا۔ اندر سے کوئی چیز ٹوٹا تھا۔ وہ سوہنا کی بدتمیزی کا ثبوت ان عورت کو کیا دے کر نہ بنا دے... جا کیا ہوتا۔ مگر یہ عورت...... یہ عورت اس کے باپ کی بیوی تھی اور زندگی نے اس کی ذات پر بھی چڑھا رکھے نقش ثبت کر دیے تھے۔ وہ بظاہر زندہ تھیں مگر شہریار کو اس لمحے لگا، وہ زندہ رہنے کے صرف دکھاوے میں لگی ہوئی ہیں۔

"کون ہے یہ؟...... کیا یہی زوار حسن ہے؟" افتخار سلطان راشدی چیخیں اور وہ دو قدم پیچھے کو ہٹ گیا۔

"تو ہم انکل شہریار ہیں...... شہریار زوار حسن۔ مجھے پاپا نے شافعہ کے لئے لاہور گڑیا کو لینے بھیجا تھا۔"

افتخار سلطان راشدی کی آنکھوں میں دکھ کی شدت کے مارے کہ سب رونے لگا تھا۔ انہوں نے سوہنا کو آواز دی۔

"اٹھو جلدی سے۔ بیٹا وہاں جلدی جاؤ گی۔ کھانا بند کر دو ابھی۔"

"بہن..... کون سی بہن؟ میری کوئی بہن نہیں ہے۔ میری کوئی ماں نہیں ہے۔"

شہریار نے پلٹ کر سونیا کو دیکھا اور اس کے چہرے پہ ترحم ابھر آیا۔

اسفندیار ملک راشدی اس کے انکار پہ ٹوٹ گیا تھا، بالآخر وہ ... میں چلی گئی تھیں اور شہریار اس کے قریب اس کی طرح بیٹھ گیا تھا۔

"میرے ساتھ چلو گی؟"

سونیا نے خالی آنکھوں سے اسے دیکھا پھر سرسراتے لہجے میں بولی۔ "تم بھول گئے ہو؟" وہ کچھ دیر بعد بولی۔ "اگر تم سوچ رہے ہو میں تمہارے ساتھ ضرور چلوں گی۔ میں جینا چاہتی ہوں شہریار صاحب!"
اس کے لہجے میں اب نئی سوچ تھی اور کرب۔ وہ ایک لمحے کو الجھن کی طرح دکھی لگ رہی تھی۔

شہریار نے کچھ نہیں کہا۔ گہری سانس لے کر اسے بانہوں میں تھام کر اٹھانے لگا۔ پھر اسی کے لہجے میں بولا۔ "چلو آج ہم دونوں خاموشی سے زندگی کو آوازیں دیتے ہیں۔ زندگی کی تلاش کرنے نکلتے ہیں۔ کیا پتہ موت سے پہلے ہمیں زندگی خود ہماری تلاش میں حیران ہو کر ہمیں دیدار کرا دے۔"

سونیا مسکرا دی۔ پھر کھڑی ہو گئی تھی۔

شہریار عبدالرحمن اسے کار میں چھوڑ کر گھر کے اندر چلا گیا تھا۔ پھر واپس آیا تھا۔ کار ڈرائیو کرتے ہوئے اس نے اس کے چہرے پر ... دیکھا تھا پھر مدھم لہجے میں بولا۔

"تم جانتی ہو..... کیا تم اب بھی سمجھتی ہو کہ دنیا میں کچھ بھی اچھا نہیں رہا ہے؟"

سونیا نے خالی آنکھوں سے اسے دیکھا پھر گھبرائے لہجے میں بولی تھی۔ "میری زندگی میں کچھ اچھا ہوا؟ کہاں سونیا ہوتی؟ کیا میری ماں اسفندیار ملک راشدی ہوتی؟"

"کیا تم اپنی ماں کی غلطی کا جرم نہیں دے سکتیں؟ وہ بشر ہیں اور غلطی بشریت کی پہلی پہچان ہے۔"

"مگر میں اُن کی سزا پر کھڑی رہ گئی ہوں۔ مجھے کیا پتہ تھا کہ ان چیزوں سے گزرنے کا کیا مزہ ہوتا ہے۔ میری زندگی ... رہ گئی ہے اور کوئی نہیں ہے جو مرا تھا۔ مجھے زندگی سے نفرت ہو گئی ہے۔"

"تم جینا نہیں چاہتی ہو؟" شہریار نے کار کو موڑتے ہوئے سوال کیا اور وہ خالی دل سے لہجے میں بولی۔

AANCHAL.COM

"آپ کو کیا لگتا ہے، میں زندہ ہوں؟" شہریار نے اس کا چہرہ دیکھا جہاں واقعی زندگی نے موت اوڑھ لی تھی مگر اسی وقت کی فضا نے اسے زندگی کو کھینچ نکالا تھا۔
"تمہیں اگر میں کہوں زندگی اب بھی تمہارا استقبال کرنے کے لیے تیار کھڑی ہے تو تم کیا سوچو گی؟"
"کیا سوچوں گی؟ مجھے لگے گا آپ مجھ پہ طنز سے ہنسنا چاہتے ہیں۔ میں ایک لمحے کے لیے یہ سوچوں گی، پھر آپ کے ساتھ مل کر شاید خود بھی ہنسنے لگوں گی۔ آپ کو کیا لگتا ہے، میری ہنسی اڑائی جاتی ہے؟"
شہریار کو لگا وہاں سے کہیں زیادہ بہتر پہیتر بھی اپنے لیے اور اسے chill کرنا اتنا آسان نہیں ہے۔
وہ اسے بڑی حسرت سے تکتا رہا تھا۔
"مجھے کیا دو گی؟" اس نے سوال کیا مگر وہ خاموشی سے ماحول کو دیکھنے لگی۔ اس ماحول میں وہ کتنی مرتبہ زوار حسن کے ساتھ آچکی تھی مگر یہاں موجود وہ بہت لیٹ نائٹ آیا کرتے تھے وہ ابا سے چھپ کر چوری چوری...... آج وہ یہاں سر جھکائے بیٹھی تھی اور سوچ رہی تھی کاش کوئی اس کی ... چھوڑی ہوئی جگہ لیتا تو اس کی روح غم ہونے سے نیچ جاتی۔ مگر یہاں کے حسن کے حال سے کوئی مطلب تھا۔
شرارت کرتے ہوئے شاید کسی منزل پہ جا کر کہیں رکنا بھی کبھی بے نام مسافت بھی اوڑھ لیتا ہے۔ وہ بھی ان مسافت میں کھو گئی تھی۔
"تم مجھے کیسا انسان سمجھتی ہو؟"
"شاید شروع سے بہت بہتر۔" مختصر جواب۔
شہریار نے گہرا سانس لیا جو ابھی اندر سے ساری شخصیت بھی منتشر تھی۔ وہ بہتر اور بہترین اور بہترین کا فرق جان رہی تھی اس کا دل بیتاب تھا اس کے اندر ابھی تو ارمان خانہ گھٹے ہوئے تھے، کرنے کی حس سو چکی تھی اور زندگی کے لیے بھی سب سے ضروری کمپنی تھا اس نے اس کی پلیٹ میں بہت شائستگی سے پیار رکھا تھا مگر بہت نرمی سے بولا تھا۔
"جب ہم بالکل اکیلے ہوں تو اپنے ساتھ چلنے والے سائے کو بھی ہاتھ دوست سمجھنے پہ مجبور کر دیئے جاتے ہیں۔ ہمارے پاس دلاسے کے لیے اور کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ کیا میں سمجھوں تم مجھے ایسا سایہ سمجھتی ہو؟"
"سائے اندھیرا ہوتے ہی اپنی سمت آپ مر جاتے ہیں۔"
شہریار نے اس کی آنکھوں میں دیکھا اور نرمی سے بولا۔ "لیکن تم بھی جانتی ہو جب میں اپنا اکیلے ہاتھ کے لیے ایک سایہ ساتھ ہو تو کیا ہے؟ اس جب میں ہر کوئی آپ کے ساتھ نہیں ہوتا ساتھ چلنے والے

بھی ہوتے ہیں، جنہیں آپ سے محبت ہو۔"

"آپ کہنا چاہتے ہیں، آپ کو مجھ سے محبت ہے؟" اس نے طنز سے اسے دیکھا۔

وہ دولے سے مسکرا کر بولا۔ "ہاں، مجھے محبت ہے، ہر اس انسان سے جو اپنی غلطی کو غلطی مان کر زندگی میں دوبارہ سے سنورنے کا فیصلہ کرتا ہے۔ مجھے فخر ہے کہ تم ایک بہت معصوم لڑکی ہو۔"

"میں اور معصوم لڑکی؟ آپ کیوں مجھ پر طنز کر رہے ہیں مسٹر شہریار؟...... آپ اچھی طرح جانتے ہیں، میں کیسی لڑکی ہوں۔ تو آپ نے بھی تو میری نادانی سے بہت ٹھوکر کھائی تھی۔"

اس نے ایک سے خود کو نادم کرتے کہا تھا، شہریار شائستگی سے بولا تھا۔ "اچھا! آپ کے اندر کی اچھائی کسی نادانی سے ختم نہیں ہو سکتی۔ جب کہ اسے سنبھلنے کے لیے وہ خدا خود آتا ہے۔

بس میرے لیے یہی ذرا بہت ہوتی ہے۔ میں نے کسی کے لیے یا نہیں کیا۔ تمہاری غلطی تو اسے میں کب کا بھلا چکا ہوں۔ پاپا، صبا، ممی اور سارا خاندان، جنہوں نے کبھی غلط بنا کر مجھے

تمہارا دوست بننے میں یوں محسوس ہوا، جیسے میں نے ان کی ... کی سوغات کھو دی۔"

سونیا یک دم اسے دیکھنے لگی، دبکی ہی رہی۔ پھر ایک آنسو ٹپکا، دوسرا آنسو ٹپکا، پھر یوں لگا جیسے کوئی بند ٹوٹ گیا ہو۔ وہ بلک بلک کر رونے کا احساس تک بھول گئی تھی۔ ہچکیوں سے رونے لگی تھی۔

"مجھے زوار نے دھوکا دیا۔ ہم شادی کرنے والے تھے۔" اس نے سسکیوں میں کہا۔ شہریار کے چہرے پر ایک تاثر ابھرا۔ اس نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

"تم زوار سے محبت کرتی تھیں؟"

"نہیں۔ شاید میں صرف ایک اچھا جیون ساتھی تلاش میں اسے محبت کا نام دیا۔ ضد تھی یا شاید غرور تھا۔ ضد تھی اور وہ جال میں پھنس گیا۔"

شہریار اسے بغور دیکھتا رہا۔ "اگر میں کہوں، تمہیں زندگی میں کوئی سچا پیار کرنے والا ملے تو؟"

"تو شاید مجھے کبھی یقین نہیں آئے گا۔"

"اگر میں یقین دلا دوں؟"

سونیا نے اس کے چہرے کو دیکھا، پھر سر جھکا کر بولی۔ "کون کرے گا مجھ سے محبت؟ میں نے تو اپنا کردار ... اطفال سے زیادہ ... نہیں دی۔ میں نے کبھی زندگی کا حق نہیں دیا، کہا، پھر میں کیسے مان لوں۔"

زندگی میری اتنی ناش غلطیاں معاف کر سکتی ہے؟"

شہریار نے اپنے سامنے رکھے موبائل کا بٹن پریس کیا تھا پھر نجیب سے بولا تھا۔ "کہاں ہے وہ؟ فوراً پتا کرو" کشش اتنی آ جا۔"

"کیا مطلب، کیا تمہارا کمرے سے جھگڑا ہوگیا ہے یا فون سے خودکشی کرنے کا کوئی عہد باندھ لیا ہے؟" عاطف بیگ کی پُرمزاح آواز سنائی دی اور وہ بگڑ رہا۔

"مجھے کبھی ایسا کرنے کی کوئی ضرورت ہے عاطف! کیونکہ ایسی حرکت اپنی جان ضائع کرنے سے بھی نہیں چوکتا۔ کہ میں یہاں تیرے لئے ایک بہت بڑا سرپرائز لئے بیٹھا ہوں۔"

"مگر میں نے تو ڈیوٹی کے تحت...؟ یہ کام میں حد سمجھ لیا؟"

"اچھا ہے یا نہیں؟" اب کی بار بہت سختی سے کہا اور جواب ملا۔

"اس مت میں بیٹھا ہوں۔"

وہ جیسا انتظار کرنے لگا۔

سونیا اسے دیکھے جا رہی تھی۔ "یہ عاطف کون ہیں؟"

"میرا دوست ہے۔ چند دن لاہور سے تم سے دل کی بات کہنے یہاں کراچی تک چلا آیا۔ جب اس نے مجھے تمہاری تصویر send کی تو میں ایک لمحے کے لئے مجبور ہو گیا۔ مجھے لگا وہ ایک بہت غلط راستے پر چل پڑا ہے۔ لیکن جب زمان راشدی کا اپنا شاہد کا ہوا تو مجھے لگا میں تمہیں کسی بھی طرح اس راہ سے قدم ہٹانے پر مجبور کروں گا کیونکہ تم عاطف کی منگیتر کی طرح بابا کے دوست کی بیٹی ہو۔ مجھے اس کا احساس تو ہوا تھا شاید یہ کام بہت مشکل ہے مگر تمہارے ڈر نے ایسا ماحول پیدا کر دیا کہ مجھے تم پر بہت سختی کرنی پڑی۔"

"مگر میں سمجھتی ہوں میں آپ کے خیالات پر پوری نہیں اتر سکی اور مسٹر عاطف وہ ایک مرد ہیں۔ وہ کیا میرے ماضی کو جاننے کے بعد قبول کر لیں گے؟ آپ کو کیا لگتا ہے مرد کیا ہوتے ہیں؟"

"ہاں..... ہاں، وہ بہت مختلف ہیں سونیا اور تم جو بات کہہ رہی ہو وہ بالکل ایسی ہی بات ہے جیسے آپ تیز دھوپ میں بارش کا تصور کریں۔ ہر انسان اپنا دل رکھنے والا کوئی بھی انسان کسی بھی حد تک بلند ہو سکتا ہے کہ وہ ان کے کردار کی رفعتوں پر شک کرے۔ دل، رحم، محبت، یہ سب انسانی تحفے ہیں۔ کسی کی جھولی میں بھی وقت کا قدرت ڈال سکتا ہے۔"

AANCHAL.COM.PK

عاطف گلاس دوبارہ پیش کر کے بیٹھا تھا اور سامنے سونیا کو دیکھ کر وہ چونک رہ گیا تھا۔

شہریار نے اسے دیکھا پھر مصنوعی خفگی سے بولا۔ "بہت اچھے جناب! ہم سرپرائز دے رہے تھے وہاں چہرے پر ایسے تاثرات ہیں جیسے شہزور کرکٹ میں جیت کے شہزادے ایک دم ہی گئے ہوں۔"

عاطف ہنسنے لگا، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ "یقین کرو وہ دور تک میرے ذہن میں بھی پانہیں تھا۔ بہرحال تاثرات اس لئے تھے کہ کسی نے دل پر پتھر رکھ لیا تھا۔ تم یا چانک......"

شہریار نے اسے کندھے سے تھام کر کہا۔ "اچانک...... خوشیاں اچانک ملیں تو ان کا مزہ دوبالا ہو جاتا ہے۔"

عاطف کھڑا رہا۔ پھر شہریار کے کہنے پر وہ کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔ تب اس نے چپکے سے کہا تھا۔ "ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا ان کا تم نے بہت خیال رکھنا ہے تمام عمر۔ دوبارہ کبھی ان کی آنکھوں میں آنسو نہ آئیں، اور وجہ تم بنو تو پھر قتل ہو جاؤ گے میرے ہاتھ سے۔" وہ ذرا سا پھر سونیا کی پشت سے جا لگا اور پیچھے کو جھک کر ہاتھ بڑھا کر بولا۔ "اسے غور سے دیکھ، یہ مجھے بابا کی طرح عزیز ہے اور تو جانتا ہے میں بابا کے سلسلے میں کتنا حساس ہوں؟"

"جانتا ہوں، جانتا ہوں میرے بھائی! مگر اب اتنی بھی دھمکیاں مت دے کہ مجھے دن میں تارے نظر آنے لگیں۔"

شہریار ہنسنے لگا۔ تسلی سے اس نے چابیاں اور والٹ اٹھایا تھا، پھر پشت موڑ لی تھی۔ سونیا نے مڑ کر لہجے میں بابا کا احسان کہا تھا۔

"بابا کہاں ہے بمر؟" جیدہ سے اس کا لہجہ مؤدب ہو گیا تھا۔ اس کا نیک شخص کے لئے احترام کی حد تک چلا گیا تھا۔ "رضیہ بوا کے کمرے میں کہاں؟" بے قرار کرتا نہیں چاہتا تھا سر جھکا کر بولا۔

"بابا میری کیونکہ مکمل بستر پر سو رہا اور پلیز مجھے آہستہ آہستہ کہا۔ عاطف کے دوست کی حیثیت سے ہم بہت اچھے دوست ہیں اور اگر تم قاتل بھی ہو تو بابا کی طرح تم مجھے اپنا بھائی بھی کہہ سکتی ہو۔"

وہ اب روتی نہیں تھی اور سونیا نے دوبارہ شکر کی سانس لے کر کہا تھا۔ "میں نے جو کچھ شہریار کے سامنے کہا میں اسے سچ جانتی ہوں۔ ساری زندگی ان کے سامنے سر نہیں اٹھا سکتی۔ وہ چاہتا تو مجھے ان کی عزت کے سامنے لے جا کر کھڑا کر دیتا۔"

عاطف کچھ نہیں بولا تھا۔ اب صرف سونیا بول رہی تھی اور وہ سن رہا تھا۔

❁ ❁ ❁

انوشے کی شادی کے بعد سے بیگم عاقبہ کی جانب سے صرف ایک دو بار ملاقات ہوئی تھی۔ پھر وہاں کا نمبر بدلتی رہی تھیں اور ان سے رابطے میں نہیں رہی تھیں اور اب بہت اچانک وہ انہیں ایک سڑک پر چلتی نظر آ گئی تھیں۔ اس کا چہرہ پہلے سے کہیں زیادہ گرا ہوا تھا۔ پیشانی پر وہ خوف ظاہر کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر بیگم عاقبہ کو لگا تھا جیسے وہ خوف کو دبانے پیچھے سے ہار گئی تھی۔ بیگم عاقبہ نے گاڑی جان بوجھ کر ٹیکسی کے پیچھے ڈال دی تھی۔ پھر وہ ٹیکسی ایک پرانی ہوٹل کی طرف مڑ گئی تھی اور بیگم عاقبہ کو حیرت ہونے لگی تھی۔ یہ ایک ہوٹل کی عمارت تھی۔ وہ اس کے پیچھے پیچھے چلتی ہوئی اندر کی سمت بڑھتی گئی تھیں۔ پھر وہ ایک مرینہ سے کچھ بات کر رہی تھی۔ مرینہ نے ایک پرچہ سے پکڑایا تھا اور وہاں سے چلی گئی تھی۔ بیگم عاقبہ تیز تیز سانسوں کے ساتھ اس مرینہ کی طرف بڑھتی جا رہی تھیں۔ یوں جیسے وہ کسی بہت بڑے راز کے قریب سے قریب ہوتی جا رہی تھیں۔

بیگم عاقبہ اس لمحے اس مرینہ کے بالکل سامنے تھیں۔

"زل...... روشی......؟" ان کی آواز میں لرزا تھا۔

مرینہ نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا تھا۔ ان کی آنکھوں میں حیرت تھی، پھر بہت تیزی سے ان کے ساتھ بیٹھی طرف سے ایک سسکی سی ابھری تھی۔

"عاقبہ...... عاقبہ بانو!"

"روشی! ہاں، میں عاقبہ۔ یہ تم کس حال کو پہنچ گئی ہو؟"

"جس حال میں ہونا تھا مجھے عاقبہ! ارحم اور عطیہ کیا گئیں، ہماری دنیا سے عزت، داری، رواداری، مروت سب چلا گیا۔ تمہارے بھائی نے اچھل کر دیا تھی۔ مجھے گھر سے لے جا کر نکال دیا تھا۔ مجھے پتہ ہے عاقبہ! ارحم گزر گیا ہے، فون بھی کرتی تھی ان سے عبدالرحمن کے لئے۔"

"میں عبدالرحمن صاحب کو یاد نہیں کرتی تھی۔" وہ غصے سے پرانی یادوں پھر سے ماضی میں ڈوب گئیں اور روشی بانی نے انہیں فون میں کہا۔

"ہاں عاقبہ! اپنا ارحم گزر گیا اور میں ان کے لئے کچھ نہ کر سکی۔ میرا دل چاہتا ہے میں ان کو ہزار بار پھانسی پر لٹکا دوں۔ مگر میں مجبور ہوں۔ اس کا قاتل ابھی تک زندہ ہے۔"

روشی بانی کے لہجے میں غصہ، چنگاریاں اور بانکا پن تھا مگر بے بسی ان کو اور بیگانہ کر رہی تھی۔

"صبر کر بولتی! صبر کرنے والوں کے ساتھ اللہ ہوتا ہے۔"

"ہاں، مجھے بھی اللہ کے انصاف کا انتظار ہے۔ وہ واقعی منصف ہے، وہی کافی ہے۔ مجھے اس کے فیصلے پر اندھا یقین ہے۔"

نجم ثاقبہ نے ان کی طرف دیکھا، پھر کچھ ہچکچاہٹ سے بولیں۔ "زلفی! ادھر ایک بچی تھی، وہ کہاں ہوئی؟"

"تمہاری بچی...... وہ تو تمہارے بیڑ کے میں مر گئی تھی ثاقبہ!"

نجم ثاقبہ کی نگاہ ان کی زندگی نے آج بھی ناامید ہی کی تھی۔ وہ کئی بار اس خبر پہ رو چکی تھیں۔

"یہ جانان...... یہ کس کی اولاد ہے زلفی؟"

زلفی بانی نے انہیں دیکھا اور سر جھکا کر بولی۔ "دشمنی نے اسے ویسے ہی حاصل کیا تھا جیسے دوسری دنیا میں عموماً لڑکیاں پہنچتی ہیں۔ پر اس نے رجوع نہ کیا کہ اسے بچپن سے یہی سمجھایا ہے کہ وہ اس کی مرحومہ بہن کی اولاد ہے۔"

ثاقبہ نجم کو دونوں بیک وقت دونوں کیا کہہ رہی تھیں، بجز سلام دعا کے بعد اٹھ گئی تھیں اور پشت موڑ کر چلتی جا رہی تھیں۔ ان کے منظر سے چلے جانے پر زلفی بانی نے پیچھے سر رکھ کر رونا شروع کر دیا تھا اور اسی وقت جانان ان کے پاس چلی آئی تھیں۔

"تم نے نجم ثاقبہ سے کیا کہا، میں ان کی سگی بہن کی اولاد نہیں ہوں؟"

زلفی بانی کا رنگ فق ہو گیا تھا۔

"بتاؤ زلفی بانی! کیا واقعی مجھے خواہ مخواہ کے پاس لایا گیا تھا؟"

زلفی بانی نے پھر بھی کچھ نہیں بولنا تھی۔ ان نے چپکے سے تکیے کے نیچے سے ایک گڈی نکال کر اس کے ہاتھ پر رکھ دی تھی، پھر آہستہ سے بولی تھی۔

"اپنی ماں سے کہنا جب تک ہو سکے آج بھی میرے لیے اتنا ہی مشکل ہے۔"

AANCHAL.COM.PK

"تم کہنا چاہتی تھی، وہ میری ماں نہیں رجو بیگم ہیں؟"
رشتی مائی نے جس کا سوال سنا اور اس نے بالکل الگ سوال کیا۔
"جانے تو نے کبھی شیرازی کو ڈھونڈنے کی کوشش نہیں کی؟ کبھی تیرا دل نہیں چاہا وہ اچانک کہیں سے تیرے سامنے آجائے اور تو سب سے پہلے نفرت سے ہی سہی اس کا گریبان پکڑ کر پوچھے ضرور کہ وہ تجھے چھوڑ کر کہاں چلا گیا۔ وہ تو تجھ سے بڑی جنون کی محبت کرتا تھا۔"
"میں نے تم سے اپنی ماں کے بارے میں پوچھا ہے رشتی ماں، شیرازی کو کیوں درمیان میں گھسیٹ لائی ہو؟"
رشتی مائی نے تیز تیز سانسوں میں اسے دیکھا اور بولی۔ "جو تیرے دل میں سوال ہیں ان کے جواب تو کس بارے کیوں پوچھتی ہے؟ خود ڈھونڈ۔ تیرے سوال میں اتنے سے تو بہت سے راز کھلیں گے۔ کبھی کبھی سوال سے ہی نیا سوال جنم لیتا ہے کے بارے میں جواب۔ تو شیرازی کو ڈھونڈ، جلد از جلد، اپنے بچے کو ڈھونڈ۔ جانے اشفاق تجھے پچھلی دفعہ میں کبھی سچ نہیں کہے گی، جانے ابا تال میں اور جانے کے لئے ڈھونڈنا پڑتا ہے شیرازی کو......" وہ پھر سے کھانسنے لگی تھی۔

❀❀❀

"زرش! تم نے مجھے بتایا نہیں ہے کہ ثانیہ اتنے دن سے کیوں نہیں آرہی ہے؟" تانیہ نے بے حد تھکے ہوئے انداز میں پوچھا۔
زرش پہلے تو خود کو مصروف ظاہر کرتی رہی پھر یکدم اس نے آہستگی سے کہا۔ "ثانی کا ایک ہفتہ پہلے ایک روڈ ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا تانی!"
"مگر تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں زرش؟" وہ بے یقینی سے چیخ پڑی تھی۔ اس کے چہرے پر پریشانی صاف پڑھی جاسکتی تھی۔ اس کا سانس بہت تیز تیز چل رہا تھا، جب زرش نے اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اطمینان سے کہا تھا۔
"وہ بالکل ٹھیک ہے تانیہ! میں خود اس سے ہر ہفتے ملتی رہی ہوں۔ وہ اب گھر بھی شفٹ ہوگئی ہے۔" چند ساعتوں کی خاموشی کے بعد وہ بولی۔ "تم نے مجھ سے شیریار کا نمبر مانگا تھا، اس کا کیا ہوا؟"
تانیہ نے اس کی طرف دیکھا پھر بہت بے بسی سے بولی۔ "نہیں، میں اس سے بات ہی نہیں کرسکی۔ میرے اندر اتنی ہمت ہی نہیں ہوئی کہ میں اس سے مخاطب ہوتی۔ پتہ نہیں کیوں مجھے خاموشی سے ڈر

رہی۔ زرش! مجھے اپنے آپ سے نفرت ہو گئی ہے نانی! نفرت کیا اگر مجھ میں ہمت ہوتی تو میں اپنی زندگی اپنے آپ ختم کر لیتی۔"

"نانی پلیز ایسے مت کہو۔ سنو! تم کیوں تنہا تم سے بات کرو۔ وہ تمہاری بات بہت اچھی طرح سمجھے گی۔"

"جانا نہ...... ہاں مجھے جانا نہ سے بات کرنی چاہیے۔" اسے جیسے زرش کی بات سے نئی بات ملی۔ وہ کچھ دیر کے لئے سوچوں میں غرق ہوئی، پھر سر اٹھا کر بولی۔

"زرش! تم نے مجھ سے ابھی تک حمزہ عابد کو نہیں ملوایا۔ میں بھی تو دیکھوں، وہ بندہ ہمارے جاب کی کس حد تک کاپی ہے؟"

زرش نے نم آنکھوں سے اسے دیکھا پھر بہت بے چارگی سے بولی۔ "نانی! جانی تم نے مجھے علی کے متعلق بتایا تھا۔ میں نے علی کو دیکھا تھا تو میرا دل کہتا تھا، وہ تمہاری محبت کے آگے ٹھہر ہی نہیں سکے گا۔ اور پھر اس کا دل محبت کی سمت مڑنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکے گی۔ مگر دل تم بے دین کے ساتھ چار سال بتا دیئے لیکن وہ پھر بھی تمہاری محبت تمہارے حسن کے آگے نہیں جھکا۔ مجرم تم مجھے ملیں بہت بری حالت میں۔ تم اس وقت بکھری ہوئی تھیں۔ تمہاری زبان علی کی نفرت سے تار تار ہو چکی تھی، جیسے دل کا کوئی اجاڑ گھر جس پر بلوائیوں نے حملہ کیا ہو، سب کچھ لوٹ مار کر لے گئے ہوں اور گھر میں بچا ہو تو صرف آرزوؤں کا خون، تمہیں اور کبھی نہ ختم ہونے والا سناٹا۔ میں نے جب تمہیں پہلی بار گلے سے لگایا تب میں نے دیکھا سناٹے کی بھی ایک ابریشن ہوتی ہے۔ اس دن پہلی بار میں نے سناٹے کو روتے دیکھا۔ تمہارا دل تمہاری آنکھوں میں کسی پہلی رات کی دلہن کی طرح سر جھکائے بیٹھا تھا۔ وہ پہلی رات کی دلہن، جس کا دولہا اس کا گھونگھٹ اٹھائے بغیر اسے مسترد کر گیا ہو۔ تم نے اس دن جس طرح تڑپ کر کہا۔ "علی...... علی نے کبھی مجھ سے محبت نہیں کی، وہ صرف محبت سے نفرت کرتا تھا صرف نفرت۔...... تو نانی! آج میں تمہارا ہاتھ تھام کر تم سے بھی زیادہ چیخ چیخ کر رونا چاہتی ہوں۔ کیونکہ تم خوش قسمت تھیں کہ علی نے تم سے محبت نہ کی نفرت تو نبھائی۔ مگر میرے پاس تو اپنا ایک اکیلا کچھ بھی نہیں ہے۔ کیونکہ حمزہ نے نہ مجھ سے محبت کی نہ نفرت۔ نانی! وہ تو مجھے کسی والی زید بھی نہیں سمجھتا۔ اس نے میری سادگی سے خوب کھیلا ہے۔ میں اس کی وجہ سے سوسائٹی پارٹی بن گئی لیکن اب وہ میری اسی شہرت سے چڑتا ہے۔ اس نے مجھے ٹھکرا دیا ہے نانی!...... تم نے سنا؟ اس نے مجھے ٹھکرا دیا ہے۔" زرش کہتے کہتے نانی کے سینے سے لگ کر سسک سسک کر رونے لگی تھی۔

نانیہ اس کی پشت تھپتھپانے لگی تھی۔ پھر شام کے وقت نانیہ نے اسے کسی اچھی جگہ گھومنے کے لئے تیار کیا تھا۔ وہ حمزہ اور اپنے پسندیدہ ریسٹورنٹ کی طرف نکل آئی تھی۔ مگر گاڑی ڈرائیو کرتے ہی اس کی نظر جس پر پڑی، وہ حیران کن تھی۔

جانانہ گم صم بیٹھی تھی اور حمزہ عابد اس کے سامنے ریڈ شیٹ پڑھ رہا تھا۔ وہ کاؤنٹر پر جا کر ناشتہ کے بیچ باکسر کا آرڈر چیک کیا اور میز کی طرف اشارہ کرکے وہیں بیٹھ گئی تھی اور اس کے کانوں نے حیرت سے سنا تھا۔

"میں کامیاب ہو گیا ہوں جانانہ! اس نے پھر سے گم سم واپس آکر بت کھڑا ہے کہ میں شطرنج کا کھلاڑی ہوں۔ جانانہ! تم سن رہی ہو نا؟"

"ہاں، میں سن رہی ہوں۔" بہت مدھم آواز سنائی دی۔ زرلش نے اس کا ہاتھ تھام لیا اور پہلے سے کچھ مختصر لہجے میں بولا۔

"تم اب جیسا چاہو گی شہریار اور عبدالرحمٰن کو ذلیل و خوار کرسکتی ہو۔ تم نے جس انتقام کے لیے اتنی محنت کی اس محنت کا پھل کھانے کا وقت آگیا ہے۔ جانانہ! تمہیں صرف یہ بات خوشی نہیں دے رہی کہ تم نے جس لمحے کے لیے انتظار کیا وہ لمحہ اب چند قدم کے فاصلے پر ہے؟"

جانانہ نے پہلی دفعہ اس کے چہرے کی طرف دیکھا پھر کھردرے لہجے میں بولی۔ "تم ان کو چھوڑ دو۔ مجھے اب معاملے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ لیکن اگر تم چاہتے ہو کہ ہماری دوستی برقرار رہے تو تم مجھے کسی بھی طرح اس شخص کے متعلق معلومات لا کر دو کہ وہ زندہ ہے یا......" جانانہ کی آواز ڈوب گئی۔ زرلش آگے ہو کر تھی کہ وہ نہیں دیکھ سکی اور حمزہ عابد حیرت سے بولا۔

"تم...... تمہیں کیا ہو گیا ہے بے بی؟ تم اچانک اتنی اداس اتنی تھکی ہوئی کیوں لگنے لگی ہو؟"

جانانہ نے اس کی طرف دیکھا پھر بولی۔ "جب تک تم مجھے یہ پتہ کرکے نہیں بتاؤ گے کہ شہریار زندہ ہے یا مر گیا ہے تب تک میں ٹھیک نہیں ہوں گی اور تم سے [illegible] بہتر ہے تم اب [illegible] کا پیچھا چھوڑ دو۔ مجھے کسی بھی قسم کا انتقام نہیں لینا ہے۔"

"مگر جانانہ! تم جانتی ہو میں جہاں تک آ گیا ہوں وہاں سے مڑ نہیں سکتا۔"

"تم یہ سمجھتے ہو وہ اگر نہ [illegible] مر گیا تو تم نہیں جانتے میں کیا کر گزروں گی؟"

اس نے دوپٹہ جھٹک اٹھایا اور عین اسی وقت ویٹر نے اس کے قریب باکسر تیار ہونے کا اشارہ کیا تھا۔ زرلش دوسری طرف بیٹھ گئی تھی اور جانانہ اس [illegible] باہر نکل گئی تھی۔

زرلش نے حمزہ عابد کو دیکھا وہ بیچ میں [illegible] کسی کا نمبر [illegible] کر رہا تھا۔ پھر وہاں سے دو قدم آگے چل رہا تھا۔ جب اس نے سنا وہ بہت [illegible] مخاطب تھا۔

AANCHAL.COM.PK

"سطوت جہاں! تمہاری چھٹی حس ٹھیک کہہ رہی ہے۔ وہ اب تمہارے اختیار میں نہیں رہی ہے۔ اسے کسی نے مجھ سے شیرازی کی یادوں کی طرف کھینچ لیا ہے۔ وہ عبدالرحمٰن کے لیے پھر سے زمزم کو ترسنے لگی ہے۔ وہ کہتی ہے وہ میں دنیا کو بھول جاؤں۔ تم بتاؤ کیا میں ایسا کرسکتا ہوں؟ پانچ سال سے میں جس سونے کے پہاڑ میں سے سرنگ نکال رہا تھا اب وہ کہتی ہے اس پہاڑ کو میں ڈائنامائٹ سے اڑا دوں۔ تمہیں پتہ ہے جہاں سطوت جہاں! اس دولت کے لیے کچھ بھی کرسکتا ہوں۔ مجھ پر یہ کیسے ممکن ہے؟ اپنے گھر آنے والی دولت کو ٹھکرانے کا کفر کروں؟ تم اگر سنبھالنا چاہتی ہو تو سنبھال لو اپنی سونے کی چڑیا کو....."

لمحہ بھر کو رک کر اس کی بات سننے لگا پھر خباثت سے ہنس کر بولا۔ "تم نے ٹھیک کہا ہے، میں وہی بولوں گا جو تم کہہ رہی ہو۔ گواہیاں لا! دلوا دو تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔"

اس نے موبائل آف کردیا تھا اور زرش نے کار میں بیٹھتے ہوئے ثانیہ سے کہا تھا۔

"تم جو کہنا چاہتی ہو جانتا ہوں مجھے کچھ نہ کہو۔ وہ اس وقت بالکل تپے ہوئے لوہے کی طرح ہے۔ تم جیسی چوٹ ماروگی اسی طرح مولڈ ہوجائے گی۔"

ثانیہ نے پُرخیال انداز میں اسے دیکھا پھر زرش سے بولی۔ "تم پنڈی کے بورڈنگ ہاؤس کی نوکری کا بتاؤ وہاں کیا ہوا؟"

"کیا ہونا ہے بورڈنگ ہاؤس کے تو ادارہ کے تحت بھیجا اس سے پہلے ہی رد کردیا گیا کہ وہاں اس بورڈنگ ہاؤس کی میٹرن کہہ رہی تھی مجھ سے پہلے بھی کوئی اس جگہ کے مطابق پوچھ گچھ کرچکا ہے۔ وہ حیران ہورہی تھی کہ آخر یہ سب کیا ہے۔ وہ بھی اچانک بائی لائنٹ کیوں کر ہوگئی؟ تمہیں پتہ ہے وہ تو بروقت میری کچھ ہمتی وہاں کی وہ تین گجر زمیر کی جان پہچان کی نکل آئیں۔ ورنہ خصوصی سیکورٹی آفیسر کے سامنے اگوا دیتی بیٹھے میں ہاتھوں پسینہ آجاتا۔"

"خصوصی سیکورٹی آفیسر.....؟" ثانیہ نے تشویش کھاتے ہوئے تحیر سے دیکھا اور زرش مسکرا کر بولی۔

"ہاں خصوصی سیکورٹی آفیسر تھا یا وڈ شمنگ۔ شہریار کی مسز رانیا کے سلسلے میں اس کا نام سننے میں آیا ہے۔ خصوصی سیکورٹی اسی کی طرف سے تھی۔"

"سیکورٹی کے لیے تو عدیل عبدالرحمٰن بھی کم نہیں تھے۔ میں نے سنا ہے، وہ لاہور میں ڈی ایس پی رہ چکے ہیں اور آج کل وہ یہاں واپس ٹرانسفر ہوکر آچکے ہیں۔"

ثانیہ کے جملے پر اس نے ثانیہ کو ایک نئے سرے سے غور سے دیکھا۔ "ثانیہ! تمہارے پاس کچھ معلومات ہیں شیرازی کے بارے میں؟ اگر یہ معلومات تم عدیل عبدالرحمٰن کو ٹرانسفر کروا دو جانا کہ سطوت جہاں کے متعلق زیادہ واقفیت سے پہچانی جانے لگے گی۔ سطوت جہاں پر تمہارا بھی تو ادھار رہتا ہے نا۔ علی کی نظروں میں اس نے بارہا تمہیں نادیدہ کرنے کے لیے حربے استعمال کیے تھے۔ کتنی مرتبہ

تمہارے سامنے کے رنگ سے حق کی منسٹری کے تحت غیر ملکی معاملات میں اپنے ملک کی ایک بھیانک تصویر پیش کی۔ ڈرگس کا معاملہ ہو یا حکومتی رازوں کی ترسیل ہر معاملہ ایسا ہے کہ اسے سزائے موت سے خود کو بچانا مشکل ہوگا۔ اس نے نرمی سے کہا مگر پھر تمہیں جتنا بڑا سیل کرنے کا وقت دی تھی وہ واقعی تم آسانی سے اس کی طرف پارسل کر سکتی ہو۔" عالیہ نے زیرک نگاہی سے اسے دیکھا تھا۔

اور دوسری صبح ایک لفافہ تھا جو زین نے عدیل عبدالرحمٰن کے دفتر کے پتے پر پوسٹ کیا تھا...... سطوت جہاں کے گرد وقت گھیرا تنگ کرتا جا رہا تھا۔

❁❁❁

سطوت جہاں نے زینی بی بی کو بالکل سے اغوا کروا کے سینٹر بھیج دیا تھا۔ انہیں لگتا تھا اگر وہ یہاں رہی تو بہت سے راز کھلنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ حریم عافیہ کے زینی بی بی سے ملنے کے بعد مسلسل ان کے اندر جوار بھاٹا اٹھ رہا تھا۔ پھر کچھ دنوں سے انہیں لگ رہا تھا ان کی بہت خفیہ قسم کی سرگرمیاں چیک کی جا رہی تھیں۔ ایک دو لڑکیاں بھی اغوا ہوئی تھیں۔ مگر دو دن بعد وہ آزاد ہو کر واپس آگئی تھیں۔ معلومات کرنے پر پتہ چلا انہیں اغوا کے بعد کہاں رکھا گیا، کس طرح رکھا گیا، انہیں کچھ نہیں پتا تھا ایک بے ہوشی کی جو کھلی تو وہ شیدا مارٹی کی عمارت کے سامنے کھڑی تھیں۔ سطوت جہاں نے اوپر سے نیچے تک ایمان باور دینے تھے مگر ہر طرف سے جواب ندارد آیا تھا۔ کسی پر کسی بھی طرح کی اندرونی دشمن کے ہر سیل کے متعلق سرگرمیوں کی کوئی تفصیل نہیں تھی۔

عدیل عبدالرحمٰن نے خالی آنکھوں سے اس کی طرف دیکھا۔ پھر بھرائے لہجے میں بولے۔ "نیکی...... میرے شہریار نے ساری عمر نیکی کمانے کے سوا کیا ہی کیا ہے۔ پھر بھی ان کا دامن...... ان کا خالی دامن دیکھ کر میرا دل دہلنے لگتا ہے۔"

مامون عبدالکریم کچھ نہیں بولا۔ ان کی پشت تھپکتا رہا۔ عدیل عبدالرحمٰن کا موڈ معمول پر آیا۔

جلد ہی وہ معمول کے مطابق کارروائی میں گم تھے۔ آدھے گھنٹے بعد وہاں پانی لازمہ سے مل چکا تھا۔ وہ جم خانہ کے گھر میں پارٹی میں کھینچی گئی تصویر تھی۔ مازنہ نفوس کو بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔ پھر اس کے لب ہلے تھے۔

"وہ پہلی ہی تھی ماما جی۔ بہت سال پہلے کی بات ہے لیکن وہ بچی ہی تھی۔ بڑی نفیس اور بہت خوب صورت تھی۔ اب اس لڑکی میں کتنی تبدیلی آ گئی ہے کہ خود شاک ہوئی ہیں۔"

اس نے اثبات میں سر ہلایا اور خاموشی سے سائڈ کا اپنا خانہ ایک طرف کر کے گھر چلا گیا۔ عدیل عبدالرحمٰن یہاں رشنی بانی کی بہت حوصلے سے دینی کی خوشی جانے کی اطلاع پا گئے تھے۔

"مرا وہ بچی تو مسٹر کی ہی ہے۔ رشنی بانی کو اس بات کی وار نے بچانے سے انکار کر دیا۔"

عدیل عبدالرحمٰن سر ہلا کر روم کے باہر کھڑے رہے تھے۔ یہاں تک کہ ڈاکٹرز کی ٹیم باہر آ گئی۔ پھر معلومات شیئر کرنے لگی۔

"آپ وہ بہت بہتر ہیں۔ بہت مزید گفتگو کرنے کے قابل ہیں۔ جو کو جانا چاہتے ہیں وہ جا سکتے ہیں۔"

عدیل عبدالرحمٰن، مامون عبدالکریم کے ساتھ اندر داخل ہوئے۔ رشنی بانی نے انہیں دیکھا تو دیکھتی رہ گئی۔

"میں نے سنا ہے تم ابھی تک میری بہن کے قاتل کو گرفتار نہیں کر سکے......" لمحہ بھر رکی، پھر بولی۔ "میں پہلے جانتی تھی اسے گرفتار کرنے کے لیے دس قتل کے بھی گواہ ہوں تم تب بھی اسے گرفتار نہیں کر سکتے کیونکہ اس کے بڑے بڑے لوگوں سے اتنے گہرے تعلقات ہیں کہ کوئی اس کی گرد کو بھی نہیں پا سکتا۔ وہ سر عام بھی قتل کر دے تب بھی تم کچھ نہیں کر سکتے۔ تم کچھ نہیں کر سکتے۔ اب میں نے سچ بولا ہے تب بھی تم مجبور ہو۔"

عدیل عبدالرحمن نے رشی مائی کی طرف دیکھا، پھر آہستگی سے بولے۔ "آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ یہ صرف جھوٹ ہے، وگرنہ میں کسی بھی لمحے اسے ایک مجبور کیڑے مکوڑے کی طرح گرفتار کر سکتا ہوں۔ لیکن ابھی اس کا وقت نہیں آیا۔" لمحہ بھر رک کے پھر آہستگی سے بولے۔ "جو بیان آپ کی زبان سے بیان ریکارڈ کیا تھا وہ حرف بہ حرف درست ہے تو پلیز اس پر دستخط کر دیجئے۔" انہوں نے وہ بیان کی کاپیاں لیے لفافہ نکال کر سعد سان کے سامنے رکھیں اور رشی مائی نے بناچوں چرا اس پر دستخط کر دیئے۔ پھر آہستگی سے بولی۔

"میں نے جلد رن ہوم کا پتہ غلط بتایا تھا، پتہ نہیں مجھے یہ کیوں لگتا تھا کہ اگر میں نے صحیح پتہ بتا دیا تو میں آپ کے لیے غیر ضروری ہو جاؤں گی اور آپ اس شخص کی طاقت کے آگے میری مظلوم بہن اور مظلوم انسان کے قتل کا کیس داخل دفتر کر دیں گے۔ اگر میں آپ کے لیے معلومات دینے کے لحاظ سے کارگر رہی تو ہی آپ مجھ سے رابطہ رکھیں گے اور تبھی میں آپ سے التجا کر سکوں گی کہ بے گناہوں کا قتل معاف کر دینے والے بھی قاتل سے کم نہیں ہوتے۔"

عدیل عبدالرحمن نے ایک لفظ نہیں کہا، نرم سے سعد سان کا کندھا تھپتھپاتے رہے۔ "آپ بے فکر رہیں، آپ میرے لیے قابل احترام ہیں۔ آپ ٹھیک ہو جائیں تو آپ کا بندوبست نیلم خانم نے اپنے گھر میں کر رکھا ہے، بلکہ آپ کے سارے علاج کی ذمہ داری بھی انہوں نے ہی اٹھا رکھی ہے۔"

"خانم...... وہ جنتی عورت ہے۔ میں ساری عمر اس لڑکی کا احسان نہیں اتار سکتی۔" رشی مائی نے گہرا سانس لیا، پھر آہستگی سے بولی۔ "جانے کا شیرازی سے ایک بیٹا تھا۔" جلد رن ہوم کا پتہ بتا چکی تو پھر سے دکھ سے بولی۔ "شیرازی...... وہ بھی ایک لڑکا ہی تھا۔ ہمارے ہی محلے کا تھا لیکن بہت نیک خصلت، میرا ایک کام نگار کوشش کے باوجود اس کے اندر ہمارے محلے کی ایک بھی خصلت نہیں آ سکی تھی۔ وہ عورت کی عزت کرتا تھا۔ یہی بات مجھے اس کو عزیز رکھنے کے لیے کافی تھی۔ وہ مجھے مائی کہتا تھا۔ پڑھا لکھا تھا۔ کچھ کچھ دنیا سے سیکھ گیا تھا۔ ایک بار میں بہت بیمار پڑ گئی تھی، تب اس نے ایک تعویذ میرے گلے میں ڈالا تھا، کہتا تھا تعویذ جانے نے اسے بڑے پیر صاحب کے دربار سے لا کر دیا تھا کہتی تھی، جب تک یہ تیرے گلے میں رہے گا تیری حفاظت ہوتی رہے گی۔ پر میں پگلی اس کی اس بات کو

کبھی نہیں اور یہی وہ تعویذ کا دیا تھا کہ......" مائی زلیخی رونے لگی اور عدیل عبدالرحمٰن نے جان لیا کہ مائی زلیخی اس وقت عقل سے زیادہ صرف اندر کے جذبات میں بہنے لگی ہیں وہ اگر ایک غیر ضروری معاملہ بیچ میں نہ لے آتیں ما ایک لمحے کو انہوں نے تو جسم سے دیکھا پھر نرمی سے بولے۔

"مائی زلیخی! کیا جانا نہ کے بچے کے گلے میں وہ تعویذ ڈالا جائے تم نے وہ جو پانی کا ان کے ذکر پہ تجسس ہیں یا وایا؟"

وہ نفی میں سر ہلانے لگی پھر آہستگی سے بولی۔ "پتہ نہیں کیوں، مجھے شیراز تو نہیں سمجھا۔ جب جانا شیراز کا نام لے کر وہ جو میرے اندر اس سے زیادہ وہ گمان بیٹھتا ہے۔ میرا دل کہتا ہے کہ اگر میں وہ تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیتی تو اس کی حفاظت ہو رہی تھی۔ تمہاری ماں بھی نہیں وہ بچہ یہاں ہوگا اور یہ تعویذ...... یہ میرے گھٹنے میں پڑا ہے۔ عجیب طرح کی خود غرضی آگئی تھی اس لمحے مجھ میں۔ میں نے بچے کو چھوڑ کر اپنی حفاظت کو سوچا اور بس وہیں مار کھا گئی ایک عام عورت سے بے وقوف"

عدیل عبدالرحمٰن نے پھر سے اسے جسم سے دیکھا اس کے سر پہ ہاتھ رکھا پھر نرمی سے بولے "مائی زلیخی یہ صرف تمہاری سوچ تھی۔ جو طے ہے زندگی اور موت یہ سب پہلے سے لکھی ہوئی ہیں۔ جس نے جب جیسے جانا ہے وہ سب طے ہے۔ کوئی حیلہ بہانہ ہم روہ اس وقت تک ہی کو سہارا سکتا ہے جب تک حکم کا فیصلہ نہ آ جائے اور جب اوپر سرکار سے فیصلہ آ جائے تو پھر کوئی کسی کو روک نہیں سکتا۔ یہ تمہاری محبت تھی کہ تم نے اس تعویذ کو اتنی اہمیت دی اس کے بارے میں ایسا سوچا۔"

ماسون عبدالکریم کو جانے ان جملوں سے اچانک کیا ہوا تھا وہ بہت تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔

عدیل عبدالرحمٰن نے اس کے جانے کو غور سے دیکھا تھا پھر مزید قطعیں سے وہ باہر آگئے اور وہ بہت غیر متوقع طور پہ گراؤنڈ میں کھڑا ڈیوٹی اسموکنگ کر رہا تھا۔

"کیا ہے مسٹر ماسون! ڈیوٹی کے خلاف اور وہ بھی اسموکنگ۔ آپ اسموکنگ کب سے کرنے لگے؟"

"کبھی کبھی سر! جب بہت شدید ذہنی ٹینشن ہو جاتا ہوں تو......"

"میں پوچھ سکتا ہوں آپ اس وقت کس بات سے ٹینس ہو گئے تھے؟" عدیل عبدالرحمٰن کا لہجہ سخت اور ترش تھا۔

ماسون عبدالکریم نے ایک نظر ان کے چہرے کی طرف دیکھا پھر بہت ٹینس لہجے میں بولا۔ "سب کچھ پہلے سے لکھا ہوا ہے سر! تو پھر کوئی چاہے کہ وہ جس سے محبت کرتا ہے وہ تمام عمر اس کا رہے

بند تس میں جکڑ کر کے کہ کوئی کوشش کامیاب نہ ہونے دے۔ ہمیں کہ بچھڑنے کی تو سر! یہ لازمی ہے۔ یہی۔ لیکن اگر میرا دل چاہے، وہ منظر کبھی بھی آئے لیکن وہ منظر...... بچھڑنے کا وہ منظر میری زندگی کے کنارے سے سمٹ کر میری بے بسی کے دائرہ اختیار میں نہ آئے تو سر! کوئی دل گرفتہ کیا کرے؟ کسی کو صبر کی تاکید کرنا آسان ہے سر! لیکن وہ صبر کا مقام ہماری زندگی میں بھی رائٹ ٹائم پر آئے تو ہمیں وقت سے شکوہ ہو جاتا ہے سر! اور...... اور پل میں اس احساس سے دل گرفتہ ہو گیا تھا سر! کیا ہم آن ڈیوٹی کسی فیملی کا سوگ بھی نہیں کر سکتے؟"

"ہامون! کوئی خاص بات؟" عدیل عبدالرحمٰن نے اس بار نرمی سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور پوچھا تو اس کی آنکھوں میں نمی پھیل گئی۔

"میری ماں کی طبیعت آج کل خراب ہے سر! ان کے نئے ٹیسٹ کی رپورٹ آگئی ہے اور ڈاکٹر ان کے بائی پاس کی بات کر رہے ہیں۔ اور آپریشن دل کا ہو تو سر! سو فیصد گڈ چانس پر بھی دل کانپ سی جاتا ہے سر! اور میں بھی آج کل ایسے ہی ذہنی کرب سے گزر رہا ہوں۔ میں ذہنی طور پر چاہ کر بھی کسی بھی ناگہانی خبر کے لیے خود کو تیار نہیں پاتا سر! خود مر جانا کتنا آسان لگتا ہے نا، لیکن ہم جن سے محبت کریں، ان کے بارے میں خواب میں بھی کچھ ایسا دیکھ لیں تو پھر کئی منٹوں تک ہمیں نیند نہیں آتی جیسے جڑ سی ہو گئی ہے۔"

عدیل عبدالرحمٰن نے کچھ نہیں کہا تھا اور خاموشی سے چلڈرن ہوم کا پتہ لے کر باہر نکل گئے تھے۔ مگر سارے ریکارڈ کھنگال لینے پر بھی انہیں جانانہ کے بیٹے کے بارے میں کوئی کلیو نہیں ملا تھا۔ جو بچے ایڈاپٹ کیے گئے تھے، ان بچوں کے متعلق بھی یقین سے یہ کہنا کہ ان میں سے کوئی بچہ جانانہ کا بیٹا ہو سکتا ہے، ناممکن تھا۔ پرانا اسٹاف اکثر جا چکا تھا یا وقت گزرنے کی وجہ سے اپنی یادداشت پر بھروسہ نہیں کر پا رہے تھے۔ اور جو تھے وہ اپنے کام سے اتنے بیزار تھے کہ ان کی مدد کرنے پر آمادہ نہیں تھے۔ ایک ہی جواب تھا "ہم نہیں جانتے۔ ان برسوں میں لاکھوں نہیں تو ہزاروں اور ہزاروں نہیں تو سینکڑوں بچے چلڈرن ہوم میں آتے تھے، پھر کسی خاص یا مخصوص نشانی کے بنا یہ معلوم کرنا کہ وہ بچہ کون ہے، یہ احمقانہ سوال ہے۔" عدیل عبدالرحمٰن بھی اس جواب کی صحت پر یقین رکھتے تھے سو ناکام ہو کر واپس لوٹ آئے تھے۔

❀❀❀

تیمور کی آنکھ کھلی تو کمرے میں لیمپ کی ہلکی روشنی جگمگا رہی تھی۔ اس نے گھڑی دیکھی رات کے آٹھ بج رہے تھے۔ وہ نو بجے کا سویا ہوا آٹھ بجے جاگا تھا۔ پھر اٹھنے کا ارادہ کر رہا تھا کہ اچانک ایک دم سے لائٹ آن ہو گئی۔ عدیل عبدالرحمٰن دو کپ لیے کھڑے تھے۔

”کافی میرے خیال میں، میں نے تمہیں ڈسٹرب نہیں کیا بھیا جان؟“

وہ مسکرا کر اٹھ بیٹھا، پھر پھیکے سے لہجے میں بولا۔

”بڑے بھیا! آپ بھی ناں، اتنی محبتیں دیتے ہیں اور پھر اس بات پر بھی مصر رہتے ہیں کہ کوئی آپ کی شان میں قصیدہ بھی نہ پڑھے۔“

عدیل عبدالرحمن ہنستے ہوئے اس کے بیڈ پر بیٹھ گئے، پھر شرارت سے بولے۔ ”بیٹا! یہ بھی حفظ ماتقدم ہے۔ ورنہ تم نے شاہی دربار میں قصیدے کی پذیرائی پر کوئی بڑی چیز مانگ لی تو؟ بعد میں وعدے سے تو مکرنے سے رہا ناں۔ ویسے تم موقع ملنے پر کیا مانگتے؟“

اس نے کافی کے بھاپ اڑاتے کپ کو ہونٹوں سے لگایا، پھر گہرے لہجے میں بولا۔ ”شانی اور زندگی۔ مگر آپ واقعی دونوں چیزیں دینے میں ناکام رہتے۔“

عدیل عبدالرحمن کے چہرے پر ایک سایہ سا آ کر گزر گیا۔ انہوں نے کپ تپائی پر رکھ دیا، پھر اسے کندھوں سے تھام کر بولے۔ ”تم اسے بھول نہیں سکتے شیری؟ محبت کو ایک اور چانس دو گے ناں خود کو؟“

وہ ہنسنے لگا۔ بے ساختہ ہنسی رکی تو اس کی آنکھیں پانی سے لبالب بھری ہوئی تھیں۔

”محبت کو ایک چانس اور دوں، زندگی کو مگر کس زندگی کو؟ کیا واقعی اس ہتھیلی میں یہ لکیر لکھی ہے؟ بڑے بھیا! خوش گمانی سے باہر نکلئے۔ یہاں زندگی نہیں ہے اور آپ ایک محبت کا چانس اور لینے کی بات کر رہے ہیں۔“ وہ لمحہ بھر کو رکا، پھر گہرا سانس لے کر بولا۔ ”اچھا ہی ہوا ناں بڑے بھیا! شانی کی زندگی میں، میں پلٹ کر نہیں گیا۔ اگر واقعی وہ میری محبت میں مبتلا ہو جاتی تو خواہ مخواہ جاتے جاتے بھی بھاری رہتا کہ میں کیا ہوں جو ساتھ لے جا سکتا ہوں اور کیا ہے جو میں نہیں لے جا پا رہا۔ بڑے بھیا! محبت بہت ظالم ہے۔ یہ جب بھی کسی دلربا لمحے سے رہا ہوتی ہے ناں تو پیچھے سے ہمارا دل لے لیتی ہے۔ ہمارے دل کو مسخ کر لیتی ہے، پھر اپنی ناخنوں سے ہمیں ستاتی رہتی ہے، ہر فرمائش پر کہتی ہے کہ اس سے محبت زیادہ پاور فل ہو جائے گی۔ مگر جانے کب کھلتا ہے محبت خود طاقت ور ہو جاتی ہے اور ہمیں کمزور کر دیتی ہے۔ اور میں خوش ہوں، میری محبت نے صرف میرا دل مسخ کیا، شانی کو محبت دی اور یہ بھی چاہت کرنے والے جانتے ہیں محبوب کو خوش دیکھ کر دل کتنی انوکھی خوشی محسوس کرتا ہے۔“

عدیل عبدالرحمن گم صم بیٹھے تھے۔ انہوں نے احتیاطاً کوئی ردعمل نہیں دیا تھا اور بہت دیر بعد بولے تھے۔ ”کافی پی لو تو ہم سوا سے ملنے ہاسپٹل چلیں گے۔ تمہارے زخم کی بینڈیج بھی کروانی ہے۔“

وہ خاموشی سے کپڑے لے کر واش روم میں گھس گیا تھا۔ دس منٹ بعد وہ ان کے ساتھ جیپ میں بیٹھا تھا اور عدیل عبدالرحمن بھرائے لہجے میں بولے تھے۔

"مسعود کی بیٹی کلائنٹ کی بنی ہے ہم نے۔ تمہیں پتہ ہے، وہ بچی کہاں ہے؟"

شہریار نے رابطہ کیا اور جب جواب ملا تو حیران رہ گیا۔

"یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ وہ تو......" اس نے ادھورا جملہ کہا اور عدیل عبدالرحمٰن تھکے ہوئے سے بولے۔ "تمہیں پتہ ہے، جانتا کس کی بیٹی ہے؟" لمحہ بھر رک کے پھر گویا ہوئے۔ "میں نے پتا نے ریکارڈ کھنگالے ہیں وہ شبنم عاقب کی بیٹی کہاں ہے، یہ سوال اب اولین سوال نہیں ہے۔" عدیل عبدالرحمٰن تفصیل بتانے لگے اور وہ تحسین آمیز انداز میں انہیں دیکھتا گیا۔

"آپ نے تو کمال ہی کر دیا، لینڈ مافیا والوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ آپ وہاں تک کیسے پہنچ گئے؟"

عدیل عبدالرحمٰن مسکرائے پھر بولے سے بولے۔ "میں اتنی دور چلا گیا تو رابعہ کا کیا ہوگا جانِ من؟"

"بڑے بھیا! فریب کی نظر چیک کروا لیجئے، میں اور جانِ من؟ کیوں مذاق کرنے لگے ہیں؟"

"بکواس۔ تمہیں کیا پتہ تم کتنے عزیز ہو مجھے، اگر اختیار ہوتا تو تمہیں گود لے لیتا۔"

"آپ بھی تو ایسا ہی ہے بڑے بھیا!" اس نے ان کے کندھے سے سر ٹکا دیا پھر اندر دافعتی میں سے کہہ... "آپ کی محبت میرے لئے طاقت کی طرح ہے۔ آپ میرے ساتھ ہوتے ہیں تو مجھے لگتا ہے، میں کچھ نہیں ہار سکتا۔"

عدیل بھائی اس کو دیکھنے لگے اور وہ ایک دم یاد آنے پر سیدھا ہو کر بولا۔ "وہ تھوڑے پہلے میں ڈرائنگ روم میں بیٹھا تھا تو میں نے ممّا کو ایک بات کرتے سنا تھا۔ کیا یہ بات سچ ہے بڑے بھیا؟"

عدیل عبدالرحمٰن نے چونک کر اسے دیکھا۔ "کون سی بات؟" وہ واقعی نہیں سمجھے تھے اور وہ ان کے کندھے سے سر اٹھا کر بولا۔

"پچھلے عرصے کی آبادی میں اضافے کی خبر۔ ... میں تو شوق سے پاگل ہی ہو گیا تھا... دونوں تو تمہیں میری طرف سے قطعی بے خبر تھیں۔ آپ تو جانتے ہیں ہم جہاں جاتے ہیں بڑی خاموشی سے جاتے ہیں۔ بڑے بھیا! پچھلی بات... عدیل جعفر کا حوالہ بہت لیٹ ملا آپ نے اکلوتی بیٹی قتل ہو گئی ہے۔"

عدیل عبدالرحمن ہنس دیے اور شہریار کو چھیڑنے لگے۔ "واہ.....آپ تو مشرقی لڑکی کی طرح شرمانے بھی لگے ہیں، بڑے ہو کے ہی سہی آپ کو سمجھ آئی۔"

"شہریار! بچو گے اب تم۔ میں یہ بھول جاؤں گا کہ تم زخمی ہو۔"

"آپ بھی کبھی کبھی نہ بچہ ہی سمجھتے ہیں کہ میں شہریار ہوں، آپ کا سب سے لاڈلا بھائی۔"

عدیل نے مسکرا کر گہری نظروں سے اسے دیکھا پھر مصنوعی خفگی سے بولے۔ "تم مجھے بھی تم جیسا سمجھتے ہو، بات بدل کر کیا سمجھتے ہو مجھ سے میری نظر ہٹا سکتے ہو؟ یہ تمہاری بھول ہے۔"

"بھول ہی سہی مگر سب بچے رہتے ہیں استاد جی کی طرح میری ایسی کوئی بھول مجھ تک نہیں آئے گی۔"

"شہریار.....! تم کچھ دکھ سے دوچار نہیں ہو؟"

"میں تو شروع سے ہی دکھی ہوں، بس کوئی اس بات کا اندازہ نہیں کرتا۔" اس نے کہا اور اٹھنے کی کوشش کی لیکن تکلیف کی وجہ سے بازو اس نے فوراً ہی ڈھیلے چھوڑ دیے تھے۔

"بہت زیادہ درد ہو رہا ہے؟" عدیل بھائی کے چہرے پہ غم آ گیا اور وہ بے حد سنجیدہ ہو کے بولے۔

"بہت کچھ ہو رہا ہے اندر، صبح سے بھوکا ہوں اور آپ نے صرف کافی پلا دی ہے۔ مجھے اس بات کا غم کھائے جا رہا ہے۔"

عدیل بھائی نے مسکرا کر جیب ٹٹولی، اس کے لیے چکن ونگز کا آرڈر بھیجا، وہ کمرے سے باہر جانے ہی والے تھے کہ دروازہ کھلا، شہریار نے اندر داخل ہونے والوں میں سب سے پہلے عاطف بیگ پر اس کی نظر ٹھہر گئی تھی۔

"تم.....ابھی تک گئے نہیں؟"

عاطف بیگ سونیا کے ساتھ کھڑا تھا، اس کے چہرے کے اندر کوئی لفظ تھا کوئی شرمندگی، وہ جو کہنا چاہتا تھا کہہ نہیں پا رہا تھا، وہ بالکل خاموش کھڑا تھا۔

"کیا ہوا، بتایا بھی نہیں، شادی سے پہلے ہی سونیا نے اپنی پسند بدل دی ہے کیا؟"

"پلیز شہری بھائی، ایسا تو نہ کہیں۔"

AANCHAL.COM.PK

"تو پھر کیا کہوں، Sis؟" وہ شوخ ہوا۔ عاطف بیگ نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا اور پھر بند کر لیا۔ "کتنے دن کے لئے آیا ہے؟"

"ہمیشہ کے لئے۔"

"کیا مطلب؟" شہریار واقعی حیران ہو گیا تھا۔ تب اس نے کہا۔

"تم دونوں کیا لے کر بیٹھے ہو۔ عمر کے مارنے سے فرصت کب ملتی ہے؟ میں نے سوچا میں تو بھاگ دوڑ ہی میں تھک جاؤں گا سو کراچی ہی شفٹ ہو جاؤں گا۔ یہاں زکریا بھائی کے کراچی کے بزنس کی دیکھ بھال کروں گا۔ امی میرے ساتھ رہیں گی۔ بہنوں کی تو شادیاں ہو گئی ہیں [illegible] اب ہم دونوں بھائیوں میں تھوڑی تھوڑی بہت ساری محبت کے ساتھ تقسیم ہو گئی ہیں۔"

"سونیا کا بتایا تو نے انہیں؟" شہریار نے سوال کیا اور وہ ہنس کر رہ گیا۔

"مجھے کیا لگتا ہے ان کے بغیر میں کوئی فیصلہ لے سکتا ہوں؟ ہاں بس ان کا فیصلہ اپنے حق میں کرنے کے لئے تھوڑی بہت بلیک میلنگ کرنی پڑی تھی۔"

"خبیث...... خود غرض بات؟" شہریار نے اس کے بال مٹھی میں پکڑ کر جھٹکے دئیے اور وہ قہقہہ لگا کر ہنسی کرتا رہا۔

"بہت زیادہ بلیک میلنگ کرنی پڑی تھی۔ پہلے تو زکریا بھائی بھی نہیں مان رہے تھے۔ لیکن جب فیملی کی کہانیاں سنائیں [illegible] کی دھمکی دی تو امی اور زکریا بھائی مان گئے۔"

"حالانکہ اگر وہ [illegible] خود کشی کی کوشش کا سبب [illegible] کی حیثیت سے زیادہ بھی تھی۔"

"خبیث...... تو لگتا ہے میری ناخن کے چاول کھانے کے لئے تیاری بیٹھا ہے۔" اس نے غلطی سے اس کے کندھے پر مکا جڑ دیا جس پر زخم تھا۔ سو شہریار "اوف" کی آواز کے ساتھ دوہرا ہو گیا تھا۔

"شہریار...... سوری یار، مجھے تو نہیں معلوم تھا۔"

شہریار نے تکلیف سے اس کے چہرے کی طرف دیکھا پھر ہونٹ بھینچ کر بولا۔ "ویسے یہ معلوم کرنے کا کون سا اچھا طریقہ تھا؟"

سونیا عاطف کو دونوں طرح سے واقف رہی تھی اور شہریار سے بے قراری سے پوچھ رہی تھی کیا سے تکلیف زیادہ تو نہیں ہے؟

وہ معاف کر چکا تھا۔ پھر آگے کر کے کھینچ عاطف کے قریب سے گزرتا شرارت سے بولا۔ "اچھا بھائی زندہ رہو [illegible] بہت بڑی ہے......"

"بہنیں ایسی ہی ہوتی ہیں۔"

شہریار نے زور سے قہقہہ لگایا تھا مگر یکدم سنجیدہ ہو کر اٹھا کیونکہ بہت زبردست ٹیس اٹھی تھی۔ پھر عاطف اور سونیا اس کے قریب کھڑے تھے، جب اس کی شرٹ اتاری گئی۔ سونیا کے ساتھ خود عاطف کی بھی اس کی تکلیف سے آنکھیں نم ہو گئی تھیں۔ اس کی بینڈیج خون سے بھر گئی تھی اور عاطف کے مردانہ ہاتھوں کی طاقت کی وجہ سے ٹانکے پھر سے رسنے لگے تھے۔

"ٹانکے دوبارہ لگانے پڑیں گے۔" ڈاکٹر نے سنجیدگی سے کہا۔ "آپ کا یہ خون کیسے نکلا؟" ڈاکٹر نے پھر سوال کیا اور شہریار، عاطف کو دیکھ کر مسکرا کر بولا۔

"بس بھائی نے محبت کا مظاہرہ کیا تھا اس لیے۔"

"مسٹر عاطف! آپ نے کیئرلیس کیا آپ؟"

شہریار نے ہونٹ بھینچ لیے تھے۔ خنجر کا بھاگا نکالا گیا تھا۔ زخم کی صفائی کے بعد سرے سے ٹانکے لگے تھے۔ شہریار کا چہرہ تکلیف سے سرخ ہو گیا تھا گو اس نے ہلکی سی کراہ بھی نہیں نکالی تھی۔ عاطف اس کی طرف سے پشت کر کے کھڑا تھا۔ سونیا روم سے ہی باہر نکل گئی تھی۔ ڈاکٹر کام ختم کر کے گیا تو شہریار کو شرٹ پہنانے میں عاطف نے پوری تابعداری سے محبت نبھائی۔

ڈاکٹر کمرے سے چلا گیا تو شہریار نے اسے دیکھ کر کہا۔ "معاملہ کیسا ہے؟"

"پہلے سے بہت بہتر ہے۔ اب بخار سے ہوش بھی آ گیا ہے۔"

شہریار نے کچھ اور پوچھنے کے لیے ہونٹ کھولے اور بند کر لیے۔ عاطف ایک ڈائیاں تمام جذبات اس کے اندر ہی دب کر رہ گئے۔ دوسرے دن ابیل جانے میں بھی خاموش پڑی تھی، وہ اس کے جذبوں پر آ گئی۔

"معاملہ تمہارا ٹھیک ہے مگر یہ بتاؤ ان کی اُنی کیوں ڈر رہی ہے؟"

"کیا مطلب؟" شہریار نے انجان بن کر اسے دیکھا۔ پھر مخصوص لہجے میں بولا۔ "بھئی دونوں ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں، ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں میرے بھائی! بس اس لیے۔"

"بس اس لیے اور تمہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا؟" عاطف بیگ نے اسے عجیب نظروں سے گھورتے ہوئے کلائی تھام لی اس نے پوچھا۔ عاطف رو دیا۔

"خیریت؟ ڈرو مت کہ تمہیں اب کلائی مروڑ دینی چاہیے۔ سونیا کی کلائی کا چانس دو بار۔"

"تم نے بھی "کوئی ان" میں ایک دفعہ شافی کا ذکر بہت دل سے کیا تھا۔"

"میں تو ہر ایک کا ذکر بہت دل سے کرتا ہوں۔ ویسے اس دن یہ بات کنفرم ہو گئی تھی کہ میں نے اس کا ذکر جسٹ فار جوکنگ کیا تھا یار......"

"یہ صرف مذاق ہے جو تمہارے والٹ میں اس کی تصویر کیا کر رہی ہے؟ میں نے خود تمہارے والٹ میں یہ تصویر دیکھی ہے۔"

شہریار کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ بینا لنک والا منظر پھر سے ذہن میں آ گیا تھا۔ اس نے پہلی فرصت میں تصویر والٹ سے نکال کر رکھنے کا عندیہ دیا تھا شاید۔ یہ کیا کہ مرنے کے بعد آپ یکدم ہی ایکسپوز ہو جاتے ہیں۔

عاطف بیگ اس کی سوچتی آنکھوں کے حصار میں اس کے قریب آ گیا تھا پھر ذرا پیچھے ہٹ کر بولا۔ "کیا والٹ سے تصویر نکال دینے سے وہ تمہارے دل سے بھی نکل جائے گی؟"

شہریار کھڑے ہوئے سے قریب پڑی کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔ "تم کیا سننا چاہتے ہو مجھ سے؟" اس نے تھکے ہوئے لہجے میں کہا۔

عاطف بیگ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا پھر سنجیدگی سے بولا۔ "تم وہی کیوں نہیں کہتے کہ جو سچ ہے۔ اور سچ یہی ہے کہ تم شافی سے بے پناہ محبت کرتے ہو۔"

شہریار نے گہرا سانس لیا پھر خالی لہجے میں بولا۔ "اگر مجھے کمزور ہو کر، رنجیدہ ہو کر کہانی میں کوئی شکست آ جانا ہے تو میں بہت دفعہ ہار چکا ہوں۔"

"پھر تم بھی اسی دور کی طرح ایثار پسندی کا مظاہرہ کرنے پر کیوں تلے ہوئے ہو؟"

"کیسی ایثار پسندی؟ وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں پھر میں خواہ مخواہ ہی انٹری کیوں دوں؟"

عاطف نے پھر کچھ نہیں کہا تھا اور وہ دونوں باہر آ گئے تھے۔ پھر حامد کے کمرے میں وہ دونوں ایک ساتھ داخل ہوئے تھے۔

"کیسے ہو شہزادہ جوان؟" عاطف نے مسکرا کر شوخ لہجے میں پوچھا اور حامد نے شہریار کی طرف دیکھا۔

"تم کیسے ہو شیریں؟ بے ہوش ہوتے وقت میرے ذہن میں بس ایک ہی خیال تھا کہ پتہ نہیں میں تمہیں ریسکیو کر سکا ہوں یا نہیں؟ شکر ہے میں ناکام نہیں رہا۔"

شہریار اس کے سامنے پڑی کرسی پر بیٹھ گیا پھر ٹھہرے لہجے میں بولا۔ "اگر تم میری وجہ سے کچھ ہو جاتا تو میں شاید کبھی خود کو معاف نہیں کر پاتا۔"

AANCHAL.COM.PK

"بہت ہی جتنی محبت کے تم قابل ہوتا تو میں ابھی تمہارے کام بھی چھین لیتا۔"

عاطف دونوں کو دیکھتا ہوا کچھ بیزاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شرارت سے بولا۔ "چھوڑ بے بس سنانی افسانے کا خیال ترک کر دو بچے۔ یہاں لیلیٰ مجنوں کا سوپ اوپیرا چل رہا ہے۔ ہم دونوں شاید کرے میں اضافی کرداروں کی طرح لگ رہے ہیں۔"

شہریار نے عاطف کو جھنپ کر ہاتھ جڑا ہوا تھا اور شانی معاملے کے لئے سوپ نکالنے لگی تھی۔ شہریار کچھ دیر تک بیٹھا پھر عاطف کو چھوڑ کر وہ باہر آ گیا۔ اپنی کار کی طرف بڑھ رہا تھا کہ اس کے موبائل پر بیپ ہوئی۔ اس نے کال ریسیو کی اور تیز تیز سانسوں کی آواز اس کے دل میں برچھی سی چل گئی۔ وہ خاموش تھی مگر اس میں جذبہ بولتا تھا۔ یہ کال اسے کافی دنوں سے ستا رہی تھی۔

"کون ہیں آپ؟ اور مجھ سے کیا چاہتی ہیں؟"

"شہریار کیا تم مجھ سے مل سکتے ہو؟" پہلی بار نسوانی سانسیں لفظوں سے پُر ہوئی تھیں۔

"کون۔۔۔۔۔کون ہیں آپ؟" اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ کیا یہ وہی آواز ہے جو وہ سمجھتا تھا؟ کیسی ہی آواز سنتی ہی وہ ٹھٹکی پھر اچانک۔۔۔۔۔

"کہاں ملنے آؤں؟" وہ بے تابی سے پوچھا۔ وہ آواز اسے ملنے کا راستہ سمجھانے لگی۔

وہ آدھے گھنٹے بعد اس سے ملنے پارک میں پہنچا تھا۔ بہت کمزور سی وہ لڑکی۔۔۔۔۔ بیک وقت بہت سارے جذبات سے گھیر گیا۔

"تم۔۔۔۔۔تم زندہ ہو؟" حیرت ایک ایک لفظ سے ٹپک رہی تھی۔

سامنے بیٹھی لڑکی کی آنکھوں میں سیلاب آ گیا تھا۔ "میں نے دنیا میں کوئی کام اچھا نہیں کیا لیکن سب سے برا کام جو میرے اعمال نامے میں لکھا جا چکا ہے وہ تمہاری بیوی سے کھیلنا تھا۔ شاید اسی کی سزا ملی ہے مجھے جو میں آج۔۔۔۔۔"

"پلیز وجیہہ ایسی باتیں مت کریں۔ میں آپ کی آج بھی اتنی عزت کرتا ہوں جتنی پہلے کرتا تھا۔"

"تم اب بھی میری عزت کرو گے اگر میں کہوں میں نے تم سے جو کیا وہ محض اداکاری تھی؟"

"ہاں، میں پھر بھی آپ کی اتنی ہی عزت کروں گا۔ کیونکہ کوئی نہ کوئی مجبوری تو آپ کی بھی رہی ہوگی، جو آپ نے اس کردار کو اس ڈرامے میں کرنے کی ہامی بھری۔"

"ہاں مجبوری...... میری بہت بڑی مجبوری تھی شہریار!" وہ جیسے گم ہوگئی پھر رک رک کے ٹوٹے لہجے میں بولی۔ "محبت...... محبت بھی کتنی بڑی مجبوری ہے ناں۔ تخت و تاج، عزت، دولت، ہر چیز ٹھکرانے پر مجبور کردیتی ہے۔" کچھ توقف کر کے وہ پھر بولی۔ "ہاں، میری محبت، اسے ہی پانے کے لئے تمہاری سادگی، تمہارے دل سے کھیلی تھی، کسی نے مجھ سے کہا تھا اگر تم اس ساحر کو ریشم میں الجھا دیتی ہو تو وہ مجھے میری محبت حاصل کرکے دے گی اور پھر میں نے سوچا...... اس لمحے میں نے سوچا اگر محبت مجھے چھین کر بھی لینی پڑی تو میں کرلوں گی مگر بعد کو کھلا محبت چھیننے سے نہیں ملتی ہے، صرف مانگنے سے ملتی ہے۔ صرف خدا کی طرف سے کی گئی بخشش کے کرم سے ملتی ہے۔ مگر جب میں سمجھی بہت دیر ہوچکی تھی۔"

شہریار صوفے پر بیٹھ گیا تھا ایک بوجھ تھا، جو سینے سے اتر گیا تھا اور وہ اپنی گود میں رکھی ہوئی فائل اس کی طرف بڑھا کر بولی۔

"یہ تمہاری سادگی سے کھیلنے کا کفارہ ہے۔ اس فائل میں میری ساری جائیداد کے کاغذات ہیں جو میں مرحوم کے لئے تحفہ ہے۔ میں نے انتقالی کے طور پر تمہیں اس کا گارڈین مقرر کیا ہے۔"

"میں، وہ کون؟" وہ حیرانی انداز میں ہنسا، پھر مدھم لہجے میں بولا۔ "زندگی کی ریت بہت تیزی سے پھسلتی جارہی ہے۔ اور آپ مجھے ایک زندگی سے بھرپور جیون کا نگہبان مقرر کرنا چاہتی ہیں؟" لمحہ بھر کو رکا، پھر بولا۔ "آپ یہ کام کسی اور کے سپرد کردیجئے جس کا سایہ ابھی اس کا اہل ہو۔"

"میں زرش کو کہتی ہوں لیکن وہ اس کے لئے راضی نہیں۔ تم بتاؤ پھر میں کسے اس کام کا حق سونپوں؟"

"ایک منٹ، آپ نے کیا نام لیا؟" وہ یکدم چونک گیا تھا۔

"زرش۔ مشہور ماڈل گرل زرش۔ وہ میری بہن ہے۔"

"اوہ اچھا، تبھی وہ آف دی اسپاٹ مجھ سے فری ہونے کی کوشش کرتی تھیں اور میں اس کو غلط معنی دیتا تھا۔ سوری بالیا! آپ زرش سے پھر ملیں تو میری طرف سے معذرت کردیجئے گا کہ میں ان جیسی اچھی لڑکی کو بھی کیریکٹر لیس کہتا تھا۔ میں نے سنا ہے، ہم اگر کسی کے متعلق برا سوچیں یا کہیں تب بھی اس وقت تک معافی نہیں ملتی، جب تک وہ شخص معاف نہ کردے، جس کے لئے ہم نے بدگمانی رکھا اور لمبے سفر پر جانے سے پہلے آپ کو تو معلوم ہے ناں بوجھ جتنا کم ہو اتنا ہی آسانی سے راستہ کٹتا ہے۔"

ثانیہ کچھ نہیں بولی۔ وہ بس آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔ پھر شہریار چلنے کے لیے اٹھا ہی تھا کہ اس نے اس کی کلائی تھام لی تھی۔ "شہریار! میرے گناہ بھی آج ہی معاف کر دو۔ مجھے بھی بہت لمبے سفر پہ جانا ہے۔"
اس نے گردن موڑ کر اس کی طرف دیکھا، پھر بھیگے لہجے میں بولا۔ "آپ مجھے شرمندہ کر رہی ہیں، میں تب بھی معاف کر دیتا ثانیہ! میرا دل بہت نرم ہے۔ میں کسی سے نفرت کر ہی نہیں سکتا۔ کوشش کرتا ہوں، تب بھی اندر سے محبت کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔ یہ پھول کتنے پاگل ہوتے ہیں نا، وہ ان ہاتھوں کو بھی مہکا دیتے ہیں جو انھیں اذیت پہنچا کر، دل دکھا کر توڑ جاتے ہیں، بکھراتے ہیں۔ کچھ بھی ہو، چاہے الزام ہو، الزام ہو کہ ہو نفرت، یہ سب کچھ دامن میں بکھرتے چلے جاتے ہیں، بکھرتے چلے جاتے ہیں۔"
ثانیہ کچھ نہیں بولی۔ اس نے شہریار کا ہاتھ آہستگی سے چھوڑ دیا تھا اور وہ تیز تیز قدم اٹھاتا کار کی طرف بڑھتا چلا گیا تھا۔ پھر راستے میں تھا، جب اس کے موبائل پہ ایک ناپسندیدہ نمبر جگمگا رہا تھا۔ وہ تمام ناپسندیدگی کے باوجود اس نمبر کو ریسیو کرنا چاہتا تھا۔ اور پھر یوں لگا کسی نے اسے خاموش جلانے کے لیے یہ نمبر پریس کرنے پہ اکسایا تھا۔ وہ غصے میں فون بند کر گیا تھا۔ سو گھر پہنچا تو ماما کو چھوٹی چچی وفا کے ساتھ ڈرائنگ روم میں بیٹھے ہونے پہ جھنجھلا گیا تھا کیونکہ جس کا اسے انتظار تھا، وہ اس کمرے سے ہو کر گزرے بغیر اپنے روم کی طرف نہیں جا سکتا تھا۔
تقریباً پندرہ گھنٹے بعد باہر کار رکنے کی آواز سنائی دی تھی۔ وہ شور سے اٹھ کر دروازے میں آن کھڑا تھا۔ دانیا شرمیلی مسکراہٹ لیے اس کے سامنے سے گزر رہی تھی۔
"دانیا! میں تم سے کچھ کہنا چاہتا ہوں۔"
دانیا نے چونک کر ناپسندیدگی سے اسے دیکھا، پھر نخوت سے بولی۔ "کیا میں نے آپ سے کچھ کہنے کے لیے التجا کی ہے؟ جانتے ہیں بھائی! میں بہت عرصے سے نفرت کرتی ہوں۔"
شہریار نے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا، پھر بہت ملتجی لہجے میں بولا تھا۔ "تم بہت غلط راستوں پہ زندگی کو گزارنے کی کوشش کر رہی ہو۔" وہ جتنی شدت سے اسے غلط لوگوں کی سنگت سے بچانا چاہتا تھا اور دانیا نے اس کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی تھی۔
"آج کل میرا موڈ بہت اچھا ہے بھائی! اس لیے میں نہیں چاہتی آپ میرا موڈ برباد کریں۔"
"دانیا! وہ اچھا لڑکا نہیں ہے۔" اس نے بے بسی سے کہا اور وہ استہزائیہ ہنسی، پھر بہت برے لہجے میں بولی۔
"اچھائی کا پیمانہ آپ مقرر کریں گے؟ آپ؟ جو شاید اچھائی کی ابجد سے بھی واقف نہیں۔ پلیز بھائی! ایسی باتیں مت کیا کرو۔"

شہریار کا موڈ بگڑ گیا تھا۔ اس نے دانیا کی طرف دیکھا، پھر تلخی سے بولا۔ "تم جانتی ہو اس گھر میں حمزہ وجاہت کے لئے کوئی راضی نہیں ہے؟"

"تو کوئی راضی نہ ہو، لیکن میرا دل تو راضی ہے۔ اور سالار بھائی میرے ساتھ ہیں، جازی میرے ساتھ ہے۔"

"جازی کا خیال بدل چکا ہے۔ رہے سالار بھائی تو آخر آج تک انہیں اچھے اور برے میں تمیز کرنی کب آئی ہے؟ انسان کے اندر ٹھیک فیصلہ کرنے کی قوت ہوتی تو ان کی زندگی بہت بہتر ہوتی۔"

"تمہیں یہ حق کس نے دیا ہے؟"

وہ پشت موڑے بولے جا رہا تھا کہ سالار عبدالرحمٰن کی تلخ آواز سے اپنے جملوں کا پیچھا کرتی بہت قریب محسوس ہوئی۔ وہ مڑ کر کچھ کہہ بھی نہیں پایا تھا کہ وہ اس کے سر پر پہنچ گئے۔

"تم آخر ہوتے کون ہو میری ذات پر اعتراض اٹھانے والے؟ تم اپنی زندگی، کچھ کیا ہے اس میں سوائے غلطیوں کے دھبوں کے۔ اور رہا دانیا کی شادی کا معاملہ، تو اس میں میں کسی اور کو دخل اندازی کرنے نہیں دوں گا۔ چاہے وہ جبرئیل ہو، باپ ہوں اس کا، سمجھے تم.... تمہاری اوقات ہی کیا ہے تم ہوتے کون ہو اس کے؟"

"میں بھائی ہوں اس کا۔"

"آپ کچھ بھی تھے میرے، پر کیا آپ نے؟"

شہریار سکتے میں رہ گیا تھا۔

"دانیا!.... میں شہریار ہوں تمہارا سب سے فیورٹ بھائی۔" وہ بے یقینی لہجے میں بولا کہ کسی کا دل بھی دہل جاتا۔ دانیا نے پشت موڑ لی تھی اور سالار عبدالرحمٰن نے اس کے زخمی بازو کو مٹھی میں بھینچ کر کہا تھا۔

"سن لیا تم نے؟ تم کچھ بھی نہیں ہو اس کے۔ تم نہ اس کے، نہ میرے، نہ اس گھر کے۔ تم صرف ایک بوجھ ہو۔ ایک غلط فیصلہ جو پاپا نے اپنی زندگی میں لیا اور جسے ہم آج تک بھگت رہے ہیں۔"

وہ تکلیف سے دہرا ہو گیا تھا۔ مگر سالار عبدالرحمٰن رکے نہیں تھے۔ چوٹ بار بار زخم پر ہی لگتی ہے جو کہ زخم گہرا ہے بھرے نہیں، اور جب زخم بھر جائے تب بھی نشان رہ جاتا ہے، بتایا جا سکے کہ یہ زخم کتنا گہرا تھا۔ بعد میں بھی نہیں اٹھنے دے رہے۔ وجود نے پر ساکت ہو گیا تھا۔ دل نے دھڑکنے سے انکار کر دیا تھا جیسے زندگی سے مفر ہو، ایک آواز سنائی دی تھی۔

"شہری بھائی! آپ یہاں ہیں؟ میں آپ کو آپ کے روم میں ڈھونڈ رہا تھا۔ شہری بھائی! یہ کیا ہوا؟" اس نے وائٹ کوٹ پر سرخ رنگ پھیلتے دیکھ کر بے قراری سے اسے پکارا۔ "آپ کا زخم پھر کھل گیا۔"

ANCHAL.COM

"میرے زخم بھرتے کب ہیں، بس دکھنا بند ہو گئے ہیں۔"

وہ اس کے قدموں میں بیٹھ گیا تھا۔ "شیری بھائی! آر یو آل رائٹ؟"

اس کی پلکوں میں اٹکی نمی رخسار پر پھسل گئی۔ "کیا واقعی مجھے زندہ رہنا چاہیے جازی؟"

"کسی نے کچھ کہا تھا؟ اور وہ کہیں ماما اور بھائی نے تو......؟"

وہ کچھ نہیں بولا تھا اور جازی تیزی سے اٹھ کر باہر کی طرف بڑھتا چلا گیا تھا اور تھوڑی دیر بعد ماما اس کے ساتھ آئی تھیں۔

"کیا ہوا شیری؟" ماما بھی حواس باختہ ہو گئی تھیں۔ جازی نے اس کا کوٹ اتار کر زخمی بازو پہ شرٹ کے بٹن کھول دیا تھا مگر وہ بت کی طرح ایستادہ تھا۔

"اور آئی کا دلیہ سالار بھائی بھی ہیں۔" وہ فرسٹ ایڈ باکس کھول کر روئی سے اس کے زخم کے اردگرد کا خون صاف کر رہا تھا۔ ماما نے اس کا ہاتھ تھام رکھا تھا مگر اس میں پھر بھی زندگی نہیں جھلک رہی تھی۔ وہ دیا کے جلتے بجھتے سائے کے اندر زندگی ہار گئے تھے۔

"ماما! میں واقعی اچھا بیٹا یا اچھا بھائی نہیں بن سکا ہوں۔ اف! میں کس طرح ثابت کروں کہ میں آپ سب سے کتنی محبت کرتا ہوں۔ کس طرح کہوں کہ آپ سب کو یقین آ جائے؟"

ماما نے کچھ کہنے کے بجائے اسے کھینچ کر خود سے بھینچ لیا تھا۔ بھرائے لہجے میں بولی تھیں۔ "تمہیں کسی کو یقین دلانے کی کوئی ضرورت نہیں کہ تم کتنی محبت کرتے ہو۔ جو دل والے ہوتے ہیں ماں، وہ آنکھوں میں جھانک کر جان جاتے ہیں محبت کتنی ہے اور کیسی ہے۔"

"پھر ماما! یہ بھائی اور سب بابا یہ لوگ مجھے اتنا غلط کیوں سمجھتے ہیں؟"

"ان کے غلط سمجھنے سے تم غلط نہیں ہو جاتے۔ تم فکر مت کیا کرو شیری!"

اس نے ٹھنڈا سانس لیا۔ جازی نے اسے شرٹ پہننے میں مدد دی تھی۔ وہ اٹھ کر اپنے روم کی طرف جانا چاہتا تھا مگر ماما نے اسے روک لیا تھا۔

"تم آج میرے روم میں سوؤ گے۔ مجھے لگتا ہے تجھے بخار چڑھ رہا ہے۔ وہاں کون دھیان رکھے گا؟"

"نام اسے۔ یہ دل یکدم زیادہ گھبرانے کی بات نہیں ہے، میں ٹھیک ہوں۔"

نام نے اس کے چہرے پہ نظر گاڑی اور پھر دھیمے لہجے میں بولیں۔

"تمہارا چہرہ دیکھ کر بتا سکتی ہوں، تم کتنا ٹھیک ہو۔" پھر اس کے بالوں میں انگلیاں پھنسا کر جتانے والے لہجے میں بولیں۔ "میرے اختیار میں ہو تو دنیا کی ساری خوشیاں ایک تمہارے دامن میں لا ڈالوں، پھر چاہے اس کے لئے مجھے کوئی بھی قیمت چکانی پڑے۔ مگر افسوس! میں بے حد مجبور ہوں۔"

شہریار نے ماما کے چہرے کی طرف دیکھا۔ ان کے چہرے پہ اس کے دل کا ڈوبنا صاف پڑھا جا سکتا تھا۔ شاید عدیل بھائی نے نانی کے معاملے میں ماما کو بے بس کر دیا تھا سوائے ان کا دو بول لینے کے لئے کٹی ذہن بنانی پڑی۔

"کہاں مجبور ہیں آپ؟ آپ کے پاس تو کھلا آپشن ہے۔ آپ مجھ سے جتنا ساتھ چاہتی ہیں، کرنے میں قطعی آزاد ہیں۔ اور یہاں بھی کون کم بخت کافر ہے جو آپ کی محبت سے دامن بچانا چاہے گا۔ سچ ماما! آپ کی محبت ہی تو میرا زادِ راہ ہے۔"

"پھر کیسی فضول بات؟" ماما نے اس کا کان کھینچا اور وہ مسکراتے ہوئے ان کے ساتھ ہی ان کے روم کی طرف بڑھ گیا۔

جاری دونوں کبھی ملیں کے کانپ محبت سے ساتھ جاتا دیکھ کر مسکراتا رہا اور دل میں دعا کرنے لگا کہ ہماری زندگی میں واپس لوٹ آئے گا۔

❀❀❀

آج وہ بہت اداس ہو رہی تھی۔ پچھلے کچھ عرصے سے اس کی طبیعت سے ساری شوخی اور شرارت جیسے ختم ہو گئی تھی۔ اس کا زیادہ وقت اپنے کمرے میں گزرتا تھا۔ نرم کھلے بال، نیند کے انداز، سب ایک کسی کے سامنے جا کر وہ موم کی طرح پگھل کر رہ جاتے تھے۔ محبت سوچتی تھی اس کے دیوانے تھے۔ جیسے اب وہ ان میں جلنے لگی تھی، پتہ نہیں کیوں اس محبت نے اس کا پیچھا لے لیا تھا۔ اب وہاں سے دامن چھڑانے کو کوئی بھی جتن کرتی سے شہزاد اس کے سامنے آن کھڑا ہوتا۔ پھر وہ اسے یہاں تک کہ شہزادی کا عکس دھندلا ہو جاتا اور ایک دل کھنچا سا پھر سے بھڑکنے لگتا۔ دروازہ کھولا اور سب منظر ایک جھٹکے سے ٹوٹ جاتا۔ وہ مانگنے بس نہیں تھی مگر اب بن گئی تھی۔ بس ایک

فی لگن لگ گئی تھی۔

"میرا بچہ کیسا ہوگا؟ ہمارا بچہ شیراز اور میرا بچہ؟"

وہ جاناں نہیں تھی وہ ایک ماں ہو گئی تھی اور ماں کو اپنے بچوں سے کیا کام وہ اس کی باتیں اولاد کے لمس کو جیسے ہی آن میں محسوس کرتی تھیں۔ حشمت جہاں اپنی ہی پریشانیوں میں مبتلا تھیں سیج سے جو شکنیں نہ رات گئے ٹوٹیں اور ساری رات ان کے گھر میں کوئی ان کے نہ سے جو کرتا وہ اس کی محفل جمتی۔ مگر جب بھی جاناں خود کو دیکھتی حشمت جہاں کچھ بتا رہی تھی رہتا۔

ہم بچے سو جس کرتے آجاتے ہیں وہ ایک جیسا ماں کا نہیں ہوتا ان سے ان کا ہے... تو وہ معاملات کچھ الجھن اور جاناں تھیں بہت کی طرح ایسا کرتے دیکھتی رہتی کہ پھر رہا تک کوئی ان کا آنچل کھینچ کر چلا جاتا۔

"واحد وہاں اماں! وہ شیراز بیٹا اپنے پاؤں پاؤں چلنے لگتا اور وہ اس کے پیچھے دوڑتی ہوئی ماں نے اپنا موبائل تک آف کر رکھا تھا۔ بی بی جی کیا ان بہت خوبصورت باہر نکلی تھی تو موبائل آن کر لیا تھا۔

اس کا نیا ہر وقت گھر میں رو کر نکلتا وہ بھاگ کر جلدی جلدی اپنے بچے کو جیسے ہاتھ میں لگی آتی۔ ان بھی وہ بہت سے گفٹ لے کر جلد ملنا وہ ہم کے گیٹ سے گاڑی اندر لے کر آئی تھی کہ اچانک کار سے وہ سنے ہی اسے انجم عافیہ کے سامنے مراد دکھائی دے گیا تھا۔

"تم! آپ یہاں؟"

"جاناں! تم نے اپنی کیا حالت کر لی ہے؟ کہاں تھیں تم اتنے دنوں سے؟ میں نے کتنے تمہارے گھر کے چکر لگائے تمہارا فون بند کیا لیکن حشمت جہاں نے مجھے تم سے ملنے نہیں دیا۔ وہ کہتی تھیں کہ تم نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا ہے۔"

جاناں خالی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی تھی۔ "سوری میم! میں اپنے آپ میں نہیں تھی مجھے کسی چیز سے رغبت نہیں رہ گئی تھی۔ کچھ دنوں سے پتہ نہیں مجھے شیراز اتنا کیوں یاد آنے لگا ہے کہ پھر کچھ بھی یاد رکھے جانے والا نہیں لگتا سب بھول جانے کے قابل نہیں لگتا۔ میم! یہ دل ان لوگوں کے لئے کیوں دھڑکے جاتا ہے جو آپ کے نہیں ہو سکتے، جو کبھی آپ کے نہیں ہو سکتے، جنہیں آپ سے محبت نہیں ہوتی مگر دل پھر بھی ان کی بے وفائی کو سچ ماننے کو وقت کی کسی مجبوری کی نذر کر دیتا ہے۔ اس محبت کو، اس محبت کے سبب کو کیا کہا جاتا ہے؟ اس محبت کو جو کبھی ہماری محبتوں کا نصیب نہیں بن سکی۔"

انجم عافیہ نے کچھ کہے بغیر اس کو خود سے لپٹا لیا تھا شیراز اپنے لہجے میں بولی تھیں۔ "تم نے کبھی سوچا کہ کیا پتہ تمہارا شیراز بے وفا نہ ہو، مجبور ہو صرف مجبور! وہ تم سے آج بھی اتنی ہی محبت کرتا ہو جتنی پہلے

AANCHAL.COM.PK

میں کیا کرتا تھا، مگر تمہیں بتانے سے قاصر ہوں۔"

"ممی! انسان واقعی مجبور کیسے ہو سکتا ہے؟ دنیا کے کسی کونے سے چاہے تو محبت کا پیغام بھیج سکتا تھا۔ پھر اگر میں اس کی آواز، ایک نظر کی محبت جتنی بار چاہے مجھے بجا فیس لطافتی، انا رنی پھرتی ہو، پھر سزائے موت دیتی، میں اف تک نہیں کرتی۔"

نیلم داتیہ نے دل سے اس کی محبت کے ملنے کی التجا کی تھی۔

وہ مراد کے پاس جا کر رک گئی تھی۔ "تم کیسے ہو بیٹا؟"

"ٹھیک ہوں ممی! لیکن آپ کو پتہ ہے، آپ پر اداسی بالکل سوٹ نہیں کرتی ممی! آپ ہنستی ہوئی بہت اچھی لگتی ہیں۔" مراد اندر سے گفت بات کو ابھی باہر آیا تھا اس لئے ساری باتوں سے لاعلم تھا۔ وہ اس کے سوگوار حسن پر کمنٹ دے رہا تھا اور جانتا نہ تھا کہ ان لفظوں نے اسے کسی دور سے لا کر ماضی کے کسی پاتال میں کھینچ لیا تھا۔

"او جانے دو بیٹا۔ تیرے چہرے پر مسکراہٹ نہ ہو تو لگتا ہے زندگی مر گئی ہے۔ بیٹا! بہت تو ہو چکی ہے۔"

اس کی آنکھوں میں ڈھیر سارا پانی آ گیا۔ وہ مراد کے نقش کو ایسے چھونے لگی جیسے ان آنکھوں کے کسی نقش پر بچھڑنے کی عمر تلاش کر رہی ہو۔

"تم میرے بہت پیارے بچے ہو مراد!"

"آپ مجھے دنیا کی پیاری ہیں ممی!" مراد نے اس کی ہتھیلی پر اپنی بہت عقیدت سے چوم کر خوش دلی سے رخصت کی اور جانے سے پہلے شرارت کرنے لگا۔

مراد کے ہر ہر انداز میں اسے شیرازی کیوں یاد آتا تھا؟ کیوں؟

وہ اندر ہی اندر ٹوٹ گئی۔ شیراز گنت کے بیٹے کے ان کے بچے چھپنے چھپنے کا تھا اور ان کے ساتھ تھا اس کے دل کا دیا سا کیوں؟ جس کا جواب ابھی حاصل کرنا وقت کے انتظار کی بات تھی۔

❁❁❁

وہ اس نئی شخصیت کو دیکھ کر شاید ... نے ان کے سامنے شام کی چائے لا رکھی تھی۔

"تمہارے پاپا کیا کر رہے ہیں؟"

شافعہ نے ماں کو ایک نظر دیکھا اور آہستگی سے بولی۔ "جب سے سوہا ملی ہے، ان کا زیادہ وقت سوہا اور موحد کے ساتھ گزرنے لگا ہے۔ ایک دم سے کھلنے لگے ہیں، جیسے پاپا پھر سے زندہ ہو گئے ہیں۔ وہی چہکنا، وہی شاعری، وہی زندگی۔ ہاں بس کبھی کبھی عطیہ پھپھو کی یاد آجاتی ہے تو پھر سے اداس ہو جاتے ہیں۔"

"عطیہ، عطیہ، عطیہ...... آخر تم سب کو عطیہ فوبیا کیوں ہو گیا ہے؟ آخر کیا ہے اس عطیہ میں؟ جب وہ دنیا میں تھی، تب بھی جیسے میری دشمن تھی اور اب مر گئی ہے، تب بھی قرض خواہ کی طرح میرا سب کچھ چھین لے گئی ہے۔ تیرے پاپا بھی اس کی حمایت کرتے تھے، دوسرا ان کی بھی زندگی اس سے شروع ہو کر اس پہ ہی ختم ہو جاتی تھی۔ مجھے لگتا تھا میں نے کوئی زہر پی لیا ہے عطیہ نام کا۔ میری زندگی، اس کی وجہ سے سب مر گئی تھی۔ میں جس گھر پہ حکمرانی کرتی تھی، اسی گھر میں دوسرے درجے کی شہری بن گئی تھی۔ پھر میں نے اسے اتنا ستایا، اتنا ستایا کہ وہ گھر سے نکال دی گئی۔ مگر اب پھر سے یہ اس کی اولاد کے روپ میں میرے گھر میں گھس آئی ہے۔ میں اسے اندر نہیں گھسنے دوں گی۔ یہ کون عطیہ؟" آصفہ نے چائے کا کپ دیوار سے مار دیا۔ کف اڑاتا لہجہ، جنون بھرا انداز۔ وہ شافعہ سے سنبھالی نہیں جا رہی تھیں۔ مگر وہ پھر بھی اسے کھینچ کھانچ کر اندر لے گئی اور شرمندگی سے جھنجھلا گئی تھی۔ سوہا کی بات ابھی تک اس کے دل میں پھانس کی طرح اٹکی ہوئی تھی۔ اسے اپنی ماں سے غیر متوقع محسوس ہوئی تھی کہ اب یہ بنا بنایا سارا بھید کھل گیا تھا۔

آصفہ تھکی چلاتی یکدم خاموش ہو کر خلاؤں میں گھورنے لگی تھیں۔ شافعہ کپ کی کرچیاں اٹھا رہی تھی۔ آصفہ کے کمرے سے باہر آئی تو پاپا کا کمرہ اسی طرح میوزک کے ردھم میں ڈول رہا تھا اور موحد، سوہا، پاپا کے ساتھ کیرم کی بازی جمائے بیٹھی تھیں۔

اگر کبھی جو پاپا کو پتہ چل گیا، وہ کریکٹر سے جتنا جڑے تھے، وہاں کے ہاتھوں اتنے ہی برے کریکٹر کو حصہ بنا بیٹھے ہیں تو؟...... جو لوگ کسی خاص زندگی سے جڑتے ہیں، کسی خاص بات سے، حالت سے نفرت کرتے ہیں تو پھر وقت انہیں اسی مقام پہ لا کر کیوں جھونک دیتا ہے؟ شاید کسی ایسی بستی میں کہ جہاں سے شناخت لے کر واپس لوٹ آنا ناممکن سا ہوتا ہے۔ شاید غرور، شاید خدا کے آگے خدائی بھرے زعم کو وہ انہیں اس طرح منہ کے بل گراتا ہے تاکہ جب وہ زمین کی خاک کا مزا اپنے تالوؤں میں محسوس کریں تو وہ کچھ ان کے دل کے قریب آ کر کہے۔

"کون ہے، جو میرے آگے دم مار سکتا ہے؟ کون ہے، جو اگر میں برا کرنا چاہوں تو تمہارے لیے خیر حاصل کر سکے؟ اور اگر میں تمہیں خیر دینا چاہوں تو تمہارے لیے برا کر سکے؟ کون ہے...... کون ہے جو

AANCHAL.COM.PK

ازل سے ابد تک؟ کون ہے جو مجھ سے دور ہے؟"

"مگر عطیہ چچی! ان کا کیا قصور تھا؟"

اس نے کہا۔ جہاں ذہن و دل کی شدت کم تھی اور محسوس کیا اس نے جیسے عطیہ چچی کے دل کو کسی ذہن و دل کی طرف اچھالنے کی عادت سی بن گئی تھی۔ کیونکہ وہ چہرے اس کے اندر بول رہی تھیں۔

"میرا قصور کیا تھا؟ محبت کرنا اور بے حد و حساب محبت کرنا، صلے کی تمنا نہ کرنا کوئی جرم ہے؟ یہ محبت کے مارے دل کی زندگی میں کامیابی کے سوا ان کی آنکھ بند ہونے پر بھی کہاں خالی رہتے ہیں۔"

وہ نئے کمرے سے چائے کا پانی رکھ رہی تھی اور فریب دے کے موبائل پر میسج بھیج رہی تھی۔ "کب آؤ گی؟"

اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ بکھر گئی تھی۔ کوئی اتنی بے قراری سے آپ کا انتظار کر رہا ہو تو انتظار کرنے والے اور خود انتظار پر بے ساختہ پیار آ جاتا ہے۔ اس نے جلدی جلدی چائے کا دم لگایا اور پھر چائے اور سینڈوچ بابا کے کمرے میں دے کر وہ باہر نکل جانے کا کہہ کر تیار ہونے چل پڑی تھی۔

❀❀❀

وہ بہت مزے سے شام کا اخبار پڑھ رہی تھی، جب اچانک جازی نے اس کی کلائی تھامی تھی۔ "ابھی چلو! میں آپ کو کہیں لے کر جانا چاہتا ہوں۔"

"لیکن اس وقت مجھے کہیں اور جانا ہے۔" اس نے کلائی چھڑائی۔

تھوڑی دیر پہلے حرمین کا فون آیا تھا، اس لیے دل میں ایک دھمک سی تھی۔ مگر جازی نے اس کی کلائی نہیں چھوڑی تھی۔

"آپ کو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔" وہ بڑے زور و شور سے کہہ رہا تھا۔

"میں اماں کو دل کی ہر بات بتا دوں گی، بدتمیزی مت کرو جازی!"

"یہ اس بدتمیزی سے بہت کم ہے بجو! جو آپ نے شہری بھائی سے اب تک روا رکھی ہے۔"

"شہری بھائی؟..... اوہ! یہ شہری بھائی کا جادو تمہیں کیونکر دکھ رہا ہے؟ تم تو انہیں پتا نہیں کتنی بار دیکھ چکے تھے؟"

"ہاں، شاید میں بھی سالار بھائی کی برین واشنگ کا شکار ہو گیا تھا۔ کچھ مہینوں کے لیے سہی، میں نے شیری بھائی کو برا سمجھا۔ لیکن اب میں جان چکا ہوں، جو غلطی میں کر چکا ہوں، آپ نہیں کریں۔" اس نے اُسے کار میں بٹھا کر دروازہ لاک کر دیا تھا۔

دانیا نے غصے سے اُسے دیکھا تھا اور وہ جو کچھ جانا تھا دانیا کے سامنے کہہ گزرا تھا۔ اس نے ایک لمحے کے لیے بھی کمزوری کا مظاہرہ نہیں کیا تھا۔ دانیا کا غصہ خاموشی کے گھپ سناٹے میں کھو گیا تھا۔ اس نے ڈیش بورڈ پر سے تصویریں اس کی گود میں اچھال دی تھیں۔

"یہ ہے حمزہ عابد۔ یہی ہے اس کی اوقات۔"

"جاری اپنی بیوی پر لعنت۔" اس نے چیخنا چاہا مگر اس کی آواز شہوار سے اونچی نکلی تھی۔ پاس بیٹھے اسے ایک ہوٹل کے سامنے لے جا کر کھڑا کر دیا تھا۔

"بائیسویں میز پر وہ آپ کو ابھی بھی جاتے کے ساتھ مل سکتا ہے۔"

دانیا کل کے کھلونے کی طرح چلتی ہوئی بائیسویں میز کی پشت والی میز پر جا کر بیٹھ گئی تھی۔ اس کے اندر زلزلہ آ گیا تھا اور حمزہ عابد کی کھوکھلی آواز گونج رہی تھی۔

"یہ تم نے اپنی کیا حالت بنائی ہے؟ میں تمہیں اس حالت میں دیکھتا ہوں تو میرا دل رکنے لگتا ہے۔ پلیز ایسا مت کرو، ابھی خود کو تباہ کرنے کا وقت نہیں۔ ابھی تو تم وقت سے جو کچھ چاہو حاصل کر سکتی ہو، پا سکتی ہو۔ پھر یہ سب کچھ کیوں چھوڑ رہی ہو؟ عطوت، میرے تمہاری اس حالت سے بہت پریشان ہیں۔"

"عطوت مم...... پاپا......" بے ساختہ قرودہ تعجب اس کے سینے سے برآمد ہوا تھا۔ وہ کچھ نہیں بولی اور حمزہ عابد نے خود سے دانیا کا ہاتھ چھڑا دیا۔

"اب جب کہ میں اس موڑ پر ہوں کہ تمہاری ضد پوری کر سکتا ہوں تو تم کیسے الٹ رہی ہو۔ یہ تماشا ہے ظلم ہے...... تم نے ہی تو چاہا تھا کہ تم اس لڑکی کو تنکوں کے بل اپنے سامنے سر جھکائے دیکھو۔ تم چاہتی ہو کہ تم کسی سے پوچھ سکو کہ اعلیٰ تربیت، اعلیٰ خون کے باوجود ایک لڑکی اپنی پاکیزگی کے معیار سے نیچے آئی تو ثبوت صرف خون کے فرق کا کیوں ہو۔ تم ہی تو چاہتی تھیں کہ وہ میرے لیے گڑگڑائے، میں اس میں اتنا بس جاؤں کہ پھر میں اسے ساری دنیا چھوڑنے کا بھی کہوں تو وہ انکار نہ کرے۔ میں جو کہوں وہ آنکھ بند کر کے عمل کرے۔ اپنے گھر والوں تک کو میرے لیے ٹھکرا دے۔ تو پھر اب دیکھو وہ دو زندگی لینے والی ہے۔ تو تم کیسی ہو؟ تمہیں اب کسی قسم میں کوئی اعتراض نہیں ہے؟ تمہاری شدید بیزارگی آس کر کے سامنے کی جو حسرت تھی وہ بھی اب پوری ہونے والی ہے، پھر بھی تمہارے اندر کوئی تحریک ختم کیوں نہیں

یعنی؟ آخر تم یہاں نہیں تو کہاں ہو؟"

"شیرازی...... تم نے میرے شیرازی کے متعلق کیا پوچھا؟"

"وہ بیٹا تھا۔" حشمت بیگم نے کہا تھا۔

"میں تم سے پوچھ رہی ہوں کہ تم نے شیرازی کو کیا بتایا؟" وہ جنون سے چیخی اور حمزہ عابد نے پہل ہو کر دھیمے لہجے میں کہا۔

"ظلم! یہ پاگل جیسی ہے۔ تم مجھے کیوں تماشا بنانا چاہتی ہو؟" حمزہ سے لپٹ کر کہا جا رہا تھا۔ "شوکت بیگم ٹھیک کہہ رہی ہیں تم اپنا ماضی دفن کر چکی ہو۔ رہا شیرازی تو مجھے صرف زندگی سے پیار ہے، صرف زندگی سے۔ مرے ہوئے لوگوں کو تلاش کرنے کا کام کسی گورکن سے کرواؤ مجھ جیسے شخص کو نہ جھکاؤ۔"

"بکواس مت کرو۔ میرا شیرازی زندہ ہے۔ تم نے سنا میرا شیرازی زندہ ہے۔" وہ اس بار پہلے سے بھی زور سے چیخی تھی۔

حمزہ عابد یکدم کھڑا ہو گیا تھا۔

"تمہیں تماشا بننے کا شوق ہے تو بنو مگر مجھے ایسا کوئی شوق نہیں ہے۔ رہی بات تو میرے ہوم میں ابھی اتنی گنجائش ہے کہ نکلنے کی کوئی راہ مل ہی جائے گی۔ اب بھی دیکھنا نہیں چاہے گی۔ وہ احمق مجھ سے محبت جو کرتی ہے۔ رہا میں تو تم جانتی ہو میں کھانے کا ساتھی کبھی نہیں بنتا۔" وہ کھڑا ہو کر ان ہی الفاظ کے ساتھ کمرے سے نکلا تو اس کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا تھا۔

"بابا......!" اس نے ہاتھ بڑھا کر پکارا اور روتے ہوئے باہر کی طرف بھاگتی چلی گئی تھی۔ باہر جازی نے اس کے لیے قریب آ کر دروازہ کھولا تھا۔ پھر چیخی تو میں حمزہ عابد باہر تک آیا، جازی عبدالرحمٰن کی گاڑی گیٹ سے نکلتا چلا گیا تھا۔ وہ بابا کچھ نہیں بولی تھی بس مسلسل روئے جا رہی تھی۔ اور جازی جانتا تھا یہ رونا اس کے لیے کتنا ضروری ہے۔ موسم اور آسمان بارش کے بعد بہت شفاف، بہت چمکیلے ہو جاتے ہیں۔ ایک الجھن مسکراہٹ اس کے ہونٹوں کو چھو رہی تھی۔

❀ ❀ ❀

ارسلان راشد تو دونوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے باتوں میں گن تھے کہ اچانک احسان کے رونے پہ چونک گئے تھے۔

"کیوں آئی ہو تم یہاں؟"

ارسلان راشدی ان کا ابھی نہیں سمجھے تھے کہ اچانک سوال نے انہیں ہراساں کر دیا۔

"یہ میری بیٹی ہے آصفہ! اسے یہاں آنے کے لئے کسی کی ضرورت نہیں ہے۔"

مگر آصفہ جیسے اپنے سوال کے اندر رہنا تھیں، مسلسل عطیہ کو دیکھے جا رہی تھیں۔ "عطیہ تم کیوں مجھے جینے نہیں دیتی ہو؟ تمہیں کیا لگتا ہے ارسلان اب بھی تمہارا ہو سکتا ہے؟ ارسلان تمہارا نہیں ہے، یہ صرف اب میرا ہے۔ وہ تمہیں طلاق دے چکا ہے۔ تم پھر بھی یہاں چلی آئی ہو؟ عطیہ!..... تم مر کیوں نہیں جاتیں اور مرے ہوئے لوگ دوبارہ زندہ نہیں ہوتے۔ اگر ہوتے ہیں تو انہیں پھر سے مارنا پڑتا ہے۔ ایک ہی قتل کی سزا دوبارہ نہیں مل سکتی۔"

ارسلان راشدی لفظوں کی ساخت سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ آصفہ نے روتے ہوئے پھر سے ہاتھ کو کمر پہ رکھ کر بولنا شروع کر دیا تھا۔

"آصفہ! تم پاگل ہو گئی ہو؟..... سونیا! سونیا!" ارسلان راشدی نے بے بسی سے آصفہ کو دیکھا تھا۔ سونیا دوڑ کر ان تک آئی تھی اور آصفہ پہلے جیسے انداز میں چیخ رہی تھیں۔

"تو بھی ان سے مل گئی..... اس عطیہ سے، جس نے ہمیشہ مجھے دکھی رکھا، کسی خوشی سے جینے نہیں دیا..... تو تو میری بیٹی ہے ناں پھر تو عطیہ اور ارسلان کا ساتھ کیوں دے رہی ہے؟"

"ماں! چپ کر جائیں..... تم چپ رہتی ہو تو عافیت میں رہتی ہو۔ چپ کر جائیں پلیز!"

"کیوں..... میں کیوں چپ کر جاؤں؟ میں بولوں گی۔ ہاں، میں بولوں گی، مجھے نفرت ہے عطیہ سے، عطیہ کے بچوں سے بھی۔ جس طرح میری اولاد کا حق مارا جاتا ہے، ارسلان صرف عطیہ اور بچوں پہ پیسے لٹانے لگا تو میری دونوں بیٹیوں کا کیا ہو گا؟"

"ماں!..... چپ بس چپ....."

ارسلان راشدی سکتے کی کیفیت میں آصفہ کو دیکھتے رہ گئے۔ یہ باتیں انہوں نے پہلے بھی کہی سی تھیں۔

"آصفہ بھابی خوف زدہ ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں، ہم ان کے اور جمیل بھائی کے حق کو نظر انداز کر دیں گے۔"

"بکواس مت کرو عطیہ! مجھے تم سے ایسی توقع نہیں تھی کہ تم میری آصفہ بھابی کے متعلق ایسی چھوٹی بات کرو گی۔ تمہیں کیا معلوم انہوں نے میرے لیے کیا کیا قربانیاں دی ہیں۔ میرے اخراجات، میری ضرورتیں...... بھیا میرے لیے اتنے حساس تھے کہ میری زندگی کو ایک ٹھیک رخ دینے کے لیے انہوں نے اپنی اولاد نہیں ہونے دی۔ تم نہیں جانتیں پورے دس سال بعد اب ان کے ہاں خوشی نے رخ کیا ہے اور تم ان کے خلوص، ان کی محبت پر الزام دھر رہی ہو۔"

ارسلان راشدی ابھی تک سکتے کی کیفیت میں کھڑے تھے اور آصفہ کو سنبھال کر کمرے تک لے گئی تھی۔

"آصفہ نے یہ کیوں کہا کہ سونیا صرف ان کی بیٹی ہے؟" ذہن نے ایک بات کا سرا تھام لیا تو وہ منہ سے کچھ کہے بغیر اٹھے اور کسی روبوٹ کی طرح آصفہ کے کمرے کی دہلیز پر جا کر کھڑے ہو گئے۔ پھر کچھ پوچھنا ہی چاہتے تھے کہ آصفہ روتے ہوئے جو چیخ چیخ کر مسلسل بول رہی تھیں، یکدم چپ ہو گئیں۔

"مجھے زندگی بھر صحیح فیصلہ کرنا نہیں آیا۔ پہلے عطیہ سے شادی کا غلط فیصلہ کیا، اپنی محبت سے دوری اختیار کرنی پڑی، بہرحال تھے ہی سہی مگر جب مجھے ٹھیک فیصلہ لینا تھا تب بھی ارسلان راشدی کا غلط فیصلہ لے لیا۔ وہ پیچھے رہ گیا، وہ شخص جو اس دنیا میں تم سے سچا پیار کرتا تھا۔ سونیا تو بالکل اس کی طرح خوبصورت ہے۔ تیری آنکھیں بالکل تیرے باپ پر گئی ہیں۔"

"ماں! چپ کر جاؤ۔ ڈیڈ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟" سونیا ارسلان راشدی کو دیکھ کر تیزی سے انہیں چپ کرانے کی کوشش کرتے ہوئے ٹھٹک گئی تھی اور عطیہ نے سن لیا تھا۔

ارسلان راشدی کے دل میں دکھ کی ایک لہر اٹھی تھی۔

"میں صرف آپ کی بیٹی ہوں پاپا! پلیز مجھ سے ہاتھ مت چھڑائیے گا۔ میری ماں کی سزا مجھے......" سونیا نے لپکتے ہوئے ارسلان راشدی کی طرف دیکھا۔

ارسلان راشدی نے اس کی طرف سے پشت کر لی۔

"مجھے وقت دو... میں کوئی بہت عظیم انسان نہیں ہوں، بیٹی! ہوں صرف ایک عام سا انسان۔" انہوں نے گردن موڑ کر انہیں دیکھا پھر کراہتے ہوئے "آپ نے میرے ساتھ یہ دھوکہ کیوں کیا آصفہ؟ آپ تو جانتی تھیں مجھے کرپشن سے، بے وفائی سے کتنی نفرت تھی، کتنی زیادہ کہ صرف شک پر میں نے اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشی کھو دی۔ میں نے اپنی عطیہ کو چھوڑا۔ آپ نے سنا، میں نے اپنی محبت کو کھو دیا، لیکن آپ کیا جانیں، دیکھنا کیا ہوتا ہے۔ آپ کیا جانیں؟"

وہ مومنہ اور سونیا کے پکارے جانے پر بھی نہیں رکے تھے اور فوراً آنکھیں کھولے خاموش بیٹھی تھیں۔ لگتا تھا کسی چابی کے کھلنے کی چابی ختم ہوگئی تھی۔ وہ بالکل بت کی طرح بیٹھی تھیں۔ شام کی نارنجی کرنیں کمرے میں موجود تھیں ان کا چہرہ ان نارنجی شعاعوں سے دھندلا گیا تھا۔

سونیا وہ سب سے الگ کر رہی تھی۔ مومنہ اسے چپ کرا رہی تھی۔ وہ سونیا کے دکھ سے واقف تھی اسے اپنے بابا کا دکھ پریشان کر رہا تھا اس صحا سے شیراز عبدالرحمٰن کی یاد بے ساختہ آتی تھی۔ شیراز اس کی زندگی میں بہت اچانک آیا تھا اور بہت عجب انداز سے اس کی زندگی کا محور بن گیا تھا۔ وہ چہرے سے اپنے موبائل پر اس کا نمبر ٹرائی کرنے لگی تھی۔

❁ ❁ ❁

یہ ممکن تو نہیں لیکن
چلو یونہی ذرا ہم سوچ کر دیکھیں
سمندر کا کنارہ ہو
ستارے رات کے ماتھے پہ چپکے سے
کسی کا نام لکھا ہو
تو آنکھیں موند کر وہ نام پڑھ کے
مسکراتی ہو
ہمارے ہاتھ میں دیا تھامے ہو
جس کی لکیروں میں
کوئی تارہ ہمارے نام کا روشن نہیں ہوتا

AANCHAL.COM.PK

دیا آنکھیں
جن میں جلتے آرزو کے
چراغوں کی لو میں اک چہرہ ابھرتا ہے
(کسی خوش بخت ہستی کا)
دیا آنکھیں صرف اک چہرے کو دیکھیں
اور وہ چہرہ دوبارہ
یہ ممکن نہیں لیکن
چلو یونہی ذرا ہم دعا کر دیکھیں
طلب کی آرزو
حرف دعا بن کر
ہمارے لب سے نکلے
اور پوری ہو
ہمارے بھی دل میں
بجھے ناکامیوں کے سارے شکوے
شگفتہ حبیب

AANCHAL.COM.PK

بے فکری تو نہیں چین

جیلو بھی......

تانیہ نے آج کئی ہفتوں بعد اس کے کمرے کی صفائی کی تھی اور اس کی الماری میں رکھی ڈائری کھول کر بیٹھ گئی تھی۔ اس البم نے اس کی دنیا تہ و بالا کر ڈالی تھی۔ وہ اس کے بیڈ پر بیٹھی البم پر ہاتھ پھیر رہی تھی کہ ایک تصویر اس میں سے پھسل کر اس کے قدموں میں گر گئی تھی۔ تصویر میں شہریار سامنے کے رخ پر کھڑا تھا اور شائقہ ایک کرسی پر بیٹھی ہوئی تھیں اور مسکرا بھی رہی تھیں مگر شہریار کی آنکھوں کی ویرانی کے گہرے دبیز بکھری پڑی تھی۔

"بھائی شانی سے پیار کرتے ہیں مگر شانی تو......" تانیہ کے دل کا ایک ایک ٹکڑا جلتا تھا۔

"یہ بھائی بھی کیا ہیں، جس سے محبت کرنے لگتے ہیں وہ ان کے ہاتھ سے ریت کی طرح پھسل کیوں جاتا ہے؟ میں نے بھی تو بھائی کو کتنا دل دکھایا ہے۔ کیا بھائی پھر مجھ سے پہلے کی طرح بات کریں گے؟ شاید عادات کے طور پر ضرور کریں سے اب وہ مجھے پہلی والی تانیہ کی طرح نہیں سمجھیں گے عمر بھر کے مجھ سے ناراض ہوں گے۔ میں نے ان کا دل بھی تو بہت دکھایا ہے۔" یکدم کچھ دن پہلے کا جملہ اس کے دل میں گونجا۔

"کچھ نہیں لگتے آپ میرے۔ سن لیا آپ نے؟"

ایک انتہا شرمندگی تانیہ نے یونہی ڈائری کے صفحے پلٹے۔ لکھا تھا۔

"آج تانیہ نے بھی مجھے موت دے دی ہے۔ میں ایک انسان ہوں موت ایک ہی بار آتی ہے لیکن محسوس کرتا ہوں کہ زندگی میں جتنا جینے کا حق تھا اس سے کہیں زیادہ موت کی تلخی کا مزہ چکھا ہے۔ آپ ایک بار مر جائیں کسی دل میں صبر آجاتا ہے مگر بار بار موت کی سزا کے لئے مجھ جیسے جائیں تو قرار کیسا؟ آج میرے دل کا رہا سہا قرار بھی کھو گیا ہے۔ میرے پاس جینے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ جانو گی آپ میری محبت میں جتنا ہیں کیا واقعی وہ سمجھتے ہیں شہریار زندہ رہ گیا ہے؟....." پھر ایک بڑا سا سوالیہ نشان تھا۔

تانیہ کی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔ اس نے آنچل سے آنکھیں صاف کیں۔ پھر پڑھنے لگی تھی۔

AANCHAL.COM.PK

"پتہ نہیں، محبت کی قسمت میں یہ سزا کیوں لکھی ہے کہ آپ جس کے پیچھے بھاگتے ہیں، وہ آپ کو نہیں ملتی۔ جب آپ اس کا ذائقہ تک بھلا چکے ہوتے ہیں تب یہ آپ کے رگ و پے میں ٹیس بن کر ناگ کی طرح کھلنے کھلنے لگتی ہے۔ میں نے بھی اس کی بہت طلب رکھی مگر اب جبکہ میرے پاس وقت نہیں بچا تو یہ ساری محبت روپ بدل کر سامنے آتی ہے اور کہتی ہے، مت جاؤ، زندگی جیو، مجھے جیو۔ مگر زندگی تو کم رہ گئی ہے۔ زندگی بہت کم رہ گئی ہے اور وانیا کی نفرت بڑھتی جا رہی ہے۔ کیا میں اس کی نفرت لے کر کون سے مروں گا؟ ایک طرف وانیا ہے اور ایک طرف شانی مگر دونوں میں سے کسی کے دل میں میرے لیے میری طلب نہیں ہے۔ میں زندہ رہوں یا مر جاؤں، کسی کے دل میں میرے لیے ہوک نہیں اٹھے گی۔ میں بھی کیا زندہ آدمی تھا جسے محبت نے نہ جینے دیا نہ چین سے مرنے دے گی۔ مگر کاش! ایسا ممکن ہو کہ جب میں اس زندگی سے منہ موڑوں تو وانیا اور شانی کا دل میرے لیے ہوک سے بھر جائے۔ وہ مجھے تڑپ تڑپ کر رو دیں۔ تب مجھے لگے گا میری محبت رائیگاں نہیں گئی۔ مگر یہ ممکن کہاں ہے؟ یہ تو خواب ہے۔ خواب بھی دیوانے کا...... میں خود سے کہتا ہوں تم تو زندگی میں ہی مر چکے ہو، بس لگتے ہو کہ زندہ ہو۔ حالانکہ اب تو صرف سانس کی ڈوری کے ٹوٹنے کی رسم رہ گئی ہے۔ ورنہ اندر ہی اندر تم کب کے خاک ہو چکے ہو۔ شانی کیا یہ خاک کبھی محبت کی مہک پہنچے گی؟"

